باوقار آدمی :- شیقور

باہر چرنے والے جانور :- سارحہ

باہر کی طرف :- بیرون، بیرون

باہر لایا ہوا :- مسکول

باہر نکالنا :- نخب، اخراج

باہر نکلنا :- بروز، فرج، خروج

باہر نکلا ہوا :- خارج، مستخرج، سُلالہ، دُنقوع

باہم :- متساوی

باہم آدھوں ہاتھ کرنا :- مناصفہ

باہم اُترنا :- تنازُل

باہم اختلاف کرنا :- تزاعم

باہم اقرار وعدہ کرنا :- تعاقُد، معاہدہ، تعاہُد

باہم انکار کرنا :- تجاحُد

باہم ایک جگہ اُترنا :- توارُد، اصطلاحاً بغیر علم ایک شاعر کا مصرع یا شعر کسی دوسرے شاعر کے مصرع یا شعر سے لفظاً یا معنیً ملتا جلتا یا ویسے ہی ہو۔

جیسے احسن مارہروی کا شعر ہے ؎

ہلال و آسماں ہیں جامۂ وحشت کے دو ٹکڑے
کوئی خاکہ ہے دامن کا کوئی ٹکڑا گریباں کا

اور نوح فرماتے ہیں ؎

ہلال و بدر کو اہلِ جنوں کیا غور سے دیکھیں
جو یہ ٹکڑا ہے دامن کا تو وہ بھی گریباں کی

باہم بحث کرنا :- مباحثہ

باہم برابر ہونا :- توازی، مکافات

باہم بزرگی کا بیان کرنا :- تماجُد

باہم پڑھنا پڑھانا :- مدارست

باہم پیدل چلنا :- تماشی، اصل میں عربی تماشی ہے فارسی والوں نے تماشی سے تماشا بنالیا جیسے تقاضی سے تقاضا۔ تماشی سے تماشا۔ اردو میں تماشا کے معنی ہیں دید، نظارہ، سیر، لطفِ بہار، کیفیت، کھیل، مجمع۔ ہنگامہ۔ میلا، نمائش۔ عجیب و غریب چیز۔ انوکھی بات، سوانگ۔ کرتب۔ ٹھٹا۔ ہنسی اور مزاح۔

باہم توڑنا :- تناقُض

باہم تیر اندازی کرنا :- مرامات

باہم جدائی کرنا :- تصادُم۔ مباینت، متباین

باہم جنس کرنا :- تجنیس

باہم چوری کرنا :- مسارقت

باہم خط و کتابت کرنا :- مراسلت، مراسلہ

باہم دست بدست لینا :- تداوُل

باہم دشمنی کرنا ۔ تخاصُمت ع

باہم دوڑنا ۔ تبادُر ع

باہم دوستی رکھنا ۔ تعاشُق ع مُفاوَضت ع مُصاحبت ع مُواخات ع مُوالفت ع مُوانَست ع تحابُب ع

باہم دیگر ۔ غلط ہے اس لئے کہ باہم کے معنی خود ایک دوسرے کے ساتھ ہیں

باہم ذکر کرنا ۔ مذاکرہ ع

باہم ربط رکھنے والا ۔ مُترابِط ع

باہم روبرو ہونا ۔ مُواجہ ع

باہم زیارت کرنا ۔ تزاوُر ع

باہم سوداگری کرنا ۔ مُتاجرت ع

باہم شریک ہونا ۔ مُوافقت ع

باہم صبر کرنا ۔ مُصابرت ع

باہم صحبت کرنا ۔ تلاؤم ع

باہم طمانچہ مارنا ۔ تلاطُم ع

باہم غزل پڑھنا ۔ تغازُل ع

باہم فخر کرنا ۔ تفاخُر ع مُباہات ع

باہم قتل کرنا ۔ تقاتُل ع تہالک ع مُقاتلہ ع

باہم قریب ہونا ۔ تزاحُف ع تقارُب ع

باہم کھیلنا ۔ تلاعُب ع

باہم کھینچنا ۔ تجاذُب ع

باہم گالی گلوچ کرنا ۔ مُکادات ع

باہم گتھ جانا ۔ اِشتباک ع

باہم گفتگو کرنا ۔ مُحاورہ ع

باہم گلے ملنا ۔ عِناق ع مُعانقہ ع

باہم گھِسنا ۔ ملامَست ع

باہم گھوڑا دوڑانا ۔ مُراکبہ ع

باہم لازم ہونا ۔ تلازُم ع

باہم لڑائی کرنا ۔ تجادُل ع تصادُم ع تصادُم کردن ف تمارُس ع طِراد ع تنازُع ع بلغتِ نانے بعجز غلط ہے البتہ تفاوت بہر سرحرکت آیا ہے شعر ؎

تمہارے ایک جلوے سے ہوئے شیر و شکر دونوں

تنازُع مٹ گیا اے جانِ جاں شیخ و برہمن کا

باہم لڑ کر قتل کرنے والا ۔ مُتقاتِل ع

باہم محبت کرنا ۔ دیکھو باہم دوستی رکھنا ۔

باہم مخالفت کرنا ۔ تخالُف ع فنِ تنقید کی ایک اصطلاح ۔ قاعدے اور محاورے کے خلاف کلام یا کوئی حرف بے قاعدہ تقطیع سے گرانا جیسے ع

جس طرح لوٹا کٹورہ قدح پیمانہ گلاس

یہاں قدح بروزن تمام غلط ہے ۔ لغت میں نظر کے وزن پر ہے یا

استقاطِ عین جیسے ع

یاد آتا ہے جب عالم تیری رعنائی کا

بہارِ عجم نے عین کے استقاط کو جائز رکھا ہے مگر یہ صاحب بہارِ عجم کی غلطی ہے عین کا استقاط عیب تصور کیا جاتا ہے ۔

باہم ملدد کرنا ۔ تظاہُر ع تعاضُد ع مُکانفت ع مُکاہنت ع

باہم مشابہ ہونا ۔ ملابَست ع مُشابہت ع

باہم مطابق ہونا ۔ تطابُق ع

باہم مقابل ہونا تقابُل ع

باہم ملاقات کرنا ۔ تلاقی ع

باہم مل کر جانوروں کا چرنا ۔ مُراعات ع

باہم مل کر دودھ دوہنا ۔ مُحالبت ع

باہم مل کر کام کرنا ۔ فعال ع

باہم ملنا ۔ اِتفاق ع تلاق ع تلاقی ع

باہم موافق ہونا ۔ توافُق ع علمِ بدیع کی ایک اصطلاح چار مصرعے اس طرح کہنا کہ کسی مصرعے کو چاہیں اول، دوم، سوم اور چہارم قرار دیں مگر مفہوم میں کوئی فرق نہ آئے جیسے ؎

مفتوں ہوں میں اس شرم و حیا کا دل سے

عاشق ہوں میں اس ناز و ادا کا دل سے

شیدا ہوں میں اس زلفِ دوتا کا دل سے

کشتہ ہوں میں اس طرزِ جفا کا دل سے

اس اصطلاح کو توافق بھی کہتے ہیں۔

باہم نرمی کرنا :۔ مُراماۃ ع
باہم نزدیک ہونا :۔ اِقتِرات ع
باہم نسبت رکھنا :۔ تناسُب ع
باہم نقصان اٹھانا :۔ تغابُن ع
باہم نیچے گرنا والا :۔ مُتساقِط ع
باہم وصیت کرنا :۔ تواصی ع
بائیں :۔ فرود ف یسار ع بایاں ف چپ ف
بائیں طرف :۔ چپ ف یاسر ع یُسرت ع یُسریٰ ع الیسر ع
بائیں طرف والے :۔ ذات الشمال ع
بایاں ہاتھ :۔ شمال ع شمائل ج شُوٗمیٰ ع سُلعَل ع مرکب ہے سُل بمعنی بایاں اور تل بمعنی ہاتھ سے
ببول (کیکر) کا درخت :۔ اُم غیلان ع مُغیلان ف
بُت :۔ صنم ع اصنام ج شمن ف شمنان ج سُتر ع نُصُب ع جبت ع شُنُوء ع وَثَن ع اَوثان ج واضح ہو کہ وثن بغیر تراشے ہوئے بت کو کہتے ہیں اور تراشے ہوئے بت کو صنم کہتے ہیں۔ مورت ہ انگار ف رجز ع اَیک ہ قَقَع ع فَغ ع تصویر سایہ دار ف ثغ ع طاغوت ع دُمیۃ ع دُمیٰ ج تصویر ع
بتاشا (مٹھائی) کعبُ غزال ع
بتایا ہوا مُشار ع
بت پرست وَثَنی ع شمنی ف دیکھو پجاری۔
بت پرستی :۔ رجز ع
بت پر قربانی کا جانور :۔ بحیرہ ع
بت خانہ :۔ بت کدہ ف صنم کدہ ف فرخار ف آراستہ ف دیر ف بُتکدہ ف
بتی :۔ پلیتہ ف فتیلہ ع ذُبالہ ع ذُبال ج
بتھوے کا ساگ :۔ سرمق ع سرمک ف قطف ع بقلۃ الدابیہ ع
بٹا ہوا :۔ تافتہ ف سحیل ع مفتول ع مفتل ع
بٹا ہوا دوہرا :۔ مُکتل ع مفتول ع سحیل ع
بٹن :۔ زِرر ع
بٹنا :۔ تافتن ف تفتیل ع احکام ع
بٹوا :۔ پاکٹ ا فوطہ ع ظبیۃ ع
بٹیر (پرندہ) :۔ سلوی ع سمانی ع پودنہ ف تیہو ف تیہوج ع دُنگ ف

بٹیر لڑانا :۔ پودنہ بازی ف
بجلی :۔ آورخش ف برق ع آذرگشپ ف ارتجک ف یلدرم ت درخش ف صاعقہ ع الکٹریسٹی ا خاطف ع کہربا ع بدرخ ف
بجلی کا ایک بار اس طرح چمکنا کہ آنکھوں کو خیرہ کردے :۔ خطفہ ع
بجلی کا چمکنا :۔ ومض ع نبض ع لمع ع لمحۃ ع محض ع تلوی ع
بجلی کا کسی کو بے ہوش کرنا :۔ صعق ع
بجلی کا گرنا :۔ ابراق ع صعق ع
بجلی کی چمک :۔ برق ع لعاب گوزن ف حاطف ع خطف ع لمح ع
بجلی کی چمک سے آنکھوں کا چندھیانا :۔ برق البصر ع
بجلی کی طرح ٹوٹ پڑنے والی آفت :۔ صاعقہ ع
بجلی کی کڑک :۔ رعد ع تندر ف ہزیم ع
بجلی کے لیمپ :۔ چراغ ہائے الکٹریسٹی ف
بجو (جانور) :۔ ضبع ع ہنڈار ف کفتار ف
بجھ جانا :۔ انطفاء ع
بجھنے والا :۔ خامد ع
بچانا :۔ ابلاء ع انقاذ ع احراز ع
بچانے والا :۔ واقی ع واق ع محافظ ع نگراں ف نگہبان ف
بچا ہوا :۔ باقی ع بقیہ ع بقایا ج مابقی ع باقیات ج براقی ج معفون ع
بچاؤ (طرفداری) :۔ حمایت ع
بچاؤ کے لئے کوئی چیز پکڑنا :۔ اعتصام ع
بچپن :۔ صِبا ع صبی ع
بچپن جوانی اور بڑھاپا :۔ سہ نوبت ف
بچوں کا ہنڈولا :۔ گہوارہ ف مہد ع
بچوں کی شیر خوارگی :۔ رضاعت ع
بچہ :۔ طفل ع اطفال ج نتیجہ ع نتائج ج زہ ف کودک ف تُرتم ت بابا ف ولید ع ولدان ج سلالہ ع سلیل ع
بچہ جس کا باپ مر گیا ہو :۔ یتیم ع یتامیٰ ج
بچہ جس کی ماں اس کی ولادت سے پہلے مر گئی ہو اور خود اسے پیٹ چاک کر کے نکالا گیا ہو :۔ قیصر ع

بچہ جس کی ماں اور باپ دونوں مرگئے ہوں ۔ یتیم اللطرفین ع

بچہ جس نے ابھی ابھی چلنا سیکھا ہو ۔ طفل نوقدم ف

بچہ جسے دودھ سے باز رکھا گیا ہو ۔ مکسوم ع

بچہ جننا ۔ تناسل ع ایلاد ع انتاج ع وضع ع ولادت ع

بچہ جننے کا درد ۔ طلق ع دردِ زہ ف مخاض ع

بچہ جو اپنے پاؤں کی طرف سے پیدا ہوا ہو ۔ یتن ع

بچہ جو پیٹ میں ہو ۔ جنین ع

بچہ جو راستہ میں پڑا ہوا ملے ۔ منبوذ ع لقیط ع

بچہ دانی ۔ مبل ع رحم ع ارحام ع مشیمہ ع پر کام ف

بچہ دانی کا فضلہ ۔ عذب ع

بچہ کا انگوٹھا چوسنا ۔ تلویث ع

بچہ کا جوان ہونا ۔ یفع ع

بچہ کا دودھ چھڑانا ۔ فصال ع فلو ع فطام ع

بچہ کا کھلونا ۔ بگ ت

بچہ کا گھسٹ کے چلنا ۔ زحف ع

بچہ کو اچھالنا ۔ تنقیز ع

بچہ کو پرورش کرنے والا ۔ حاضن ع

بچہ کو تھوڑی تھوڑی دیر بعد دودھ پلانا ۔ تغویق ع

بچہ کو دایا کا دودھ پلانا ۔ مراضعت ع

بچہ کو گود میں اٹھانا ۔ احتضان ع

بچہ کو گھٹی دینا ۔ تحنیک ع

بچہ کی پیدائش کے بعد پیٹ کا خالی ہونا ۔ خواء ع

بچہ کی گھٹی ۔ زق ع

بچی جسے زندہ دفن کر دیا جائے ۔ موؤدہ ع

بچی ہوئی شراب ۔ فضل ع

بچے ۔ اولاد ع بنی ع نتائج ع

بچھانا ۔ مہد ع تمہید ع بسط ع

بچھا ہوا ۔ منسطح ع

بچھڑا ۔ گوسالہ ف گرہ ع فرقد ع

بچھو ۔ عقرب ع عقارب ع پرشک ع قطربس ع گژدم ف

بچھو، سانپ اور بھڑ کا ڈنک مارنا ۔ لدغ ع لدغ ع لسع ع

بچھو سانپ اور نیولا ۔ اہتہ ع

بچھو کا ڈنک ۔ ابرہ ع

بچھونا ۔ مہد ع بساط ع قالی ع شترنجی ف فرش ع توشک ف دیکھو بستر۔

بچھونا بچھایا گیا ۔ مفروش ع ممہد ع

بچھونا جو آمد و رفت کی جگہ دروازہ پر بچھایا جاتا ہے ۔ پانداز ف

بحث کر کے اپنی برتری ثابت کرنا ۔ مکابرہ ع

بحث کرنا ۔ درافتادن ف

بحث کرنے والا ۔ بحوث ع باحث ع

بحث کی جمع ۔ مباحث ع مبحوث ع

بحر ۔ اس کے عام فہم معنی سمندر کے ہیں۔ اس کے علاوہ غور و فکر، اوصن، بڑی نہر، وسعت، بڑا، عالم اور سخی بھی اس کے معنوں میں شامل ہیں۔ اصطلاحاً چند موزوں کلمات جن پر شعر کا وزن کیا جاتا ہے مثلاً فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

بحری جہاز ۔ مرکب ع

بخار ۔ تب ف (بروزن لب) بائے فارسی سے تپ غلط ہے سعدی ع

براندیش از افتان وخیزان تپ

کہ رنجور داند درازی شب

حمیٰ ع تف ف جشن ف وشم ف

بخار جو ایک دن بعد کرے ۔ غب ع

بخار چڑھنے سے پہلے جسم کا ٹوٹنا ۔ قراشا ع

بخار کا مریض ۔ نزیف ع تب زدہ ف محموم ع

بخار کی گرمی ۔ ملال ع

بخار کے بعد آنے والا پسینہ ۔ رحضاء ع

بخشا گیا ۔ معاف ع معفو ع مغلی ع مرحوم معفور ع

بخش دینا ۔ رحم ع

بخشش ۔ اکرام ع آمرزش ف حباء ع سیب ع عطا ع عطایا ع مغفرت ع مفضل ع مفترل ع غفران ع حابیہ ع عوارف ع نول ع نوال ع دہش ف فیض ع فیوض ع موہبت ع مواہب ع سخاء ع

بخشش چاہنے والا :۔ مُستَوہِب ۔

بخشش کرنا :۔ حِباء ۔ وَہب ۔

بخشش کرنے والا :۔ رافِد ۔

بخشنا :۔ سماح ۔ عَفو ۔

بخشنے والا :۔ رَحمٰن ۔ رحم سے مُشتق ہے۔ عربی میں رحمت عواطف کی ایسی رِقّت اور نرمی کو کہتے ہیں جس سے کسی دوسرے شخص کے لئے احسان و شفقت کا ارادہ جوش میں آجائے۔ پس رحمت میں محبت، شفقت، فضل احسان سب کا مفہوم داخل ہے اور مجرد محبت لُطف اور فضل سے زیادہ وسیع و حاوی ہے۔ عربی میں فعلان کا باب عموماً ایسے صفات کے لئے استعمال کیا جاتا ہے جو بعض صفات عارضہ ہوتے ہیں جیسے پیاسے کے لئے عطشان، غضبناک کے لئے غضبان، سراسیمہ کے لئے حیران، مست کے لئے سکران۔
باذِل ۔ مانِح ۔ واہِب ۔ حَنّان ۔

بخشوانا :۔ شفاعت ۔

بخشوانے والا :۔ شفیع ۔ شُفَعاء ۔

بخیہ :۔ کُن ۔

بداخلاق :۔ عَبُوس ۔ جاث ۔ مُتنی ۔ مُستکبر ۔ خَفَرق ۔ دیکھو بدکلام

بداخلاقی :۔ عُبُوست ۔ عَبس ۔ دیکھو بدکلامی

بداصل :۔ فرومایہ ۔ بدذات ۔ فُناک ۔ قبوح ۔ ناہنجار ۔ بدنہاد ۔

بداطوار بیٹا :۔ خَلَف ۔

بداندیشی :۔ مکایدہ ۔

بدبخت (سنگدل) :۔ شقی ۔ اشقیا ۔ شوربخت ۔ فِرزہ ۔ خَیّاب ۔

بدبخت (سنگدل) ہونا :۔ شِقاء ۔

بدبختی (سنگدلی) :۔ شقاوت ۔

بدبو :۔ عَفَن ۔ عفونت ۔ تفَن ۔ نَتَن ۔ مُنتِن ۔ مَسنُون ۔ فِرزہ ۔

بدبودار :۔ عَفِن ۔ گندہ ۔ مُنتِن ۔ نَتین ۔

بدبودار مٹی :۔ ثُعش ۔

بدبودار ہونا :۔ تعفّن ۔ خموط ۔ تفَل ۔ عَفَن ۔

بدحال :۔ کاسِف ۔ منکوب ۔ مناکیب ۔

بدحالی :۔ مُعضلہ ۔ کُربت ۔ مُفلسی ۔ خستگی ۔

بدحواس بوڑھا :۔ خَرِف ۔

بدخصلت حسین عورت :۔ خضراء الدِّمَن ۔

بدخواہ :۔ حَسود ۔

بددعا :۔ دعائے بد ۔ پُشُور ۔ پَشُول ۔

بددل مرد :۔ ہاع ۔ ہالِع ۔ ہزال ۔

بددل ہونا :۔ تَکَبُّص ۔ نُکوص ۔

بددیانت :۔ مُلقَدَر ۔ خائِن ۔ خَوَنہ ۔

بدزبان :۔ خَنَّی ۔ بِذَی ۔ تلخ پاسخ ۔ تلخ ہریر ۔ تلخ گفتار ۔ تلخ زبان ۔ تیغ بیں ۔ سلیط ۔ فَظّاءہ

بدزبان ہونا :۔ فَظاظت ۔ (فظاظت)

بدزبانی :۔ ذراب ۔

بدشگونی :۔ شامت ۔ شُوم ۔

بدصورت :۔ زِشت ۔ فرخج ۔ کَرِیہہ ۔ بدگِل ۔ نابکَل ۔ پَرَخَز ۔ دمیم ۔ فرزہ ۔

بدصورت مرد :۔ دَمیم ۔ دمائم ۔

بدصورتی :۔ بَشاعت ۔

بدعت کی جمع :۔ بِدَع ۔

بدعتی :۔ مُبتدِع ۔

بدہدی :۔ خُوس ۔

بدقسمت :۔ خَذُول ۔ بدروز ۔ بدروزگار ۔ دیکھو بدنصیب۔

بدکار عورت :۔ ہجُول ۔ فاجِشہ ۔ فواحش ۔ رُوسپی ۔ اصل میں رُوسپید کا مخفف ہے اور طعن کے طور پر بدکار عورت کو کہتے ہیں جیسے بھنگی کو طعن کے طور پر مہتر کہتے ہیں۔ سَعتری ۔ قَحبہ ۔ (بروزن تحتہ) قَحب کی تانیث ہے لغوی معنی کھنکار کر بلانے والی۔ آتش ؎

بخیلوں سے موافق ہو طبیعت کیوں نہ دنیا کی
حلاوت ہوتی ہے ہر قحبہ کو امساک سے پیدا

سَعتر ۔ بازَ ۔ فاسِقہ ۔ لُولی ۔ شلّف ۔ جاف جاف ۔ یَکَہ ۔ غرف ۔ فاجرہ ۔ فاتِنہ ۔ دراکارہ ۔ پُشت ۔ بے حیائی ۔ جَرِت ۔ جِر ۔ لنگر ۔ جندہ ۔ غازی ۔ بخششی ۔

بدکردار :۔ فاجِر ۔ فُجّار ۔ فَجَرہ ۔ طالِح ۔ فاسِق ۔ کشزخر ۔ اوباش ۔ دیکھو بدمعاش۔ بدکار ۔ سیاہ نامہ ۔ عاہِر ۔ عُہّار ۔ شاطِر ۔

بدکلامی :۔ بدگوئی ۔ سِعایت ۔

بدکلامی کرنا :- تفاحش ، عربدہ

بدگمان مرد :- ظنون ، بدگوئی :- تعنت

بدل جانا :- مسخ ، تغیر ، تسنی

بدل جانے والا :- منصرف ، علم نحو کی اصطلاح میں وہ اسم جو کسرہ اور تنوین کو قبول کرے

بدل دینے والا :- قلاب ، قالب

بدلنا :- استبدال ، تبدل ، تحریف

بدلہ :- تلافی ، جزا ، عوض ، قائم مقام ، پاداش ، بدل ، بیاسا ، معاوضہ

بدلہ دینا :- تعویض ، ودی ، اعتیاض

بدلہ دینے والا :- جازہ ، جازی ، دیان ، جازی ، مجیب

بدلہ کرنا :- معاوضت

بدلہ لینا :- قصاص

بدلہ لینے والا :- منتقم

بدلہ ہوا :- مبدل

بدلہ یا انتقام لینا :- امثال ، بالفتح امثال یعنی کہانیاں ۔

بدمزاج :- خشن ، علاج ، فاحش ، فظ ، عنیف ، فطیع ، عبوس ، مغشوش ، ترش رو ، قمع ، جبیں گرفتہ ، سرگرجبیں ، کاسف ، تند خو ، دژخیم ، جرعب ، خبیث ، بدخصلت ، بدخلق ، ژیاں ، خشمناک ، زمرد ، شنیع ، دلاعس ، تیحی ، سی الخلق ، دیکھو بداخلاق ۔

بدمزاجی :- دیکھو بداخلاقی

بدمزہ :- ناگوار (بالضم کاف فارسی) ، بشع ، سیج

بدمست :- طافح ، سرشار

بدمعاش :- قلاش ، اوباش ، اردو میں اوباش واحد کی جگہ مستعمل ہے ۔ محیط المحیط ، صراح اور تاج العروس نے وبش اور وبش بالفتح و بالضم کی جمع لکھی ہے اور منتخب نے صرف بوش کی خلاف قیاس جمع بنائی ہے ۔ تلق ؎

کہیں ایسا نہ ہو کہ یہ اوباش ـــــ گھات سے کرتے ہوں ہماری تلاش
لوندھے

بدن :- مجسد ، اجساد ، کلق ، عرض ، لام ، منزل جان ، جثمان ، اہدام ، توش ، جثہ ، جسم ، اجسام ، جرم ، اجرام ، شخص ، اشخاص ، برف ، کالبد ، شبح ، (شین ب ح) اشباح ، قالب ، (بالفتح لام) دبیر ؎

خالی ہے رکابوں کی طرح چلنے میں قالب
لقرہ ہے نہ سبزہ ہے نہ ابلق ہے نہ اشہب ۔

بعض فارسی اور اردو شعرا نے قالب کا قافیہ غالب اور طالب کے ساتھ بھی باندھا ہے ۔ سعدی ؎

گر یکی زمین چہار شد غالب
جان شیریں بر آید از قالب

بدنام :- غیر لازم ، انگشت نما ، غنام

بدنام کرنا :- افضاح ، تفضیح

بدنام کرنے والا :- ہاتک ، مفضح

بدنامی :- فضیحت ، ناوانی ، رسوائی ، پایہ حرمت ، فضاحت

بدن پر تیل ملنا :- تمریخ ، تدہین ، مرخ

بدنسل گھوڑا :- ہجین

بدن سے لگا رہنے والا کپڑا :- غلالہ ۔

بدنصیب :- نا بہرہ ، سیاہ خانہ ، محارف ، بترہ ، تیرہ روزگار ، خیذر ، دیکھو بدقسمت

بدنصیب ہونا :- شقو

بدنصیبی :- خیبت ، شقوت

بدنظمی :- فوضی

بدن کا جوڑ :- مفصل ، مفاصل

بدن کا حال بیان کرنا :- تشریح

بدن کا حصہ :- عضو ، اعضاء ، عضو بالکسر بھی آیا ہے ۔ بالفتح عضو غلط ہے ۔ امیر ؎

عکس ہر عضو کا ہر عضو میں کیوں کر نہ پڑے
کہیں آئینہ سے بڑھ کے ہے صفائے تن دوست

عاشق ؎ جلا دیا یہ شب غم نے لیے مرنے کے
کہ کوئی عضو سلامت فشار تک نہ رہا

بدن کا دھونا :- اغتسال

بدن کا ملنا :- مشتال ، دلک ، تدلک

بدن کا وہ حصہ جس کا کھلا رہنا موجبِ شرم ہو ۔ عورت، ستر،
بدن کو موٹا کرنے والی دوا ۔ مُسَمِّن ،
بدن کی بدبو ۔ صُنَان ،
بدن کی رگیں ۔ عُرُوق ،
بدن کی کھال جو سخت اور کالی پڑ گئی ہو ۔ شُشْبَر ،
بدن کی گرمی ۔ حرارتِ عزیزی ،
بدن کی لمبائی ۔ قد، قامت ،
بدن کے چھوٹے چھوٹے سوراخ ۔ مسام، مسامات ،
بدن کے عضو کا اکڑ جانا ۔ تشنّج ،
بدنما رنگ ۔ مُدْرَغ ،
بدن ملنے والا ۔ دَلّاک ،
بدّو ۔ صحرا نشین عرب ، اعرابی ، اعراب ،
بدہضمی ۔ اِمتلا ، تُخَمہ ،
بدہضمی سے پیٹ کا چلنا ۔ جُلاب ، جلّاب ، اِسہال ،
بدی ۔ غائلہ ، دیکھو برائی ۔
بدی کا بدلہ ۔ کیفر ، کیفرِ کردار ،
بدی میں حد سے گزر جانے والا ۔ فاحش ،
بدھ کا دن ۔ چہار شنبہ ، چار شنبہ ، یوم الاربعاء ،
بڑھئی ۔ وُشّاح ،
بذاتِ خود ۔ فی نفسہٖ ،
برآمد ۔ تصدیر ، بضاعت ،
برآمدہ ۔ شُرفہ ، غلام گردش ،
بُرا ۔ منہی ، زشت ، بد ، بدبخت ، زبون ، وحش ، بئیس ، مستقبح ، سقیح ، وخیم ، قبیح ، تقبیح ، نظیع ، فظیع ، ناقص ، نقائص ، مذموم ، مستنکر ، مستہجن ، فضول ، ذمیم ، ذمیمہ ، ذمائم ،
بُرا آدمی ۔ دُہلب ، خشرک ، دیکھو بد اخلاق
برابر ۔ مثل ، ہمسر ، مستوی ، ہموار ، معادل ، سُواری ، علی السواء ، مساوی اکثر لوگ مساوی بالفتح لکھتے ہیں لیکن مساوی مساوۃ کی جمع ہے جس کے معنی ہیں برائیاں ۔ یاد رہے کہ مساوی (برابر) کا مادہ (س و ی) ہے لیکن مساوی جمع مساوۃ کا مادہ (س و ء) ہے یہاں یہ روایت دلچسپی سے خالی نہ ہوگی کہ ایک دن ہارون الرشید اور زبیدہ میں یہ مسئلہ چھڑ گیا کہ امین و مامون میں کون طباع و فہیم ہے ۔ دونوں طلب کئے گئے ۔ ہارون کے سامنے چند مسواکیں رکھی ہوئی تھیں ان کو ہاتھ میں لے کر امین سے پوچھا کہ یہ کیا چیزیں ہیں جواب دیا مساویک یعنی مسواکیں ۔ مساویک دوسرے معنی ہیں تیری برائیاں یعنی یہ تیری برائیاں ہیں پھر مامون سے پوچھا تو اس نے کہا ضد محاسنک یا امیر المومنین یعنی اے امیر المومنین یہ تیرے محاسن کی ضد ہیں ۔ یہ سن کر ہارون نے آفرین کہی اور زبیدہ منفعل ہو گئی ۔ ہمال ، ہمسر ، ہمرتبہ ، ہالشم ، مُوافقت ،
برابر برسنے والا بادل ۔ ہاطل ، ہاتِل ،
برابر کا شریک ۔ اَنباز ، رفیق ،
برابر کا مخالف ۔ ند ، انداد ،
برابر کرنا ۔ تساوی ، تعادیل ، تلافی ، تکافو ، مقاومت ،
برابر کے دوست ۔ اتراب ،
برابر میں ۔ صرف برابر کافی ہے ۔ (میں) زائد ہے اور اس کا ترک واجب ہے ۔ داغ ؎

وحشت ایسی ہے کہ سایہ سے بھی میں کہتا ہوں
آپ کیوں میرے برابر میں چلے آتے ہیں

برابر ہونا ۔ اِستواء ،
برابری ۔ اعتدال ، سَوار ، سویّت ، تکافو ، تساوی ، تعادیل ، تلافی ، موازات ، مقابلہ ، استواء ،
برابری کرنا ۔ تساوی ، مقاومت ،
برابری کرنے والا ۔ مقاوم ،
بُرا بھلا ۔ کذا و کذا ، چرب و خشک ، سخت و سست ،
بُرا بھلا کہنا ۔ تشنیع ، ملامت ، گرفت ، بکر راسہ مہملہ ہے مولوی معنوی ؎

یک بیک را چہ جستن گرفت
تا پدید آید گہر نگر شگفت

فردوسی ؎ سگ دشتیان گوش ہا بر گرفت
غزیوان از و ماند اندر شگفت

کسر رائے مہملہ کی نظائر بکثرت ملتی ہیں لیکن فردوسی نے فتح رائے مہملہ کے ساتھ بھی لکھا ہے۔

سے سرودل پرانہ کینہ کردو برفت
تو گوئی کہ عہد فریدوں گرفت

سرزنش، تنبید، تفنید، تعنت۔

براجاننا ۔ استہانت، استقباح۔

براجاننے والا ۔ مستکرہ۔

برادہ ۔ تبشس، نجارہ۔

براساتھی ۔ بئس القرین۔

براکام ۔ فحشاء۔

براکام کرنا ۔ تقبیح۔

براکلام ۔ شتم۔

برانام ۔ دشنام۔

برانڈی ۔ صہبا۔

برانگیختہ کرنا ۔ تحریض۔

براوعدہ ۔ وعید۔

برائی ۔ لطف، مثالب، معائبہ، لوث، الوات، مذمت، نقیصت، ذاب، شر، شرور، قبح، قبائح، قباحت، مقابح، مثان، مثالب، ذان، نقص، (بالفتح نون) نقائص، عیب، عیوب، اساءت، سوء، سئ، سیئات، تیشرہ، زشتی، شنوع، منکر، مناکر، شین، شیون، خبث، خباثت، شناعت، شنار، طبع، شرارت، حزاف، سوئ، غائلہ، عش، شنیعہ، شنائع۔

برائی سے بچنا ۔ تزاہت، احتیاط، پرہیز۔

برائی کرنا ۔ اسارت، تنقیص، ذم، انشاد۔

برائی کرنے والا ۔ ناقر، اشر۔

برباد ۔ مستاصل، پژمش، دیکھو پریشان حال

برباد کرنا ۔ تدمیر، افساد۔

برباد کرنے والا ۔ مستاصل، فسادی، مفسد۔

برباد ہونا ۔ فنا، انعدام۔

بربادی ۔ دعانت۔

بربط ۔ چنگ، بحران۔

برپا کرنے والا ۔ ناصب۔

برتر ۔ عالی، معظم، دیکھو بلند مرتبہ اور بلند رتبہ کا۔

برتری ۔ تفوق، فوقیت، سبق، فارسی اور اردو میں سبق درس کو کہتے ہیں۔ برق نے

دی جان جب کہ عشق میں استاد ہوگیا
چھٹی ملی سبق جو مجھے یاد ہوگیا

ترجیح، فضیلت، رفعت، رفاعت، عروج۔

برتن ۔ اناء، آنیہ، اوانی، آوند، باردان، ظرف، ظروف، وعاء، اوعیہ، غضارہ، باسن۔

برتن بنانا ۔ طبع۔

برتن جس کا پیٹ بڑا ہو ۔ تنگ۔

برتن کا اوندھا کرنا ۔ اکفاء، کب۔

برتن کا بھرا ہونا ۔ جمام۔

برتن کا بھر دینا ۔ زعب، اتعاب۔

برتن کی گندگی سے دودھ کا خراب ہوجانا ۔ قدوم۔

برتن میں اس قدر پانی بھرنا کہ چھلکنے لگے ۔ ادہاق۔

برتن وغیرہ میں چھید کرنا ۔ تثلیم۔

برچھیاں ۔ اسنان، سنان واحد

برخاست کیا گیا ۔ موقوف۔

برخلاف ہونے والا ۔ منحرف۔

برخوردار ۔ ممتع۔

برداشت کرنا ۔ تحمل، صبر، احتمال، احمال۔

بردبار ۔ حلیم، سنجیدہ، متین، متحمل، موقر۔

بردباری ۔ حلم، سنجیدگی، متانت، وقار۔

بردباری دکھانا ۔ تحالم۔

بردہ فروشی کا بازار ۔ نخاس۔

بڑا احسان کرنے والا ۔ مفضال ع

بڑا اور گڑھا ہموار و مال ۔ تگ ف

بڑا اور گہرا دریا ۔ لجی ع

بڑا بخشنے والا ۔ غفار ع غفور ع بیامن ع

بڑا بدنام ۔ اخزی ع

بڑا بزرگ ۔ اُلغ ت سترگ ف قیس ع

بڑا بہادر ۔ اشجع ع

بڑا بے وفا ۔ غدار ع غدور ع غذیر ع

بڑا بے وقوف ۔ احمق ع حمق ع اولغ ع

بڑا بھائی ۔ کاکا ف دادا ف دادر ف رتب ع آکا ت

بڑا پتیلا ۔ قزغان ت

بڑا پتھر ۔ فرسنگ ف صخرہ ع جندل ع

بڑا پہاڑ ۔ طود ع اطواد ج

بڑا پیالہ ۔ ننعاغ ت رکاب ف مخدۂ ع قصعہ ع صحاف ع قعب ع مغراق ت عس ع منفصل ع میلاصیل ع مرفد ع کراند ع جام حیدری ف رفد ع

بڑا تجربہ کار ۔ نحریر ع

بڑا تولنے والا ۔ وزان ع

بڑا تھال ۔ صحن ع مشروفاس ع

بڑا جنگل ۔ قذف ع

بڑا جہاز ۔ قادس ع (بحری)

بڑا جھوٹا ۔ کذاب ع

بڑا چمکنے والا ۔ کذاب ع

بڑا حادثہ ۔ طارق ع قرطبوس ع

بڑا حصہ ۔ سرپنش ف

بڑا حوض ۔ بحیرہ ع

بڑا حیلہ گر ۔ حیال ع

بڑا خط ۔ طومار ع طوامیر ج

بڑا خیمہ ۔ خرگاہ ف اشپک ت اوتاق ت

بڑا درخت ۔ دوحہ ع پالار ف دوح ج

بڑا دروازہ ۔ درب ع بالضم دال مدرب درب ع بمعنی عادت۔

بڑا دروازہ جس میں کھڑکی بھی ہو ۔ رتاج ع

بڑا دریا ۔ دریابار ف قاموس ع

بڑا دل لگی باز ۔ قزاف ع

بڑا دھوکے باز ۔ خداع ع

بڑا ڈول ۔ مخال ع

بڑا رسا ۔ اذل ع

بڑا زمانہ ۔ حقب ع حقبہ ع

بڑا سانپ ۔ تنین ع تنانین ج ثعبان ع ثعابین ج

بڑا سچا ۔ صدیق ع

بڑا سخی ۔ اسخی ع

بڑا سمجھنا ۔ استکبار ع

بڑا شاعر ۔ اشعر ع ملک الشعرا ع

بڑا شریر ۔ اشرع

بڑا شہر ۔ سواد اعظم ع

بڑا صابر ۔ صبار ع صبور ع

بڑا صاحب قدرت ۔ قادر علی الاطلاق ع قدیر ع

بڑا طشت ۔ طاس ع لنگری ف طباق ت چنگ ف

بڑا ظالم ۔ ظلام ع عسوف ع

بڑا عادل ۔ عدول ع قانن ت

بڑا عالم ۔ باقر ع علامہ ع

بڑا عقل مند ۔ احزم ع اذکی ع المعی ع لقن ع لوذع ع لوذعی ع

بڑا غیرت مند ۔ غیور ع بعض عین کہنا غلط ہے کیونکہ یہ اسم مبالغہ ہے جیسے شکور، جہول۔

بڑا قاتل ۔ قتال ع

بڑا کاریگر ۔ صناع ع

بڑا کرتا ۔ بکیر ع

بڑا کمرہ ۔ تالار ف صالہ ع قاعت ع قاعات ج صالون ع

بڑا کمینہ ۔ امدن ع

بڑا کودنے والا ۔ وثاب ع

بڑا گروہ :- سوادِ اعظم ع
بڑا گمراہ :- اضل ع
بڑا گہرا پانی :- غرقاب ف
بڑا لالچی :- طامع ع طماع ع ہلوع ع
بڑا لڑنے والا :- یوسج ع
بڑا لشکر :- عرمرم ع (بہ زرم رم)
بڑا لوٹا :- آفتابہ ف بطہرہ ع
بڑا مچھر :- خرپشہ ف
بڑا محتاج :- بائس ع بائیس ع (ب ای س)
بڑا محنتی :- جانباز ف جفاکش ف
بڑا مقرر :- آتش دم ف
بڑا مکار :- کیاد ع محتال ع حیال ع
بڑا مکان :- کوشک ف قصر ع فلق ع
بڑا موتی :- دُرہ ف دُرِ یتیم ف
بڑا موٹا تازہ :- یل تنی ف لحیم شحیم ف
بڑا مہربان :- ارحم ع رحمان ع گرم خوق ف
بڑا ناشکرا :- کنود ع
بڑا نفع پہنچانے والا :- نفاع ع
بڑا نقارہ :- کوس ف بواو معروف
بڑا نقصان :- غبن فاحش ع
بڑا نیک :- بانٹ فارسی میں بلا تشدید ہائے مہملہ بوجھ کے معنی میں مستعمل ہے۔
بڑا ہتھوڑا :- تطیس ع
بڑائی :- تفخیم ع
بڑبڑانا :- منکیدن ف لندف
بڑی آنکھ والا :- گاوچشم ف
بڑی آنکھ والی عورت :- عیناء ع عین ج
بڑی الائچی :- قاقلہ ع قاقلہ ع
بڑی اور ابھری آنکھوں والا :- جاحظ ع
بڑی اور محکم چیز :- جنزیل ع

بڑی اونٹنی :- جلالہ ع
بڑی بانسری :- ناقور ع
بڑی بڑی بوندوں والی بارش :- حنفید ع دیمی ع ولی ع دیمی ع
بڑی بڑی بوندوں والی بارش جو اچانک ہو :- بعاق ع
بڑی بط :- خربط ع
بڑی بلا :- رہار ع بلائے عظیم ف اوحلی ع دیکھو بڑا حادثہ۔
بڑی ترازو :- قسطان ع قسطاس ع قبان ع
بڑی تیزی (ترقی) کرنا ف
بڑی جماعت :- جمہور ع سوادِ اعظم ع
بڑی دیگ :- تیان ف
بڑی رسی :- شطن ع
بڑی سے بڑی اندھیری رات :- یلدا ع
بڑی صراحی :- قرابہ ع
بڑی عزت والا :- اعز ع
بڑی عمر کا گدھا :- بلج ع
بڑی عمر کی اونٹنی :- جعاد ع
بڑی فریاد :- عوغا ت
بڑی فکر کرنے والا :- غائض ع نازک خیال ف
بڑی قاب :- مشتقاب ت
بڑی کشتی :- قرقور ع
بڑی گرمی :- حموز ع
بڑی لگن :- مرکن ع
بڑی محبت کرنا :- مہر گرم کردن ف
بڑی مقدار :- یک لخت ف
بڑی مکھی :- خرمگس ف
بڑی نہر :- کافر ع
بڑے اور روشن ستارے :- دراری ع دری واحد
بڑے اور ضروری کام :- مہمات ع مہم واحد۔ مہام ع
بڑے بادشاہ :- خواقین ع خاقان واحد۔

بڑے بالوں والا شیر ۔ ببر

بڑے بالوں والی بلی ۔ بُراق

بڑے بڑے مٹکے ۔ خلاقین

بڑے پیٹ والا ۔ جُراغط

بڑے تھیلے جو اونٹ کی دونوں جانب لٹکائے جاتے ہیں ۔ جوال

بڑے چوتڑوں ۔ اَبجر

بڑے خاندان کی شریف عورت ۔ جمہورہ

بڑے خاندان کی نسل کا ۔ اَثیل

بڑے دانت ۔ جزس

بڑے ڈیل کا گھوڑا ۔ ہیکل

بڑے سانپ کا پھن ۔ گرزہ

بڑے سُرین (چوتڑ) والی عورت ۔ سُتہا ۔ لُبنی

بڑے صحن کا مکان ۔ وسیع الفنا ۔ بڑے قد کا آدمی ۔ قاق

بڑے کوہان کا اونٹ ۔ کُماِ

بڑے گناہ ۔ کبائر ۔ کبیرہ واحد

بڑے مرتبہ کا آدمی ۔ بذیخ

بڑھاپا ۔ شیب ۔ پیری ۔ ہَرَم ۔ ارذل العمر ۔ شیخوخت ۔ کبر سنی ۔ فرتوتی ۔ مشیبت

بڑھاپے کا بالوں کو سفید کرنا ۔ تلویح

بڑھاپے کا عالم ۔ برگزیدہ ۔ برگزیدان

بڑھاپے کی بدحواسی ۔ خرفت

بڑھاپے میں جوانوں جیسے کام کرنا ۔ پیرانشاقی

بڑھا ہوا ۔ زائد ۔ فزوں ۔ اضافہ

بڑھاؤ ۔ بڑھ ۔ ترقی ۔ افراط

بڑھ گیا ۔ طال

بڑھنا (کام کا) ۔ اقدام ۔ پیش رفت

بڑھنا (زائد ہونا) ۔ ازدیاد ۔ تتمیم ۔ انتماء

بڑھنے والا ۔ متزاید

بڑھوار ۔ ترعرع ۔ نشو ۔ نما ۔ بالیدگی

بڑھئی ۔ نجار ۔ درودگر ۔ خوگر ۔ کنگار ۔ درگر

بڑھئی کا کمان جیسا برمہ ۔ کمانچہ

بڑھئی گیری ۔ نجارت

بڑھیا ۔ سالخوردہ ۔ عجوز ۔ زون ۔ دیکھو بوڑھی عورت

بڑھیا شعر جو شعر کے جواب میں پڑھا جائے ۔ نشیدہ

بڑھیا کھانا ۔ شام رسی

بزازوں کا طریقہ ۔ شیوۂ بزازانہ اس سے مراد دکاندار کا وہ عمل ہے جو وہ گاہک کو پہلے خراب چیز دکھاتا ہے کہ شاید یہی گاہک کو پسند آجائے اور فروخت ہوجائے بصورت دیگر کوئی اچھی چیز دکھاتا ہے۔

بزدل ۔ اشتردل ۔ اشتر زہرہ ۔ جبین ۔ جبان ۔ خردل ۔ مقطرب ۔ خوار ۔ عزدل ۔ مرعوب ۔ کلیل الفطر ۔ دیکھو ڈرپوک۔

بزدلی ۔ جُبن ۔ جبانت

بزرگ ۔ بزرگوار ۔ اقدس ۔ جلیل ۔ اجلہ ۔ مجید ۔ امتجاد ۔ عتیق ۔ عقیل ۔ اردو والے عاقل کے معنی میں بولتے ہیں عربی میں عقیل بمعنی عاقل نہیں آیا ۔ قدوہ ۔ گرامی ۔ ماذخ ۔ مبرز ۔ مخدوم ۔ برگزیدہ ۔ مجتبیٰ ۔ مشرف ۔ خطیر ۔ نقیب ۔ معظم ۔ محمد ۔ مستقی ۔ کریم ۔ نحاریر ۔ امتعال ۔ نجیب ۔ منیب ۔ گرو ۔ میرف ۔ مہان ۔ مہتر ۔ نبیل ۔ نقادہ ۔ بلاوقی ۔ وسیط ۔ جدہ ۔ صندید ۔ ملیک ۔ ہمام

بزرگ تر ۔ اشرف ۔ دیکھو بڑا بزرگ ۔

بزرگ ترین ۔ مہین ۔ مہینہ

بزرگ عورت ۔ محسنہ ۔ عقیلہ ۔ عظمیٰ

بزرگ قوم ۔ قمام

بزرگ لوگ ۔ عظام ۔ عظماء ۔ عزت ۔ اعز واحد ۔ کبراء ۔ کبائر ۔ کبیر واحد نبائل ۔ نبیل واحد ۔ کرام ۔ کریم واحد ۔ مشاہیر ۔ مشہور واحد

بزرگ مرتبہ ۔ فخیم

بزرگ مرد ۔ صفی ۔ اصفیاء

بزرگ ہوا ۔ تبارک ۔ اس کا مادہ (ب ر ک) ہے جس سے دو مصدر برکہ اور برُوک نکلتے ہیں برکہ میں افزونی کا تصور ہے اور برُوک میں ثبات بقاء اور لزوم کا تصور

بزرگ ہونا ۔ مجد ۔ جلالت ۔ تعظم ۔ کبارہ ۔ نباہت ۔ سیادت ۔ تشیخ

بزرگی ۔ اِفتخار، جبروت، جد، تعظیم، جلال، جناب، حرام، جرأت، خطرہ، خطر، مجد، بہی، کوکبہ، تمجید، اُبہت، شہامت، شرافت، سیادت، شرف، (لفتح را) علا، شکوہ، عظمت، فخامت، فضیلت، کبر، مجب، بادہ، (دیکھو بڑا ایک) اصطفا، حشمت، (بالکسر) حشمت کو اہل اردو بزرگی، مرتبہ، دبدبہ، شان اور شوکت کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں۔ لیکن عربی میں شرم و حیا، غضب و انقباض کے معنی میں آتا ہے بفتحتین حشمت خدمتگار اور تابع لوگوں کے معنی میں بسکون شین حشمت بھی آیا ہے۔ نباہت،

بزرگیاں ۔ مکارم، فضول،

بزرگی اور عزت کرنا ۔ تکریم،

بزرگی میں فوقیت لے جانا ۔ فضل،

بس (یعنی حرف) ۔ فقط، قط،

بس اسٹینڈ ۔ موقف،

بسا اوقات ۔ غالب اوقات،

بساطی ۔ پیلہ ور، خردہ فروش،

بس پایہ ۔ دیکھو بسفائج،

بستر ۔ نہالی، نہالین، رخت خواب، نہد، مہاد، مفرش، مفروش،

بسفائج ۔ بس پایک یا بس پایہ کا معرب ہے عربی میں اضراس الکلب کہتے ہیں یہ ایک دوا ہے گھس کر دودھ کو جادیتی ہے جذام اور مالیخولیا کے لئے مفید ہے بالکسر صحیح نہیں ہے

بسکٹ ۔ نان خشک، کعکات، نشیاط، قاق،

بس کرنا ۔ اقتصار، اکتفاء، اقتصار،

بسکھپرا ۔ خندقوری،

بسنت (ہندی مہینہ) ۔ بہار، بہاراں، بہار کا مزید علیہ۔

بسولا (اوزار) ۔ تیشہ، قدوم، مبول، مسن، تش،

بسولے کا دستہ ۔ فیال،

بس ہونا ۔ حسب، مواقق، مانند،

بس ہے اور کافی ہے ۔ حسبی و کفیٰ،

بسیط کی جمع ۔ بسائط،

بشارت چاہنا ۔ استبشار،

بصیرت چاہنا ۔ استبصار،

بطخ (آبی پرندہ) ۔ اوزہ، اوز، بط، ارذک، آوز،

بعض وقت ۔ ربّ،

بغداد ۔ کہتے ہیں کہ کسریٰ نوشیرواں نے ساباط کے میدان میں ایک باغ تعمیر کرا کے اس کا نام باغ داد رکھا۔ منصور عباسی نے دجلہ کے غربی کنارے کرخ و ساباط کے مقام پر شہر بغداد کی بنیاد ڈالی۔ یہ شہر کئی ناموں سے موسوم رہا ہے۔ بغدان اور اپنے بانی کے نام سے منصوریہ اور الزوراء۔ اور سرکاری نام مدینۃ السلام اور دار السلام۔

بغض ۔ غِل، نقمت، عداوت، کینہ،

بغض رکھنا ۔ باغضہ، تباغض،

بغل ۔ آغوش، بر، ابط، آباط، ضبع، کش، حوبہ، عطف، کش، حوبہ، کنارہ، ترقوہ، حجر،

بغل کی بو ۔ صنان، صماح،

بغل میں لٹکانے والی چیز ۔ حائل،

بغیر آستین کا کرتا ۔ شعار،

بغیر اجازت کسی کے گھر میں چلے جانا ۔ دمور،

بغیر بادل کا دن ۔ صاحی،

بغیر بلائے دعوت میں جانا ۔ دغل،

بغیر بلائے کچھ مدعو لوگوں میں پہنچنے والا ۔ طفیلی،
اصمعی کا قول ہے کہ یہ لفظ طفل سے بنا ہے۔ طفل کے معنی ہیں دن کے اوپر رات کا اپنی تاریکی کے ساتھ چھا جانا اور اس میں مناسبت یہ ہے کہ اس شخص کا معاملہ بھی ایسا ہی ہے کہ مدعو لوگ اس سے تاریکی میں ہوتے ہیں۔ اُن کو پتا نہیں ہوتا کہ اس کو بلایا گیا ہے یا نہیں اور یہ کیسے اُن کے ساتھ آملا۔ دوسرا قول اصمعی کا یہ ہے کہ طفیلی منسوب ہے طفیل کی طرف۔ طفیل کوفہ میں ایک شخص تھا۔ یہ شخص ولیمہ کی دعوت میں یونہی پہنچ جاتا تھا اسی لئے اس کا نام طفیل الاعراس یا طفیل العرائس مشہور ہو گیا مولف رحمۃ اللہ علیہ کا کہنا ہے کہ اس قول میں کلام ہے کیوں کہ عرب طفیل کو وارش اور وائش کہتے ہیں اور جو شخص کسی قوم کی مجلس شراب میں یوں چلا جائے اسکو واغل کہتے ہیں۔ ہشام، بشام، اسیان،

بغیر پتوں کی شاخ ۔ جریدہ،

بغیر تحقیق بات کرنا ۔ رجم،

بغیر تنے کے بیل بوٹے ۔ نجم، انجم، اس کے معروف اور متبادر معنی

تاسے کے ہیں لیکن لغت عرب میں یہ لفظ ایسے پردوں کے لئے بولا جاتا ہے جن کا سِلا نہیں ہوتا جیسے ترکاریوں وغیرہ کا۔

بغیر تولے ناپے خرید و فروخت کرنا :- جزاف ع

بغیر جاڑے کا بخار :- صالب ع

بغیر چمچے کے ہانڈی سے کوئی چیز نکالنا :- اِنتِشال ع

بغیر چھینا آنا :- خشکارہ ف

بغیر دھوئیں کا شعلہ :- مارج ع شواظ ع

بغیر زیور کی عورت :- عاطلہ ع

بغیر سکہ کیا ہوا سونا چاندی :- غیر مسکوک ع

بغیر سوچے جلدی کرنا :- دل بازی ف

بغیر سوچے کام کرنا :- سرسری ف

بغیر شادی شدہ :- ناکتخدا ف ناکدخدا ف عزب ع

بغیر گھاس کا جنگل :- مرق ع

بغیر معاوضہ کے سلوک کرنا :- جبار ع

بغیر نشہ کے اپنے آپ کو مست ظاہر کرنا :- تسارُع

بغیر نقش کا سکہ :- منقش ع

بغیر نقطوں کے حروف :- عطل ع

بقرعید :- عید قرباں ف عید الاضحیٰ ع جہلا عید الضحیٰ کہتے ہیں جو غلط ہے۔ صحیح عید اضحیٰ ہے۔ اضحیٰ اضحاۃ کی جمع اور اضحاۃ وہ بکری وغیرہ جو ذبح کی جائے۔ اس لحاظ سے عید اضحیٰ کہنا چاہئے۔ عربی میں یوم الاضحیٰ یوم النحر اور عید النحر بھی کہتے ہیں۔ قاآنی ؎

خجستہ تہنیتی گو سے عید اضحیٰ را

کہ تا بگوش نیایش نیوشی از احباب

بکارت توڑنا :- مہر برداشتن ف مہر شکستن ف

بکائن :- آزاد نیباق ع آزاد درخت ف

بک بک :- بخ بخ ف جق جق ف

بک بک کرنا :- دراجی ف

بکرا :- جدی ع بز فالہ ف ماعز ع بز نر ف تیس ع

بکرا بکری :- معز ع یہ لفظ اسم جنس ہے۔

بکری :- بز ف غنم ع انعام ع ماعزہ ع شاۃ ع گوسپند ف حلال ع ماعز ع دشتہ ع

بکری اور بھیڑ کا تھن :- چشتہ ف

بکری باندھنے کی جگہ :- مربض ع مرابض ع

بکری کا بچہ :- بز ناکہ ف حلوان ع خروف ع بہمۃ ع بزغالہ ف یعمور ع

بکری کا سینگ مارنا :- نطح ع

بکری کا گابھن ہونا :- اقصاص ع

بکری کا مادہ بچہ :- عناق ع

بکری کی مینگنی کرنا :- لجاء ع

بکری کی بھنی ہوئی کلیجی :- پورت ف

بکری کی مینگنی :- دمنتہ ع

بکری کے تھن :- ضرع ع

بکری کے سینگ توڑنا :- عضب ع

بکری کے نرم بال :- تبت ع

بکری وغیرہ کے پائے جو پکائے جاتے ہیں :- کراع ع اکارع ع

بکریوں کا ریوڑ :- جرمہ ع جرگیہ ع جرگہ ف رمہ ف

بکریوں کو گابھن کرنے والا بکرا :- نہاز ع تیس ع

بکریوں کے رہنے کی جگہ :- دمن ع

بکریوں کے گلے کے ساتھ رہنے والا بکرا :- نہاز ع تیس ع بوک ع

بکری ہرن اور اونٹنی کی شرم گاہ :- ظبیۃ ع

بکری یا گائے کا جنا ہوا بچہ :- جنینہ ع

بکری یا گائے کا تازہ جنا ہوا بچہ :- جنینہ ع

بکرے کا چمڑا :- قدہ ع تری ف

بکواس :- ژاژ ف یوچ گوئی ف ہرزہ ف

بکواس کرنا :- ہذر ع ہرزہ درائی ف ہفوت ف ہرزہ سرائی ف ہذی ع ہذیان ع

بکواس کرنے والا :- ہرزہ گو ف یافہ درائے ف یاوہ گو ف ہذر ع ہذار ع ہماز ع

بکی ہوئی شے :- مبیع ع

بکھرا ہوا :- شتیت ع حات بات ع پراگندہ ف منتشر ع متشتت ع

بکھرنا :- شتت ع شند و ع

بکھری ہوئی چیزیں :- اشتات ع

بکھیرنا۔ اَفشاں، نثار، نثر، توزیع، اِشتات۔
بگاڑ۔ فساد۔
بگاڑنا۔ تفسید۔
بگاڑنے والا۔ مماسخ، فاسد۔
بگڑا ہوا۔ اَبتر، خراب، ناکارہ، رَدی۔ بہ تشدید دال کہنا غلط ہے۔ مُصَحّف۔
بگڑا ہوا آدمی۔ بائر، بَور۔
بگل۔ کرنا، گاؤدُم، ناقوس، صُور، بُوق۔
بگلا۔ حِقار، غم خورک، بوتیمار۔
بگولہ۔ اِعصار، گرد باد۔
بگھی۔ کالسکہ۔
بل (سوراخ)۔ جُحر، اَجحار۔
بلا (مصیبت)۔ مَرمَریس، ضِیفَن، آفت، غائلہ، بنیارہ، دَیلم، مُعضلہ، مُعضل، قارِعہ، قوارع، بائقہ، بوائق۔ دیکھو مصیبت
بلا سودی قرض۔ مُحلَت۔
بلا میں ڈالنا۔ اِبلاء۔
بلا میں گرفتار۔ مُبتلا، سوگوار۔
بلانا۔ دعوت، دعوات، اِستحضار، اِحضار۔
بلانے والا۔ داعی، دُعات، دُعاۃ، مُکلّف۔
بلاؤ (ملی کا نر)۔ ضَیوَن۔
بلا وجہ۔ بلاش۔
بلبل۔ ہزار داستان، زندباف، صاجح، گُلدُم، شب آہنگ، مُرغ باغ، مُرغ بام، داف، تُندَر، مرغ سحر، کُعیت، مرغ چمن، بُوبُرد، مُرغ خوش خواں، مُرغ زندخواں، مُرغ شب آہنگ، مُرغ صبح، ہزار، مرغ شب خیز، مرغ طرب، ہزار آواز، حرف آخر ابجد۔ از روئے ابجد ”غ“ بھی مراد لی جاتی ہے۔ کیوں کہ یہ حرف سب کے بعد آتا ہے۔ عندلیب، غنادِل، غنین۔ خود بُلبُل عربی لفظ ہے اور بلابل اس کی جمع ہے۔
بُلبُل کا چہکنا۔ غلغل۔

بُلبُل کا نالہ۔ مُذبُذُل۔
بُلبُل کی آواز۔ گُل بانگ، سجع، چہچہہ، گُریک۔
بُلبُل کی جمع۔ بَلابِل۔
بُلبُلہ۔ گنبد آب، حَباب۔ بالضم حا کہنا غلط ہے۔ صاحب قاموس، محیط المحیط، صحاح اور صراح وغیرہ نے بُلبُلہ کے معنی میں حَباب بالفتح ہی لکھا ہے۔ صرف صاحب منتخب نے بالضم پر زور دیا ہے۔ غالباً اسی بنا پر دیگر فرہنگ نویسوں نے حُباب کو بالضم لکھا ہے۔ دیکھو پانی کا بُلبُلہ۔
بُلبُلے۔ سواران آب، اَفراس آب۔
بلغم۔ نُخاعہ۔
بُلند۔ سامِک، شاہِق، مُنیف، ناتی، نازِع، تعال، تعالیٰ، بَرتر، گَردَر، مُشرِف۔ دیکھو ”اونچا“
بلند آواز۔ رَفیع، گال۔
بلند آواز سے پڑھنا۔ جَہر۔
بلند آواز سے للکارنا۔ جِہار۔
بلند آواز ہونا۔ جَہارہ۔
بلند تر۔ اَرفع، بَرِین۔
بلند جگہ۔ وَقع، مَصعَد، مَصاعِد۔
بلند چیز۔ عُقاب، عُقبان۔
بلند چیزیں۔ عوالی، عالیہ واحد ہے۔
بلند حوصلہ۔ مُلیم۔
بلند درجے۔ فَضائل۔
بلند درخت۔ سَرح۔
بلند روشن۔ سارِطح۔
بلند زمین۔ نَجد، کعبہ، سطح مُرتفع، اَمَت، یَفَع، حَدَب، رابیہ، یَفاع، قُفّہ۔
بلند زینے۔ دَرَجات، درجہ واحد ہے۔
بلند شعلہ۔ شِہاب۔
بلند عمارت۔ شاہِق، ہدَف، غُرفہ۔

بلند عمارتیں:۔ عماد، یہ لفظ چونکہ عمادہ کی جمع ہے لیکن واحد اور جمع دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔
بلند قد:۔ چرب قامت ف
بلند قد اونٹنی: نیات ع
بلند کرنا:۔ فراختن ف فرازیدن ف نبر ع تعبیش ع رفع ع علو ع شد ع نص ع اصطلاحاً حکیم ناطق حکم قطعی اور قرآن مجید کی وہ آیتیں جو متشابہ امور کو ظاہر کرتی ہیں۔ کبھی ان آیتوں پر بھی نص کا اطلاق ہوتا ہے جن کے معنی صریح اور واضح ہوں۔
بلند کرنے والا:۔ رافع ع
بلند کوہان اونٹ:۔ نیات ع
بلند کیا گیا:۔ معلّٰی ع مرتفع ع مرفوع ع مسند ع دیکھو پسندیدہ
بلند محل:۔ کاخ ف قصر ع قصور ع یہ واحد کی صورت میں خطا اور جرم کی معنی میں آتا ہے۔
بلند مرتبہ:۔ فلک قدر ف فلک اندازہ ف فلک آوازہ ف فلک محل ف فلک مرتبہ ف رفعت ع والاجاہ ف صمد ع بر فرت ع علیہ ع گراں مایہ ف
بلند مرتبہ کا:۔ رفیع ع فائق ع
بلند ہونا:۔ سطوع ع سموق ع شہوق ع اعتلاء ع ترقی ع تصاعد ع عروج ع تسنیم ع نمار ع استعلا ع اصطلاحاً حرف کو ادا کرتے وقت زبان کی جڑ کا تالو کی طرف اٹھ جانا استعلا کہلاتا ہے۔
بلند ہونے والا:۔ مشرف ع
بلندی:۔ وصیلہ ع فرازہ ف فرازی ف نبر ع نتو ع رفعت ع سمک ع سمو ع سنا ع صعود ع
بلندی (بمعنی برتری):۔ اعتلاء ع علاء ع علو ع استعلا ع سرفرازی ف
بلندیاں:۔ قمم ع قمہ واحد، معالی ع معلی واحد، شوامخ ع شامخ واحد، عماد ع عمد واحد، اعراف ع ایک سورہ کا نام۔
بلندی پر بیٹھا ہوا:۔ ناشز ع بالانشین ف
بلندی پر جانے کے لئے پہاڑی راستہ:۔ عقبہ ع
بلندی پر چڑھنا:۔ صعود ع

بلوانا:۔ استنطاق ع
بلوں میں رہنے والے جانور:۔ خزندہ ف حشرات الارض ع
بلی:۔ ہرہ ع گربہ مادہ ف ہریرہ ع قط ع قطط ع پشک ف پوشک ف خیطل ع سنور ع سنانیر ع نازو ف ہر ع مشکین ف دمتہ ع
بلّی:۔ چوپایہ ف
بلی اور کتے کے راتب کا برتن:۔ یلاق ف
بلی جیسی آنکھ والا:۔ گربہ چشم ف ازرق ع
بلی کا چھینکنا:۔ نثرہ ع
بلی کی آواز:۔ نقیق ع
بلی کے بالوں کا کھڑا ہونا:۔ تنفش ع
بم کا گولہ:۔ قنبلہ ع نارنجک ف
بنانا:۔ ساختن ف صنعت ع تصنیع ع
بنانے والا:۔ بانی ع صانع ع کاریگر ف جاعل ع علت فاعلی ع
بناوٹ:۔ ساخت ف تصنع ع
بناوٹ کے ساتھ:۔ تکلف ع
بنا ہوا:۔ بافتہ ف منسج ع منسوج ع تنیدہ ف
بنائی ہوئی چیز:۔ مصنوع ع مصنع ع ساختہ ف
بنایا ہوا تالاب:۔ اصطنع ع
بن پلاؤ:۔ سیاہ گوش ف
بنجارہ:۔ راکب ع مرکبان ع
بنجر زمین:۔ املح ع موات ع غامر ع جادس ع جادسہ ع بوار ع جدیب ع
بندا (زیور) گوشوارہ ف نطفہ ع
بند پانی:۔ آب مردہ ف آب ساکت ف راکد ع
بند دروازہ:۔ مغلق ع مغلقہ ع غلق ع
بندر:۔ شادی ف کپی ف قرود ع بوزنہ ف بوزینہ ف میمون ف دراز دم ف بشوتن ف بوزنہ ف صمدونہ ف بہنانہ ف چترہ ف چہار موجہ ف
بندرگاہ:۔ کہ ف بندر ف بنادر ع

بندرگاہ پر کشتی یا جہاز میں سوار ہونے کی سیڑھیاں :۔
اَسکلَہ ت

بندرگاہیں :۔ مَوان ع بنادِر ع
بندر والا (مداری) :۔ لُوطی ع
بندریا :۔ قِردہ ع بوزنہ مادہ ف
بند کرنا :۔ اِستمساک ع اَغلاق ع اِعتقال ع
بند کلی :۔ غُوزَہ ف
بند کیا گیا :۔ مَسدُود ع
بندگی :۔ طاعت ع عُبُودیّت ع رَقِیّت ع
بندوبست :۔ رَتق و فَتق ع
بندوبست ہونا :۔ اِنتِساق ع
بندوق :۔ تمنک ت تُفنگ ف اغنی آتشیں دم ف
بندوقچی :۔ تُفنگچی ف
بندوق سے فیر کرنا :۔ سر دادن ف
بندوق کا توڑا :۔ ماشہ ف
بندوق کا چھرا :۔ ساچمہ ت
بندوق کا کندہ :۔ قُنداق ت کندہ اسی کا بگاڑ ہے۔
بندوق کی آواز :۔ شِلِک ت
بندوق کی گولی :۔ گرَدَہ سہ ف تیرِ تُفنگ ف
بندوق کی نالی :۔ ماسورہ ع
بندوقیں :۔ بنادِق ع بنادِیق ! دراصل بنُدُوق بمعنی غلولہ پھر آلۂ معروف کو کہنے لگے۔ اردو بَندُوق بالفتح کرکے اس کی جمع بنادِیق بنالی گئی۔
بندہ :۔ اوسلان ت عبد ع عباد ع غلام ع
بندہ کا مرضیِ خدا پر راضی ہونا :۔ رِضا ع
بندھا ہوا :۔ مَربُوط ع مَعقُول ع مُعقَد ع مَعقُود ع
بندھا ہوا قیدی :۔ کابُل ع پابجولاں ف
بنڈل :۔ مجموعہ ع
بنس لوچن :۔ طباشیر مع تباشیر ف

بَنَفشہ :۔ فارسی ہے اور عموماً بفتح با و نون و شین زبانوں پر ہے اور یہی فصیح ہے۔ اگرچہ اہلِ لغت نے بائے موحدہ کو تینوں حرکات سے لکھا ہے۔
بنفشہ :۔ کاکوش ت بَنَفسَج مع
بن کوا :۔ عَقعَق ع غرابُ البَین ع
بن مانس :۔ نَسناس ع دیو مردم ف نِسناس ع
بُننا :۔ نَسج ع بافتن ف لَفت ف
بُننے کی مشین :۔ نَول ع
بُننے والا :۔ مُنتسِج ع نَسّاج ع بافندہ ف مُوَرِّح ع مُنسِج ع
بنولہ :۔ پنبہ ف فرزغ ع حَبّہ ع حَبّ ع
بنیاد :۔ اَساس ع بُنیان ع اصل ع عِماد ع رہص ع اَسال ف پایہ ف مَبنیٰ ع مَبنی ع مَبانی ع مجازاً مضمون کو بھی کہتے ہیں۔
بنیاد ڈالنے والا :۔ مُؤسِّس ع بانی ع
بنیاد رکھنا :۔ تاسیس ع اِبتنا ع
بنی اسرائیل :۔ حضرت یعقوبؑ بن اسحٰقؑ بن ابراہیمؑ کا لقب ہے۔ عبرانی میں اس کے معنی عبد اللہ کے ہیں۔ بنی مخفف بنین ابن کا ہے ابنا جمع بھی آتی ہے۔ لڑکے کے علاوہ پوتے اور اس کے لڑکوں پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے۔
بنیاد سے کھودنا :۔ نَسف ع
بنی امیہ سے نسبت رکھنے والا :۔ اُموی ع
بُنیان (مشہور لباس) :۔ مِطرَد ع
بُو :۔ رِیح ع رِیاح ع
بوالہوس :۔ بُو مخفف ہے اَبُو کا۔ بمعنی والا اور صاحب۔ ہوس فارسی ہے۔ الف لام تعریفی عربی لفظ پر آتا ہے۔ جیسے بوالعجب وغیرہ۔ بوالہوس اصل میں بلہوس فارسی ہے۔ بُل بمعنی بسیار یعنی بہت ہوس والا۔
بوائی جو ہاتھ پاؤں کی کھال پھٹنے سے پڑ جاتی ہے :۔ بَذَع ع

بوتل:۔ بُطری، چیک، کراز، بطر

بوتل کی ڈاٹ:۔ صمام، صمۃ، دیکھو ڈاٹ۔

بوٹ کے تسمے:۔ رِجاک، دیکھو تسمہ۔

بوجھ:۔ اِعباء، وِزر، گرانی، گناہ، وزن، اوزان، وِقر، بار، ثقل، پُشتارہ، اِصر، حَمل، حِمل۔

شاہ کا اک محل خاص جو تھا
ناگہاں اس پری کو حمل رہا

بوجھ اٹھانا:۔ اِحتمال، وَسق، زَقن۔

بوجھ اٹھانے والا:۔ باربردار، وزیر، وُزراء

بوجھ اٹھانے والا جانور:۔ حال، رَحول، رَواحل

بوجھ سے دبا ہوا:۔ زیربار، محمول

بوجھ سے لدے ہوئے اونٹ کا چلنا:۔ جاث

بوجھ لاد دینا:۔ تحمیل، وَسق

بوچھاڑ:۔ ہندی ہے کثرت اور زیادتی کے معنوں میں۔

داغ ~ ٹھیرو دم تو چاہیے اس وقت میں کچھ آڑ بھی
تیز چلتی ہے ہوا بھی مینہ کی ہے بوچھاڑ بھی

لکھنؤ والے رائے مہملہ سے بولتے اور لکھتے ہیں۔

شمشاد ~ قتل ثابت ہو گیا تکرار رہنے دیجئے
ترے دامن خون سے انکار رہنے دیجئے
حرف ہونٹوں کی نزاکت میں نہ آجائے کہیں
گالیوں کی ہر گھڑی بوچھار رہنے دیجئے

بودار پانی:۔ صَرائے

بو، رنگ، مزہ بدلا ہوا کھرا پانی:۔ صَرائے، صِرائے

بوری:۔ مِنج، جُوال، گُوال، جوالِق

بوریا:۔ حَصیر، خُمرہ، بلاج

بوریا بننا:۔ رَمل، بعض بفتحتین رَمَل بمعنی علم رَمل لکھتے ہیں جو درست نہیں۔ رَمَل عَروض کی ایک بحر کا نام ہے۔

بوری سینے والا:۔ جُوال دوز

بوڑھا:۔ پیر، فرتوت، ضعیف، ضُعفاء، پیرسال، روز دیدہ، قحب، مُسن، مُعمّر، واذک، دہری، سال خوردہ، شعصب، عجوز، دُہری، ہنسالہ، یفن، سیاہ پیر، آمیختہ، ذَرِ، دیوجان، ثلِب، نافہ جو، کالم، قشم، نواں، سالی آزلے، گراں جان، نعتیل

بوڑھا اندھا:۔ پیرنابینا، حضرت یعقوبؑ

بوڑھا اور جوان:۔ شیخ و شاب، شہلہ، شہبرہ

بوڑھا اونٹ:۔ ثِلب، کاف

بوڑھا پرندہ:۔ لُغاث

بوڑھا ہونا:۔ اِہرام، تَوَجُّہ

بوڑھی اونٹنی:۔ شارِف

بوڑھی بدصورت عورت:۔ جَحمَرِش، جحامِر، پیرزال

بوڑھی عورت:۔ ماما، ہمت، سالُوتہ، عَزُوم، عجوز، عجائز، پیرزال، گندپیر

بوڑھے آدمی کا بڑھاپے کے سبب جماع نہ کر سکنا:۔ حَوقلہ

بوڑھے ہونے کے باوجود ڈاڑھی نہ نکلے:۔ کُوسج، کَوسہ

بوسہ:۔ ماچ، مُوچ، چُما، پیار، بوس، قُبلہ

بوسہ دینا:۔ مُکاعمہ

بوسہ کی آواز:۔ خب ثُب

بوسہ لینا:۔ رَشف، لُثوم، لَثم، ماچ زدن، ماچ کردن، تَلثیم، مُکافحہ، ماچ و مُوچ کردن، تقبیل، تَلثُّم

بوسہ لینے والا:۔ مُلتثِم، لاثِم

بوسہ لیا گیا:۔ ملثوم

بوسیدہ:۔ رَمیمہ، رمائم، دیکھو پرانا۔

بوسیدہ رسی کا ٹکڑا:۔ رُمی

بوسیدہ ہڈی:۔ رِمّہ

بو کا پھیلنا:۔ سَطع

بولتا ہوا:۔ گویا، مُتکلِّم

بولتا ہوا کبوتر:۔ ساجعہ

بولنا :۔ درائیدن، کلام
بولنے والا :۔ ناطق، متکلم، مخاطب
بولی دینے والا :۔ مُغال
بونا :۔ کِشتن
بونا آدمی :۔ چارشانہ، حرت
بوند :۔ چکہ، قطرہ، قطرات، اختر روشن، پندہ
بوندوں کا گرنا :۔ اِمطار، قطور
بہادر :۔ سرباز، شجاع، شجعان، شیرزن، نجید، مُرید، مُتہور، مردہ، راوت، میرمیداں، آتش، پہلو، شیر مرد، صمّہ، صمم، جُرأہ، مردہ، دلیر، نایک، گوہ غالب، جری، دلاور، راد، چیرہ گوان، دہ دل، دہ دلہ، فتی، فتیان، بطل، مقدام، یل، رد، شجیع، باسل، صمّ، صمیم، جماش، احرس، احمس، کمی، کمرش، نام جو، کارطلب، بہش، رزم افگن، رزم خواہ، رزم زن، رزم ساز، رزم یوز، کوہ جگر، رزم پوش، نجدہ، جواں، سنگ دیدہ، عکس، گوہر آگیں، خوات۔ دیکھو دلیر۔
بہادر سپاہی :۔ جرّار، اردو میں بہادر کے معنی میں کہتے اور لکھتے ہیں۔ انیس ؎

جرّار سر جھکائے تھے تلوار کی طرح
سرکش خموش تھے لب سوفار کی طرح

لیکن عربی میں کشندہ، فوج کثیر اور کھینچنے والے کے معنوں میں مستعمل ہے۔
بہادری :۔ جرأت، سماحت۔ شجاعت بالضم شجاعت غلط ہے۔ پُردلی، مباسلت، بطالت، نجدت، حماست، دیکھو دلیری۔
بہادری سے لڑائی میں مصروف ہونا :۔ دشوہ
بہادری کا غصہ :۔ بسیل
بہار کا موسم :۔ ربیع
بہار کا مہینہ :۔ فروردیں، سیاہ بہار

بہار کے موسم کی ہوا :۔ صبا
بہانہ :۔ عذر، اعذار، عذر لنگ، اشکل، پوزش
بہانہ کرنا :۔ اعتلال، اعتذار
بہانے والا :۔ سائب
بہا ہوا :۔ مسکوب
بہت :۔ کم، بسیار، عدید، فراواں، جم، عالم عالم، جدا، ازبس، وسناد، کثیر، افزوں، فرط، افراط، نہایت، کثرت، ازحد، سناد، غفیر، بہتات۔ بہت سے بنا ہے اس لئے بُہتات بالضم بے کہنا صحیح نہیں۔
بہت آسان :۔ اہون
بہت اچھا :۔ بہین، امثل، اماثل، بہتر، بالادست، اولی، دیکھو عمدہ۔
بہت احسان رکھنے والا :۔ ممنون
بہت احسان کرنے والا :۔ منّان
بہت اصرار اور خوشامد کرنے والا :۔ مِلظاظ
بہتان :۔ ظِنّت، چفتہ، دروغ، دیکھو تہمت۔
بہتان لگانا :۔ شاخچہ بندی، اتہام، رمی، ابتشاک
بہتان لگانے والا :۔ مُفتری
بہت اونچی دیوار :۔ تراث
بہتا ہوا پانی :۔ معین، آب رواں، اس کی تفصیل کے لئے دیکھو انگیا۔ دافق، آب زندہ، فضا، منسجم
بہتا ہوا صاف پانی :۔ ماء معین، جاریہ
بہت باتیں کرنے والا :۔ منشر، مہار، نفس دراز، بذار، چار زبان، دراز نفس، زبان فروش، قوّال، حرّاف، ثمار، ہذار، ہذر
بہت بات کرنے والی عورت :۔ ہمشی
بہت باریک پسا ہوا :۔ سمیق
بہت بال بچوں والا مفلس :۔ بدشی
بہت بالوں والی عورت :۔ زباویہ

بہت بچوں والی عورت:۔ نَتُوصٌ ؏
بہت بخشش کرنے والا:۔ مِفضال ؏ جَوّاد ؏ اس لفظ کو مشدّد پڑھنا غلط ہے۔ جوّاد جادہ کی جمع ہے بمعنی راستے۔
اکرم ؏ باذل ؏ وَہّاب ؏
بہت بدبودار:۔ غَسّاق ؏
بہت بدلنے والا:۔ قَلُوب ؏
بہت بُرا آدمی:۔ اَشر ؏ شَرّیر ؏ بَذی ؏ خَبِیث ؏
بہت بُرا کہنا:۔ تذمیم ؏
بہت برسنے والا بادل:۔ ابر باطل ؏ ہامِر ؏
بہت بُری چیز:۔ فظیع ؏
بہت بڑا:۔ اعظم ؏ اعاظم ؏ اکبر ؏ اکابر ؏
بہت بڑا جنگل:۔ داجیہ ؏ داجِیَہ ؏
بہت بڑا دریا:۔ کَیّاح ؏
بہت بڑا عالم:۔ عَلّامہ ؏ عَلّامی ؏
بہت بڑا موتی:۔ یتیم دُریا ؏
بہت بڑا ہدایت یافتہ:۔ اَرشد ؏
بہت بڑی جماعت:۔ سَحن ؏
بہت بزرگ:۔ مُفخّم ؏ ذی عزّت ؏ اکرم ؏ اکارِم ؏
بہت بکنے والا:۔ مُطنِب ؏ ثَرثار ؏
بہت بلند:۔ اعلیٰ ؏ اعالی ؏ اَسنیٰ ؏
بہت بلند (مؤنث شے) عُلیا ؏
بہت بوڑھا:۔ ہَرَم ؏ اہرام ؏ کُہنہ پیر ؏ ہِم ؏ ذِحن ؏
پیران مُنحرِت ؏ یَقَن ؏ فانی ؏ پیر فانی ؏
بہت بوڑھی عورت:۔ حَشفہ ؏ عَجوز ؏ عجائز ؏ طُوت ؏
بہت بولنا:۔ ثَرثَرت ؏
بہت بیمار:۔ شاقِل ؏
بہت بیمار ہو جانا:۔ مِراصیت ؏
بہت بے وفا:۔ غَدّار ؏
بہت بکھرا ہوا:۔ مُلادہ ؏

بہت بھوکا:۔ خَرِیص ؏
بہت بھولنے والا:۔ نَسِی ؏ نَسِی ؏ نَسیان ؏
بہت بھونکنے والا:۔ نَبّاح ؏
بہت پادنے والا:۔ خَضُوف ؏
بہت پانی:۔ غَمر ؏
بہت پانی پینا:۔ زاب ؏
بہت پتلا:۔ مُلماج ؏
بہت پرانا:۔ چَوچگی ؏ قِدم ؏ کہنہ ؏ قدیم ؏
بہت پیاسا:۔ ہائم ؏ مَنظار ؏ سَاہِف ؏
بہت پیاس بجھانے والا:۔ اَنقع ؏
بہت پیدا کرنے والا:۔ خَلّاق ؏
بہت پھرنے والا:۔ طَوّاف ؏ دَوّار ؏ اَجوَل ؏
بہت تاریکی:۔ خُدرَہ ؏ دُلس ؏
بہت تعریف کرنا:۔ تَمدِیح ؏
بہت تعریف کرنے والا: وَصّاف ؏ حَمّاد ؏
بہت تندرست:۔ حَمِیر ؏
بہت تیز:۔ اَحَدّ ؏
بہت تیز اونٹنی:۔ دَلُوس ؏
بہت تھوڑی اور حقیر چیز:۔ برگ سبز است تحفۂ درویش ؏
بہت ٹھیک:۔ کما حقہٗ ؏ اَنسب ؏ اَوفق ؏
بہت جلگڑے والا:۔ زندہ دار ؏
بہت جاننے والا:۔ اعلم ؏
بہت جلد:۔ اَسرع ؏ علی الحال ؏
بہت جلدی کرنے والا:۔ ہَلُوع ؏
بہت جماع کرنے والا:۔ نَیّاک ؏
بہت جھوٹا:۔ کَذّاب ؏ اَکذب ؏ اَفّاک ؏ بَشّاک ؏
بہت چاہنا:۔ اِشتیاق ؏ عشق ؏ دماغ سوختن ؏ حَنین ؏
بہت چھاؤں والا:۔ مُعتَم ؏
بہت چلتی ہوئی راہ:۔ نابِلہ ؏

بہت چھوٹا: کہتر کہین کہینہ اکثر اصغار

بہت حجت کرنے والا:۔ حجاج

بہت حسد کرنے والا:۔ حسود

بہت حکم دینے والا نفس:۔ نفس امارہ

بہت خاموش رہنے والا:۔ ساکوت

بہت خراب:۔ انقص

بہت خوب:۔ حبذا حسان احسن چشم

بہت خوبصورت:۔ صباح نگار عالم پری وش

بہت خوبصورت عورت:۔ حسنیٰ

بہت خوش:۔ خوشا باغ باغ مطراب مریح

بہت خوشبودار:۔ اطیب

بہت خون نکل جانے سے بیہوش ہونے والا:۔
منزوب نزیف

بہت دودھ والی بکری:۔ ہشوش، ہشیش

بہت دور:۔ بعید اقصیٰ اقاصی دا ترف

بہت دوڑنے والا:۔ عجول زفیف

بہت ڈرانے والا:۔ ہائل

بہت ڈرنے والا:۔ خائف

بہت ذلیل:۔ اذل، ارذل اشنع

بہتر اور عمدہ مصرع جو بے تکلف وزن ہو جائے:۔
مصرعۂ برجستہ

بہتر بات کی جستجو کرنا:۔ تحری

بہت رنجیدہ:۔ اسیٰ

بہت روشن:۔ ازہر وضاح اسنیٰ اعلیٰ

بہت روشن کرنے والا:۔ نیر بفتح نون وکسرۂ یائے مشدد۔ اختر و منظر کے قافیہ کے ساتھ صحیح نہیں ہے۔ عربی مدال کے کلام میں ایسا ہوا بھی ہے تو قابل سند نہیں اس لئے کہ عربی لفظ میں عجم کا تصرف نامقبول ہے۔ سوا چند محاوروں کے کہ وہاں حکم عجمہ پیدا ہو گیا ہے جیسے کافر۔

بہت رونے والی عورت:۔ خنانہ

بہت زیادہ:۔ کاثر کثیر وافر جلیلے مفرط مجازاً

بہت زیادہ کرنے والا:۔ رداز

بہت سبقت لے جانے والا:۔ سباق

بہت سخت:۔ اشد درہواس

بہت سخت پتھر:۔ صماء اصم صم

بہت سخت دن:۔ قمطریر

بہت سرخ:۔ احمر

بہت سرخ پکا ہوا میوہ:۔ یانع

بہت سمجھنے والا:۔ فہام

بہت سونے والا:۔ ہقعہ میسان

بہت سے اونٹ:۔ رق

بہت سے پانی میں ملا ہوا دودھ:۔ خضار

بہت سے راستے:۔ ادراج

بہت سے سائبان:۔ ظلل ظل واحد

بہت سے عیب:۔ عوارب عوار واحد عیوب

بہت سے غلام:۔ عبید اسم جمع ہے۔

بہت سے نیک لوگ:۔ اخیار

بہت شور کرنے والا:۔ سخاب

بہت صاف:۔ اصفیٰ

بہت ضروری:۔ الزم

بہت طاقت ور:۔ اسود

بہت طلاق دینے والا:۔ مطلاق

بہت عرق والا انار:۔ مرمار

بہت عقل مند:۔ احزم شبیع

بہت عمدہ:۔ بستر عزز

بہت غیرت اور شرم والا:۔ مغیار غیور بضم غین غیور کہنا غلط ہے کیوں کہ اسم مبالغہ ہے جیسے شکور اور جہول۔

بہت فکر کرنے والا:۔ فکیر

بہت قسمیں کھانے والا:۔ حلّاف ع

بہت قیمتی:۔ بیش بہا ف، عمدہ ۔ ر

بہت کالا:۔ حالک ع، دُجاجی ع، فاحم ع، غِربیب ع، غارِسی ۔ ر

بہت کام کرنے والا:۔ فعّال ۔ ر

بہت کامل:۔ اَکمَل ۔ ر

بہت کڑوا:۔ اَمَرّ ۔ ر

بہت کڑی آواز:۔ زَجوَر ۔ ر

بہت کسب کرنے والا:۔ کسّاب ۔ ر

بہت کم:۔ کمتر ف، اَقَل ۔ ر

بہت کم زمانہ:۔ لمحہ ع، لمحات ج

بہت کمزور:۔ اَضعَف ۔ ر

بہت کمینہ:۔ اَدوَن ع

بہت کنجوس:۔ اَخَس ۔ ر، اَبخَل ۔ ر

بہت کوٹنے والا:۔ مِغوار ۔ ر

بہت کوشش کرنا:۔ اِستقصاء ۔ ر

بہت کوشش کرنے والا:۔ عرق ریز ف، دُؤوب ع، مُستقصی ع، مِنعام ع

بہت کھانے والا:۔ عُتُل ع، بسیار خور ف، اکال ع، رَزوِی ف، عَفتَوم ع، مُتخَدِّم ع، مِطعام ع، شکم بندہ ف، بَلعَم ع

بہت کھلانے والا:۔ مِطعام ع

بہت گزشتہ زمانہ:۔ قدیم الایام ۔ ر

بہت گرجنے اور برسنے والا بادل:۔ راجِس ع

بہت گرم دن:۔ وَدِیم ع

بہت گرہ کھولنے والا:۔ حلّال ۔ ر

بہت گننے والا:۔ اَحصیٰ ۔ ر

بہت گہرا سرخ رنگ:۔ فاقِع ۔ ر

بہت گہرا کنواں:۔ قعُور ۔ ر

بہت گھنا درخت:۔ عَیص ۔ ر

بہت لڑنے والا:۔ لجوج ۔ ر

بہت لمبا آدمی:۔ اَرشق ۔ ر

بہت مشکل:۔ اَدَق ع، مالا یُنحَل ع، اَشَق ع، اَعسَر ع، اَصعَب ع، اَدہیٰ ع

بہت مضمون کو تھوڑا کرنا:۔ ایجاز ۔ ر

بہت میٹھا:۔ قَند ف، اَحلیٰ ع، اَعذَب ۔ ر

بہت میلا:۔ اَکدَر ۔ ر

بہت ناز کرنے والا:۔ فَخُور ۔ ر

بہت نزدیک:۔ دست و دہاں ف، اَقرَب ع، اَدنیٰ ع، اَدوَن ع

بہت نعمت دینے والا:۔ مِنعام ع

بہت نفرت کرنے والا:۔ نَفّار ۔ ر

بہت نیابت کرنے والا:۔ نوّاب ع، یہ تشدید واو صحیح ہے۔

داغ ؎ نواب نے کی جو قدردانی میری
اے داغ گذر گئی جوانی میری
لیکن یہ خبر نہ تھی کہ وقت پیری
مر مر کے کٹے گی زندگانی میری

بہت نیچی:۔ سُفلیٰ ع، اَسفَل کا مونث

بہت نیک:۔ اَسعَد ۔ ر

بہت نیکی کرنے والا:۔ خَیِّر ع

بہت وعدہ خلاف:۔ مِخلاف ۔ ر

بہت ہلکا:۔ اَخَف ع، سُبک تر ف

بہت ہنسنے والا:۔ بسّام ع

بہت ہونا:۔ وَفر، بہتات دیکھو بہت زیادتی۔ وُفور ع، اَفزونی ف، تکاثُر ع، توافُر ع، توفیر ع، خیل ف

بہت ہی کم:۔ کمترین ف

بہت ہی نیچا:۔ فروترین ف

بہتی ہوئی چیز:۔ سائر ع، جاری ع، سیال ع، فارسی میں سایل اُن میووں کو کہتے ہیں۔ جو سایہ میں خشک کئے گئے ہوں۔

بہرا:۔ کر کا یو ف، گوش گراں ف، اَصَم ع، کند گوش ف، کر ف، اُطروش ف، صَمِیم ع، واحد اور جمع دونوں کے لئے مستعمل ہے۔

بہرا پن:۔ طَرَش ع، کری ف، گرانی گوش ف، وَقر ع، فارسی اور اُردو

میں مجازاً عزت، بردباری حلم، تمکین، بزرگی اور قدر و منزلت کے معنوں میں مستعمل ہے۔ صَمَمْ ع

بہرا کرنا:۔ اِصمام ع

بہروپ:۔ صورت بازی ف

بہروپیا پن:۔ صورت بازی ف

بہری عورت:۔ صَمّاء ع

بہشت بخشنے والا:۔ جواد ع

بہشت کے باغ:۔ عَدْن ع (بہ سکونِ ثانی) باغ ہائے بہشت ف

عجیب از ندرآنی ؎

نُور دُور خوش و بہار خرم

آمد ز بہشت عَدن باہم

تعجب ہے کہ مرزا سودا نے (پریشان میں) باتحریک عَدَن لکھا ہے جو جائز نہیں۔ عَدَن، یمن کے جنوبی ساحل پر واقع ایک شہر کا نام ہے اور عَدْن کے معنی اقامت کرنا اور کسی جگہ ہمیشہ رہنا۔

بہشتی عورتیں:۔ حُور ع حورا واحد اردو میں واحد ہی مستعمل ہے۔

بہکانا:۔ اغوا ع در غلانیدن ف

بہکانے والا:۔ بَدرقہ، غَرور ع

بہکا ہوا:۔ گمراہ ف مَفتون ع

بہلانا:۔ تَہدین ع

بہن:۔ اُخت ع اخوات ج خاہر ف ہمشیرہ ف خوَب ع آپا ف باجی ت

بہنا:۔ حَدَر ع جَرَیان ع اُردو اور فارسی والے بسکونِ راجْریان کہتے ہیں جو غلط ہے۔

بہنگی:۔ زنبیلہ ع

بہنوئی:۔ بَزنہ ت

بہنے والا:۔ سایب ع ثَجّاج ع

بہی:۔ سَفَرجل ع

بہیڑہ:۔ بَلیلہ ع بَدَیع ع ہَلیلہ ف

بہی کھاتہ:۔ اَدراجہ ہو

بے آرام:۔ ضاجر ع

بے آرام کرنا:۔ آغگر در پیراہن کردن ف

بے آرام ہونا:۔ ذَلق ع

بے آس:۔ نا اُمید ف آئس ع

بیا (مشہور پرندہ) تنوط ع

بیابان:۔ فلاسنگ ف تَنیف ع دَشت ف صحرا (صحاری ج) رُقاق ع تَنُوفہ ع تَنُوفیۃ ع فلات ف

بیابان جس میں مسافر کھو جائے:۔ شُکول ع

بے اختیاری:۔ اِضطرار ف ناسخ ؎

ممکن نہیں ہے بے معشوق زندگی

واعظ اب اضطرار میں سب کچھ جواز ہے

بے ادب:۔ ناتراشیدہ ف ناہموار ف گستاخ ف لکام ف کلوک ف قَلندَر ف

بے ادبی:۔ سُوءِ ادب، گستاخی ف بے اندامی ف

بے ادبی کرنا:۔ ادب شکستن ف

بے اصل اور جھوٹی باتیں:۔ اراجیف ع ارجاف واحد۔

بے اصل و بے حقیقت چیز۔ جبت ع غیر قومی ع فرمی۔ عربی لفظ فرمن سے بنالیا ہے اور اردو میں ان معنوں میں مستعمل ہے

بے اعتبار:۔ بارہ ع مُزجات ع خوار ف فلاور ف فلادہ ف

بیان:۔ عبارت ع مضمون ع وعظ۔ تقریر ع خطاب ع

بے انتہا:۔ لاانتہا ع لا انجام ف لا انجام ف نامحدود ف لامحدود ع بُن ناپدید ف لاتحصیٰ ع

بے انصافی:۔ مَظلَمہ ع ستم، ظلم ع مظالم ج

بے انصافی کرنا:۔ قسوط۔

بے انصافی کرنے والا:۔ جائر ع

بیان کرنا:۔ عبارت ع تبصرہ۔ تبیین ع تعبیر ع تخاطب ع سُنّت ع تقریر ع اصطلاح شرع میں تقریر اس کام کو کہتے ہیں جو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے سامنے ہوا ہو اور اس پر آپ نے انکار نہ فرمایا ہو۔ دیکھو سُنّت۔

بیان کرنے والا: مُبین، مُبَیّن، مقرر، واعظ، خطیب، مُبَصِّر، تبصرہ نگار، مُحدِّث،
بیان کیا گیا:۔ مُبین،
بے اولاد:۔ اَبتَر، لاوَلَد،
بیاہ:۔ کتخدائی، دیکھو شادی۔
بیاہ کا کھانا:۔ وَلیمہ،
بیاہ کرنا:۔ تَزوِیج،
بے باک:۔ مارِجن، ماسِی، قلندر،
بے بالوں کا:۔ لُنّ،
بے برکت ہونا:۔ مَحقَت،
بے بس:۔ عاجز، ناچار، مجبور، معذور،
بی بی:۔ خاتون، بیگم، بضم کاف فارسی صحیح ہے۔
نظیر؎ با حُسنِ رُخِ خدیجہ بیگم
گل را کردند بلبلاں گم
آتش کا شعر ہے؎ دخترِ رز مری مونس ہے مری ہمدم ہے
میں جہانگیر ہوں وہ نورجہاں بیگم ہے
اس پر اعتراض ہوا تھا۔ اہل اردو بفتح کاف فارسی بیگم ہی کہتے ہیں۔
خانم، کد بانو،
بے پروا:۔ عَیّاش، وَنیشی، بانوا، بے نیاز، لاتعلق، مُستغنی،
بے پروا کرنے والا:۔ مُغنی،
بے پروائی:۔ اِستغنا، غفلت، ذہلت، ذُہول، ذُہولت،
بے پروائی سے:۔ بازی بازی،
بے پروائی سے بھلا دینا:۔ ذہل،
بے تابی:۔ بَجہیش،
بیت المقدس:۔ ناواقف دال کو مشدد کر کے مُقدّس کہتے ہیں۔ جب کہ صحیح تلفظ مَقدِس دال بالکسر ہے۔ بیتُ المَقدِس کہنا چاہیئے
بیت المقدس:۔ شَلَم،
بے تامل بات کہنا:۔ ابتدا بہ ساکن کردن،

بے تامل کسی کام میں مداخلت کرنا:۔ تَقحُّم،
بے تعلق:۔ سَنِک، دیکھو ہلکا۔
بے تکلف:۔ مُحلّی بالطبع،
بے تکلف زندگی:۔ بَذاذہ،
بے تکلف ہونا:۔ از غلات بر آمدن،
بے تکی باتیں:۔ شُتر گُجرہ،
بے توشہ ہونا:۔ نَفاذ،
بَیت (بَلّا) میجار، مَیطابہ،
بیٹا:۔ بخت، عَقِب، خَلَف، فرزند، سَلیل، نَرِین، میوۂ دل، اِبن، اَبنا، جگر بند، سُلالہ، غلام، وَلَد، اولاد، عربی میں وُلد بہ سہ حرکات اور وَلَد بہ فتحتین ہے اردو میں وَلَد ہی فصیح ہے۔ نقد، نورِ چشم، گوہر، پسر، پُسر، جگر گوشہ، ریحان، باکورۂ حیات، رود، نزادہ، صاحبزادہ، پُور، پُورہ، بنیمین، پوخت، پیوند، چراغ چشم، جایا،
بیٹا بنانا:۔ تَبَنّی،
بیٹا پیدا ہونا:۔ اِنتسال،
بیٹا یا بیٹی کی اولاد:۔ سِبط،
بیٹی:۔ ابنت، بِنت، بَنات، دختر، خوب، صَبِیّہ، صَبایا، جانی،
بیٹی کا خاوند:۔ داماد، حافِد،
بیٹے کا بیٹا:۔ نوادہ، سِبط، حافِد،
بیٹے کی بیوی:۔ سُنّہ، بیشہ،
بے ٹھکانے چیز رکھنا:۔ توزیہ بگاو دادن،
بیٹھنا:۔ قعدہ، جُلُوس، یہ جالس کی جمع بھی ہے یعنی بیٹھنے والے۔ اردو میں جلو، شاہانہ حَشَم و خَدَم، امیروں اور بادشاہوں کی سواری کو کہنے کے علاوہ ایک بڑی جماعت کو جو راستوں سے گزرے جُلُوس کہتے ہیں۔
بیٹھنے کی چوکی:۔ تخت،
بیٹھنے والا:۔ قاعد، جالس، جُلُوس، خانۂ معمور،

بیٹھے ہوئے اونٹوں کی جماعت: بَرَک ع

بیج:۔ تخم ف، بذر ع، بزور ع، زرعہ ع، بذرہ ع، بذور ع، بہس ع

بے جا:۔ غلط ع، اغلاط ع، نامناسب ف، نادرست ف، ناروا ف

بے جا خرچ کرنا:۔ اسراف ع

بے جا خرچ کرنے والا:۔ مُسرِف ع، فضول خرچ ف

بے جا دخل دینے والا:۔ فضول ع

بے جان چیز:۔ مَوات ع، جمادی ع

بیچ:۔ وَسط ع، درمیان ف، حاق ع، خلال ع، دیکھو درمیان۔

بیچارہ:۔ لَہیف ع، مجبور ع، مُضطر۔ دیکھو بے اختیار

بیچا ہوا:۔ فروختہ ف، بالکسر، اسی طرح فروخت فروختن وغیرہ۔

بیچ میں:۔ رمیانین ع، درمیان ف

بیچ میں آنا:۔ تخلّل ع

بیچ میں آنے والا:۔ حائل ع، مُخِل ع

بیچ میں ملانا:۔ تضمّن ع، تضمین ع

بیچنا:۔ بَیع ع، فروختن ف

بیچنے والا:۔ بائع ع، بیّاع ع

بے چین:۔ دیکھو پریشان۔ دکھی۔

بے چین کرنا:۔ اہمام ع

بے چینی:۔ تململ۔ دیکھو پریشان، بے قراری

بے حاصل آرزو:۔ خمیازۂ خشک ف

بے حد:۔ کوہ سنج ف دیکھو بے انتہا۔

بے حد بزرگ:۔ تبارک ع

بے حد ٹھنڈا پانی:۔ آب دنداں شکن ف

بے حد ثواب:۔ اجرِ غیر ممنون ع

بے حد کوشش کرنا:۔ انہاک ع

بے حرکت:۔ ساکن۔ قواعد میں غیر متحرک حرف جیسے دل میں لام ساکن ہے۔

بے حس کرنے والا:۔ مُخدّر ع

پیار ؛۔ ہندی لفظ ہے بمعنی ، بوسہ ، چاہت ۔ پیار بمعنی بفتح یائے نہ کہنا چاہئیے ۔ اسیر ؎ تم کو آیا ہے پیار پر غصہ
مجھ کو غصہ پہ پیار آتا ہے
شَفقَت ؑ مہربانی ؑ عِنایت ؑ عِشق ؑ تعلّق ؑ وابستگی ؑ رَغبت ؑ تَوَجُّہ ؑ اِلتِفات ؑ غَرام ؑ محبّت ؑ اُنس ؑ سحر ؎ دو دن کی زندگی تھی کس لطف سے گزرتی
تم مجھ سے اُنس کرتے میں تم کو پیار کرتا
اُنس کی جگہ اُنسیّت کہنا جہل ہے ۔
پیارا ؛۔ بفتح یائے یا بروزن اشارہ کہنا صحیح نہیں ہے ۔ انیس ؎
نامِ حسین دوست کو پیارا ہے جان سے
اس نام کا مزہ کوئی پوچھے زبان سے
پیارا بروزن پارہ استعمال ہوا ہے ۔
پیار کرنے والا ؛۔ شَفیق ؑ رَفیق ؑ مُونِس ؑ غمگسار ؑ ہمدرد ؑ عاشِق ؑ مُشفِق ؑ مُحِبّ ؑ شیفتہ ؑ مَشعُوف ؑ مہربان ؑ یارِ غار ؑ
پیار لینا ؛۔ رَشف ؑ
پیاری ؛۔ سوگلی ؑ محبُوبہ ؑ مَعشُوقہ ؑ
پیاز ؛۔ سُوخ ؑ بَصَل ؑ دُوقِص ؑ
پیاس ؛۔ ظِما ؑ تَشنگی ؑ عَطَش ؑ غُلیل ؑ غُلَل ؑ عُمر ؑ ظِمَّ ؑ تَش ؑ جُواز ؑ جُوازہ ؑ جُوازاں ؑ لُہاب ؑ غُلّ ؑ غَین ؑ
پیاسا ؛۔ ناہِل ؑ غامِی ؑ ذاب ؑ تِشنہ ؑ ظَمآن ؑ ظِماء ؑ حائِم ؑ عَطشان ؑ عِطاش ؑ غَلیل ؑ غُلَل ؑ مَسعُور ؑ قَتیل ؑ حَرّان ؑ گشنہ ؑ
پیاسا اونٹ ؛۔ ہیم ؑ
پیاسا کرنا ؛۔ اِعطاش ؑ
پیاسا ہونا ؛۔ لہَب ؑ
پیاس بجھانے والا ؛۔ اَنقع ؑ
پیاس کی شدت ؛۔ ہیَف ؑ غُلّ ؑ

پیاس لگانے والی دوا۔ مُعَطِّش ع
پیا گیا۔ مَشرُوب ع
پیالہ۔ فارسی لفظ ہے۔ بلکون یا کہنا غلط ہے۔ ظفر ے
جمشید اپنے وقت کا ہوں فقیر مست
جام جہاں نما ہے پیالہ سفال کا
کاس ع کاسہ ع کئوس ع مشربہ ع مِشرَب ع کلاجو ف جولانی ف
صحفہ ع صحاف ع مے ف ریخال ف آب فسردہ ف کدو ف
صُواع ع قدح ع ساغر ف ایاغ ت ایاق ت
پیالہ بلور۔ آب منجمد ف آب خشک ف
پیالہ بیچنے والا۔ قَدّاح ع
پیام پہنچانا۔ رسالت ع
پیام لانے والا۔ قاصد ع پیام بر ف رسیل ع یلوج ت
پیغام بر ف پیغمبر ف برید ف رسول ع رُسُل ع پیامی ف
وافد ع مُسرِع ع
پیانو (ساز)۔ پیانو ع
پیپ۔ غساق ع قیح ع مِدّہ ع چرک ف شوخ ف ریم ع
زرداب ف غث ع ثلب ع لت ف انبان ف ہو ف ہبرہ ف
ہبر ف
پیپل۔ شجرہ ع برہج ع برنگ ف
پیٹ۔ جوف ع شکم ف بطن ع بُطون ع بغداد ف
پیٹ بھرا ہوا۔ آسودہ ف سیراب ف شَبعُ ع مُشبَع ع
قواعد کی رُو سے زبر، پیش اور زیر کو اس قدر کھینچ کر پڑھنا بھی کہ
الف، واؤ یا ی پیدا ہو جائے مُشبَع کہلاتا ہے۔ جیسے اُفتادن
سے اُوفتادن۔ اچار سے آچار۔ اسے اِشباع بھی کہتے ہیں۔ شبعان ع
پیٹ بھر کر کھانا۔ اِشباع ع دیکھو پیٹ بھرا ہوا۔
پیٹ بھرنا۔ اِمتلاء ع
پیٹ پھٹا مُردہ۔ بَقیر ع
پیٹ پھلانے والا۔ نفاخ ع
پیٹ چلنا۔ اِسہال ع

پیٹ رہنا۔ لِقاح ع
پیٹ کا بچہ۔ مضغہ ع جنین ع
پیٹ کا درد۔ قبض ع درماندگی ف مغص ع
پیٹ کا زخم جو اندر تک پہنچ جائے۔ جائفہ ع
پیٹ کا مریض۔ مبطون ع
مغموم ع بطین ع
پیٹ والی عورتیں۔ حبالی ع حبایل ع حبلی واحد۔
پیٹھ۔ ظَہر ع ظہران ع دُبُر ع پُشت ف ارخا ت اَندر ع
مَطا ع آمطاء ع حاذ ع قراک ف متن ع
پیٹھا۔ حدبہ ع
پیٹھ اور کندھوں کے درمیان۔ شبح ع (ش ب ح)۔
پیٹھ پر مارنا۔ متن ع
پیٹھ پھیر کر بھاگنے والا۔ مُدبرین ع
پیٹھ پھیرنا۔ اِدبار ع
پیٹھ پیچھے۔ غیبت ع
پیٹھ پیچھے بُرا کہنا۔ غیبت ع وقیعت ع دیکھو "چغلی کھانا"
پیٹھ پیچھے بھلائی سے یاد کرنا۔ حفظِ غیب ع
پیٹھ کر جھک جانا۔ اِنجذاب ع
پیٹھ کا درد۔ ظَہر ع
پیٹھ کا کوبڑ۔ حدبہ ع دیکھو "کوبڑ"
پیٹھ کی ایک گریا۔ فقرہ ع فقرات ع قنات ع قنوت ع
پیٹھ لگا کر بیٹھنے کی چیز۔ سند ع اسناد ع
پیٹھ لگا کر بیٹھنے والا۔ مستند ع
پیچ دار۔ مرغول ع
پیچ دار زلف۔ کلالہ ف
پیچ در پیچ ہونے والا۔ ملتوی ع
پیچش (بیماری)۔ مغص ع حُساد ع زحیر ع گرانش ف
شناک ف نشتاک ف
پیچیدہ۔ اِشکال ع

پیٹ کی گڑگڑاہٹ:۔ قَراقِر ع قَرقَرہ کی جمع ہے۔ مُنتہی الجموع میں ماقبلِ آخر مکسور ہوتا ہے جیسے تَراجِم، معابِد، مقابِر وغیرہ۔ قَراقِر ع
پیٹ کے اندر کے اعضا:۔ بطانت ع
پیٹ میں گھومنے والی ہوا:۔ رِیح ع ریاح ع ج
پیٹو:۔ شِکم بندہ ف مِعدَہ انبار ف لِت انبان ف لِت اَنبار ف
پیچیدہ حرفوں میں لکھا ہوا شاہی خط:۔ طُغرا ت
پیچیدہ سوالات:۔ اِستِنطاق ع
پیچھا:۔ کَن ت دُبُر ع پَس ف عَقَب ع
پیچھا کرنا:۔ تَعاقُب ع
پیچھا کرنے والا:۔ مُتعاقِب ع
پیچھے:۔ وَراء ع خَلف ع پِہَس ف پَس ف پَسِین ف
پیچھے آنا:۔ عَقاب ع رِدف ع
پیچھے آنے والا:۔ مُقتَفِی ع مابَعد ع تالی ع تِلو ف مُتاَخِّر ع مُتاخِرین ع ج مُتعاقِب ع مُشایِع ع یَعقُوب ع مشہور پیغمبر کا نام جو اپنے بھائی عیسو کے ساتھ توام پیدا ہوئے تھے۔ تابِع ع خالِف ع رادِف ع عاقِب ع
پیچھے پڑنا:۔ تَدبیر ع تدابیر ع ج
پیچھے پیچھے چلنے والا:۔ پَس رَو ف دابِر ع
پیچھے چھوڑا گیا:۔ مُخَلَّف ع
پیچھے رہنا:۔ عَقب اُفتادن ف
پیچھے رہے ہوئے:۔ وامانِدگان ف پس ماندگان ف وُرَثاء ع
پیچھے سے ملنے والا:۔ لُحُق ع لاحِقہ ع مُشایِع ع
پیچھے سے ہانکنے والا:۔ سائِق ع
پیچھے کی فوج:۔ مایہ دار ف
پیدا کرنا:۔ تَولِید ع تکوین ع آفریدن ف اِنفِطار ع آفرینش ف پیدائش ف اِنشاء ع علم منطق کی اصطلاح میں وہ کلام جس میں صدق و کذب دونوں کا احتمال نہ ہو۔ اِنشار ع خِلقَت ع بالفتح خَلقت صحیح نہیں ہے۔ دیکھو "پیدائش"۔
پیدا کرنے والا:۔ آفریدگار ف باری ع خالِق ع مُوَلِّد ع فاطِر ع جاعِل ع
پیدا کیا گیا:۔ مَجبُول ع مَخلُوق ع مَفطُور ع
پیدا کی ہوئی چیزیں:۔ مُنشات ع
پیداوار:۔ آمَدَنی ف
پیدا ہوتے وقت بچہ کا رونا:۔ اِستِہلال ع
پیدا ہونا:۔ نَشو ع تَوَلُّد ع زائِش ف زائیدگی ف
پیدا ہونے سے پہلے اسقاط ہو جانے والا بچہ:۔ زُلیق ع
پیدا ہونے والا:۔ مُتَوَلِّد ع
پیدائش:۔ کینُونت ع نِہاد ف وَلادت ع مَسجُوع ع سِرِشت ع بفتح سین مہملہ درست نہیں۔ دیکھو "پیدا کرنا"۔
پیدائشی:۔ مَجبُول ع
پیدائشی اندھا:۔ کَرَہ ع اَکمَہ ع
پیدائشی عادت:۔ طابِع ع طَبِیعَت ع طَبائِع ع ج فطرت ع قِسمُ ع جِبِلَّت ع خَصلَت ع طَبع ع طِباع ع ج سِرِشت ع
پیدائشی لنگڑا ہونا:۔ عَرَج ع عَروضی اصطلاح میں وَتَد کا ایک زحاف جو وتد کی حرکت دوم کو ساکن کرتا ہے اور مُستفعِلُن کا مفعولان ہو جاتا ہے۔
پے در پے آنے والا:۔ مُتواتِر ع قافِیہ ع قَوافی ع ج قافیہ، قَفو سے مُشتق ہے جس کے معنی ہیں "پے در پے"۔ اس نسبت سے شعر کے آخری ہموزن لفظ کو جو ردیف سے پہلے آتا ہے قافیہ کہتے ہیں۔
پے در پے ایک کام کرنا:۔ مُوالات ع
پے در پے زور زور سے حرکت کرنا:۔ زَلزَلَہ ع
پے در پے ہونا:۔ تَوالی ع تَتابُع ع بروزن تَوامُع۔ اصطلاحاً بہت سی اضافتوں کا جمع کرنا جیسے ع۔ شمعِ بزمِ عیشِ جانِ آرزو
پیدل چلنا:۔ تَرَجُّل ع پاپیادہ ف تماشا ف اصل میں عربی تماشی ہے۔ فارسی والوں نے تماشی سے تماشا بنالیا ہے۔ جیسے تقاضی سے تقاضا، تماشی سے تماشا۔
پیدل چلنے سے پاؤں کا گھسنا:۔ تَرَجُّل ع
پیدل چلنے والا:۔ راجِل ع پیادہ ف رُجُل ع ماشی ع

پیراک:۔ آشناب ف۔ آشناگر ف۔

پیراہن:۔ جیب ع۔ حذل ع۔ قمیص ع۔

پیر چومنا:۔ پابوس ف۔ پابوسی ف۔ دیکھو "قدمبوسی"۔

پیرس (مشہور شہر) پاریس ف۔ بارلیس ف۔ باریز ت۔

پیر سے کچلا ہوا:۔ پائمال ف۔ پامال ف۔ مُوطاء ع۔ توطیہ کا مفعول ہے جس کے لغوی معنی روندنے اور کسی چیز پر چلنے کے ہیں۔ موطا کے لغوی معنی روندا ہوا یا چلا ہوا کے ہیں۔ شاہ ولی اللہ نے مسوّیٰ میں لکھا ہے:۔ "روندے ہوئے یا چلے ہوئے" مجازی معنی یہ ہیں کہ جس پر عام ائمہ اور علماء اور اکابر چلے ہوں اور جس کو اُن سب کی رایوں نے روندا اور پامال کیا ہو یعنی سب نے اُس کے متعلق گفتگو کی ہو اس طرح گویا اس کے معنی متفق اور مطابق کے ہیں۔

پیر کا دن:۔ دُوشنبہ ف۔ یوم الاثنین ع۔ ثنیٰ ع۔

پیر کا زیور:۔ برنجن ف۔ پابرنجن ف۔ پازیب ف۔ گوجری ہ۔ جھانجھ ہ۔ حجل ع۔ خلخال ع۔ چھاگل ہ۔

پیر کے گھٹنے کا جوڑ:۔ رُسغ ع۔

پیروں سے چلنا:۔ مَشیٔ ع۔

پیروں سے چلنے والا:۔ ماشی ع۔

پیروی کرنا:۔ تقلید ع۔ اِتباع ع۔ اِمتثال ع۔ تابین ع۔ تقلّد ع۔ مشایعت ع۔ اِقتداء ع۔ اِقتفاء ع۔ تبعیت ع۔ تالی ع۔ علم منطق کی اصطلاح میں قضیہ شرطیہ کے جزو ثانی کا نام۔

پیروی کرنے والا:۔ پیرو ف۔ مُرید ع۔ عقیب ع۔ مشایع ع۔ مُقتفی ع۔ تلوّ ع۔ یہ لفظ لغاتِ اضداد سے ہے یعنی اس کے معنی کسی کا ساتھ چھوڑ دینا بھی ہیں۔ متابع ع۔

پیڑ:۔ نخیل ع۔ دیکھو "درخت"۔

پیڑو (جسم کا حصہ) عانہ ع۔

پسینا:۔ کَلُن ع۔ سہک ع۔ سَحق ع۔ فید ع۔

پیسنے والا:۔ ساحق ع۔

پیسہ:۔ نقد ع۔ نقود ع۔ فلس ع۔ فلوس ع۔ مَلیم ع۔ ملالیم ع۔ پول ف۔ پول سیہ ف۔

پیسے بیچنے والا:۔ فلّاس ع۔

پیسے رکھنے کا بٹوا:۔ بے زد ف۔

پیش (ایک حرکت کا نام) ضمّہ ع۔

پیش آنا:۔ تعارض ع۔ تعرّض ع۔ روئے دادن ف۔

پیش آنے والا:۔ متصدّی ع۔ متعرّض ع۔ سانحہ ع۔ سوانح ع۔ سانح ع۔ وہ شکار جو بائیں طرف سے داہنی جانب کو آئے۔ عرب اسے سانح کہتے اور مبارک خیال کرتے تھے اور جو داہنی طرف سے آتا اسے بارح کہتے اور اسے نامبارک خیال کرتے تھے۔

پیشاب:۔ عبس ع۔ شاشہ ف۔ گمیز ف۔ کمیز ف۔ پاچایہ ف۔ شاش ف۔ چمین ف۔ میزک ف۔ بول ع۔ ابوال ع۔ اس معنی میں بُول بالضم غلط ہے۔ قارورہ ع۔ قواریر ع۔ عربی میں قارورہ شیشہ کو کہتے ہیں۔ مجازاً پیشاب اور پیشاب کی شیشی کے معنوں میں مستعمل ہے۔

مصحفی ؎ سرخیٔ رنگِ شفق سے صاف ہوتا ہے عیاں
آسماں گویا ہے قارورہ کسی محرور کا

زہر آب ف۔

پیشاب دان:۔ شاشدان ف۔

پیشاب کا بند ہوجانا:۔ اَطام ع۔

پیشاب کا پھکنا:۔ کمیزدان ف۔

پیشاب کا روزانہ جاری رہنا:۔ اِدرار ع۔

پیشاب کرنا:۔ شاشیدن ف۔

پیشاب کرنے والا:۔ بائل

پیشاب کی بدبو:۔ نَتنُ البَول ع۔

پیشاب کے لئے کتے کا ٹانگ اٹھانا:۔ شغور ع۔

پیشاب لانے والی سرد دوائیں:۔ مدرات بول بارده ع۔

پیشانی:۔ مسجد ع۔ ناصیہ ع۔ سیما ع۔ جبین ف۔ جبہ ع۔ جباہ ع۔ اور یہ لفظ تشبیہاً پیشانی کے لئے مستعمل ہیں۔ آئینہ۔ زہرہ۔ مشتری۔ سہیل۔ لوح سیمیں۔ ماہ۔ ہلال۔ بدر۔ ماہ نو۔ خورشید۔

پیشانی کی سلوٹیں:۔ چین جبیں ف۔ اور یہ الفاظ اس معنی تشبیہاً مستعمل ہیں۔ تیغ ف۔ رگِ گل۔ موج

پیشانی کے بال۔ طُرہ ع، قُرہ ع، نواصی ع
پیشانی کے بل گڑھے میں گرنا۔ کبُس ع، کبُو ع
پیش قدمی کرنا۔ اِستِقدام ع
پیش کار۔ متصدّی ع، متقدِّم ع
پیشکش۔ خدمتی ف
پیش کیا گیا۔ معروض ع، مُقدّم ع
پیشگی۔ مُقدّماً ع، سَلف ع، رَبُون ع
پیشگی قیمت لینا۔ تَسلُّف ع
پیش لگانا۔ رَفع ع
پیشوا۔ اِمام ع، اَئمّہ ج، ہادی ع، عَمید ع، قُدوہ ع، کشیش ت، عَلَم ع
پیشوائی کو جانا۔ اِستقبال ع، پیش روی ف
پیشہ۔ حِرفہ ع، حِرفت ع، کَسب ع، مکاسِب ج، صَناعت ع، صَنعت ع، کار ف، ہُنر ف
پیشہ کرنا۔ حَرف ع
پیشہ کرنے والا۔ فنّان ع، کَسبی ع، کاسِب ع، پیشہ در ف
پیغام خدا۔ وَحی ع، اِلہام ع
پیغام دینا۔ اِنہار ع
پیغام دینے والا۔ راہ انجام ف دیکھو "ایلچی"
پیک دان۔ مِبزقہ ع، تُفل دان ف
پیلا۔ زرد ف، صاری ع
پیلو کا پھل۔ جہاض ع
پیلو کا درخت۔ جالی ع، اراک ع، جال ف، خمط ع
پیلیا کی بیماری۔ یرقان ع، صفر ع، علّتِ آفتاب ف
پیمانہ۔ کیل ع، مکیال ع، گز ف، جریب ع، کیلہ ع
پیمائش کرنا۔ گز کردن ف
پیمائش کرنے والا۔ پیما ف، مسّاح ع، کیّال ع
پیمائش کیا ہوا۔ مذروع ع
پینا۔ سائیدن ف، شُرب ع، نوشیدن ف
پینٹھ۔ روز بازار ف

پینڈا۔ قاعدہ ع
پنسل۔ کلا فرنگی ف، مداد ف، خامہ سُرب ف، مِرسَم ع، مِرسام ع، قلم فرنگی ف، قلم مداد ف، قلم الرصاص ع
پنشن۔ معاش ع، مستمری ع، وظیفہ ع
پینگ (جھولے کا) سَرید ف
پینے کی چیز۔ شربت ع، شراب ع، اَشرِبہ ج
پینے والا۔ شارب ع، شَربہ ج
پینے والی چیزیں۔ مَشارب ع، اَشرِبہ ج، نوشیدہ ف
پیوستہ۔ مستمر ع، منضم ع
پیوست ہو جانا۔ حُلول ع، سرایت ع
پیوسی۔ لِباء ع، فلہ ف، فلک ف، آغوز ف
پیوند۔ رُقعہ ع، رِقاع ج، بیداء ع، بید ج، ملکہ ع، وصلہ ع، پروند ف
پیوند لگانا۔ خَصف ع
پیوند لگانے والا۔ پارہ دوز ف، خصّاف ع
پیوند لگا ہوا۔ مَعشوق ع

پھ

پھاٹک۔ بوّابہ ع، دَرب ع
پھاڑنا۔ خَرق ع، فرص ع، تَنلیق ع، تَقلیع ع، دَریدن ف، تفتیق ع، جَوب ع، اِختراق ع، تفریس ع، فَلع ع، فَلق ع، تفجیر ع، قدح ع، فطر ع، فلخ ع، تقنیف ع، فتق ع
پھاڑنے والا۔ مُخرِق ع، فاتِق ع، خارِق ع، فالِق ع
پھانسی۔ چالوک ت، صَلب ع
پھانسی دیا گیا۔ مصلوب ع، شنیق ع
پھانسی دینا۔ شَنق ع
پھانسی کی رسی۔ خِناق ع
پھانسی گھر۔ مشنقہ ع
پھاوڑا۔ کدال ف، بیل ف، کلند ف، کلنگ ف، مِسحات ع، مِعوَل ع، رَفش ع
پھبتی کسنا۔ طعن ع، تشنیع ع، لمز ع، قدح ع
پھپھولا۔ آبلہ ف، نفطہ ع، دیکھو "چھالا"

پھپھوندی لگنا۔ تکرّج ع
پھٹا پرانا کپڑا۔ خلق ع
پھٹا ہوا۔ چاک ف شمارق ع دریدہ ف منفجر ع کترہ ف
کفیدہ ف مفطور ع لاشہ ف شق ع
پھٹا ہوا دودھ۔ سیمیج ع
پھٹ جانا۔ پاریدن ف انفطار ع انشقاق ع تفجّر ع
تقدّد ع تفلّق ع انصداع ع انخراق ع
پھٹکار۔ قریہ ع لعنت ع رجس ع
پھٹکری۔ زاج ع شب ف زاک ف زاج ابیض ع
زاج بلوری ف قلقطار ف نکاب ف نک ف
پھٹنا۔ اختراق ع پاش ف ترقیدن ف کفیدن ف
پھٹنے والا۔ منخرق ع
پھٹے کپڑے کو سینا۔ رفو ع
پھٹے کپڑے کو سینے والا۔ راف ع رفات ع رفوگر ف
پھر۔ بعدازاں ف ثانی الحال ع
پھرانا۔ تدویر ع
پھرانے والا۔ محوّل ع
پھرا ہوا۔ برگشتہ ف باغی ف سرکش ف نافرمان ف مرتد ع منحرف ع
پھرتی۔ چستی ف زودی ف شتابی ف جولانی ف جلدی ف
پھرتیلا۔ دسکرہ ع چست ف آتش دست ف
پھر جانا۔ ارتداد ع انحراف ع برگشتن ف گرور ع تقلّب ع
تقلیب ع تسوّط ع تسلّط ع عطف ع علمِ نحو میں عطف اُن
حروف کو کہتے ہیں جو دو کلموں یا دو جملوں کو باہم ملائیں یا ایک حکم
میں شامل کردیں۔ وہ حروف یہ ہیں۔ اور۔ و۔ پھر۔ کر۔ کے۔ لیکن
"اور" اور "و" حرف وصل کلمات کے لئے آتے ہیں جیسے حامد اور
زاہد آئے۔ حامد شب و روز پڑھتا رہتا ہے۔ "و" اردو کے
دو لفظوں کو کبھی نہیں ملاتا۔ پہلو تہی کردن ف تحوّل ع تولّا ع
پھر کر آنا۔ معاودت ع رجوع ع انصراف ع
پھر کر آنے والا۔ معاود ع دائر ع راتع ع راجع ع

پھرکی (کھلونا)۔ بادفر ف فرفرہ ف
پھریرا۔ درفش ف علم ع اعلام ع پرچم ف نشان ف
پھڑ پھڑانا۔ مازو تکاندن ف
پھسلانا۔ ازلاق ع دیکھو "پھسلنا"
پھسلانے والا۔ مزلق ع
پھسلا ہوا۔ لخیدہ ف
پھسلنا۔ زلّت ع لغزش ف زلق ع تزلّق ع ریژک ف
سقطہ ع شخیدن ف لغزیدن ف لخشیدن ف لزیدن ف
مزلّت ع ازلاق ع اصطلاح تجوید میں حروف کا اپنے مخارج سے
جلدی اور آسانی سے ادا ہونا بھی ازلاق کہلاتا ہے۔ عثار ع
پھسلنے کی جگہ۔ زلاقہ زلّ ع مزلّت ع مزلّات ع خیزندہ ف
پھسلنے والا۔ داحض ع
پھکڑ آدمی۔ لوند ف بدمعاش ف رند ف رنود ع عربی داں
فارسیوں کا تصرف ہے جو عربی طریق پر جمع بنائی ہے۔
پھکنی۔ پُکن ف منفخہ ع دمق ع منفخ ع دمہ ف
پھل۔ شایہ ف ثمر ع اثمار ع بار ف بر ف اکل ف احمال ع
پھل، پھول اور سبزہ۔ راز زمین ف جان زمین ف
پھل توڑنے کا وقت۔ قطاف ع قطاف ع
پھلجھڑی۔ گلریز ف گل فشاں ف
پھل چننا۔ اجتنا ع اقتطاف ع جنی ع تثمیر ع
پھل چننے والا۔ جنّات ع
پھل دار۔ برومند ف باروَر ف مثمر ع
پھل رکھنے کی ٹوکری۔ گیرہ ف
پھل کھانا۔ تفکّہ ع
پھل نہ کھانا۔ تفکّہ ع
پھلواری۔ کوچہ ف خیابان ف بستان ف بوستان ف گلزار ف
چمن ف گلشن ف باغ ف بزمِ گل ف
پھل والا۔ آبست ف آبستان ف
پھندا۔ فخ ع فناخ ع کمند ف اصل خمند تھا۔ حبالہ ع

دَہق ع دام ف فَخ ع

پھندنا۔ پوپک ف ہُدّاب ع ہُدیت ع

پھنسا ہوا۔ گرفتار ف مُبتلا ع اَسیر ع

پھنسی۔ بَثرہ ع بَثَر ع بُثور ع

پھوپھا۔ زَوجُ العَمَّہ ع

پھوپھی۔ عَمَّہ ع

پھوڑا پھنسی۔ دُمّل ع دُنبل ف کورک ف ژفت ف

پھوڑے کو پکانا۔ اِنضاج ع اصطلاحِ طب میں خلط رقیق کو غلیظ اور غلیظ کو رقیق کرنا۔

پھول۔ گُل ف مُل ت لاد ف زَہرہ ع اَزہار ع راز زمین ف چیچک ت رَیحان ع شَقائِق ع شقائق واحد بھی ہے اور جمع بھی۔ مُل ت

پھول بیچنے والا۔ گلابی ف گل فَروش ف

پھول جانا۔ اِنتفاخ ع

پھول جھڑنا۔ حَلف ع

پھول چننے والا۔ گلچیں ف

پھول دار فرش۔ شقائق نَمط ف فرش گل دوز ف

پھول کا کھلنا۔ حَیض گل ف غمزۂ گل ف

پھول کی پنکھڑی۔ گل برگ ف

پھولنا (کھلنا)۔ شگفتن ف

پھولوں کا درخت۔ وشاقانِ چمن ف بُنگل ف

پھولوں کا سہرا۔ شوہرہ ف

پھولوں کی مالا۔ ہار ف بندگل ف

پھولوں گے گملے۔ خاک ریحان ف

پھونک جس سے آگ سلگائی جائے یا چراغ بجھایا جائے۔ فوت ع

پھونکنا۔ پُف ف دمیدن ف نَفث ع تَنفیخ ع

پھونکنے والا۔ نافِخ ع

پھیپھڑا۔ سَحر ع شُش ف سَحر ع رِیَہ ع نفس آباد ف

پھیپھڑے کا ورم۔ ذاتُ الرِّیَہ ع

پھیر دینا۔ تحویل ع رَدّ ع مُستَرد ع

پھیرنا۔ تمیل ع اِمراف ع

پھیری دینے والا۔ طوّاف ع

پھیری کرکے چیزیں فروخت کرنا۔ دست فروشی ف

پھیری کرکے چیزیں فروخت کرنے والا۔ بساطی ع پیلہ ور ف

پھیکا۔ مانِخ ع

پھیلانا۔ اِنتشار ع اِشاعت ع نَشر ع نَث ع مُباسَطت ع تفسیح ع تفطیح ع

پھیلا ہوا۔ عام ع عوام ع فراز ف مُسَطّح ع وَسیع ع مُنشَعِب ع شاخ در شاخ ف

پھیلاؤ۔ وُسعت ع اِمتداد ع توسیع ع فُسحت ع توسّع ع

پھیلنا۔ تفشی ع اصطلاحاً "ش" کو ادا کرتے وقت منہ میں ہوا کا پھیلنا۔

پھیلنے والا۔ واسِع ع

پھیلنے والی بیماری۔ مُتَعَدّی ع

پھینکنا۔ انداختن ف حَذف ع نَجل ع۔

ت

ت۔ اس کے لغوی معنی ضمیر کے ہیں۔ استعمال کی صورتیں یہ ہیں:۔

۱۔ ضمیر حاضر ملحق جیسے کویت کی ت۔ یہ فاعلی، مفعولی اور اضافی حالت میں آتی ہے۔

۲۔ ضمیر حاضر مفعولی۔ یہ علامت مفعول سے پہلے آتی ہے اور مذکورۂ بالا کلمۂ فاعلی کے آخر میں آتی ہے جیسے تُرا میں ت ہے۔

۳۔ زائد۔ بعض الفاظ میں اساتذہ نے اس کو آخر میں زیادہ کر دیا ہے جیسے فرامش سے فرامشت یا بالش سے بالشت۔

۴۔ بدل کے لئے۔ اس کی چار صورتیں ہیں (۱) بصورتِ جیم جیسے تارات سے تاراج (۲) بصورتِ دال مہملہ جیسے توت سے تود۔ (۳) بصورتِ طائے مہملہ جیسے بستر سے بسطر (۴) بصورتِ کاف جیسے

چاشت سے چاشتک وغیرہ۔

٥۔ تا کے معنی میں جیسے تا قیام یعنی قیام تک۔

٦۔ شرط کے لئے اور اس کی صورت بھی تا ہوتی ہے۔

٧۔ ابتدا کی صورت میں جیسے تا با خیال۔

٨۔ انتہا کی صورت میں جیسے تا سدرہ۔

٩۔ علت کی صورت میں جیسے تا ہمدم۔

١٠۔ کاف بیانیہ کے معنی میں۔

١١۔ ضمیر واحد حاضر کے لئے جیسے تو دیدی۔ کتاب تو۔

نوٹ:۔ واضح ہو کہ عربی میں ت بحالتِ وقف ہائے ہوز سے بدل جاتی ہے۔ اردو میں اس کا استعمال دو طرح ہے (١) بعض الفاظ کے آخر میں مصدری معنی دیتی ہے جیسے چاہت، لاگت۔ ملت۔ یگانگت۔ بادشاہت وغیرہ۔ یہ تمام الفاظ اردو شمار ہوتے ہیں۔ (٢) کبھی شروع میں آکر تین کے معنی دیتی ہے جیسے تدہارا۔ ترپھلا۔ تراہا

تابعدار:۔ اَلِف ع۔ مُطیع ع۔ پائیں پرست ف۔ ماتحت ف۔ دفتری اصطلاح میں ماتحت عمّالِ دفتر کہلاتے ہیں جو کسی افسر کے تحت ہوتے ہیں۔ اس حد تک جائز کہا جاسکتا ہے۔ حال آں کہ ما اسم موصول غیر ذی روح کے لئے آتا ہے۔ لیکن کسی کی نسبت یہ کہنا کہ "یہ فلاں افسر کے ماتحت کام کرتے ہیں" درست نہ ہوگا۔ یہاں تحت ہی صحیح ہوسکتا ہے۔ تحت میں بھی کہا جاتا ہے۔ مَرؤس ع۔ خادم ع۔ مستطاع ع۔ موتمر ع۔

تابعداری:۔ متابعت ع

تابعداری کرنا:۔ اطاعت ع۔ اِنقیاد ع۔ تبعیّت ع۔ مطاوعت ع

تابع کرنا:۔ تسخیر ع

تابع کرنے والا:۔ ساحِر ع

تابع کیا گیا:۔ مسخّر ع

تابع ہونا:۔ متابعت ع۔ اِنقیاد ع

تابوت:۔ چارگوشہ ف

تاتار کا رہنے والا:۔ تتری ع

تاتار کی کوئی چیز:۔ تتری ع

تاثیر:۔ اثر ع۔ آثار ج

تاج:۔ کرزن ف۔ افسر ف۔ اکلیل ع

تاج پہننے والا:۔ متاوّج ع

تاجر جو بحر و بر دونوں رستوں سے تجارت کرے:۔ قازب ع

تاجر کی جمع:۔ تجّار ع

تاج کی جمع:۔ تیجان ع

تار بالو:۔ تکراپی ف

تار تار الگ کرنا:۔ پنبہ کردن ف

تاریخ لکھنے والا:۔ مؤرّخ ع

تاریک:۔ کدر ع۔ متکدّر ع۔ مدلہم ع۔ مدلہمّۃ ج

تاریک رات:۔ سداجیہ ع۔ دواجی ج۔ دیجور ع

تاریکی:۔ داج ع۔ دیجور ع۔ ظلم ع۔ ظلام ج۔ ظلم ج۔ ظلمت ع۔ ظلمات ج۔ تیرگی ف۔ غبرہ ع۔ دلس ف۔ کدورت ع۔ دہمت ع

تاڑ (مشہور درخت):۔ تالی ف۔ طار ع

تازگی:۔ جدّت ع۔ طراوت ع۔ تری ف۔ طلاوت ع۔ نضرت ع۔ مطر ع۔ طلاوت ع۔ طلاوت ع

تازہ:۔ خضراء ع۔ خوش ف۔ کرّی ع۔ نوبنو ف۔ طریاں ع۔ تر ف۔ جدید ع۔ غضیض ع۔ نوبادہ ف۔ طارف ع

تازہ اُگی ہوئی ٹہنی:۔ ستاک ف

تازہ اور نازک کلی:۔ غضیض ع

تازہ بہ تازہ ساگ:۔ خفار ع

تازہ پھل:۔ جنا ع۔ جنیٰ ع

تازہ دودھ:۔ صریف ع

تازہ زخم:۔ جراحت خنداں ف

تازہ فساد:۔ مرگ نو ف

تازہ کچا دودھ:۔ حلیب ع۔ صریف ع

تازہ کھجور:۔ رطب ع

تازہ کھجوروں کا گچھا:۔ قنو ع

تازہ گوندھا ہوا آٹا:۔ فطیر ع

تازہ گھاس:۔ خید ج۔ خوید ف

تازہ ہونا ۔ کربان ع

تازیانہ مارنا ۔ سوط ع

تاش ۔ زہرالرند ع

تاکہ تو ذرہ برابر مخالفت نہ کرے ۔ تاگوئی چہ ف

تاکید ۔ قدغن ت تقید ع ممانعت ع

تاکید کرنے والا ۔ مؤکد ع

تاکید کیا گیا ۔ مؤکد ع

تاگا ۔ ریسمان ف ریشہ ف

تالا ۔ قفل ع اقفال ع کلیدان ف مغلاق ع فلج ع

تالاب ۔ موژ ف بیلو ف ماہی دان ف حوض ع مورد ع آژیر ف ہتل ف آبگاہ ف برکہ ف آب خفتہ ف برخ ف آب دان ف شمر ع غدیر ع کول ف کولاب ف استلخ ف آبگیر ف آبشخور ف ضہوۃ ع کوربجہ ف آبار ف مہرج ع آبشخورد ف

تالا لگانا ۔ تقفیل ع

تالو ۔ کام ف زماعہ ع حنک ع یافوخ ع

تالی ۔ دستک ع

تالی بجانا ۔ صفق ع تصدید ع کف زدن ف خنبیدن ف تصفیق ع تعفیح ع

تالی بجانے والا ۔ دستک زن ف

تالیف کرنے والا ۔ مؤلف ع

تالیف کی ہوئی کتابیں ۔ مؤلفات ع

تامل کرنے والا ۔ متامل ع

تانا بانا ۔ پود و تار ف

تانبا ۔ نحاس ع مس ع طالیقون ۔

تانبے کی چیز ۔ مسی ع

تانبے کی دیگ ۔ مرجل ع قازغان ت قدر ع قزغان ع

تانت ۔ رود ف رودہ ف زمافہ ع

تاوان ۔ تیرہ ع جرم ف غرامت ع غریم ع

تاوان لینا ۔ مصادرت ع

تاہم ۔ غلط ہے اس کی جگہ بریں ہم یا پھر بھی یا اس پر بھی کہنا چاہیے۔

تباہ ۔ متاصل ع

تباہ کرنا ۔ تفسید ع

تباہ ہونا ۔ رداوت ع

تباہی ۔ دعارۃ ع کلف ع رداوت ع خیال ع

تباہی کی طرف جانے والا ۔ بائر ع بور ع

تبت ۔ عربی ہے۔ صاحب غیاث نے اسے تبت بروزن علت اور شدت لکھا ہے جو غلط ہے۔ دراصل تبت کا بگڑا ہوا ہے جیسے ابیسنیا، حبشہ سے۔

تبدیل کرنا ۔ ابدال ع اصطلاحاً ایک حرف کا دوسرے حرف سے بدل دینا جیسے تالیچہ سے غالیچہ۔

تبدیلی ۔ بدل ع

تبدیلی کرکے درست کرنا ۔ ترمیم ع

تبدیلی کے ساتھ لکھنا ۔ مدید ع

تپائی ۔ اسکملہ ع

تپ دق ۔ رنج باریک ف ام ملدم ع

تپ دق کا مریض ۔ مدقوق ع

تتر بتر ہونا ۔ پراگندگی ف پریشانی ف تصدع ع

تتلانا ۔ عقد ع

تتلی ۔ فراشہ ع فراشہ ع فیجن ع

تتیا (بھڑ) ۔ زنبور ف زنبور ع

انشاء : بسکہ زنبور واں چو لپکے ہوئے
زرد شالی لحاف سارے ہوئے

تجارت ۔ ضیعہ ع

تجارت کا نفع ۔ ربح ع

تجارتی قافلہ سے ملنا ۔ تلقی جلب ع

تجارتی محصول ۔ راہداری ف

تجاوز کرنے والا ۔ مجاوز ع

تجربہ ۔ آزودن ف

تجربہ کار:۔ جوان سنگدیدہ ف خلیف ع زیرک ف دوراندیش ف واقعہ دیدہ ف انجام بین ف کہنہ فعل ف

تجربہ کار حکیم:۔ نقریس ع نقریس ع حکیم حاذق ع

تجربہ کی جمع:۔ تجارب ع

تجربہ گاہ:۔ مَعمَل ع

تجرید:۔ لغت میں اس کے معنی ننگا کرنے کے ہیں اور اصطلاحاً کسی صفت والی چیز سے دوسری چیز پیدا کرنا یہ صورت اکثر تخلص میں آیا کرتی ہے۔ جیسے ؎

مست ذوقِ عرفیم کز نغمۂ توحید تو
لذت آوارہ در کام جہاں انداختہ

اس میں متکلم نے اپنے آپ کو ایسا کامل عارف قرار دیا کر اس سے ایک شخص جداگانہ نکال کر اس کا حال بیان کر دیا کہ میں عرفی کے ذوق سے مست ہوں۔ حالاں کہ کہنے والا خود عرفی ہے۔

تجوید سے پڑھنے والا:۔ مُجوِّد ع

تجویز:۔ صوابدید ف

تجویز کرنے والا:۔ مُجوِّز ع

تجویز کیا گیا:۔ مُجوَّز ع مُشخَّص ع

تجھے اس سے کیا دشمنی ہے:۔ با فلاں چہ داری ف

تحریر:۔ زَبور ع

تحریر جو خراب خط کی وجہ سے نہ پڑھی جا سکے:۔ مالیُقراد ع

تحریر کرنا:۔ مُمارَست ع ثَبت ع سَفر ع

تحریر میں ایسی چھوڑی ہوئی عبارت جس کے معنی لئے جائیں:۔ مُقدَّر ع

تحصیل کرنے والا:۔ سزاوُل ت مُحَصِّل ع

تحفہ:۔ بَرجستہ ف سَوغات ت سوقات ف طُرفہ ع نادِر ع ہُدیٰ ع اَرمغان ف شُفتہ ف عُراضہ ع نَورہان ف ہَدیَّہ ع ہدایا ع ہدیہ مذکر ہے (بہ فتح ہا و کسر دال و تشدید یائے مفتوح) بہ سکون دال بہ تخفیف یا بھی آیا ہے۔ اہل اردو بہ سکون دال و بہ تخفیف یا استعمال کرتے ہیں۔

دبیرؔ ؎

بُو گل نے رنگ لالہ نے سرعت ہوا نے دی
یہ ہدیہ کیا ہے اپنی نیابت خدا نے دی

تحفہ پہنچانا:۔ تعارُف کردن ف

تحفہ دینا:۔ پیش کش ف تہادی ع تہدیہ ع اِتحاف ع

تحفہ دینے والا:۔ مُتحِف ع

تحفہ کی جمع:۔ تحائِف ع تُحَف ع

تحقیق کرنا:۔ بَحث ع دریافتن ف

تحقیق کرنے والا:۔ بَحوث ع مُحقِّق ع

تحقیق کو پہنچا ہوا:۔ مَنصوص ع

تحقیق کیا گیا:۔ مُحقَّق ع مُتحقَّق ع

تحقیقی مقالہ:۔ (THESIS) اُطروحہ ع

تحمل سے کام لینا:۔ خرد خوردن ف آب دہاں خوردن ف

تخالف:۔ دیکھو باہم مخالفت کرنا۔

تخت:۔ صَندلی ف عَرش ع سَریر ع سُرُر ع اَریکہ ع اَرائِک ع اورنگ ف اُورند ف یاد ف پات ف

تختہ:۔ عَلمیہ ع

تختی:۔ بیص ع لَوح ع مَشقی ع رَقیم ع پَلمہ ف

تخلیع:۔ ناخوش اور نامطبوع اور ثقیل ارکان پر شعر کہنا۔ جیسے ان ارکان پر یہ شعر ؎

ضبطِ گریہ سے چشم تر ہو نہ جائے
غم کا شیرازہ منتشر ہو نہ جائے

تدبیر:۔ بیارش ف چارہ ف عِلاج ع ناموس ع

تدبیر کرنے والا:۔ مُدبِّر ع سائس ع دیکھو گھوڑے کا خادم۔

تدبیر کی جمع:۔ تدابیر ع

تدہین:۔ طبی اصطلاح میں دواؤں کے تیل کی جسم پر مالش کرنا۔

تذلیل کرنا:۔ کَبت ع

ترازو:۔ اُسطُر ع قِسط ع میزان ع قِسطاس ع

ترازو کا پلڑا:۔ کِفہ ع دیدۂ میزان ف

ترازو کا پھندنا:۔ نارہ ف

ترازو کا جھک جانا:۔ رُجُوح ع۔

ترازو کا کانٹا:۔ زبان ترازو ف شاہین ف

ترازو کی ڈنڈی:۔ عمُود ع شاہین ف

ترازو کی ڈنڈی کا وہ حصہ جس میں ڈوریاں باندھی جاتی ہیں:۔ کنظامتیح ع

ترازو کی کجی:۔ زَلَل ع

ترازو کے باٹ:۔ مُنجِۃُ المیزان ع

ترازو کے سامان والے پلڑے کا جھک جانا:۔ سلام ترازو ف رُجحان ع

تراشا گیا:۔ مَنحُوت ع

تربوز:۔ فج ع ہندوانہ ف تربُز ف جَوح ع دالُوغ ف دالُوغہ ع بَطیخ ہندی ع بَطیخ ع خیار ہندی ف طَبُون ع دُلاع ع

تربوز جو اندر سے سُرخ ہو:۔ شہیدی ف

تربوز یا خربوزہ کی قاش:۔ لاہُوَرہ ف

تربوز یا ککڑی کے کھیت:۔ بالیز ف مَباقِل ع

تربیت دیا گیا:۔ مُرَبّٰی ع

تربیت دینے والا:۔ مُرَبّی ع

ترتیب دینا:۔ تَنسِیق ع نَسق ع اِنتِساق ع

ترتیب دینے والا:۔ مُرَتِّب ع ناسِق ع

ترتیب سے ہونا:۔ تَنَسُّق ع

ترجمان:۔ ترجمان کے اعراب مختلف لکھے گئے ہیں۔ صاحبِ قاموس نے ترجمان کو عُنفُوان کی طرح بہ ضم اول وثالث لکھا ہے۔ مجدالدین توسی کا قول ہے کہ زبانوں پر عُموماً تَرجُمان بہ فتح تا وضم جیم ہے صحاح میں بہ فتح اول وثالث تَرجَمان تحریر کیا ہے۔ مُقابلۂ السنہ سے معلوم ہوتا کہ کلدانی میں ترجم (جس سے یونانی ترگموس ماخوذ ہے) عموماً عام ترجمہ اور خصوصاً توراۃ کے قدیم آرامی ترجمہ کو کہتے ہیں۔ فارسی میں ترزُبان اور ترزفان کے معنی ہیں خوش زبان فصیح، چُست بیان۔ وہ جو آب وتاب سے بات کرے۔ ترجمہ کرنے والا۔ بعض محققین کا خیال ہے کہ ترجمان ترزبان ہی کی تعریب ہے۔ صاحبِ قاموس الاغلاط کی رائے میں ترجمہ خالص عربی ہے۔ عجیب نہیں کہ دراصل ترجمہ کا تثنیہ ہو۔ بہرحال عربی میں ترُجُمان وتَرجَمان اور فارسی میں تَرجُمان عموماً مستعمل ہے تیلماچی ت لِسانُ القوم ع

تَرجمہ:۔ وَستی ف شَرح ع نُورَند ف ترجمہ کو بضم جیم کہنا سخت غلطی ہے۔

ترجمہ کرنے والا:۔ مُترجِم ع مُترَجّم یا مُترَجَم کہنا غلط ہے۔

ترجمہ کیا ہوا:۔ مُترجَم ع

ترجمہ کی جمع:۔ تَراجِم ع

ترجیح دینا:۔ ایثار ع

ترجیع:۔ عربی لفظ ہے لَوٹانا، واپس کرنا معنی شاعروں کی اصطلاح میں ایسے چند شعر کہنا جن کا وزن قافیہ یکساں ہو اور ان کے بعد اسی وزن کا ایک خاص شعر کہنا ترجیع بند کہلاتا ہے۔

ترچھا:۔ وَریب ف دیکھو ٹیڑھا۔

تر دوا کا حلق میں ٹپکانا:۔ وُجُور ع

تر دوا کا ناک میں ٹپکانا:۔ نَشُوق ع

تَردید:۔ عربی لفظ ہے بمعنی رد کرنا اصطلاحاً وہ حروف جن کے لانے سے معطوف اور معطوف الیہ میں سے کوئی مراد ہو۔ وہ حروف یہ ہیں۔ یا، خواہ، چاہے، کہ وغیرہ۔

تُرش رُو:۔ عابِس ع چیں بجبیں ف بَدخُو ف تُرش ف تُرش رُخسار ف بدمزاج ف بددماغ ف دیکھو بداخلاق

تُرش روئی:۔ عَبَس ع جَہم ع عُبُوس ع عُبُوست ع کُموس ع تَہُوم ع

تُرش روئی کرنا:۔ جُہُومت ع تیمُوک ف

ترشی:۔ اچار ف حُمُوضت ع آچار ف تُرشی ت

ترقی:۔ اِستِعلاء ع نَہضَت ع

ترقی کا خواہش مند:۔ مُتَکمِّل ع

ترقی کرنا:۔ اِرتِقاء ع

ترقی کرنے والا:۔ مُتَرَقّی ع

ترکاری:۔ تَرَہ ف نبات ع سبزی ف بُستانی ف

ترکاریاں:۔ خُضرِیات ع سبزی آلات ف

ترکاری فروش :۔ باقِل ع بقّال ع

ترکاریوں کا کھیت :۔ مَبقَلَہ ع

ترکرنا :۔ تَرطِیب ع .

ترکرنے والا :۔ مُبِلّ ع

ترکش :۔ عَیبَہ ع دیکھو تیردان .

ترکش کا تسمہ :۔ قرِبان ع

ترک کرنا :۔ رَفض ع

ترکیبیں :۔ تَراکیب ع تدابیر ع

ترکی فوج کا جھنڈا :۔ توغ ت

ترمیم کیا ہوا :۔ مُرَمَّم ع مُرَمَّمَہ ع

تروتازہ :۔ رَیّان ع سیراب ف شاداب ف مُطَرّا ع مُزَرَّج ع

ناضِر ع نَضِیر ع غَضِیض ع زَرِف ع

تروتازگی :۔ غَضاضَہ ع نَضرہ ع

تروتازگی بخشنا :۔ اُطرِیَہ ع طبّی اصطلاح میں روغن وغیرہ کی خرابی کو دور کرنا۔

تروتازہ ہونا :۔ رُطابَہ ع

تر ہونا :۔ نَشَق ع

تری :۔ بَلَل ع نمی ف رَطوبت ع لَثَق ع نَدی ع نداوت ع

ثَرَیٰ ع نَم ف مومن ؎

چھوڑا نہ دل میں کچھ بھی تب ہجر نے کہ رات

روتے تھے زار زار اور آنکھوں میں نم نہ تھا

بعض شعرا نے نم کو تر کے معنی میں لینا یعنی چشم تر اور دیدۂ تر کے مقام پر چشم نم و دیدۂ نم درست نہیں سمجھا ہے۔ وہ کہتے ہیں نم بمعنی تر نہیں آیا ہے۔ جناب نظم ایک مضمون میں اس طرح تحریر فرماتے ہیں "جس طرح کپڑۂ رنگین کہنا صحیح نہیں اسی طرح محرم رنگین اور چشم نم کہنا بھی جائز نہیں کیوں کہ کسرۂ توصیفی ترکیب فارسی کے لئے مخصوص ہے۔ اہلِ زبان کبھی چشم نم نہیں کہتے جب کہیں گے نم چشم کہیں گے" عیش امروہوی رسالہ اردوئے معلیٰ نمبر (۴) جلد (۵) میں لکھتے ہیں "میں نے اپنے استاد حضرت شمشاد لکھنوی سے نم کی بابت دریافت کیا تو آپ نے تحریر فرمایا کہ نم بمعنی تر بھی اہلِ زبان نے استعمال کیا ہے جیسے سید علاؤ الدین وصالی (ماقیمان)

؎ گر بدریا در افتند بوَجدُ

رشتۂ دلق شان نگردد نم (تر)

اردو میں (نم) بمعنی تر کی اور مثالیں۔ ذوق ؎

ہر داغِ معاصی مرا اس دامن تر سے

جوں حرفِ سر کاغذِ نم اٹھ نہیں سکتا

داغ ؎ ملا کر آنکھ سے آنکھ آج گریاں کر دیا کس نے

کر اپنی آنکھ نم کی قطرۂ شبنم سے نرگس نے

مصحفی ؎ نہیں آتے جواب پلکوں پر آنسو

نہیں ہے نام کو آنکھوں میں نم کیا

مومن ؎ ہوں آپ آپ اُف ری نگہ ہائے گرم گرم

اس مہروش کے سامنے آنکھوں میں نم نہیں

دیکھو نمی ف

تُرئی (ترکاری) :۔ گادُدُم ف

تریاق :۔ افیون ع زہر مُہرہ ف زہر دارو ف نوش دارو ف

تڑپنا :۔ تپیدن ف طپیدن ف

تسبیح :۔ سُبحَہ ع سُبحات و سُبَح ج ناسخ ؎

فصلِ گل میں اس قدر ہے میکشوں کا دَور دَور

سُبحَۂ زاہد نے بنائی دانۂ انگور کی

اسیر ؎ ذکر کرتا ہوں کسی کی نرگس مخمور کا

سُبحَہ میرے ہاتھ میں ہو دانۂ انگور کا

اصولاً مذکر کو ترجیح ہے۔

تسلا :۔ سَطل ع

تسلی :۔ تسکین ع تَشَفّی ع دل بستگی ف سَلوَت ع اِطمِنان ع

دل جمعی ف طمانت ع طُمانِینَت ع بالضم و کسر نون اول و سکون یا طمانیت کہنا سخت غلطی ہے۔ کیوں کہ اطمنان اسم مصدر طمانینۃ ہے جیسے اقشعرار سے قشعریرہ۔ طمانین ع آرام ف جمعیت ع

اسیر ؎ تنگیٔ غم دل کو آخر باعثِ راحت ہوئی

اس قدر سمٹی پریشانی کہ جمعیت ہوئی

جدید عربی میں بمعنی آبادی۔
تسلی دینا:۔ تاسّی ع تمریج ع تنفُّس ف تفرّج ف تسلیہ ع
تسلی دینے والا:۔ مُسکِّن ع مُسلِّی ع
تسلیم کرنے والا:۔ مُسلِّم ع
تسلیم کیا گیا:۔ مُسلَّم ع
تسمہ:۔ سیر ع
تسمہ جو گھوڑے کے نیچے باندھا جاتا ہے:۔ زیر بند ف
تشبیب:۔ عربی لفظ ہے۔ لغت میں ایام شباب کا ذکر کرنے اور حال معشوق کے وصف کرنے کو کہتے ہیں۔ اصطلاح میں ان اشعار کو جو قصیدہ کے شروع میں کسی چیز کی صفت میں لائے جاتے ہیں۔ اشعار تمہید و تشبیب کہتے ہیں۔
تشدید والے حرف سے تشدید دُور کرنا:۔ تخفیف ع
تشنگی:۔ اُم ع عطش ع غمر ع ظما ع دیکھو پیاس۔
تشنہ:۔ ظامی ع ظمآء ع ظمی ع ظمآن ع دیکھو پیاسا۔
تصحیف:۔ عربی لفظ ہے بمعنی لکھنے میں غلطی کرنا۔ اصطلاح میں نقطوں کی تبدیلی سے لفظ بدلنا۔
تصویر:۔ مثال ع نقشہ ع تندس ف شبیہ ع
تصویر اتارنا:۔ ارتسام ع نقش برداشتن ف
تصویر اتارنے والا:۔ مُصوِّر ع
تصویر دار کپڑا:۔ پرند ف
تصویروں کا مرقع:۔ کارنامہ ف مُرقّع ع
تصویریں:۔ تماثیل ع تصاویر ع امثلہ ع
تعجب:۔ شگفت ف عجب ع صفت ع فتنہ ع تحیّر ع ہیہات ع عزو ع
تعجب دلانا:۔ اضحاک ع
تعجب کو بڑھانے والا:۔ مُغرا ع
تعجب میں ڈالنا:۔ استغراب ع ادہاش ع
تعجب میں ڈالنے والا:۔ مُعجب ع
تعریض:۔ عربی لفظ ہے بمعنی چھیڑنا۔ اصطلاحاً رمز و کنایہ میں کوئی بات کہنا۔
تعریف:۔ ثناء ع ستائش ف حمد ع فرزدہ ف لغت ع سپاس ف مدحت ع مدح ع وصف ع نقابت ع
تعریف کرنا:۔ امتداح ع تحمید ع توصیف۔ ختم ع نقابت ع ستانیدن ف ستائیدن ف ستودن ف شکر ع اتصاف ع
تعریف کرنے والا:۔ حامد ع وصّاف ع مادح ع معترف ع شاکر ع
تعریف کیا گیا:۔ حمید ع ممدوح ع منعوت ع موصوف ع ستودہ ف حمیم ع محمد ع محمود ع
تعریف میں مبالغہ کرنا:۔ اطرا ع
تعریفوں کی آواز:۔ زہازہ ف
تعریفیں:۔ اوصاف ع مناقب ع قصائد ع
تعظیم کرنا:۔ احترام ع
تعلق:۔ نسبت ع ربط ع روابط ع اضافہ ع علاقہ ع اضافت ع
تعلیم دینا:۔ تلقین ع تدریس ع
تعویذ:۔ حرز ع نشرہ ع
تعویذ گنڈے:۔ راق ع رُقیہ یا رقی سے ماخوذ ہے۔
تفتیش کرنے والا:۔ متفتّش ع
تفسیر کرنا:۔ فسر ع
تقاضا کرنے والا:۔ متقاضی ع
تقدیر:۔ قدر ع سرنوشت ف بَدک ف نیرد ف حکم ازلی ف نصیب ع مقدّر ع قسمت ع اجل ع قضا و قدر ع ان دونوں میں یہ فرق ہے کہ قضا تو وہ حکم ہے جو روز ازل سے مجملاً تمام مخلوقات کے لئے ہو چکا ہے اور قدر وہ حکم ہے جو بتدریج قضا کے مطابق مخلوقات کو ملتا رہتا ہے۔
تقدیر کی جمع:۔ تقادیر ع
تقریب شادی کا منتظم:۔ یلبب ع
تقسیم کرنے والا:۔ قسّام ع قاسم ع موزّع ع
تقسیم کیا گیا:۔ مقسوم ع
تقسیم ہونے والا:۔ منقسم ع

تقطیع :۔ عربی ہے۔ کاٹنا، ٹکڑے ٹکڑے کرنا اور لباس کا بناؤ سنگھار کرنا معنی۔ علم عروض میں شعر کے اجزا کو ارکانِ بحر کے متحرک اور ساکن حروف کے مطابق جانچنے کو تقطیع کہتے ہیں۔

تقویت :۔ پُشت گری ذ دیکھو "طاقت"۔

تکبر :۔ مَنی ذ عُجب ذ کِبر ذ گرم دماغی ذ غرور ذ بَطر ذ دیکھو "غرور" ذ

تکبیر اولیٰ :۔ عامۃ الناس یہی کہتے ہیں لیکن ایسا کہنا غلط ہے اس لئے کہ عربی میں تکبیر مذکر ہے اور اولیٰ مؤنث لہٰذا تکبیر جو مذکر ہے اس کا موصوف مذکر ہونا چاہیئے۔ اول مذکر ہے اس لئے تکبیر اول صحیح ہے۔

تکلا :۔ دُوک ذ مِغزل ذ دَرّارہ ذ

تکلف کرنا :۔ تَفیع ذ

تکلیف :۔ زَحمت ذ رَنجہ ذ رنج ذ ضَرَر ذ ضیر ذ باس ذ باسا ذ بَلبال ذ نازلہ ذ نوازل ذ تصدیع ذ عَناد ذ مشقت ذ کُلفت ذ صَدمہ ذ عارضہ ذ بیماری ذ مِحنت ذ مِحَن ذ دِقت ذ دقائق ذ شِدّت ذ شدائد ذ تعب ذ متاعِب ذ دیکھو "دکھ"

تکلیف اٹھانا :۔ رِیاضت ذ

تکلیف پانے والا :۔ مُتاذّی ذ مُتصدّع ذ مُتکلّف ذ

تکلیف دیا گیا :۔ مُکلّف ذ

تکلیف دینا :۔ اِیلام ذ تصدیع ذ تَعدّی ذ عِقاب ذ عِقبان ذ نِکایت ذ

تکلیف دینے والا :۔ تکلیف دِہ ذ مُتعِب ذ مُصدِع ذ مُتکلّف ذ

تکلیف سے کوئی کام کرنا :۔ تَکلّف ذ

تکلیف کے ساتھ عبادت کرنے والا :۔ مُتعبّد ذ

تکمہ :۔ گوانگاہ ذ تُوتُو ذ تُوتہ ذ دیکھو "گھنڈی"

تکنا :۔ تَقلیہ ذ طبی اصطلاح میں بعض داؤں کے نقصانات کو بھون کر یا تیل میں تل کر دور کرنے کو تقلیہ کہتے ہیں۔

تکونا :۔ مُثلّث ذ تین ضلعوں کا بند زاویوں کی پیمائش کا علم، مشک دکافور اور صندل کی مرکب خوشبو کو بھی مثلث کہتے ہیں۔ تین حرفوں والا لفظ نیز وہ لفظ جس کے اول حرف کو تینوں حرکتوں سے پڑھ سکیں اور معنی میں فرق نہ آئے جیسے قدوہ۔

تکیہ :۔ رَفرَف ذ بالِش ذ سرہانہ ذ نُمرُقہ ذ نمارق ذ دِسادہ ذ وِسادۂ ذ اسادہ ذ بالیں ذ پہلُو ذ بالِشت ذ

تکیہ کلام :۔ حرفِ بارگیر ذ

تکیہ لگانے کی جگہ :۔ مُتکا ذ

تکیہ لگانے والا :۔ مُتکّی ذ

تِل (اناج) :۔ کُنجد ذ سِمسِم ذ

تِل (جسم کا) :۔ خال ذ اخوال ذ خیلان ذ تیل ذ شَم ذ اور یہ الفاظ تشبیہً استعمال ہوتے ہیں، ہندو۔ زنگی بچہ۔ حبشی زادہ۔ مُشک دانہ۔ دانہ۔ اسپند۔ نقطہ۔ سویدا۔ مردمک۔ حجر الاسود۔ تخم سیب۔

تلاش :۔ کاؤکاؤ ذ جُستجو ذ کنج کاوی ذ تجسّس ذ دیکھو "ڈھونڈھنا"

تلاش کرنا :۔ تجسّس ذ تفحّص ذ تفتیش ذ پُوزِ ذ نَشّش ذ مُمارَست ذ تگاپو ذ رَدم ذ داجستن ذ تفقّد ذ فحص ذ تگ و پو ذ اِرتیاد ذ پالیدن ذ نِشدت ذ اِلتماس ذ اِستقرا ذ کاوش ذ دیکھو "ڈھونڈھنا"

تلاش کرنے والا :۔ مُتفحّص ذ مُتفتّش ذ مُلتمِس ذ تلاشی ذ جُویا ذ مُفتّش ذ

تُلا ہوا :۔ موزوں ذ

تلچھٹ :۔ ثُفلہ ذ ثُفلات ذ تہ نشین ذ دُرد ذ مرسُوب ذ دُردی ذ بَردین ذ گاد ذ رسُوب ذ ثافل ذ تِشّ ذ

تلفیق :۔ عربی ہے۔ ترتیب دینا، ملا دینا، اکٹھا کرنا۔ دو باتوں اور دو دروازوں کو ملانا۔ علم عروض میں جسے صنعتِ مُراعاۃ النظیر کہتے ہیں اُسی کو ایتلاف، تلفیق، تناسب اور تشابہ الاطراف بھی کہتے ہیں۔

مثال ؎ کچھ سفید و سیاہ کی نہ خبر ہوتی تھی
شام ہوتی تھی کدھر صبح کدھر ہوتی تھی

تلقین کرنے والا :۔ مُلقّن ذ دیکھو "نصیحت کرنے والا"

تلقین کیا گیا :۔ مُلقّن ذ

تلمیح ۔ عربی ہے بمعنی دکھانا۔ اصطلاحاً کلام میں کسی مشہور واقعہ، مسئلہ، آیت، حدیث یا مضمون کی جانب اشارہ کرنا۔

جیسے ؎ فلسفی آنکس کہ بے گوید خلا باشد محال
درخزانہ گر رود ہرگز نگوید ایں سخن

اس میں اس مسئلہ کی طرف اشارہ ہے کہ حکمائے یونانی کے نزدیک خلا محال ہے۔ یا ؎

سچ ہے پرائی آگ میں پڑتا نہیں کوئی
ہمراہ کوہ طور کے موسیٰ نہ جل گئے

تلوار ۔ آب فسردہ ف آب خفتہ ف آتش مجسم ف بلارک ف سیف ع سُیوف ج آئینہ فتح ف دَدَنہ ف سَمسام ع تلیح ت صمام ع عضب ع عضوب ج وشاحہ ع آب ے ف اژدہا ف خیص ع وصیلہ ع زمانہ جاہلیت میں عرب اس بکری کو وصیلہ کہتے تھے جو سات بار تو مادہ بچہ جنتی اور آٹھویں بار نر اور مادہ اکٹھے جنتی۔ ایسی بکری کو آزاد کر دیتے تھے۔ آب خنک ف چوگان زر ف چوگان رزم ف درفشہ ف قراچور ف مِفصَل ع شمشیر ف مرکب ہے شم بمعنی ناخن اور شیر (درندہ) سے۔ لہٰذا یائے مجہول سے ہے۔

عسجدی ؎ چوں شاہ بگیرد بکف اندر شمشیر
از بیم بیفگند ز کف ہاشم شیر

اہل ایران کی زبان پر یائے معروف سے ہے۔ ان کی تقلید سے اہل اردو بھی تیر و زنجیر کے قوافی کے ساتھ باندھتے ہیں۔

رند ؎ واں پڑیں ابرو میں بل یاں ہوں تہِ شمشیر ہم
زلف الجھے اور پھانسی پائیں بے تقصیر ہم

ہَزِیرہ ع نُون ع الماس ع نہنگ ف نہنگ سیاہ ف حُسام ع آتش و آب ف

تلوار بنانا ۔ طبع ع

تلوار بنانے والا ۔ طباع ع

تلوار تیز کرنا ۔ تہنید ع

تلوار چلانا ۔ جلاد ع

تلوار چلنے کی آواز ۔ چکاچک ف چکاچاک ف چکاچک ف صلیل ع

مغلسۂ تیغ ف چقاچق ف

تلوار کا پرتلہ ۔ نجاد ع

تلوار کا تسمہ ۔ حمائل ع حمالہ و حمیلہ کی جمع۔ اردو میں واحد مونث مستعمل ہے۔

رند ؎ خدا حافظ دنا مران کی کمر کا
سنا ہے گلے میں حمائل پڑے گی ۔ محمل ع

تلوار کا دستہ ۔ قبضہ ع قائم السیف ع

تلوار کا میان میں کرنا ۔ کلمان ف قرب ع شیرہ ع

تلوار کو زنگ لگنا ۔ جرب ع

تلوار کو میان سے نکال کر لوگوں کو دکھانا ۔ تشہیر ع فارسی اور اردو والے رسوائی کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔

داغ ؎ مر بھی جاؤں تو نہ ہو ان کو مرا مردہ عزیز
بلکہ میری لاش کی تشہیر الٹی ہو تو ہو

اچھی شہرت کے معنی میں تشہیر کا استعمال درست نہیں ہے۔

تلوار کی تیزی ۔ غرّ ع فرند ع غرب ع غرار ع

تلوار کی چمک ۔ برند ع بلارک ف دم ف آب حسام ف بارقہ ع دری السیف ع بیاض تیغ ف تف تیغ ف پرنک ف

تلوار کی دھار ۔ حسام ع ذبابُ السیف ع حرف ع دہانِ تیغ ف دمِ شمشیر ف

تلوار کی لڑائی ۔ چپقلش ت بضم قاف وفتح لام۔ اردو میں چپقلش بمعنی لڑائی، تکرار، تقیہ، انبوہ، بھیڑ بھاڑ اور جگہ کی تنگی۔

اختر ؎ ایک تم اور لاکھ غمزہ و ناز
بزم میں چپقلش بلا کی ہے

تلوار کی مڑی ہوئی دھار ۔ فل ع

تلوار کی میان ۔ نیام ف جفن ع جفون ج غمد ع قین ع

تلوار کی نوک ۔ سنان ع

تلوار کھینچنا ۔ آختن ف اِسلال ع آہیختن ف شہرت ع

تلوار مارنا ۔ سیف ع سیوف ج

تلوار مارنے والا ۔ سیاف ع تیغ زن ف

تلوار وغیرہ کی دھار۔ تفلّل ع
تکوں کی کھل۔ تخ تخ ع
تلی بڑھنے کی بیماری۔ طحال ع
تلی کا بڑا ہونا اور ورم کرنا۔ طحل ع
تلی کا مریض۔ مطحول ع
تم اپنے بیان سے خود گرفت میں آرہے ہو۔ سخن جواب تو گوید ف
تماشا۔ تعب ع لعب ع
تماشا دیکھنا۔ دید ف
تماشا کرنا۔ چشم آب دادن ف
تمام۔ سراسر ف کل ع بالکل ع سربسر ف یک سرہ ف وافی ع
وفی ع تمامی ف سرتاسر ف سردبن ف سراپا ف شش دانگ ف
قاطبت ع ہمہ ف کافۃ ع سائر ع جم ع کامل ع جملہ ع
تمام بدن سے نہانا۔ غسل ع
تمام دنیا۔ قاف تا قاف ف
تمام سر منڈوانا۔ حلق ع
تمام کرنا۔ تبلیغ ع اصطلاح میں اس کی جہت سے عروض وضرب کے آخر میں ایک حرف زیادہ کرنے کو کہتے ہیں جیسے مفاعیلن سے مفاعیلان اور فعولن سے مفعولان وغیرہ۔ اسباغ ع تتمیم ع استقصا ع
تمباکو۔ تتن ت تنبک ت تنباک ع
تمسخر سے ہنسنا۔ تہانف ع
تمسخر کرنے والا۔ ساخر ع
تمسک۔ دست آویز ف واہی الغرا ع قبالہ ع کاغذ ف کاغذ زر ف
تمسک کرنے والا۔ مستمسک ع
تمغا۔ تغمر ف طمغا ت وسام ع مدالیہ ع
تم کو میری قسم اور مجھ کو تمہاری قسم۔ جان من وجان شما ف
تمنّا۔ خواستگاری ف خواہش ف آرزو ف امید ف توقع ع حسرت ع ارمان ف
تمنا کرنے والا۔ متمنی ع متوقع ع پرامید ف خواہش مند ف آرزومند ف

تمیز کرنا۔ امتیاز ع ممازت ع تفریق ع
تمیز کرنے والا۔ ممیز ع فارق ع فاروق ع
تمیز کیا گیا۔ ممیّز ع
تنافر۔ عربی ہے بمعنی نفرت کرنا۔ عروضی اصطلاح کی رو سے کلام میں ثقیل الفاظ استعمال کرنا۔ اس کی دو قسمیں ہیں لفظی ومعنوی۔ لفظی یہ کہ جس میں ایسے الفاظ استعمال کئے جائیں کہ سننے والوں کو بیک وقت غلط بات سمجھ میں آئے جیسے

ع۔ "بے پردہ مجھے یارب جورو نظر آئے"

یہاں جو اور رو لفظوں کے ملنے سے ذہن جورو بمعنی بیوی کی طرف منتقل ہو جاتا ہے۔ اس کو تنافر لفظی کہتے ہیں۔ معنوی یہ کہ جس میں ایسے لفظوں سے شعر یا مصرع ترتیب دیا جائے جو معنوی لحاظ سے خلاف تہذیب ہو جیسے

ع۔ "ڈر کے مارے رقیب موت رہا"

تنافر ایسے الفاظ وحروف جمع کرنے کو بھی کہتے ہیں جن کا تلفظ طبیعت پر گراں ہو خواہ قریب المخارج ہوں یا بعید المخارج۔ جیسے نظامی گنجوی کہتے ہیں ؎ چہ پوسیدہ چوبے کہ در کنج باغ
فرد زندہ باشد بشب چوں چراغ

تنبو۔ خیمہ ع خیام ع فطاط ع
تنبیہ۔ برگناہ گوش زدن ف نصیحت ع نصائح ع
تنخواہ۔ درماہہ ف مشاہرہ ع مواجب ع مرسوم ع رسم ع برات ع شہریّہ ع
تنخواہ تقسیم کرنے والا۔ بخشی ف
تنخواہ کا بڑھاؤ۔ اضافہ ع یہ معنی اردو میں مستعمل ہیں
تند۔ عنیف ع
تندرست۔ اصح ع چاق ف سالم ع سلامت ع صحاح ع صحیح ع چرب پہلو ف فربہ ف چفت ف توانا ف چارشانہ ف صحت مند ف قوی ع صح ع صحیح ع شخیص ع فربہ اندام ف تنومند ف
تندرست ہوتے ہوئے بیمار بن جانا۔ تمارض ع

تندرستی:۔ توانائی ف شہامت ع وسع ع صحت ع بلاتشدید صحت کہنا اور لکھنا غلط ہے۔

بحرؔ ۔ اللہ نہ دے روگ محبت کا کسی کو
عیسیٰ بھی اگر آئیں تو صحت نہیں ہوتی

شفاء ع

تنقید:۔ عربی میں نہیں آیا۔ اردو والے نقد و انتقاد کی جگہ لکھتے ہیں اور کہتے ہیں۔ اس سے احتراز بہتر ہے۔

تنکا:۔ تبن ع اتبان ع خس ف

تنگ:۔ متضائق ع

تنگ پہاڑی راستہ:۔ خانق ع

تنگ جگہ:۔ مضیف ع جائے تنگ ف

تنگ حال ہونا:۔ اعسار ع ضیق ع

تنگ دستی:۔ عسرت ع غربت ع عربی میں غربت کے معنی وطن سے دور ہونا اور مسافرت کے ہیں۔ اردو میں مسکینی، غریبی، فروتنی، انکسار، مفلسی کے معنوں میں مستعمل ہے۔

امیرؔ ۔ کیا وفادار ہے تا گور مرا ساتھ دیا
میرے گھر تک مجھے پہنچا گئی غربت میری

تنگ دل:۔ ضجر ع ضجور ع شحیح ع

تنگ دلی:۔ شح نفس ع ضیق صدر ع

تنگ راستہ:۔ باریکہ ف

تنگ کرنا:۔ ابرام ع شکنجہ کردن ف ضغط ع مضایقہ ع

تنگی:۔ حرج ع ضیق ع مضایقہ ع خلل ع بیص ع

تنگی سے بسر کرنا:۔ تقشف ع

تنور:۔ برجن ف دیکھو "روٹی پکانے کا ظرف"

تنور بنانے والا:۔ تنار ع

تنور کا ایندھن:۔ سجور ع

تنور گرم کرنا:۔ سجر ع سجور ع تسجیر ع

تنور میں روٹی لگانے کی گدی:۔ کما ف رفیدہ ف کمایوک ف

تنہا:۔ طاق ع مفرد ع فریدہ ع فرائد ف فرد ع افراد ع

مجرد ع وتر ع وحید ع یگانہ ف آوحد ع یک سوارہ ف نذیر ع

تنہا اور تارک الدنیا:۔ متجرد ع متزدی ع

تنہا بیٹھنا:۔ افراد ع

تنہائی:۔ تجرد ع تجرید ع وحدت ع ندرت ع خلوت ع بالکسر غلط ہے۔

تنہائی کو پسند کرنے والا:۔ خلوت پسند ف خلوت دوست ف خلوت گزیدہ ف خلوت گزیں ف خلوت نشیں ف معتزل ع گوشہ نشین ف

توا:۔ تابہ ف طابق ع طاجن ع

تواضع کرنا:۔ فروتنی ف دوست کامی ف دوست کانی ف

تواضع کرنے والا:۔ فروتن ف متواضع ع

توأم کی جمع:۔ توائمان ع

تونگری:۔ ثروت ع جد ع دسترس ف غنا ع غنیت ع طائل ع فراخی ف

توبہ:۔ نصوح ع

توبہ پر راغب کرنا:۔ استتابت ع

توبہ قبول کرنے والا:۔ تواب ع

توبہ کر کے بندگی اختیار کرنے والا:۔ اواب ع

توبہ کرنا:۔ انابت ع تہود ع

توبہ کرنے والا:۔ تائب ع یہ لفظ آدمی کی صفت کے طور پر آئے تو اس کے معنی بس ایک ہی دفعہ توبہ کر لینے والے کے نہیں ہوتے بلکہ ایسے شخص کے ہوتے ہیں جو ہمیشہ اللہ سے اپنے قصوروں کی معافی مانگتا رہے۔ جس کا ضمیر زندہ اور بیدار ہو۔ اواب ع

توپ:۔ مدفع ع مدافع ع طوپ ت

توپ چھوڑنے والا:۔ توپ زن ف توپچی ت

توپ داغنا:۔ انداختن توپ ف

توتلا:۔ کلتہ ع تمتم ع کنگلاج ف لجلاج ع ہاکرہ ع

توتلاپن:۔ لکنت ع لکن ع

توتیا:۔ طوطیا ع

توجہ۔ مَیل ع بذرقہ ع طریق ع پرَاش ف

توجہ دینے والا۔ مُتوجِّہ ع مُلتفِت ع مائِل ع

توجہ کرنا۔ اِلتفات ع توجُّہ ع پروا ف رغبت ع اِنابت ع

توڑنا۔ حَتم ع فَرق ع فحص ع گسستن ف اِفعار ع ہَضم ع نقض ع اِقماع ع کسر ع اِنتِقاض ع قمع ع تقصف ع

توڑنے والا۔ قامع ع کاسر ع مُناقِض ع ہَضاض ع قامِعہ ع

نقیض ع نقیض اور ضد کے معنوں میں فرق یہ ہے کہ نقیض اسے کہتے ہیں جو نہ تو ایک ساتھ جمع ہو سکے اور نہ معدوم ہو سکے جیسے موت اور زندگی۔ ضد وہ ہے جو ایک ساتھ جمع تو نہ ہو سکے مگر معدوم ہو سکے یعنی ممکن ہے سُرخ ہو یا زرد ہو۔

توشہ دان۔ سُفرہ ع فارسی والے اس لفظ کو بالضم سین کے بجائے بالفتح سَفرہ بولتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ فارسی لفظ سُفرہ کے معنی مقعد کے ہیں۔ جراب ع

توفیق دیا گیا۔ مُوَفَّق ع

توفیق دینے والا۔ مُوَفِّق ع

توقع رکھنے والا۔ مُتَوَقِّع ع

تولنا۔ سَنجی ف کیل ع وزن ع اوزان ع توزین ع عیار ع

تولنے کا پتھر (باٹ)۔ سنجہ ع دیکھو "باٹ"

تولنے والا۔ کیّال ع وزّان ع

تولیہ۔ قطیفہ ع منشف ع دست پاک ف حولہ ع درپوشہ ف قدیفہ ع آب چین ف

تونبا۔ زنبیل ع زنابیل ع

توہین کرنا۔ اِستہانت ع اِہانت ع ہتک ع

توہین کرنے والا۔ ہتاک ع پردہ در ف متہتک ع

توے پر کسی چیز کا بھوننا۔ تلی ع

تہ۔ لا ف درکہ ع درکات ع طبق ع طبقات ع طباق ع

تہ بند۔ مِیزر ع تہمت ع

تہ بہ تہ۔ لابرلا ف متراکم ع مُطبق ع متکاثِف ع

تہ بہ تہ رکھا ہوا۔ منضّد ع نضد ع نضید ع

تہ خانہ۔ بردار ع مطمورہ ع کالکر ف سردخانہ ف نہان خانہ ف سرداب ف

تہمت۔ اَشاق ت بُہتان ف اِفتراء ع ظن ع ظنون ع اِفتعال ع بجل ع اَشلق ت چغتر ف ریبت ع طوطیانہ ف ظنت ع

تہمت کی جمع۔ تہم ع

تہمت لگانا۔ دسمت ع اِتہام ع شاخچہ بندی ف رمی ع حذح ع تقوّل ع غمز ع

تہمت لگانے والا۔ مُتّہم ع مفتری ع طعّان ع رامی ع

تہ میں بیٹھنے والا۔ تہ نشین ف

تہوار۔ اِحتفال ع

تیار۔ مستعد ع مُہیّا ع موجود ع آمادہ ف طیار ع بسفدہ ف برچین قبا لستہ ف

تیار کرنا۔ عتاد ع اِعداد ع

تیار ہونا۔ تاہّب ع تشمّر ع

تیاری۔ تہیّہ ع اصل میں تہیّۂ تھا اس کو تہیَّہ بفتح ہا کہنا غلط ہے۔

نسیم ۔ اے جوش شوق تو نے کیا پھر اُمیدوار
ورنہ مجھے تہیۂ خواب مزار تھا

آمادگی ف عُدّت ع

تیاری کرنے والا۔ مُجاہِز ع

تیتر۔ تیہو ف دُرّاج ع

تیر۔ نبل ع نصل ع سہم ع اسہم ع نُشّاب ع زاغ سر پر ف تیلق ت جرب ع

تیراک ہونا۔ آشناہ ف

تیرانا۔ اِسباح ع سباحت ع عوم ع ضرب ع

تیر انداز۔ دیکھو "تیر چلانے والا"

تیر انداز کا اپنے فن میں ماہر ہونا۔ قدر انداز ف رماۃ الحدق ع

تیر اندازی۔ رمایت ع

تیر اندازی کرنا۔ رشق ع رمایہ ع

تیر بنانے والا۔ ہجراش ع تیرگر ف نشّاب ع نابل ع

تیر جو دور جاکر بھی نشانہ پر نہ لگے:- خَصَل ع

تیر چلانے والا:- رامی ع تیر انداز ف شِست گیر ف پرتابی ف قادر انداز ف قدر انداز ف راشِق ع قابِض ع

تیر دان:- جُعبَہ ع جعاب ع جَولہ ع تُخ ف غَیبَہ ع کیش ف شِغا ع تَرکَش ف تیر کش کا مخفف ہے۔ بفتح تا ترکش کہنا اصلیت کے خلاف ہے۔ کِنانَہ ع دَفقَہ ع

تیر سے مارا ہوا شکار:- ذانی ع

تیر کا نشانہ پر نہ لگنا:- خَصَل ع

تیر کی گرفت:- سُوفار ف شَست ف فاق ت

تیر کی نوک:- سُوفار ف فاق ت فُوق ع نَصل ع

تیر مارنا:- رَمی ع نَفح ع نَبل ع

تیرنا:- سَباحت ع شِنار ف شِناوری ف شِناہ ف

تیرنے والا:- تیراک ف سابح ع عَوام ع

تیروں کے پے در پے چھوٹنے کی آواز:- فشافش ف فشافاش ف

تیرہ (۱۳) سیزدہ ف ثَلٰثَۃ عَشَر ع

تیر یا برچھی کی پھال:- پیکان ف زَغنُور ف نَصل ع

تیز:- سَرِیع ع علم عروض کی ایک بحر کا نام۔ چوں کہ اس بحر میں وَتد یعنی تین حرفی لفظوں سے زائد سبب یعنی دو حرفی الفاظ ہیں جس کی وجہ سے جلدی پڑھی جاتی ہے۔ اس لئے اسے سَرِیع کہا گیا۔ حادّ ع

تیز آندھی:- عاصِف ع عواصِف ع مُشتِقی ع

تیز اڑنے والا:- عَقعَق ع

تیز بو:- ذَفَر ع

تیز بات:- ساذِج ع

تیز تلوار:- حُسام ع خاشت ف صارِم ع قَصّال ع قَضِیب ع یارَدح ف قاضِب ع

تیز چلنا:- قُطُور ع رقیق اور پتلی دوا کو ناک، کان یا آنکھ وغیرہ میں ٹپکانا بھی طبی اصطلاح میں قُطُور کہلاتا ہے۔

تیز چلنے کے لئے گھوڑے کی لگام کو ڈھیلا چھوڑ دینا:- تَصوِیب ع

تیز چلنے والا:- چابک خِرام ف سَیّار ع مایِج ع سُبک پا ف قابِض ع تیز رَو ف تیز رفتار ف یَرغا ف تیز گام ف شَمیر ع فارِہ ع مُسَرَّع ع ناجِیَہ ع تیّار ع یک جَلو ف فلک سیر ف فلک نَورد ف پرآور ف قبیض ع زَہِق ع فراخ قدم ف ذَرِیع ع

تیز خوشبو:- کافُور ع

تیز خوشبو والی:- اَذفَر ع زَنبَق ع

تیز رفتار اونٹ:- جَمّازہ ع

تیز رفتار اونٹنی:- دَلُوس ع ہُوجاد ع ہَوج ع

تیز رفتار اونٹنیاں:- جوازی ع

تیز رفتار چوپایہ:- ہِملاج ع

تیز رفتار گھوڑا:- عَوام ع جَلو ریز ف چارگام ف دیو زاد ف سابح ع سُبک عِنان ع صافِن ع مُکیّرہ ع یرغات ت بادرنگ ف دَرِیرِ ع چار کاسہ ف دَلُوق ع یَرقَہ ت نُدب ع چرخ تیز رَو ف

تیز رفتاری:- خَیطَف ع جَودَت ع

تیز زبان:- حَلِیف ع ذَلِیق ع طَرّار ع لَسّان ع طُوطی مقال ف فصیح ع

تیز زبانی:- ذَلَق ع لِسانیت ع ذَلاقَت ع

تیز زبانی کرنا:- تَعَنُّب ع

تیز شراب:- آب آتشیں ف

تیز فہم:- ذَکِی ع زیرک ت چالاک ف ذہین ع خَلِیف ع انجام بین ف دُور اندیش ف طَبّاع ع

تیز فہمی:- حِدّت ع

تیز کرنا:- تحدید ع تَذلِیق ع

تیز مزہ:- حَرِیف ع زُفت ع

تیز و چست آدمی:- مُزلَم ع

تیز و سخت مزاج:- اَشداء ع

تیز ہوا:- ہَیاع ع جافِلہ ع

تیزی:- جَودَت ع جَولانی ف حِدّت ع حَمازہ ع خَفِیفُ الحَمل ع سُرعت ع سَورت ع شِرّہ ع شوکت ع طَلاقت ع عُنف ع تُندی ف دَشک ع چالاکی ف

تیزی اور گرمی کو مارنے والی دوا۔ مُطفِی ع

تیس (۳۰)۔ ثَلٰثُون ع بہی ف

تیسرا۔ ثالِث ع ثُلُث ع سِوُم ف بہ تشدید واؤ مفتوح سُوَّم کہنا غلط ہے۔ بعض سیوم یا کے ساتھ لکھتے ہیں یہ بھی فصیح نہیں کیوں کہ (سہ) میں (ہ) محض اظہارِ حرکت کے لئے ہے۔ عدد ترتیبی میں (ہ) ہمزہ سے بدل جاتی ہے اور ہمزہ مضموم ہونے کے سبب واؤ کی شکل میں لکھی جاتی ہے۔

اسیرؔ ؎ عاشق کا سوگ چاہئے زینت نہ کیجئے
جہلم تو کیا ابھی تو سِوُم بھی نہیں رہا

تیسواں (۱/۳۰)۔ ثالِثُون ع

تیل۔ دُہن ع رَوغن ف یاغ ت

تیل ڈالنے کی کپّی۔ قِیف ع تبُور ف تنکاب ف

تیل کو پھولوں میں بسانا۔ تَقیِیب ع

تیل کی پلی۔ تُشتَر ف

تیل کی مالش کرنا۔ تدہین ع تمریخ ع مَرخ ع

تیلی۔ مَعّار ع افشُرہ گر ف زَیّات ع

تیلیوں کا مُٹھا۔ ضِغث ع اضغاث ع

تیماردار۔ مُعتنِی ع

تین (۳) ثَلاث ع

تین برس کی گائے۔ مُسنَنہ ع

تین جو وزن۔ رَتّی ہ

تین حصوں میں تقسیم کرنا۔ تَثلیث ع

تین حصوں میں سے دو۔ ثُلثان ع

تین سو (۳۰۰)۔ سہ صد ف ثلثمائۃ ع

تین طرف سے چلنے والی ہوا۔ نکباء ع

تھ

تھال۔ طشت ع صینیہ ع پَتنگ ف

تھالا (درخت کا) مَغرَس ع

تھالی۔ خوانچہ ف

تھانہ۔ قراؤل ت

تھپڑ۔ تماچہ ف سیلی ف شپلاق ف شپّق ت صَفع ع لَطمہ ع لطمات ع طپانچہ ف سرکش ہاتھیوں کو ایک دوسرے سے چھڑانے کے لئے ایک تیسرا ہاتھی استعمال کیا جاتا تھا۔ اکبر بادشاہ نے اس طریقہ کو رائج کیا اور اس کا نام طپانچہ رکھا۔ توسری ف

تھپڑ کھایا ہوا۔ لَطیم ع

تھپڑ مارنا۔ شَلّاق ع طَرّ ع لَطم ع صَفع ع

تھپڑ مارنے والا۔ مُتلاطِم ع

تھرمامیٹر۔ میزانُ الحرارت ع

تھکاوٹ۔ تَعَب ع تکان ف خستگی ف کلال ع کَدّ ع مالش ف

تھکانا۔ اِعیا ع

تھکا ہوا۔ حَسیر ع ماندہ ف مُفرَدِع ع ستوہ ف پرکندہ ف درماندہ ف عاجز ع کلیل ع کوفتہ ف

تھک جانا۔ موزہ درگل ماندن ف اِعیا ع تن غنودن ف

تھکن۔ لُغوب ع تکان ف کوفت ف

میرؔ ؎ خاطر کے علاقے کے سبب جان کھپائی
اس دل کے دھڑکنے سے عجب کوفت اٹھائی

تھم۔ سازیہ ف دیکھو کھبا۔

تھن۔ پستان ف شیرجار ف ضَرع ع

تھن کا سرا۔ ثُؤلُول ع ثآلیل ع

تھوتھنی۔ پوز ف

تھوڑا۔ اُنمُوذج مع نموده کا معرب ہے جو نمودن مصدر سے اسم مفعول کا صیغہ ہے۔ اس کے معنی نمونہ ہیں مگر فارسی میں بمعنی تھوڑا استعمال ہوتا ہے۔ شَبَدر ع طَفیف ع قَلیل ع لَخت ف اَندک ف لختے ف مُزجات ع تُنک ف ہیچ ف یَسیر ع یہ لفظ یُسر سے صفت مُشتبہ ہے۔ صاحب شمس اللغات و فرہنگ آصفیہ میں یَسیر کے معنی بے مادر، بن ماں کا لکھا ہے جو غلط ہے۔ اس لئے کہ عربی میں یہ معنی نہیں آئے البتہ اردو میں عوام الناس کی زبان پر یتیم و لیسیر ہے جو لازم ترک ہے۔ ناسخؔ نے بھی لیسیر باندھ دیا ہے۔

ے ایثار دیکھنا کہ عیاں ہل آتی میں ہے
مسکین کے بعد ذکر یتیم و یسیر کا

تھوڑا بہت :۔ جُرب ف خشک ف

تھوڑا پانی :۔ رَنیض ع وَشل ع آب باریک ف آب تنک ف

تھوڑا تھوڑا پینا :۔ جُرع ع

تھوڑا تھوڑا سمجھنا :۔ تَفہّم ع

تھوڑا تھوڑا کر کے تقسیم کرنا :۔ تفاریق ع

تھوڑا حصّہ کا :۔ جُزدی ف

تھوڑا زمانہ :۔ لمحہ ع لمحات ع دَورُوزہ ف

تھوڑا کرنا :۔ تقلیل ع

تھوڑا کھانا :۔ ماحضر ع

تھوڑا گزارہ :۔ آزوقہ ع

تھوڑی اور حقیر چیز :۔ تافہ ف حُطام ع زہید ع شماح ع قدرمایہ ف کلتہ ف کم ف اندک ف لِسام ع نُبذ ع قرطعب ع نقیر ع

تھوڑی لُو :۔ شمّہ ع

تھوڑی چیز پر راضی ہونا :۔ قناعت ع

تھوڑی چیز پر صبر کرنے والا :۔ قانع ع مُقتفر ع

تھوڑی دُور رخصت کرنے کے لئے جانا :۔ مشایعت ع

تھوڑی دیر ٹھیرنا :۔ وَقفہ ع

تھوڑی دیر میں سال آتا ہے :۔ کلاہ راگردن می آید ف

تھوڑی دیر نظر کرنا :۔ لحظہ ع

تھوڑی روشنی :۔ لمعہ ع

تھوڑی سی جان :۔ رَمق ع ارماق ع

تھوڑی سی قیمت :۔ شانہ بہا ف

تھوڑی مُدت :۔ چندے ف کمتر روزگار ف چشم برہم زدن ف

تھوڑے سے متفرق لوگ :۔ القاط ع

تھوڑے لفظوں میں بہت مطلب ادا کرنا :۔ بلاغت ع

تھوک :۔ بُزاق ع تُف ع خیو ف آب دہن ف خیوک ف رضاب ع ریق ع لُعاب ع بُصاق ع تفوف ع تہو ف خدو ف مجاج ع مَرغ ع کبیح ف تہ ف خبزی ف کفیح ع

تھوکنا :۔ قَرع ع بَصق ع بُسق ع تَفُوف ع

تھوہڑ کا درخت :۔ زقّوم ع زاہل ع جُدوار ع ضریع ع

تھیٹر :۔ مَرسح ع

تھیلا :۔ خَلِیّہ ع انبان ف خورجی ف خرج ع خرجین ف فوطہ ع

تھیلی :۔ زنبیل ع صُرّہ ع ہمیانی ف کیس ف کیسہ ف مطرح ع مطارح ع بے رُو ف پاکت ف بلیّہ ع بدرہ ع

تھیلے :۔ جوالق ع

ٹ

ٹ :۔ لفظ کے آخر میں واؤ کے اضافے سے بعض حالات میں مصدری معنی دیتی ہے جیسے رکاوٹ، لگاوٹ وغیرہ۔ ہندی حرف ہے، عربی فارسی میں نہیں آتا۔

ٹاپو :۔ جزیرہ ع جزائر ع آدرک ف آب خوست ف آب خون ف

ٹاٹ :۔ پلاس ف بلاس ع خشن ف جلس ع تجیرکتان ف

ٹاٹ بیچنے والا :۔ بلاس ع

ٹال مٹول :۔ برک و مکر ف لیت و لعل ع لاو نعم ع

ٹال مٹول کرنا :۔ مماطلت ع

ٹانگ :۔ پا ف دیکھو پیر۔

ٹانگر :۔ عَرادہ ع

ٹائپ رائٹر :۔ آلۂ کتابت ع آلۃ الکتابۃ ع

ٹائم پیس :۔ ساعت مجلسی ف

ٹائی :۔ ربطۃ الرقبۃ ع

ٹپکانا :۔ تقطیر ع چکاندن ف

ٹپکانے والا :۔ مقاطر ع

ٹپکتا ہوا :۔ چکان ف

ٹپکنا :۔ تراوش ف تراویدن ف چکیدن ف انصباب ع

ٹٹو :۔ تاتو ف

ٹخنہ :۔ شتالنگ ف کعب ع بسل ع بجول ع بنگ ف دزدل ف

ٹڈا:۔ اَبُوعَوف ع

ٹڈی:۔ جراد ع مَلخ ف

ٹڈی دل:۔ رِجل ع طُبق ع طَبَق ع

ٹڈی کی آواز:۔ صَرِیز ع

ٹرام:۔ آہن اسپی ف

ٹرین:۔ قاطِرَہ ع قواطِر ج

ٹکا ہوا:۔ قائِم ع قیام پذیر ف

ٹکٹ:۔ تَذکِرَہ ع

ٹکٹکی باندھنا:۔ تَحلَق ع تحملاق ع

ٹکرانا:۔ بہم خوردن ف تصادُف کردن ف تصادُم ع

ٹکڑا:۔ جُزو ع اَجزاء ج حِصہ ع حِصَص ج قِسِیم ع اَقاسِیم ج
نِکث ع اَنکاث ج قِسط ع اَقساط ج قِطَع ع اَقطاع ج
فُضاض ع نَبذ ع پارچہ ف پارہ ف پُرزہ ف پُرز ف پرکالہ ف
پَیوند ف ریزہ ف سان ف قوازہ ع شِعبَہ ع شُقَّہ ع طَرَف ع
اَطراف ج زُلفَہ ع زُلَف ج فارسی والے اپنے تصرف سے اس لفظ
کو لام کے جزم سے زُلف پڑھتے ہیں۔ چوں کہ اس کے معنی رات کا ایک
حصہ بھی ہیں اس لئے مجازاً بالوں کی لٹ جو کانوں کے قریب ہوتی ہے قرار
دیتے ہیں۔ فِرق ع کِسفَہ ع کِسَف ج فُلاقت ع فَلاق ج فِلقَہ ع
فِلَق ج بَعض ع کِفل ع

ٹکڑا ٹکڑا:۔ ہَلال ہَلال ع پارہ پارہ ف لخت لخت ف شَرحَہ شَرحَہ ع

ٹکڑے ٹکڑے کرنا:۔ تَحزِیق ع مُصَمَّد ع حَتم ع ہَبرَہ ع تَقطِیع ع
عروض کی اصطلاح میں شعر کے اجزاء کو ارکانِ بحر کے متحرک اور ساکن
حروف کے مطابق جانچنے کو تقطیع کہتے ہیں۔ واضح ہو کر تقطیع میں زیر،
زبر اور پیش کا کوئی فرق نہیں ہوتا۔ چنانچہ حالت، فرقت اور تیزی کا
وزن فعلن ہوگا۔ تقطیع میں صرف حروف مَلفُوظی معتبر ہیں۔ حروف
غیر ملفوظی شمار نہیں ہوتے۔ تَفلِید ع تَقنِیف ع تَمازی ع تَقَطُّع ع

ٹکڑے ٹکڑے ہونا:۔ تَہافُت ع باریدن ف تَفَتُّت ع

ٹکڑے ٹکڑے ہونے والا:۔ مُنشَق ع

ٹکڑے کرنے والا:۔ مُحَرِّق ع

ٹکڑے کیا گیا:۔ مَقطُوع ع

ٹکسال:۔ دِرَم سَرا ف دارُالضَّرب ع

ٹکیا:۔ رَغِیف ع قُرص ع گِردَہ ف

ٹماٹر:۔ سَماق ع طَمطَم ع

ٹنٹا:۔ اَجذَم ع اَقطَع ع چلاق ف اَشَل ع

ٹنڈی:۔ ناف ف سُرَّہ ع

ٹوپی:۔ بُرطُلَہ ع اَفسَر ف تُلپاق ت تاقی ف کُلاہ ف عِزَّت ع
اردو میں اس معنی میں مستعمل ہے۔ تُلنُس ع تَلَنسَہ ع تُلپاق ف
بُنتاق ف بُنطاق ع بَغلَتاق ف بَنلطاق ع

ٹوپی اچھالنا:۔ کلاہ اَخذ افگن ف

ٹوپی پہننا:۔ تَقَلنُس ع تَقَلُّس ع

ٹوپی کا پھندنا:۔ منگولہ ف

ٹوٹا (بمعنی گھاٹا، نقصان) خُسران ع نقصان ع

ٹوٹا پھوٹا:۔ تال و مال ف فُطُور ع مَفقُوص ع شِکستہ ف حَطِیم ع
کَسَر ع مُنفَصِم ع مُنکَسِر ع نَقص ع کَسِیر ع

ٹوٹ جانا:۔ تَقَصُّد ع تَقَصُّم ع تَقَمُّع ع تَقَصُّف ع

ٹوٹنا:۔ شِکَستَن ف اِنقِصام ع مُنقَصِت ع تَہَتُّم ع گُسَستَن ف
(بضم اول و فتح ثانی)۔

نظامی ؎ آں سلسلہ را کہ بند بگسست
چوں حلقۂ کعبہ دید در دست

ٹوٹنے والا ستارہ:۔ آسمانی تیر ف شِہاب ع

ٹوٹے ہوئے کو جوڑنے والا:۔ جَبّار ع جَبابِرَہ ج

ٹوکرا:۔ قُفَّہ ع تُودہ ف سَبَد ع بَردَندہ ف

ٹوکری:۔ سَلَّہ ع سِلال ج سَبَد ع زَبِیل ع زَنابِیل ج

ٹونٹی:۔ مِنک ع تُولہ ف لَولَب ع رُوبِینَہ ف اَنبُوبَہ ف نائِزہ ع

ٹونٹی دار لوٹا:۔ آفتابہ ف

ٹونٹی والے برتن:۔ اَبارِیق ع

ٹہلنا:۔ تہانگ ع رَمَل ع چہل قدمی ف سَیر ف تَمَیُّس ع تَفَلفُل ع

ٹہنی:۔ فَرع ع فُرُوع ج ارکانِ شعر میں فرع تغیر و تبدل کو کہتے ہیں

عروضی اس کو مُزاحِف تحریر کرتے ہیں جیسے فاعلاتن اور فاعلن کا الف گر کر فعلاتن اور فعلن ہو جائے۔ سالم ارکان میں زحاف واقع ہوتے ہیں اور کبھی مُزاحِف رکن میں بھی مزید تغیر و تبدل ہو جاتا ہے۔ شاخ ف۔ فَنَن ع۔ افان، افانین ع۔ غُصن ع۔ اَغصان ع

ٹیپ کا مصرع:۔ مَثانی ع

ٹیڑھا:۔ خمیدہ ف۔ رائغ ع۔ کَز ف۔ مُعوَّج ع۔ مُنثَنی ع۔ جَفت ف۔ اُریب ف۔ اُردَب ف۔ حِقف ع۔ کِیل ف۔ نَوان ف۔ چَول ف۔ خَبل ف۔ نِہل ف۔ خُہلہ ف۔ کِج ف۔ خَفتہ ف۔ حادّہ ع۔ نَواشتہ ف۔ سَرنگوں ف

ٹیڑھاپن:۔ خَم ف۔ کج ف۔ کجی ف۔ عِوَج ع۔ تَوریب ع۔ اِعوجاج ع

ٹیڑھا چلنا:۔ اِعتِساب ع

ٹیڑھا کرنا:۔ تَعویج ع۔ اِمالَہ ع۔ تَوریب ع۔ عَطف ع۔ تَعوُّج ع

ٹیڑھا کرنے والا:۔ مُحَرِّف ع

ٹیڑھا ہونا:۔ صَغو ع۔ اِنعِطاف ع۔ تَعَرُّض ع۔ اِنحِنا ع۔ اِعوجاج ع

ٹیڑھی سمجھ کا:۔ غَوِی ع۔ غَبی ع۔ کج رَو ف۔ کم فہم ف۔ کم عقل ف۔ عُول ف۔ غَبین ع

ٹیڑھے منہ والا:۔ تاتُول ف

ٹیکا: قَشقَہ ع

چوکیداری:۔ باروفی ف، یتاق ت، پاسداری ف، حِفاظ ع، حِفاظت ع، عَصَم ع، پاسبانی ف

چوکھٹ:۔ پستان ف، شُدّہ ف، آستانہ ف، وَصید ع، عَتَبہ ع، عَتبات ج، کرپاس ف، پیستام ف، وصیدہ ع، چہارچوبہ ف، بالانہ ف، درتیچ ف، بالان ف، دُہلیز ف، دِلہیز مع

چوکھٹ کے اوپر کی لکڑی:۔ مکَنَد ف، بَلَنَد ف، بلَنَدی ف

چوگان:۔ صولجان مع، میجار ع، مِحجَن ع

چوگان:۔ یہ لفظ مخفف ہے چوگان کا جو مرکب ہے چول بمعنی خمیدہ اور گان کلمۂ نسبت سے صولجان اسی کا معرب ہے۔ وہ کھنڈا جو سر کی طرف سے ٹیڑھا ہو۔ منیر۔

تری پوشاک تاری وصل کی شب دست بازی میں
ہمارا ہاتھ چوگان بن گیا گوئے گریباں کا

چوگان کھیلنے کا میدان:۔ اَنگاہ ف

چوگان کھیلنے کی گیند:۔ گوئے ف، مِحجَن مع

چولائی:۔ بقلۃ الیمانیہ ع

چولہا:۔ اَجاق ت، اوجاغ ت، وُجاق ع

چوما ہوا:۔ مُلتَثَم ع

چومنا:۔ لَثَم ع، لَثم ع، بُوس ف، بوسہ ف، بوسیدن ف، اِلتِثام ع، قُبلہ ع، تَقبیل ع

چومنے والا:۔ مُلتَثِم ع، مُقبِّل ع

چومی ہوئی چیز:۔ ملیچیں ف، مُقبَّل ع، مُلتَثَم ع، مَلثوم ع

چونا سفیدی والا:۔ جَیّار ع

چونا:۔ لیاط ع، اہَک ف، نُورہ ع، جَیّار ع، جَصّ ع

چونا بنانے والا:۔ جَصّاص ع

چونا پکانے کی بھٹی:۔ داش ف

چونچ:۔ مِنقار ع، مُنقب ع، کَلَفت ع، حَنک ع، قُشریہ ع، دجنگ ف، نُوک ف، نَول ف

چونری:۔ مگس ران ف

چوہا:۔ مُوش ف، رشیمہ ع، کُشک ع، سَپتان ف، خارہ ع، فِران ع، خارہ ع، فارہ ع، فُرَد ع، مُرزن ع، مُقرَّب ع، جُرذ ع، مُرَزہ ف

مگس ران

چوہے کا بچہ:۔ دِرص ع

چوہے کا بل:۔ مَغارہ ع

چوہے مار دوا:۔ تُنک ع

چہچہانا:۔ تغرید ع، غَرد ع

چہرہ:۔ مُحیّر ع، دیباچہ ف، دیباجہ ع، رُو ف، صورت ع، صُور ج، شکل ع، اَشکال ج، حِلیہ ع، حُلا تو لکھا اکثر اہل علم تک حُلیہ (بالضم) بولتے ہیں اور لکھتے ہیں حالاں کہ حُلیہ بالضم کے معنی چہرہ نہیں لباس کے ہیں۔ مَنظر ع، مَناظر ج، رِقعہ ع، سحنہ ع، مُحیّا ع، مُحیّی ع۔ مندرجہ ذیل الفاظ چہرہ سے تشبیہ دینے کے لیے مستعمل ہیں۔ ماہ۔ آفتاب۔ شمع۔ چراغ کعبہ۔ مصحف۔ گل۔ شعلہ۔ مشعل۔ شعلۂ طور۔ تجلیٔ طور۔ مہ

لالہ زار بنے۔ بیخ گلشن۔ گلزار۔ چمن۔ بہشت۔ باغ ارم۔

چہرہ کا چمکنا :- تدمیز۔ سحنہ

چہرہ کا خوشی سے چمکنا :- تہلل

چہرہ کی رونق :- وجاہت۔ خوب روئی

چہلم :- چالیسواں اور چالیس سے نسبت رکھنے والا۔ وہ رسم جو میت کے سوا مہینہ بعد ادا کی جاتی ہے۔ شعراء نے بسکون ہائے ہوز استعمال کیا ہے۔ دبیر سے

چہلم جو کربلا میں بہتر کا ہو چکا
پیوند بے کسوں کے تن و سر کا ہو چکا

چیتا (درندہ) :- یوز۔ پلنگ۔ ببر۔ نمر۔ نمرہ۔ نمور۔ فہد۔ زغند

چیتے کی آواز :- زغند

چیتے کی کھال کا کپڑا :- پلنگینہ

چیتھڑا :- رقعہ۔ ژندہ

چیچڑی :- قملہ۔ قمل۔ قیلہ۔ کلبی

چیچک :- آبلہ۔ گبوب۔ جدری۔ سیتلا۔ ماتا۔ کھسرا۔ نادانف اس لفظ کو خسرہ لکھتے اور بولتے ہیں جو غلط ہے۔ اصل میں خسرہ اور کھتونی دو الگ الگ دو کتابیں ہیں جن میں کھیتوں کے نمبر اور ان کی پیمائش درج ہوتی ہے۔ بیماری کے معنی کھسرا ہی لکھنا اور بولنا چاہیئے۔ آبک۔ نفطہ۔ کرتہ

چیچک رو :- مجدر

چیچک کا ٹیکا لگانا :- آبلہ کوبیدن

چیچک کا مریض :- مجدر

چیچک کے آبلے :- حاق۔ حاق

چیخ پکار :- زفیرہ۔ صیحہ۔ صیاح

چیخنا :- صراخ۔ تصلق۔ شہقہ

چیخنے والا :- صارخ۔ غراں۔ صخاب۔ فریادرس

چیرنا پھاڑنا :- فطر۔ فلج۔ قدح۔ کوفتن۔ اشتقاق

چیڑ کا تیل :- قطران۔ عین القطر

چیڑ کا درخت :- عرعر۔ درخت کاج

چیز :- چی (چیز کا مخفف) شے۔ آشیاء۔ شوغ

چیز جس پر رات گزر چکی ہو :- شبینہ

چیز جس پر قدرت حاصل ہو :- مقدور

چیز جس سے کھلی جگہ بھری جائے :- حشو۔ انبارش

چیز جس کا ملنا دشوار ہو :- دور دست

چیز جس کی حفاظت کی جائے :- امانت

چیز جو جھاڑو سے ہٹائی گئی ہو :- کناسہ

چیز جو راستے میں پڑی ہوئی ملے :- لقطہ

چیز کا دوسری چیز سے میل نہ کھانا :- تفاوت

چیز کا گوشہ :- زاوی۔ زاویہ۔ زوایا

چیز کو دوسری چیز پر مارنا :- قرع

چیز کو پاؤں سے ہٹانا :- رفس

چیز کو زبان سے چاٹنا :- لعلق

چیز کو کم قیمت چیز میں ملانا :- غش

چیزیں :- اشیاء۔ اصول۔ دیکھو "اصول"

چیل :- موش خورہ۔ پٹرن۔ چوزہ رباۓ خات۔ گوشت ربا۔ مرغ گوشت ربا۔ غلیواز۔ زغن۔ کید۔ غادہ۔ لاچین۔ حول

چین (ملک) :- صین

چین بجبین ہونا :- دوسر کردن۔ سرکوفتن۔ سرگراں شدن

چیپ :- لزوجت۔ لعاب

چیپ دار چیز :- لزج

چینی کا پیالہ :- کاسۂ فغفور

چیونٹی :- مورچہ۔ مور۔ خاول۔ نمل۔ زمول۔ دسمہ۔ ذرہ۔ طشریح۔ خاورغ

چیونٹی کا انڈیا :- مازن

چیونٹی کی چال :- دبیب

چیونٹیوں کی قطار :- نیسب

چھ

چھ (۶) :- ستہ۔ شش

چھاپا :- چاپ۔ مہر۔ خاتم

چھاپا خانہ :- مطبع

چھاپا مارنا :- بیات

چھاپنا :- اِشاعت ۔ چاپ کردن ۔ طبع ۔
چھاتی :- خرتہ ۔ پستان ۔ ثدی ۔
چھاتیوں کا ابھار :- نہود ۔
چھ استار کا وزن :- سکرجہ ۔ ساڑھے چار مثقال وزن کا ایک استار ہوتا ہے ۔
چھ برس کا اونٹ :- مسنہ ۔
چھاچھ :- دوغ ۔ مخیض ۔
چھاگل :- ابریق ۔
چھالا :- نفطہ ۔ دیکھو آبلہ ۔
چھالیا :- پوپل ۔ فوفل ۔
چھانٹا ہوا درخت :- مخضود ۔
چھانٹنا :- پیراستن ۔ اِصطفاء ۔ اِنتخاب ۔ اِجتباء ۔
چھاننا :- بیختن ۔ تنخل ۔ بیزیدن ۔
چھاؤنی :- اُردو ۔ اس لفظ کی جامع تحقیق کے لئے دیکھو سرسید کی آثار الصنادید ۔ معسکر ۔

چھپانا :- کتم ۔ پوشیدن ۔ اِختفاء ۔ کتم ۔ ہمس ۔ اصطلاحاً حرف کو ادا کرتے وقت آواز کا مخرج میں ایسی کمزوری سے ٹھہرنا جس سے سانس جاری رہ سکے ۔
ادہان ۔ اِستار ۔ کتام ۔ تدسس ۔ نہفتن ۔ دس ۔ نہلوں ۔ موارات ۔ کفر ۔ تعمیہ ۔ اکتنام ۔ خبع ۔ تعظی ۔ تعشی ۔ غفر ۔ تب ۔ تشکیل ۔ تستیر ۔ تخافت ۔ اِضمار ۔ تغمد ۔ تغمیۃ ۔ تعمیہ ۔ اِسرار ۔ تقیہ ۔
چھپانے والا :- غافر ۔ غفیر ۔ کاسف ۔ ساتر ۔ کافر ۔
چھپا ہوا :- خفیہ ۔ خفایا ۔ کنیف ۔ خباء ۔ خبایا ۔ مختفی ۔ نہاں ۔ ملتبس ۔ پوشیدہ ۔ پنہاں ۔ کدیر ۔ خفی ۔ مخفی ۔ روپوش ۔ خفی ۔ اصطلاحاً قافیہ کی اس تکرار کو خفی کہتے ہیں ۔ جو بادی النظر میں معلوم نہ ہو جیسے دانا بینا اور حیران سرگرداں ۔ آب و گلاب ۔ یاد و فریاد ۔ دل عنادل وغیرہ ۔ اساتذہ نے خفی کو جائز قرار دیا ہے لہٰذا آسمان اور انسان ' ارمان اور درمیان ۔ تصویر اور تنویر کے قوافی درست ہیں ۔ غالب ۔ حسن مہ گرچہ بہنگام کمال اچھا ہے
اس سے میرا مہ خورشید جمال اچھا ہے
یہاں دونوں جگہ مال کی تکرار تو موجود ہے مگر لفظ کے واحد معنی پر تکرار نہیں پائی جاتی ہے ۔ اس کے برعکس قافیہ کی کھلی تکرار کو جلی کہتے ہیں جو لفظ "معنی" اور ترکیباً یکساں ہو ۔ جیسے ۔ بن سنور کر تو نہ جا گلزار میں
پھول کملا جائیں گے گلزار میں
یہاں "میں" ردیف ہے اور گلزار دونوں جگہ بصورت قافیہ اس لئے لفظاً معنیً تکرار موجود ہونے کی وجہ سے عیب ہے ۔ جن ۔ جن کا مادہ (ج ن ن) ہے اصل الجن ستر الشئی من الحاسۃ (راغب) کل شئی ستر عنک فقد جن عنک (جمہرہ ابن درید و لسان العرب) اسی بنا پر ہر چیز کے جوف کو جناں کہتے ہیں جو نظر نہ آئے ۔ روح اور دل کو جنان اس لئے کہتے ہیں کہ وہ جسم و سینہ کے صندوق میں چھپے ہوئے ہیں ۔ حریم خانہ کو بھی جنان کہتے ہیں کہ وہ چار دیواری میں چھپا ہوا ہوتا ہے ۔ باغ کو جنان کہنے کی وجہ بھی یہی ہے کہ درختوں کے جھنڈ اس کی زمین کو چھپا لیتے ہیں ۔ اگر باغ میں یہ صفت نہ ہو تو اس کو جنت یا جنان نہیں کہہ سکتے ۔ بچہ جب تک ماں کے پیٹ میں ہے جنین ہے رحم کو بھی جنین کہتے ہیں ۔ میت جب دفن کر دی جائے تو وہ بھی جنین ہے حتیٰ کہ قبر اور کفن کے لئے بھی یہ لفظ آیا ہے ۔ متلبس ۔ مکنون ۔ مکنی ۔ مکنور ۔ محتجب ۔ محجوب ۔ کامن ۔ مستتر ۔ نہفتہ ۔ ملتبس ۔ سربستہ ۔
چھپا ہوا :- مطبوع ۔ مطبوعہ ۔
چھپایا ہوا :- مغمد ۔
چھپ جانا :- غرب ۔
چھپر :- کدہ ۔ نشت ۔ ورد وک ۔ سپانغ ۔ خص ۔
چھپر کھٹ :- حجلہ ۔ رجال ۔ آریکہ ۔
چھپ کر بات سننا :- اِستراق ۔
چھپ کر بات سننے والا :- مسترق ۔
چھپکلی :- کربس ۔ کربو ۔ گل مموذ ۔ کرلیسہ ۔ کرباسو ۔ کرلشی ۔ وزغ ۔ چلپاسہ ۔ بزغ ۔ وذغہ ۔ سام ابرص ۔ کرفش ۔
چھپنا :- اِنطباع ۔
چھپنا :- کموس ۔ نہفتن ۔ خزم ۔ خنوس ۔ تواری ۔
چھپنے کی جگہ :- مکن ۔ مکامن ۔ کمین گاہ ۔
چھپنے والا :- متواری ۔ مستور ۔ کامن ۔ محتجب ۔ مکتنی ۔
چھپنے والی چیز :- مستورہ ۔
چھپی ہوئی حرکت :- رَوم ۔ جیسے پیار اور پیاس میں "ی" کی حرکت ۔

چھت :- فرزہ ، سقف ، مسقوف ، رواق ، سطح ، مشکوح ، سمار ساوات ، سمک ، والار ، ورسیج ، غمار ، اغار ، صفہ ، تیل

چھت پر غلسخانہ :- کریاس

چھت دار زینہ :- ناغول

چھتری :- آفتاب گیر ، شمسیہ ، ظلّہ

چھت سے بارش کا ٹپکنا :- وزرہ ، وکیف ، توکاف ، وکف

چھت کا روشن دان :- بادریہ

چھٹا حصہ :- مسدس ، سادس ، ششم

چھٹکارا :- خلاص ، خلاصی ، نجاح ، تخلّص ، شعراء کے اس مختر نام کو بھی تخلص کہتے ہیں جیسے وہ اپنے کلام میں نظم کرتے ہیں جیسے مرزا رفیع کا تخلص سودا، حیدر علی کا آتش اور مرزا اسد اللہ خان کا غالب تخلص تھا

چھٹکارا پانا :- تمحیص

چھٹی :- تعطیل ، بطالت ، رخصت ، اجازت ، فرخصی

چھجا :- رواق ، ظلّہ ، سائبان ، لبِ بام ، لبہ

چھچھورا :- کم ظرف ، سفلہ

چھچھورا پن :- سخف ، تلوّن

چھچھوندر :- موش کور ، موش کور ، خلد

چھ حصوں میں تقسیم کرنا :- تسدیس

چھدا ہوا :- مثقوب ، منقوش

چھرا :- ساطور ، تمقام

چھری :- سکین ، سکاکین ، گزلک ، الماس ، کارد ، پیپاق ، نوالہ بُر ، بچاق

چھری پر دھار کرنا :- تحدید ، سنو

چھری کا دستہ :- شفیرہ

چھری کی نوک کی تیزی :- نیش

چھڑانا :- استخلاص ، تخلیص ، تفکیک ، تنقیذ

چھڑایا گیا :- مستخلص

چھڑکا ہوا پانی :- ترشّح

چھڑکاؤ :- آب پاشی

چھڑکنا :- پاشیدن

چھڑی :- چوب دستی ، باہو ، نخق ، انعاق ، مِسنی ، تاباق ، منساۃ ، عصا ، معصیا

چھکڑا گاڑی :- گردون ، ارابہ

چھلانگ :- سیکزہ

چھلانگ مارنا :- شلنگ ، تقفز

چھلکا اتارا ہوا :- مقشّر

چھلکا اتارنا :- تقشیر

چھلکا اتارنے والا :- قاشر

چھلکا جو غلہ کے دانہ پر ہوتا ہے :- عنف

چھلنی :- ماشوب ، ماشورہ ، ہلہاں ، منخل ، عزویزن ، غلبیر ، نان خرچگ ، نرم بیز ، پرویزن ، ماشو ، گرباں ، پیزن ، عزباں ، غربہ

چھلنی فروش :- الکی

چھنگلی :- خنصر ، خنابر ، کالوچ ، کلک ، کابلیچ

چھوارا :- خرمائے برقوم ، رطب

چھوارے کا درخت :- سکہ

چھوارے کی گٹھلی کا گڑھا :- نقیر

چھوٹا :- کہ ، کوتاہ ، کوہ ، کوچک ، صغیر ، صغار ، خرد ، واؤ کے ساتھ خورد غلط ہے

چھوٹا آبلہ :- بثرہ ، بثور

چھوٹا بچہ :- سلالہ ، کودک

چھوٹا بچھونا :- غالیچہ ، قالیچہ

چھوٹا بکس :- صندوقچہ ، طبلہ

چھوٹا پن :- صغارت ، کوچکی

چھوٹا تالاب :- شیز ، فرز

چھوٹا تیر :- ناوک

چھوٹا تکیہ :- نمرق ، نمرقہ

چھوٹا جھنڈا :- بیرق

چھوٹا حوض :- خانی

چھوٹا خیمہ :- سراچہ ، سراکچہ

چھوٹا دروازہ :- بایکہ

چھوٹا ڈھول:۔ تُنبک ف

چھوٹا طشت:۔ طاسک ع

چھوٹا غلام:۔ عُبید ع

چھوٹا کرتا:۔ قُرزہ ع

چھوٹا کرنا:۔ تصغیر ع

چھوٹا گدھا:۔ خرک ف

چھوٹا گڑھا:۔ حُوچی ت

چھوٹا گھر:۔ کاشانہ ف کلبہ ت سراچہ ف سراکچہ ف حجرہ ع

چھوٹا مٹکا:۔ خُمرہ ع

چھوٹا موتی:۔ مرجان ع

چھوٹا نیزہ:۔ شل ف بیراق ف

چھوٹا ہوا:۔ رستہ ف رہا ف آزاد ف خلاص ف بری ف ول ع

چھوٹی آنکھ والا:۔ اخفش ع

چھوٹی انگلی کے پاس والی انگلی:۔ بنصر ع

چھوٹی اور حقیر چیز:۔ طفیف ع

چھوٹی برچھی:۔ سیگر ف

چھوٹی بوندوں کی بارش:۔ ترشح ع رذاذ ع

چھوٹی پیالی:۔ فنجان مع

چھوٹی ترازو:۔ سنگزن ف

چھوٹی توپ:۔ زنبورک ف زنبورہ ف

چھوٹی تھالی:۔ رکابی ف تھاسک ف

چھوٹی ٹوکری:۔ بادیہ ف

چھوٹی چٹائی:۔ خُمرہ ع

چھوٹی چیز:۔ صغریٰ ع

چھوٹی چیونٹی:۔ ذرّہ ع ذرات جمع

چھوٹی سی پگڑی:۔ تخفیفہ ع

چھوٹی شاخ:۔ شاخچہ ف

چھوٹی عمر کا:۔ نوعمر ف کم سال ف کم سن ف نابالغ ع

چھوٹی عورت:۔ صغریٰ ع

چھوٹی قندیل:۔ قمقمہ ع

چھوٹی کشتی:۔ زورق ع ڈونگی ہ غُراب ف قایق ت گرجہ ف شلبک ف شنبوک مع بجرا ف آب گرداں ف فلوکہ ع ملکوکیہ ع قارب ع لوتکہ ف قایق ت

چھوٹی لڑکی:۔ دُخترک ف

چھوٹی ندی:۔ خلیج ع علجم ع ساقیہ سواق ع

چھوٹی نہر:۔ قنات ع قُنوت وقنوات وقنوات ع

چھوٹے چھوٹے آئینے جو پرانی وضع کی عمارتوں میں لگائے جاتے ہیں:۔ شمسہ ع

چھوٹے چھوٹے کنکر:۔ حصار ع جمرہ واحد ہے۔

چھوٹے سائز کا قرآن شریف:۔ حمائل ع

چھوٹے قد کا احمق آدمی:۔ حبنق ع (ح ب ن ق)

چھوٹے قد کا آدمی:۔ رجیل ع مقطع ع غزل، قصیدہ وغیرہ کے آخری شعر کو بھی مقطع کہتے ہیں

چھوٹے منہ کا کنواں:۔ سَنک ع

چھوٹا ہوا:۔ متروک ع مہمل ع

چھوڑ دینا:۔ تخلیص ع ارخاء ع اطلاق ع ہشتن ف گذاشتی ف رفض ع قدا ف گذاردن ف خِدلان ع

چھوڑنا:۔ ول ع اہمال ع ہلیدن ف رفض ع فروگذاشت ف ترک ع اعفار ف ہاب ع

چھوڑنے والا:۔ تارک ع

چھونا:۔ مس ع مساس ع (بالکسر) کیونکہ مفاعلہ کا اسم بروزن قتال ہے لمس ع ملامست ع ملابہ ع

چھونے والا:۔ لامس ع

چھیپ:۔ کلف ع

چھید کرنا:۔ زکاح ع نقب ع تثقیب ع

چھید کرنے والا:۔ ناکح ع

چھیڑنا:۔ تحریش ع

چھیلا ہوا:۔ مُقشر ع منحوت ع مخروط ع

چھیلن:۔ رندش ف

چھیلنا:۔ حک ع خراش ف تقشیر ع نحت ع تقشیر ع

چھیلنے والا:۔ قاشر ع

چھینا جھپٹی:۔ کشاکش ف

چھنا ہوا :۔ مسلوب ع

چھینک :۔ عطاس ع، اشنوسہ ف، عطسہ ع، ستوسر ف، شنوسہ ف

چھینکا :۔ تمام ع، (دکام ام)

چھینک لانے والی دوا :۔ معطس ع

چھینکنا :۔ خفیدن ف، عطس ع، عطاس ع

چھینکنے والے کو نیک دعا دینا :۔ تشمیت ع، تسمیت ع

چھین لینا :۔ سلب ع، غصب ع

چھیننے والا :۔ سالب ع، غاصب ع

ح

ح :۔ یہ حرف فارسی میں نہیں آتا۔ حیز و حال جو لفظ فارسی کے مشہور ہیں وہ دراصل ہائے ہوز سے تھے۔

حاجت :۔ وطر ع، اوطار ج، وایہ ع، نیاز ف، طلبت ع، آرزو ف، خواہش ف، احتیاج ع

حاجت پوری کرنا :۔ نجاح ع، نجح ع

حاجت مند :۔ محتاج ع

حاجیوں کی عبادت کے مقام :۔ مشاعر ج، مناسک ج

حادثہ :۔ داہیہ ع، پیشو ف، خطب ع، صارف ع، صوارف ج، سرگزشت ف، نازلہ ع، نوازل ج، صادثہ ع، واقعہ ع، وقائع ج، نائبہ ع، نوائب ج، عرق ع، عرّاف ع، فاقرہ ع، طارقہ ع، طوارق ج

حاشیہ چڑھانے والا :۔ محشی ع

حاشیہ چڑھایا ہوا :۔ محشّٰی ع

حاشیہ دار شال :۔ ترمہ ف

حاصل :۔ آغاشہ ف، تعاطی ع

حاصل جو بطور نفع حاصل ہوا ہو :۔ مستفاد ع، نتیجہ ع، نتائج ج

حاصل کرنا :۔ توختن ف، آغاشتن ف، تحصیل ع، نیل ع، کسب ع، اکتساب ع

حاصل کرنے والا :۔ محصل ع، کاسب ع، مکتسب ع

حاصل کلام :۔ القصہ ع، بالجملہ ع، فی الجملہ ع

حاصل کیا ہوا :۔ ماحصل ع، محصول ع

حاصل ہونا :۔ حصول ع

حاضر :۔ عتید ع، موجود ع، مہیا ع

حاضر جواب آدمی :۔ تعلوت ع، تعلاتہ ع

حاضر جوابی :۔ تلق ع

حاضر کی جمع :۔ حضار ع، حاضرین ع

حاضر ہونا :۔ مشہد ع

حاضر ہونے کا وقت :۔ محضر ع

حاضر ہونے والا :۔ شہود ع، ناجز ع

حاضری :۔ تحضیر ع

حاضری چاہنا :۔ استحضار ع

حاضری دینا :۔ تلبیہ ع، حضور ع، شہود ع

حاکم :۔ وازع ع، سلطان ع، فیصل ع، قائد ع، کارفرما ف، فرزبان ف، مجوز ع

حاکم سرحد :۔ مرزبان ف

حاکم شرعی کا حکم :۔ دجیرہ ع، فتویٰ ع، فتاویٰ ج

حاکم کے پاس دادرسی کو جانا :۔ محاکمہ ع

حاکم کے سامنے اپنا دعویٰ پیش کرنا :۔ مرافعت ع

حاکم ہونا :۔ ولایت ع

حال :۔ روداد ف، چگونگی ف، کیفیت ع، کیفیات ج، کوائف کو کیفیت کی جمع سمجھنا غلط ہے۔ حالت ع، شان ع، شیون ج، نوبت ع، اوقات ع، یہ وقت کی جمع ہے کبھی واحد کی جگہ مونث استعمال کیا جاتا ہے۔ مختلف معنوں میں تانیث کے ساتھ واحد مستعمل ہے گزارے کی صورت میں ؎

اپنا حصہ چاند سورج ہیں یہی دو روٹیاں
حال ہے رزاق گردش مری اوقات کا

زندگی کے معنی میں جیسے شوق نے کہا ہے ؎

کیا ترے پیچھے تنگ سب اوقات
دن کو دن سمجھے اور نہ رات کو رات

گزر بسر۔ حالت۔ ناسخ ؎

گاہ روتا ہوں کبھی ہنستا ہوں اپنے حال پر
کوئی بھی ہوگا دنیا میں مری اوقات کا

حال بدلنا :۔ استحالت ع

حالی کا بُرا ہونا:۔ اِنتعاش (اف ق ا ع)

حال کی جمع:۔ اَحوال عام اردو میں بجائے واحد مستعمل ہے۔ آتش ؎

ہو گئی زاں بگبر سے معلوم کیا تجھ کو نہیں

مارِ نخوت سے ہوا احوال کیا ضحاک کا

حاملہ اونٹنی:۔ واسق

حاملہ شیرنی:۔ مُوَاس

حاملہ عورت:۔ مُلقوحہ۔ مُنفرت۔ آبستہ۔ حُبلیٰ۔ حُبالیٰ۔ حُبالیٰ حُبلی کی جمع بقاع

حاملہ ہونا:۔ لِقاح

حاوی عورت:۔ حاویہ

حاوی ہونا:۔ اِحتواء

حباب:۔ غنچۂ آب۔ دیکھو پانی کا بلبلہ، بلبلہ۔

حبشی:۔ شیدی

حبشی غلام:۔ غلام کافری۔ سیاہ

حبیب:۔ (دوست) کی جمع:۔ اَحبّا۔ اَحِبّہ نہیں آتی۔ البتہ طبیب کی جمع اَطِبّہ و اَطِبّا دونوں طرح آتی ہے۔

حجامت:۔ اردو میں بال ترشوانا۔ طبی اصطلاح میں خالی بھری دونوں قسم کی سینگی لگانے کو کہتے ہیں۔ واضح ہو کہ جونک چپکانے کو علق کہتے ہیں۔

حجام کا فصد کھولنے کا نشتر:۔ دَرَوش

حجام کا نشتر لگانا:۔ شَرط و شرطہ

حجت کرنا:۔ مُحاجّات

حجرہ:۔ کلبۂ۔ کُناس

حجرہ کی جمع:۔ حُجَر

حج کا احرام باندھنا:۔ مُحرِم

حج کرنے والا:۔ حاجّ۔ حُجّاج

حج کرنے والی عورت:۔ حاجّہ

حد:۔ اِنتہا۔ نہایت۔ سرحد

حد بتلانے والا:۔ مُعرّف

حد بلوغ کو پہنچنا:۔ بُلوغ

حد درجہ:۔ منابت

حد درجہ عاجزی کرنا:۔ الماس دندان شدن

حد درجہ قابل احترام:۔ حِزب عالی

حد سے زیادہ بُری چیز:۔ فظیع۔ قبیح

حد سے زیادہ خوش لوگ:۔ فَرِحِین

حد سے زیادہ سُرخ:۔ قانی

حد سے گزر جانا:۔ اِستبداد۔ تعدّی۔ طغیٰ۔ طغیان۔ مبالغہ۔ کثرت۔ زیادتی۔ عُدوی۔ غُلو۔ عُتُو

حد سے گزرنے والا:۔ مُفرِط۔ مُعتدی۔ مُتعدّی۔ عاتی۔ عات

حد کیا گیا:۔ محدود

حدیث بیان کرنا:۔ توقیف

حذف کیا گیا:۔ محذوف۔ علم بدیع کی ایک اصطلاح صنعت محذوف یعنی بیت کے اوّل کو الگ کر دیں تو دوسری بحر ہو جائے جیسے۔

؎ مجھ کو رسوا نہ کر اے آفت جاں بہر خدا

بندہ تیرا ہوں کر رحم عیاں بہر خدا

موجودہ صورت میں اس کا وزن فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن ہے اب پہلے مصرع کا لفظ اول "مجھ کو" اور دوسرے کا پہلا لفظ بندہ الگ کر دیں تو بحر دوسری ہو جائیگی

حرام چیز:۔ حُرم

حرام چیزیں:۔ محرّمات

حرام خور:۔ حرام توشہ

حرام کار:۔ عاہر۔ زانی۔ فاجر

حرام کاری:۔ عُہر۔ زنا۔ فحشا

حرام کیا گیا:۔ مُحرّم

حرام مال:۔ سُحت

حرام مغز:۔ سِنسِن

حرام ہونا:۔ حُرم

حرامی:۔ دعی۔ ولد الزنا۔ حرام زادہ۔ مُوَلّد۔ پسندرہ۔ سِند

حرص:۔ نشرہ۔ شترہ

حرص میں ڈالا گیا:۔ مُحرّص

حرص میں ڈالنے والا:۔ مُحرِّص

حرف اُمید و تمنا: ۔ تعلق ۔ جیسے کاش ۔ اے کاش ۔ کاشکے ۔ یہ حروف ماضی اور مضارع دونوں طرح کے فعلوں پر آتے ہیں ۔ غالب ؎

نہ کرتا کاش نالہ مجھ کو کیا معلوم تھا ہمدم
کہ ہوگا باعث افزائش درد دروں وہ بھی

میر تقی ؎

کاش اس کے روبرو نہ کریں مجکو حشر میں
کتنے مرے سوال ہیں جن کا نہیں جواب

غالب :۔ میں بھی منہ میں زبان رکھتا ہوں
کاش پوچھو کہ مدعا کیا ہے

حروف بہ حروف: ۔ تحت اللفظ ۔

حرف جس پر پیش ہو: ۔ مضموم ۔ جیسے اُداس کا الف اوّل ۔

حرف جس پر تشدید ہو: ۔ مُشَدَّد ۔ جیسے جَنّت کا نون

حرف جس پر حرکت (زیر زبر پیش) نہ ہو: ۔ مجزوم جیسے دل کا لام ۔

حرف جس پر زیر ہو: ۔ مکسور ۔ جیسے دل کی دال ۔

حرف جس پر نقطہ ہو: ۔ مُعجَمہ ۔ جیسے سب کی بے نکی نے

حرف جو ہم جنس حرف میں داخل کیا گیا: ۔ مُدغَم ۔ جیسے شب پرہ یعنی چمگادڑ میں ب اور پ کو مدغم کرکے شپّر بنالیا گیا ۔ بدتر سے بتّر ۔

حرف روی: ۔ روی عربی لفظ ہے لغوی معنی سیراب اور تازہ ۔ جو حرف ہمیشہ ہر قافیہ میں ہو جیسے اس شعر میں ؎

نداریم غیر از تو فریاد رس
توئی عاصیاں را خطا بخش و بس

الفاظ رس و بس میں سین حرف روی ہے حرف روی کے بغیر قافیہ نہیں ہو سکتا ۔ حرف روی بالعموم ساکن ہوتا ہے ۔ لیکن مابعد حرف سے مل کر متحرک ہو جاتا ہے ۔ جیسے بہار اور شمار ۔ اس میں را حرف روی ہے مگر بہاری اور شماری کی صورت میں را متحرک ہو گئی کیوں کہ مابعد حرف وصل سے مل جاتی ہے ۔

حرف شرط: ۔ جب کسی کام پر کسی کام کو موقوف کرتے ہیں تو موقوف علیہ کے آغاز میں جو حرف لاتے ہیں وہ حروف شرط ہیں جیسے اگر علم پڑھو گے تو عزت پاؤ گے ۔ اس فقرے میں عزت پانے کو علم پڑھنے پر موقوف کیا گیا اور اس کے شروع میں "اگر" حرف شرط ہے ۔ جس جملہ پر حرف شرط آتا ہے وہ شرط کہلاتا ہے ۔ اور دوسرا جملہ جزا ۔ شرط کے حروف یہ ہیں ۔ اگر ۔ گر ۔ جو ۔ جب ۔ جب جب ۔ جس وقت ۔ اگرچہ جس دم ۔ چونکہ ۔ جب کہ ۔ جوں جوں ۔ ہرچند ۔ جب تک ۔ جس وقت تک ۔ گو خواہ کیوں نہ ۔ وغیرہ ۔

غالب ؎ میری قسمت میں غم گر اتنا تھا
دل بھی یارب کئی دیئے ہوتے

ذوق ؎ اس جبر پر تو ذوق بشر کا یہ حال ہے
کیا جانے کیا کرے جو خدا اختیار دے

حرف علّت: ۔ وہ حرف جو کسی امر کا سبب ظاہر کریں ۔ کیوں کہ ، اس واسطے کہ ، کہ ، تاکہ ، تا حروف علت ہیں ۔ غالب ؎

لکھتا ہوں اسد سوزش دل سے سخن گرم
تا رکھ نہ سکے کوئی مرے حرف پر انگشت

کبھی یعنی بھی حرف علت کا کام دیتا ہے مومن ؎

غریق گریۂ خونین رہا نہ کر مومن
لباس یعنی پہنتے نہیں مسلمان سُرخ

جن جملوں پر حرف علت واقع ہوتے ہیں ۔ وہ علت کہلاتے ہیں اور جملے معلول ۔

حرف نفی: ۔ بے ۔ نا ۔ حاشا و کلّا ۔ نہیں ۔ نے ۔ نے فارسی ہے اردو میں صرف نظم میں آتا ہے اور جس جملہ میں یہ آتا ہے ۔ اس کے ساتھ ہمیشہ اور جملہ ہوتا ہے جس میں نہ حرف نفی آتا ہے ۔ شعر ؎

نے تیر کماں میں ہے نہ صیاد کمیں میں
گوشے میں قفس کے مجھے آرام بہت ہے

بے اور نا بھی فارسی ہیں لیکن بے اور نا میں فرق یہ ہے کہ بے اسم ذات اور مصدر پر آتا ہے اور نا اسم صفت پر ۔ جیسے بے قرار ۔ بے تاب ۔ بے صبر ۔ بے ہوش بے پناہ ۔ بے کس ۔ بے وقوف ۔ نامناسب ۔ ناقابل ۔ نالائق مگر کبھی نا مصدر وغیرہ پر بھی آجاتا ہے ۔ جیسے نافہم ، ناامید ۔ غالب ؎

کچھ تو دے اے فلک نا انصاف
آہ و فریاد کی رخصت ہی سہی

کبھی کلام میں نہ زاید آتا ہے اور نہایت فصیح معلوم ہوتا ہے جیسے ؎

اے مصحفی بتوں میں ہوتی ہے یہ کرامت
دل پھر گیا نہ تیرا آخر خدا سے دیکھا

غالب ؎ کیا فرض ہے کہ سب کو ملے ایک سا جواب
آؤ نہ ہم بھی سیر کریں کوہ طور کی

کبھی "تھوڑا ہی" بھی نفی کے معنی دیتا ہے۔ جیسے کوئی ایسا تھوڑا ہی کرتا ہے۔ یعنی نہیں کرتا۔ کبھی "کم" بھی نفی کے معنی دیتا ہے۔

مومن ؎ سب تا بہ فتنہ چونک پڑے تیرے عہد میں
اک میرا بخت تھا کہ وہ بیدار کم ہوا

شیفتہ ؎ آبِ صافِ نہر سے لیتے ہیں کام اپنا نکال
کم مُروج ہے جو انانِ چمن میں آئینہ

حرف یا نشان جو پوچھنے کے لئے لگائے جاتے ہیں۔ حروف استفہام ع جو یہ ہیں۔ کیا، آیا، کیوں، کیسے، کاہے کا، کیوں کر، کس لئے، کس طرح اور بھلا وغیرہ۔ غالب ؎

یارب زمانہ مجھ کو مٹاتا ہے کس لئے
لوحِ جہاں پہ حرف مکرر نہیں ہوں میں

حرفوں پر نقطے لگانا:۔ عَجَم ع۔ اِعجام ع

حرفوں کا بے نقطہ ہونا:۔ عُطَل ع

حرفوں کو اعراب سے ظاہر کرنا:۔ ہجا ع کنایۃً حروف تہجی کو ہجا کہتے ہیں۔ نیز اس علم کو جس سے حروف کی آواز میں ان کا متحرک اور ساکن ہونا معلوم ہو۔

حرفوں کو ان کے مخرج سے پڑھنا:۔ تَجوید ع

حرکت دینا:۔ جُنبِش ف۔ تحریک، جیسے قُم سے قُمِ۔

حرکت دینے والا:۔ مُدیر ع۔ مُحرِّک ع

حرکت کرنا:۔ نویدن ف۔ قَلقَلہ ع علم تجوید کی اصطلاح میں حرف کو ادا کرتے وقت مخرج کو حرکت ہونا جس سے حرف کی آواز گنبد کی طرح اچھلتی ہوئی معلوم ہو۔ یہ صفت قُطب جَد کے پانچ حروف میں ہے۔ جب یہ حرف ساکن ہوں تو ان میں قلقلہ ظاہر ہونا چاہیئے اور جب ان پر وقف ہو تو اور بھی ظاہر کرنا چاہیئے جیسے مُحیط، مُجید وغیرہ۔

حرکت کرنے والا:۔ مُتحرِّک ع ایسا حرف جس پر کوئی حرکت مثلاً زیر زبر اور پیش وغیرہ ہو متحرک کہلاتا ہے

حرکت کو دراز کرنا:۔ اِشباع ع یعنی حرکات ضمہ فتحہ اور کسرہ کو اس طرح کھینچ کر پڑھنا کہ واؤ الف اور یائے ہو جائے مثلاً اُستاد سے اوستاد کہ ضمہ کو اس قدر کھینچا کہ واؤ ہو گیا اَچار سے آچار کہ فتح الف سے بدل گیا، آتِش سے آتیش کہ کسرہ کی ی ہو گئی علم قافیہ میں اصطلاحاً حروف دخیل کو اِشباع کہتے ہیں۔

حروف تہجی جو نرمی اور پست آواز سے ادا ہوں:۔ مَہموسہ ع وہ حروف یہ ہیں۔ ت۔ ث۔ ح۔ خ۔ س۔ ش۔ ص۔ ف۔ ک۔ ہ ان کے سوا باقی حروف مجہورات کہلاتے ہیں۔

حروف جن کے نام دو حرفی ہیں:۔ مَسرُوری ع وہ یہ ہیں۔ با۔ تا۔ ثا۔ حا۔ خا۔ را۔ طا۔ ظا۔ فا۔ ہا۔ یا۔

حروف جن کے نام سہ حرفی ہوں مگر اول و آخر کے حروف یکساں نہ ہوں:۔ مَلفوظی ع وہ یہ ہیں۔ شین۔ صاد۔ ضاد۔ عین۔ غین۔ قاف۔ کاف۔ لام

حروف جن کے نام سہ حرفی ہونے کے ساتھ نام کے اول و آخر حروف بھی یکساں ہوں:۔ مکتوبی ع وہ یہ ہیں۔ میم۔ نون۔ واؤ

حروف شمسی:۔ وہ حروف جن کے پہلے عربی الف اور لام آجاتے ہیں لیکن تلفظ کے وقت اُن کی آواز ظاہر نہیں ہوتی اور وہ حرف مُشدد ہو جاتا ہے اس طرح کہنے کی وجہ بعض کے نزدیک یہ ہے کہ لام اہل تنجیم کے نزدیک ایک ستارہ ہے اور ستارہ کی روشنی سورج کے سامنے غائب ہو جاتی ہے۔ چنانچہ الشّمس کے پڑھنے میں لام نہیں پڑھا جاتا ہے۔ حروف شمسی یہ ہیں۔ ت۔ ث۔ د۔ ذ۔ ر۔ ز۔ س۔ ش۔ ص۔ ض۔ ط۔ ظ۔ ل۔ ن۔

حروف قمری:۔ وہ حروف جن پہ آل آتا ہے تو لام پڑھا جاتا ہے حروف قمری کہلاتے ہیں۔ وہ یہ ہیں۔ ا۔ ب۔ ج۔ ح۔ خ۔ ع۔ غ۔ ف۔ ق۔ ک۔ م۔ و۔ ہ۔ ی۔ ان حروف کو قمری اس لئے کہتے کہ القمر کے پڑھنے میں لام تلفظ میں آتا ہے۔

حروف غیر ملفوظی:۔ ان حرفوں کو کہتے ہیں جو لکھنے میں تو آتے ہیں مگر تقطیع میں ان کا شمار نہیں ہوتا۔ وہ یہ ہیں (۱) الف وصل۔ یہ وہ الف ہو گا جو پڑھنے میں نہ آئے یعنی یہ جب درمیانی مصرعہ میں واقع ہو اور اس کی حرکت ماقبل حرف سے ظاہر ہو جیسے اس مصرعہ میں۔

مصرعہ اب اس مریض کی حالت بہت ہی نازک ہے

یہاں الف گر جاتا ہے اور اُس مریض تقطیع میں شمار ہوگا۔

(۲) واؤ ۔ یہ بھی بعض حالات میں شمار نہیں ہوتا جیسے جو کو ۔ تو ۔ وغیرہ کا واؤ ۔ عروضی اس کو حرف علت کہتے ہیں اور اس کا اسقاط جائز ہے

واؤ معدولہ :۔ جیسے خود ۔ خویش ۔ خواب ۔ خورش وغیرہ کو خُد ۔ خیش ۔ خاب اور خُرش پڑھا جائے گا۔

واؤ عاطفہ :۔ اکثر شمار نہیں ہوتا کیوں کہ یہ اپنی حرکت ماقبل حرف پر ظاہر کرتا ہے جیسے ۔ ؎

آج دل و قرار و ہوش کہاں

یہاں قرار کی ر پر پیش ظاہر ہوتا ہے اور واؤ تقطیع میں نہیں آتا ۔ لیکن جب حرکت ظاہر کرے تو شمار ہوگا ۔ اور اس کی دو صورتیں ہوں گی ۔ پہلی صورت یہ کہ اپنے ماقبل کو متحرک کرے گا ۔ اور خود ساکن شمار ہوگا ۔ جیسے ؎

دل و جاں تم پہ صدقے کر رہا ہوں

یہاں دِلُو جاں پڑھا جائے گا ۔ دوسری صورت یہ ہے کہ خود متحرک شمار ہو جیسے ؎

جفا و ظلم کہاں تک کوئی سہے جائے

یہاں جفا و ظلم بر وزن مفاعلن ہوگا اور واؤ عین متحرک کی جگہ آئے گا۔

(۳) یا (ی) ۔ بعض حالتوں میں یہ بھی شمار نہیں ہوتی یائے علت کا اسقاط جائز ہے جیسے ؎

دل کی حالت بری ہے سینے میں

یہاں دل کی حالت بر وزن فاعلاتن ہوتا ہے ۔ عربی میں اکثر یہ شمار نہیں ہوتی ۔ جیسے فی الجملہ ۔ الی الفصل وغیرہ ۔ یائے اضافت ۔ یہ دو طرح پر واقع ہوتی ہے پہلی صورت یہ ہے کہ حرف ماقبل پر حرکت ظاہر کرے اور خود تقطیع میں شمار نہ ہو جیسے ۔ ؎

کتنی پرکیف ہے بہار چمن

یہاں بہار چمن میں یائے ساکنہ کو متحرک کر دیتی ہے ۔ دوسری صورت یہ ہوگی کہ ماقبل کو متحرک کرے اور خود ساکن شمار ہو جیسے ؎

آج گویا حالتِ دل غیر ہے

یہاں حال دل بر وزن فاعلاتن شمار ہوگا۔

حروف کی اعداد کے لحاظ سے ترتیب :۔ اَبجد ع اصل میں حروف تہجی کی دو ترتیبیں ہیں ایک وہ جو مبتدی کو سکھائی جاتی ہے ۔ یعنی اب ت ث وغیرہ ۔ اس ترتیب کو اثبت کہتے ہیں اور دوسری ترتیب وہ ہے کہ حروف کے اعداد کے لحاظ سے ہوتی ہے یعنی ابجد ہوّز حطّی کلمن سعفص قرشت ثخذ ۔ ضظغ ۔ اسی ترتیب کو ابجد کہتے ہیں ۔ اس ترتیب میں حطّی کی طا تک اکائیاں ہیں الف کا ایک ب کے دو یہاں تک کہ ط کے نو ہیں اور ی سے دہائیاں ہیں ص تک اور قاف سے سیکڑے ہیں غ تک ۔

حروف مفرد کو پڑھنا :۔ تہجّی ع

حروف مخلوط التلفظ :۔ وہ حروف ہیں جو ملا کر پڑھنے میں آتے ہیں ۔ عروضیوں نے ایسے حرفوں کو تقطیع میں شمار نہیں کیا ہے ۔ کیوں کہ وہ علیحدہ آواز نہیں دیتے ۔ جیسے گھر ۔ مجھ ۔ کچھ ۔ منہ ۔ ہنسنا ۔ دانت وغیرہ ان کو گر ۔ مج کچ ۔ مہ ۔ ہسنا اور دات پڑھا جائے گا اور اسی طرح تقطیع میں شمار ہوں گے

حروف مقطعات پڑھنے والا :۔ ہاجی ع

حروف ملفوظی :۔ جو حروف تلفظ میں آتے ہیں مگر کتابت میں نہیں آتے ۔ ان کی چار قسمیں ہیں ۔ (۱) الف ممدودہ جیسے آمد کا الف ۔ یہاں دو الف شمار ہوں گے پہلا متحرک دوسرا ساکن بروزن فعلن یا رحمٰن میں الف اشباعی کہ ساکن شمار ہوگا۔

(۲) تنوین ۔ عربی میں حرف پر دو زبر دو زیر یا دو پیش لگا دیتے ہیں اور ان کی آواز آخر میں نون کی نکلتی ہے ۔ ایسی حالت میں یہ نون ساکن شمار ہوتا ہے جیسے مثلاً بروزن فعلن ۔

(۳) حرف مشدّد ۔ اس حرف کو کہتے ہیں جس پر تشدید ہوتی ہے ۔ اور یہ دو حروف ہوتے ہیں پہلا ساکن اور دوسرا متحرک شمار ہوتا ہے جیسے شِدّت بروزن فعلن ۔

(۴) ہمزہ ۔ عربی میں الف متحرک کو کہتے ہیں اس کا ایک متحرک حرف شمار ہوتا ہے جیسے جاءٌ بروزن فعلن ۔

حساب :۔ دین ف ہمار ف ہمارہ ف ایار ف

حساب کتاب میں غلطی کرنا : سقط ع

حساب کرنا :۔ محاسبہ ع احتساب ع

حساب کرنے والا :۔ محاسب ع حاسب ع محتسب ع آمارہ گیر ف

حساب کیا گیا :۔ محسوب ع

حساب کی کتاب :۔ قِطّ ع قبالہ ع

حساب کی کتاب کی فہرست :- فَرد ف

اُمیر ~ کشتہ جو تھا میں ایک بت سرخ پوش کا
ہاتھ آئی حشر میں مجھے فردِ حساب سُرخ

اَفراد و فُرادیٰ جمع ۔ تنہا ۔ طاق ۔ چادر اور شال کے معنوں میں بھی مستعمل ہے ۔ جس معنی میں ہم نے اس کو تحریر کیا ہے وہ اردو میں مستعمل ہے ۔

حَسَد :- ضَغِینَہ ع ضِغن ع تیموُرک ف

حَسد کرنا :- مُنافَسہ ع

حَسد کرنے والا :- کم بین ف حاسِد ع حُسُود ع

حسد کیا گیا :- مَحسُود ع

حسرت :- ارمان ہ تمنا ع آرزو ف

حِس کرنے والی قوت :- حاسّہ ع جیسے قوت سامعہ و باصرہ ۔

حُسن :- خوبی ف قسام ع قسامت ع

حَسَن بن صباح کا قلعہ :- التموت ع

حسن جس کے سانولے رنگ میں سرخی بھی شامل ہو :- حُسن بُرشتہ ف

حُسن کی تصغیر :- حُسَینہ ع

حَسِین :- لغات وکتب عربیہ میں حَسِین کا لفظ نہیں پایا گیا صرف صاحب منتخب نے حَسِین بالفتح وکسر سین خوب وصاحب حُسن کے معنی میں لکھا ہے لہٰذا خوبصورت جمیل حُسن والا کے معنوں میں مُستَند ہے ۔ عربی میں حسین کی جگہ حَسَن (خوبصورت نیک) کہتے ہیں جو حُسن کی صفت مُشبّہَ ہے ۔

حَصر (گھیراؤ) کرنے والا :- حاصِر ع

حِصہ :- قِسط ع اقساط ج کَسَر ع کُسُور ج حِزب ع بَرخ ف قسمت ع نصیب ع قِطّ ع رنگ ف بہرہ ف بہرہ ف جُز ع اجزا ج حَظّ ع حُظُوظ ج قدریہ ع خَلاق ع

حصہ دار :- اشتراک ع شریک ع شُرکا ج قسایم ع

حصہ دینا :- اِحصاص ع

حصہ دینے والا :- قَسّام ع

حصہ طلب کرنا :- اِستِقسام ع

حصہ لگانا :- قَسم ع قسمت ع

حصہ لگانے والا :- قَسِیم ع

حصہ نکالنا :- اِستِہام ع

حصے کرنا :- تَشقِیص ع

حضرت اسمٰعیلؑ کی قربانی کی طرف اشارہ :- وقفِ خون ف خون سبیل ف

حضرت اسمٰعیل کی والدہ کا نام :- ہاجَر ع حاجرہ کی کوئی اصلیت نہیں

حضرت یعقوبؑ :- پیر نابینا ف

حضرت یعقوبؑ کا حُجرہ :- بیت احزان ع

حِط اٹھانا :- احتظاظ ع

خِط کی جمع :- حُظُوظ ع

حفاظت :- اَمان ع پناہ ف پاد ف نگاہ داشت ف حِرز ع حَرس ع صَون ع صِیانت ع چشم داشت ف مُراقبت ع قُورُق ت ابروزن سرخ ا سپرداری ف

حفاظت کرنا :- حَمِیّت ع نِگاہ داشتن ف عَصم ع اِحتِراس ع دَقی ع محلات ع وِقایت ع قُرغاق ت تُرغاک ت مُراعات ع

حفاظت کرنے والا :- دیکھو چوکیدار عاصِم ع

حفاظت کیا گیا :- محفوظ ع

حفاظت میں رکھی ہوئی چیز :- اَمانت ع

حفظ پڑھنا :- زبر ع

حفظ کرنا :- اَز بیر ف اَز بَرم ت استظہار ع

حِفظ کرنے والا :- حافِظ ع حُفّاظ ج

حق اور باطل میں فرق کرنے والا :- فُرقان ع

حق پر قائم رکھنے والا :- حَنیف ع حُنَفاء ج

حق ثابت کرنا :- استحقاق ع

حق دار :- مُستحِق ع

حق سے پھر جانا :- قَسط ع قُسُوط ج ارتِداد ع

حُقنہ :- دوا کو حُقنہ (پچکاری) میں بھر کر مقعد کے راستے پیٹ میں پہنچانے کو طب میں حقنہ کہتے ہیں ۔

حُقّہ :- نارجیلہ ع نیلیان ف قلیان ف چپوق ت وَپی ت

حُقّہ تازہ کرنا :- قلیان چاک کردن ف

حُقّہ کا دم (کش) :- تلاپ ت

حُقّہ کا نیچہ :- نائچہ ف

حُقّہ کی چلم :- سرِ قلیان ف

حقیر سمجھنا :- استحقار
حقیقت آموز جستجو کرنے والا :- متفحص
حقیقت کو پہنچنا :- اکتناہ
حکایت بیان کرنے والا :- حاکی
حکم :- فرمان ، فرامین ، مثال ، بایسہ ، ہدایت ، ہدایات
حکم ازلی :- سرنوشت
حکم پر عمل کرنے والا :- تابع ، تابعین
حکمت دان بننا :- تفلسف
حکم جاری کرنا :- تنفیذ ، حتم ، امضا
حکم خدا :- فرض ، فرائض
حکم دیا گیا :- ماذون ، مامور
حکم دینا :- فرمودن ، قضا
حکم دینے والا :- حاکم ، حکام ، مؤمر ، رئیس
حکم شرع :- فتویٰ ، فتاویٰ
حکم کیا گیا :- محکوم
حکم کی جمع :- احکام
حکم ماننا :- تطوع ، اتباع
حکم نامہ : پروانہ ، مثال ، فرمان ، فرامین
حکم نہ ماننا :- برگشتن ، عدول حکمی ، بغاوت
حکومت :- استقلال ، دولت ، گرداری ، گیرودار
حکومت کرنا :- امارت ، تحکم ، سیاست
حکیم :- پزشک ، طبیب ، اطبا ، ودی
حکیمی :- طبابت
حلال (حرام کی ضد) :- طلق ، طیب ، مباح ، جائز
حلال زادہ :- رشد ، رشیدہ
حلال کرنے والا :- ذابح
حلال وحرام :- بسل ، لغات اضداد سے ہے یعنی دونوں معنی میں مستعمل ہے۔
حلال ہونا :- طیب
حلق :- نای ، حلقوم

حلق کا کوا :- غلاصہ ، لہات ، لہوات
حلق کی آواز جو سوتے ہوئے یا ذبح کرتے ہوئے کرتے وقت نکلتی ہے :- غطیط
حلقہ :- چنبر ، زنجیر ، سیسلہ
حلقہ دار زرہ :- جوشن
حل کیا ہوا :- محلول
حلوائی :- قناد
حلوۂ بادام :- لوزینہ
حماقت :- غلط ہے اور بکسر ہائے حطی صحیح نہیں ہے۔ دیکھو بیوقوفی۔
حمام :- تون ، گرمابہ ، دیماس ، گندہ وخ ، دیکھو غسلخانہ۔
حمام کا مالک :- استاد
حمام میں کپڑے اتارنے کی جگہ :- جامہ کن
حمام میں میل چھڑانا :- مشتال
حمایتی :- پائیدارہ ، پشت پناہ ، حامی ، حماۃ ، ناظر ، طرفدار ، ہم نوا
حمد کرنا :- تحمید
حملہ :- بطش ، تازہ ، یلغار ، یورش ، فریدہ ، یلغار ، تاخت
حملہ کرنا :- بطش ، تازیدن ، صول ، مباسلت ، یورش ، صولت ، تازش
حملہ کرنے والا :- باطش ، صائل ، حملہ آور
حملہ کرنے والے سے بدلہ لینا :- انتصار
حمول :- کپڑا یا روئی کو دوا میں آلودہ کر کے مقعد یا فرج میں رکھنا طب میں حمول کہلاتا ہے۔
حوادث زمانہ :- زمانہ ، دیکھو گردش زمانہ۔
حواس کے ذریعہ جانی ہوئی چیز :- ہیولائی
حوالہ کرنا :- تحویل ، تحویل ، احالت
حوالہ کرنے والا :- محیل
حوالہ کیا گیا :- محول
حوض :- شمر ، برکہ ، جابیہ ، برک ، مکوہ ، مصنع (ہ م ص ۔ ن ع)
حوض جس میں گندہ پانی جمع ہو :- چہ بچہ ، بالوعہ ، بوالیع
حوض کا پانی کو جذب کر لینا :- تنشف

حوض کو پانی سے بھرنا :۔ سجر، سجور

حوض کی تہ کی سیاہ کیچڑ :۔ توشش

حوض کی جمع :۔ حیاض

حوض کے گرد پتھر کی دیوار :۔ تقیبہ

حیران :۔ متحیر، شاخص، رو بدیوار، عمہ، کالوزہ، شفتہ، فلادہ، دنگ، مدہوش، ہائم، معطل، سیدر، حاسر، سرگشتہ، رائب، ہول، مبہوت، دہش، جائر، مستہام

حیران کی جمع :۔ حیاری

حیران ہونا :۔ تحیر، عمہ، تکد

حیرانی :۔ بلر، سراسیمگی

حیرت انگیز کام کرنا :۔ قیامت کردن

حیرت کا مقام :۔ حیرت آباد، حیرت کدہ، مقام حیرت

حیرت کی وجہ سے دنگ رہ جانا :۔ بلس، ابلاس

حیض :۔ بے نمازی، ضد زمان، قرء، شقراء

حیض کا خون :۔ طمث

حیض کا رک جانا :۔ احتباس

حیض کا کپڑا :۔ کرسف، شتہ، دقعہ، متاع، غرد

حیض میں مبتلا عورت :۔ بے نماز، حیضاوہ، دارس، طامث

حیلہ کرنا :۔ احتیال، مکر، آب زیر کار، اندا ختن، خاگول، احالت

حیوانات :۔ ساں ناطق

حیوانات، نباتات، اور جمادات :۔ گوہر، نتائج، ثلاثہ، موالید ثلاثہ، ہر سہ نوع، سہ شاخ، سہ فرزند

حیوان کا چمڑا :۔ جلد، جلود، قشر

حیوان مردار جس میں بد بو آگئی ہو :۔ جیفہ

خ

خ :۔ غین معجمہ سے بدل جاتی ہے۔ جیسے تاخ سے تاغ۔ قاف سے بدل جاتی ہے جیسے چخماق سے چقماق۔ ہائے ہوز سے بدل جاتی ہے جیسے خنجر سے ہجر اور زائے معجمہ سے مضارع میں اکثر تبدیل ہو جاتی ہے۔ جیسے سوخت سوزد

خاتون :۔ کدبانو، بیگم، ستی، دیکھو لفظ بی بی۔

خادم کعبہ :۔ سادن

خادمہ :۔ وصیفہ، کنیز

خارج :۔ مارق

خارج کرنا :۔ تخریک

خارش :۔ نقبہ، گری

خارش کا مریض :۔ گرگین، گرگن، گری

خاص طور خصوصیت والا :۔ اختص

خاص سواری گھوڑا :۔ کوتل

خاص طور سے :۔ سیما، خصوصاً، علی الخصوص، فرط

خاص کر :۔ سیما، خصوصاً

خاص کرنا :۔ اختصاص، تعیین

خاصیت کیا گیا :۔ مختص، مخصوص

خاص لوگ :۔ خواص، اہل درون

خاص ہونا :۔ خصوص، خصوصیت

خاصیت :۔ خصیصہ، خصائص

خاطر خواہ نفع لینا :۔ بازار زدن

خاک :۔ شری، رغام، طین

خاک آلود ہونا :۔ رغم

خاک اڑانے والی ہوا :۔ سافیہ

خاک جواڑ کر آبادی کا نام ونشان مٹا دے :۔ دارج

خاکسار :۔ افروتن، اخضع

خاکی رنگ :۔ اغبر

خالص :۔ خام، خلص، سرہ، بحت، سارا، ممسوح، ناب، ناصع، نغار، نمار، صراح، قح، ناصع، پالش، ناسرہ، بے شائبہ، بے غل وغش

خالص چاندی :۔ صریف، لجین، نقرہ خام

خالص چیز :۔ مرح

خالص دودھ :۔ صباح

خالص دوست :۔ خل، صفی، آصفیائی

خالص دھواں: دُخان۔

خالص سونا: جعفری، دہ دہی، زرجعفری، زرخشک، زرخلاص، زرمغربی، نُضار، نُدسارا۔

خالص شراب: رَحیق، صاف، صِرف۔

خالص شہد: ناصِع، عَسلِ ناصِع۔

خالص کرنا: تجرید۔

خالص کیا گیا: مُخلَص۔

خال کی جمع: خِیلان۔

خالو: خال، تائہ۔

خالی: خادی، بُغدادَ، پوچ، کھوکھلا، خلا، خلی، عاری، فارغ، کاواک، ہپانہ۔ مہیز، صاد کے پیش سے رُوزی کے معنی ہیں اور زبر سے مشہور مہینہ وجہ تسمیہ یہ ہے کہ محرم کے مہینہ میں قتال حرام تھا لیکن صفر کے مہینہ میں عرب اپنے مکانوں کو خالی کرکے قتال اور لوٹ مار کرنے جایا کرتے تھے۔ مُہملہ، وہ حروف بھی مُہملہ کہلاتے ہیں جن پر نقطہ نہیں ہوتا جیسے الف، ح، د، ر، م، واؤ وغیرہ۔

خالی پیالہ: بُغدادَ، بُغداد حباب۔

خالی پیٹ: بُغدادَ، خاوی البطن۔

خالی پیٹ کی آواز: اَطیط۔

خالی کرنا: اِخراج۔

خالی کشتی: حُباب۔

خالی کیا گیا: مُخلیٰ۔

خالی ہاتھ: تہی دست، مُفلِس، مِفلاک، مُفلوک، فلک زدہ، تباہ حال۔

خالی ہونا: خُلُو، فراغت۔

خاموش: خَموش، ساکت، قانِت، مُصمِت، گرفتہ لب، صامِت۔

خاموش کرنا: اِصمات، علم قراءت کی اصطلاح میں حرف کا اپنے مخرج سے جدا اور مضبوطی سے ادا کرنا

خاموش ہونا: مُہر در سر کردن۔

خاموشی: صَمت، صُموت، سُکوت، دم تسلیم، قُنوت۔

خان: یہ لفظ عربی فارسی اور ترکی تینوں زبانوں میں موجود ہے عربی میں دکان اور دکاندار کے معنوں میں، فارسی میں خانہ بمعنی گھر کا مخفف اور ترکی میں خاقان کا مخفف ہے جو پہلے ترکستان اور خطا کے بادشاہوں کا لقب تھا لیکن اب ہر رئیس اور امیر شخص کو خان کہتے ہیں۔

خاندان: دُودمان، قبیلہ، کُنبہ، تَبار، دُودہ، دُودخانہ، اُسرہ، خانوادہ، نَسل، نَسَب، نِژاد، جِیل، تخمہ، فَخِذ۔

خاندان یا قبیلہ سے جدا ہونا: ہجرت۔

خاندان والے: کُنبہ۔

خانساماں: ناظرِ توشک خانہ، خوان سالار، چاشنی گیر، باورچی، طاہی، خوان ساماں، طباخ۔

خانہ دارِ دری: شطرنجی۔

خانۂ کعبہ: مربع، خانۂ نور، دیکھو کعبہ شریف۔

خاوند: شوہر، زَوج، پتی، شوئے، دیکھو شوہر۔

خاوند والی عورت: عرس۔

خبر: نَبا، اِطلاع، نَبا، اِنہا، طَلیع۔

خبردار: آگاہ، واقف، مُتنبِّہ، مُطّلع۔

خبردار کرنا: تَفقیہ، اِنبا۔

خبردار کرنے والا: مُنبی، مُنبِّہ، نبی۔

خبردار کیا گیا: مُنبَّہ۔

خبردار ہونا: اِنتباہ، تَنَبُّہ، تَنَبُّل۔

خبرداری: آگاہی، واقفیت۔

خبر دینے والا: مُخبِر، مُنہی، مُشیر، قاصد، مُطّلع، خبیر، نبی، اَنبیا، بعض کے نزدیک اس کا مادہ نُبُو ہے یعنی رفعت و بلندی اور بعض لفظ نَبا سے مشتق قرار دیتے ہیں۔ جس کے معنی خبر کے ہیں۔ ازہری نے کسائی سے ایک تیسرا قول بھی نقل کیا ہے کہ یہ لفظ دراصل نبی ہے جس کے معنی طریق اور راستے کے ہیں۔ مُستخبِر۔

خبر کا عام ہو جانا: فیضان۔

خبر کرنا: اِخبار، اِطلاع، اِعلام، اَنبا، اِنہا، نبوت، پیغمبری۔

خبر کی جمع: اَخبار۔

خبریں: اَخبار، اَنبا، نَثا۔

ختم کرنا: اِختتام، تناہی۔

ختم کرنے والا: خاتِم، خاتِم بالکسر اور خاتَم بالفتح بھی ہے اور خاتم وہ شخص ہے جس نے اپنے تشریف لانے سے نبوت کو ختم کر دیا ہو (بحوالہ تاج العروس) خاتم

بالکسر اور خاتم بالفتح نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ناموں میں سے ہے بالفتح اسم ہے۔ جس کے معنی آخر کے ہیں اور بالکسر اسم فاعل کا صیغہ ہے جس کے معنی تمام کرنے والے کے ہیں (بحوالہ مجمع البحار) خاتِم بالکسر اور خاتَم بالفتح قوم میں سب سے آخر کو کہتے ہیں اور اسی معنی میں ہے اللہ تعالیٰ کا قول "خاتم النبیین" (قاموس) اور ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا نام خاتم الانبیاء اس لئے رکھا گیا کہ خاتم آخر قوم کو کہتے ہیں اور اسی معنی میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا "ولکن رسول اللہ و خاتم کے زیر اور زبر دونوں سے اور ایسے ہی ختیام اور ختام سب کے معنی ایک ہیں اور جمع خواتیم اور خاتم کے معنی آخر کے ہیں اور اسی معنی میں صلی اللہ علیہ وسلم کو خاتم الانبیاء کہا جاتا ہے (صحاح العربیہ)

خَتنَہ:۔ عربی لفظ ہے۔ مسلمانوں میں حضرت ابراہیمؑ کی قائم کی ہوئی سنت ہے۔ جس میں بچہ کے آلۂ تناسل کا زائد چمڑا جسے قُلفہ کہتے ہیں کاٹ دیا جاتا ہے بعض مونث کہتے ہیں مگر مذکر صحیح ہے ؎

ایک سُنت سے ہو گئے فارغ
کر دیا جو خلیل کا ختنہ

ختنہ کرنا:۔ خَتن؛ غَلَف؛

ختنہ کیا ہوا:۔ مَختون؛

خَچَّر:۔ اُستور؛ لِشراک؛ بَغَل؛ بغال؛ دراز گوش؛ استر؛ ستر؛ قاطر؛ تَخَشّ؛

خُدا (بمعنی اللہ) رفیق۔ اَعلیٰ؛ رفیق مُطلق؛ رَبُّ الاَرباب؛ اَلرحمٰن؛ اَلرَّحیم؛ اَلمَلِک؛ اَلقُدُّوس؛ اَلسَّلام؛ اَلمُومِن؛ اَلمُہَیمِن؛ العَزیز؛ اَلجَبار؛ اَلمتکبِّر؛ الخالق؛ الباری؛ المُصَوِّر؛ شاہد غیب؛ الغفار؛ القہار؛ الوہاب؛ الرزاق؛ الفَتّاح؛ العَلیم؛ القابض؛ الباسط؛ الخافض؛ الرَّافع؛ المُعِزّ؛ المُذِل؛ السَّمیع؛ البَصیر؛ الحَکَم؛ العَدل؛ اللَّطیف؛ الخبیر؛ الحَلیم؛ العظیم؛ الغَفور؛ الشکور؛ اَلعَلی؛ الکبیر؛ الحفیظ؛ المُقیت؛ الحَسیب؛ الجلیل؛ الکریم؛ الرقیب؛ المُجیب؛ الواسع؛ الحکیم؛ الوَدود؛ المجید؛ الباعث؛ الشَّہید؛ الحَقّ؛ الوَکیل؛ القوی؛ المتین؛ الوَلی؛ الحمید؛ المُحصی؛ المُبدی؛ المُعید؛ المُحیی؛ المُمیت؛ الحَیّ؛ القیوم؛ الواجد؛ الماجد؛ الواحد؛ الاَحَد؛ الصَّمَد؛ القادر؛ المقتدر؛ المُقَدِّم؛ المؤخر؛ الاوّل؛ الآخر؛ الظاہر؛ الباطن؛ الوالی؛ المتعال؛ البَرّ؛ التَّواب؛ المُنتقِم؛ العَفُوّ؛ الرَّؤف؛ مالک المُلک؛ ذوالجلال والاکرام؛ المقسط؛ الجامع؛ الغنی؛ المُغنی؛ المانع؛ الضَّار؛ النَّافع؛ النُّور؛ الہادی؛ البَدیع؛ الباقی؛ الوارث؛ الرَّشید؛ الصَّبور؛ ایزد؛ پرکار عالم؛ آفریدگار؛ آفرینندہ؛ آفریدہ؛ اِلٰہ؛ ایزد؛ یکتا؛ تنگری؛ یک رقیب؛ کارآفریدہ؛ قاہر؛ قاضی الحاجات؛ دیکھو اللہ۔

خدا بزرگ و پاک ہے:۔ تبارک اللہ؛

خدا پر بھروسا کرنا:۔ تَوَکُّل؛

خدا پر بھروسہ کرنے والا:۔ مُتَوَکِّل؛

خدا تک پہنچنے کا راستہ:۔ شَریعت؛

خدا سے ڈرنے والا:۔ تَقِی؛ مُتَّقی؛ پرہیزگار؛

خداشناس:۔ عارف؛

خداشناس لوگ:۔ اربابِ معنی؛

خداشناسی:۔ عرفان؛ مَعرفت؛

خُدا کا:۔ حَقّانی؛

خدا کا پیغام:۔ وَحی؛ دراصل اشارہ کرنے کو وحی کہتے ہیں۔ پیغام پہنچانا، جلدی کرنا اور لکھنا بھی وحی کہلاتا ہے وحی کے بعد اکثر صلہ الیٰ کا استعمال ہوتا ہے اور کبھی بغیر صلہ کے بھی مستعمل ہے۔ صلہ الیٰ کے ساتھ جب استعمال ہوتا ہے تو اس کا مفہوم اشارہ کرنا اور بھیجنا ہوتا ہے۔ مثلاً وحیٰ الیہ (اشارہ کیا اور پیغام بھیجا اس کی طرف) وحیٰ الیہ کلاماً (اس سے مخفیہ بات کی) وحی الذبیحۃ (جانور کو جلدی ذبح کیا)

خدا کا حکم نہ ماننا:۔ فِسق؛

خدا کا دوست:۔ سالک؛ وَلی؛ اولیاء؛

خدا کا ذکر:۔ حقانیت؛ ورد؛ حمد و ثنا؛

خدا کا گھر:۔ دارالصفا؛ خانۂ خدا؛ بیت اللہ؛ حرمین؛ بیت الحرام؛ بیت العتیق؛ کعبہ؛ کعبہ کو کعبہ اس لئے کہتے ہیں کہ ہر مرتفع و بلند مقام اور ہر مربع مکان کو کعبہ کہتے ہیں کیوں کہ کعبہ کی بنیاد سطح سے بلند اور عمارت چوکور ہے۔ اس لئے کعبہ نام ہوا۔ دیکھو کعبہ شریف۔

خدا کا واجب کیا ہوا حکم:۔ فرض؛ فرائض؛ فریضہ؛ فرائض؛

خدا کرے:۔ ماشاء اللہ؛ کاش؛ کاشکے؛

خدا کو ایک ماننے والا:۔ مُوَحِّد؛

خدا کی اطاعت کا حق ادا کرنے والا :- بَر ، اَبرار
خدا کی پناہ :- مَعاذ اللہ
خدا کی تعریف :- حَمد ، ثَنا
خدا کی ذات و صفات میں کسی کو شریک کرنا :- شِرک
خدا کے سپرد :- خدا حافظ ، فی امانِ اللہ
خدا کی صفت :- قِدم
خدا کی طرف پھرنا :- تَوبہ ، بضم تا کہنا غلط ہے
داغ ؎ جب مے لالہ فام ہوتی ہے
مجھ کو توبہ حرام ہوتی ہے
خدا کی قسم :- نام خدا ، بخدا ، حقّا ، باللہ ، واللہ
خدا کی محبت میں ڈوبا ہوا :- مَجذوب
خدا کی مخلوق :- صُنع ، مخلوق ، ایزدی ، خلق اللہ ، بَریّہ ، جہانیاں
خدا کے بندے :- عِباد ، عبد واحد ہے
خدا کے دیئے ہوئے اختیارات کا حاصل ہونا :- خِلافت
خدا کے لئے تیار رہنا :- در پائے کمر بستن
خدا کے نام کی روٹی :- نان وقف
خدا نہ کرے :- ہرگز ، معاذ اللہ ، مبادا ، نعوذ باللہ ، ہرگز مت
خدمت گار :- حاشیہ ، حواش و حواشی ، حشمہ ، داؤک ، چاکر ، نوکر ، مُلازم ، حافد ، خواصہ ، سُفتہ گوش ، تیمار ، قُربان ، قطین و قلتی ، قوتیجی ، نوتمر ، کارمند ، کمر بندہ ، ناصِف ، خادم ، حُرق ریز ، غاشیہ بردار
خدمت گار لوگ :- اوشاز ، حواش ، حَشم
خدمت گاری :- خواہی ، چاکری ، پائین پرستی
خدمت میں مستعدی کرنا :- حَفد
خراب :- فاسد ، مُنفسخ ، ناقص ، ظَلیف ، رَدی ، بہ تشدید دال ردی کہنا غلطی ہے ، یاب ، یافتن کا امر بھی ہے یعنی حاصل کر ۔ داحق ، مُنقوص ، مَغمور
خراب آدمی :- نکو ہیدن
خراب بات :- ناملایم
خراب چیز :- نُقاطہ

خراب کرنا :- تخریب ، وَرق ریختن ، تَمع
خراب کرنے والا :- گُزَن ، مُخرّب
خراب ہونا :- رَدات
خرابی :- ہَرج ، آشوب ، فساد
خُرّاٹا :- غَطیط
خراٹے لینا :- خراخر
خَراج :- جبا ، باج ، نعلبندی
خراج وصول کرنا :- جبایت
خراج وصول کرنے والا :- جابی ، جُبات
خراش :- براشی ، زخم ، خدشہ ، کدح
خراش کرنے والا :- لادغ
خربوزہ :- بطیخ ، خربوک
خربوزہ ، تربوز وغیرہ کا کھیت :- پالیز
خربوزہ کی بیل :- مُنکَوَہ
خربوزہ یا تربوز کی قاش :- بُرین ، گرچ
خرچ :- بَذل ، مَرف
خرچ جو اہل و عیال کو دیا جائے :- نَفقہ
خرچ کا تمام ہونا :- نَفق
خرچ کرنے والا :- مِنفاق ، مُنفق ، صارف ، باذل
خرفہ کا ساگ :- فرفخ ، خفروج ، بوقل ، بُخلہ ، بقلۃ الحمقاء ، دیلبیٰ ، بوغلہ ، بوخل ، تُورک ، رجلہ
خرگوش :- مخرش ، بحامز ، درماف ، لاغوش ، لاغون ، خوشب ، فِسے توشتان ، پتر نگرہ ، ارنب
خرگوش کا بچہ :- خَرنِق
خرگوش مادہ :- اَرنبہ
خرگوش نر :- اَرنب
خُرمہ :- طابہ ، دیکھو کھجور
خرمہ کا خوشہ :- کباسہ
خرمہ کا درخت :- نخلہ ، نَخل ، نواخیل

خرمہ کی گٹھلی :۔ نُوات ۓ نواۃ ۓ نَوی ۓ
خرمہ کی گٹھلی کا باریک چھلکا :۔ قِطمِیرۓ اصحاب کہف کے ایک کتے کا نام
خرمہ کی گٹھلی کا شگاف :۔ قِطمِیرۓ
خرمہ کے درخت کی چھال :۔ لیف ۓ
خریدار :۔ مُشتَرِی ۓ بَیّاع ۓ
خریدا ہوا غلام :۔ مَملُوک ۓ
خریدنا :۔ شِراء ۓ لغات اضداد سے ہے یعنی خریدنا اور فروخت کرنا دونوں معنوں میں مستعمل ہے۔ بالقصر شِرا اور شِری بھی آیا ہے۔ اَشریہ ۓ بفتح شین شَرا غلط ہے ابتیاع ۓ اِشتراء ۓ
خریدنے والا :۔ دیکھو خریدار ۓ
خرید و فروخت :۔ سودا ۓ
خرید و فروخت کی جگہ :۔ بازار ۓ
خرید و فروخت میں باہم ہاتھ ملانا :۔ تَصافُق ۓ
خرید و فروخت میں چیز کے عیب کو چھپانا :۔ دَلَس ۓ
خریدی ہوئی چیز :۔ مَبِیع ۓ
خریدی ہوئی چیز کو واپس کرنا :۔ اِقالہ ۓ
خزاں :۔ برگ ریز ۓ پائیز ۓ بَہمَن ۓ
خزانچی :۔ تحویلدار ۓ گنجور ۓ خازن ۓ
خزانہ :۔ تُوپک ۓ مالِ کثیر ۓ کُنز ۓ گنج ۓ گنجینہ ۓ مَخزن ۓ مَخازن ۓ کُنُوز ۓ پوٹلہ ۓ
خزانۂ سرکاری :۔ بیت المال ۓ
خزانہ میں رکھی ہوئی چیز :۔ مَخزُون ۓ مَخزُونہ ۓ
خزانے :۔ مَفاتِح ۓ
خُسرو :۔ اس کا معرب کِسریٰ ہے۔ ایران کے مشہور بادشاہ کا نام۔ بعض بالکسر خِسرو کہتے ہیں۔ توجیہ یہ کرتے ہیں کہ چوں کہ اس کا معرب کِسریٰ بالکسر ہے تو اصل خسرو بھی مکسور ہونا چاہیے۔ لیکن یہ درست نہیں اس لئے کہ تعریب میں تطبیق کی ضرورت نہیں جیسے پستہ سے فُستُق۔ بعض خوش رُو کو اصل بتاتے ہیں۔
خُشک :۔ یَبس ۓ یابِس۔ عَقِیم ۓ
خشک انگور :۔ کِشمِش ۓ مُویز ۓ
خشک چھڑکنے والی دوا :۔ ذرِیرہ ۓ ذَرُور ۓ

خشک دوا کو ناک میں سُڑکنا :۔ عَطُوس ۓ
خشک زمین :۔ بَرّ ۓ
خشک سال :۔ کاحِذ ۓ
خشک کاغذ کی آواز :۔ قَعقَعہ ۓ
خشک کپڑا :۔ جاف ۓ
خشک کرنا :۔ تَجفِیف ۓ تَنشِیف ۓ
خشک کرنے والا :۔ مُجَفِّف ۓ
خشک کھجور :۔ جَرِیم ۓ
خشک گوشت :۔ قَدِید ۓ
خشک گھاس :۔ ثَنّ ۓ
خشک گھاس کا مٹھا :۔ ضِغث ۓ اَضغاث ۓ پُولا ۓ
خشک و بے زراعت زمین :۔ مَوات ۓ
خشکہ چاول پکے ہوئے :۔ چلاؤ ۓ
خشک ہونا :۔ خوشیدن ۓ یُبس ۓ نَشّ ۓ
خُشکی :۔ یُبس ۓ یُبُوست ۓ
خصلت :۔ خِیم ۓ عادت۔ طبع۔ طبائع ۓ خُو ۓ سِرِشت ۓ شِیمہ ۓ
خصوصیت رکھنے والا :۔ خَصِیص ۓ
خَصّی کرنا :۔ جَبّ ۓ وِجاء ۓ
خصّی کیا ہوا جانور :۔ آختہ ۓ الف ممدودہ سے آختہ غلط ہے صحیح لفظ آختہ بروزن تختہ ہے رنگین نے فرس نامہ میں لکھا ہے۔
بظاہر جتنے ہیں اختہ کے آثار
خُصیوں کا لٹک جانا :۔ تَہَدُّل ۓ
خضاب :۔ دِجلہ ۓ دِجلہ ۓ دَجلہ بفتح دال غلط ہے چوں کہ دجلہ کے پانی میں کسی قدر رنگت ہے اسلئے اس کا نام دجلہ ہوا کیونکہ دجیل قطران کو کہتے ہیں جس کا رنگ نیلا ہوتا ہے
خضاب کا اُتر جانا :۔ نَفُوّ ۓ
خضاب لگانا :۔ اِکتِتام ۓ تَخضِیب ۓ تَعلِیقہ ۓ
خط :۔ رُقعہ ۓ رِقاع ۓ رَسِیلہ ۓ مکتوب ۓ رُقیمہ ۓ رَقائم ۓ نمیقہ ۓ نَمائِق ۓ رسالت ۓ معاوضہ ۓ مکاتبت ۓ دمحازہ ۓ ملاطفہ ۓ دمحازات
خطا :۔ لغزش ۓ پالغز ۓ سَہو ۓ جُرم ۓ اجرام ۓ جَریمہ ۓ جَرائم ۓ فَند ۓ گناہ ۓ

عشرت، عشرات

خطاب اور نام جو بادشاہ یا امیر کی طرف سے دیئے جائیں :۔ القاب، (لقب واحد ہے)

خطاب کرنے والا :۔ مخاطِب، خطیب

خطاب کیا گیا :۔ مخاطَب

خطا پر شرمندہ ہونے والا :۔ مُلِیم، پشیمان، شرمندہ

خطا پکڑنا :۔ تسقّط

خطا کرنا :۔ سَرَف، سقط، ہفوت

خطا کرنے والا :۔ سَرَف الفؤاد، مخاطی، مُذنِب، خطاکار، مقصر

خطا معاف کرنا :۔ صَفح

خطا معاف کرنے والا :۔ عاف، عافی، عافین

خطبہ پڑھنا :۔ خطابت

خطبہ پڑھنے والا :۔ خطیب، خُطَباء، مِلاق

خط بھیجنا :۔ ارسال

خط بھیجنے والا :۔ مُترسّل

خط جو بڑے چھوٹوں کو لکھیں :۔ مفاوضات، مُشَرّفہ

خطرہ کی جمع :۔ اخطار

خط کا ٹکٹ :۔ طابع

خط کا جواب دینا :۔ رُجعیٰ

خط کا لفافہ :۔ سحاء، ظرف

خطمی :۔ کثیر المنافع، خِطمی، ملوخیا

خطمی کا پھول :۔ گل خیرو، خیری

خط و کتابت کرنا :۔ مکاتبت، تکاتب

خطیب مسجد :۔ سر سالحان

خفا :۔ برہم، ناراض، ترش رُو

خفا ہونا :۔ تغنّن، تحفیف

خفقان کا مریض :۔ مخفوق

خفگی :۔ آزردگی، ناراضی، غُصّہ، غیظ، غمّہ ایسی ناراضی کو کہتے ہیں جسے کسی خوف کی وجہ سے ضبط کر لیا جائے اس لئے اللہ تعالیٰ کے لئے لفظ غصّہ کا استعمال درست نہیں۔ جدید فارسی میں غُصّہ فکر مندی، غم، رنج اور دکھ کے معنوں میں مستعمل ہے۔

خفیہ پولیس :۔ کاتب الاسرار

خفیہ راستہ :۔ دَرْس

خلاص کرنا :۔ فکاک

خلاصہ :۔ مُنتخَب، لُبّ، لُبوب، صُراح

خلاصی :۔ تخلّص، فوز، رہائی، رستگاری

خلاصی پانے والا :۔ رستگار، آزاد

خلاصی کرنا :۔ استخلاص

خلاصی ہونا :۔ فَلَت، رہائی

خلاف شرع :۔ مَنہی، مُنکر، اس حدیث کو بھی منکر کہتے ہیں جو کوئی ثقہ اور معتبر شخص لوگوں کی روایت کے خلاف بیان کرے۔ اسی کو شاذ بھی کہتے ہیں۔

خلاف شرع کاموں سے باز رکھنا :۔ نہی منکر

خلاف شریعت کلمات زبان پر لانا :۔ شطحیات

خلاف قیاس :۔ مصائد

خلاف کرنا :۔ مخالفت

خلاف محاورہ عبارت :۔ ضعیف تالیف، لبریز یعنی بھرا ہوا کی جگہ لبالب لکھ دیا اور تراشیدہ یعنی تراشا ہوا کی جگہ متراش لکھ دیا یا شلوار کی جگہ گرند

خلال کرنا :۔ تخلیل

خلط ملط کرنا :۔ تخلیط

خلعت :۔ تشریف، یہ معنی فارسی میں ہیں اور غالباً اس کی وجہ یہ ہو کہ خلعت کا ملنا باعث شرف ہے۔

خلعت دیا گیا :۔ مخلّع

خلعت کی جمع :۔ خِلاع

خلل پایا گیا :۔ مختل

خلل پڑنا :۔ اختلال

خلل ڈالنا :۔ اخلال، تخلّل

خلل ڈالنے والا :۔ خلل انداز، مخل

خلوت کی جگہ :۔ مَنشَم

خلوص سے کسی کو نصیحت کرنا :۔ نُخ ع
خلیل کی جمع :۔ اَخِلّاء ع
خمیر :۔ عَجین ع
خمیر اٹھانا :۔ تخمیر ع۔ آشوردن ف
خمیر کیا گیا :۔ مُخَمّر ع
خمیری روٹی :۔ خُبُص ع
خُنثیٰ :۔ کُو سپار۔ مُورَسَہ ف
خنجر :۔ ساطور ع۔ سَمْسام ع۔ صمصام ع۔ قَمَہ ت۔ یقطان ع
خندق :۔ تَرک ف
خندق کے آگے کی آڑ :۔ مطریس ع
خندہ پیشانی :۔ بَشّ ع
خندہ پیشانی اور ہنس مکھ عورت :۔ عَرُوب ع
خواب :۔ رُؤیا ع۔ طائف ع۔ ہَجعۃ ع۔ مَنام ع۔ مَنامات ج۔ واقعہ ع۔ بشاسیب ج۔ حُلم ع۔ احلام ج
خواب دیکھنا :۔ تَوَہُّم ع۔ بَشاسیب ع۔ تَحَلُّم ع
خواب کی تعبیر بتانا :۔ عَبَر ع۔ تاویل ع۔ تعبیر ع۔ عبارت ع
خواب کی تعبیر بتانے والا :۔ جاہلق ف۔ مُعَبِّر ع
خواب گاہ :۔ مَنام ع۔ منامات ج۔ مَضجَع ع۔ مَضاجِع ج۔ مَہجَع ع۔ مَناخ ع
خواب میں جماع کرنا :۔ تَنَوُّم ع
خواب میں ناپاک ہونا :۔ اِحتلام ع
خواب میں نظر آنے والے مناظر :۔ حُلُم ع۔ اَحلام ج
خواری :۔ ذِلّت ع۔ ذُل ع۔ رسوائی ف۔ تشہیر ع۔ ہتکہ ع بفتحین ہتک کہنا غلط ہے۔ ہُون ع
خوانچہ :۔ طبق ع
خوانچہ لگانے والا :۔ طبق کش ف
خواہش :۔ مُراغمت ع۔ رَغبت ع۔ دل ف۔ ہوا ع۔ اَہویہ ج۔ اَہواء ج۔ مَیل ع۔ مَیلان ع۔ نُزوع ع۔ مَشیّت ع۔ ہَوَس ع۔ عربی میں ہوس کے معنی ایک قسم کے جنون کے ہیں۔ ہوس کے معنی خواہش آرزو اور شوق فارسی میں ہیں۔ حاجت ع۔ حوائج ج۔ ضرورت ع۔ احتیاج ع۔ تقاضا ع۔ تُوق ع۔ اِشتہاء ع۔ درخواست ف۔ خیرہ ف۔ خواستگاری ف۔ گرائے ف۔ گرائش ف۔ گرائش ف۔ طلب ع۔ درکار ف۔ سروکار ف۔ غرض ع۔ اَغراض ج۔ تُلنگ ف۔ وَطَر ع
خواہش کرنا :۔ اِقتضاء ع۔ اِستدعاء ع۔ دال کے ضمہ اور تے کے فتح کے ساتھ استدعا کہنا غلطی ہے۔ تمنّا ع۔ گرائیدن ف۔ اِزہاد ع۔ عطف ع
خواہش کیا گیا :۔ مُشتہیٰ ع
خواہش مند :۔ مشتہی ع۔ طالب ع۔ تائق ع۔ راغب ع
خوب :۔ اَحسنت ع۔ حبّذا ع۔ بہتر ع۔ مبارک ع۔ خجستہ ف۔ دُش ف۔ پسندیدہ ف۔ مُوَجّہ ع۔ دُشت ف۔ شائیگاں ف۔ اس کی اصل شاہگاں ہے یعنی بادشاہ کے لائق عمدہ اور خوب چیز۔ خدیر ع۔ نکو ف۔ شائیگاں کے لئے دیکھو پامال کرنا۔
خوبانی :۔ زردآلو ف۔ مشمش ع۔ عَرُوسک ع
خوب بیان کرنا :۔ تبیان ع
خوب چلنے والا گھوڑا :۔ ذَہلول ع
خوب سمجھنے والا :۔ دَرّاک ع
خوب سوچنا :۔ اِمعان ع
خوبصورت :۔ اَجمل ع۔ حَسین۔ لغات وکتب عربیہ میں حسین کا لفظ نہیں پایا گیا۔ صرف صاحب منتخب نے حسین بالفتح وکسر سین خوب وصاحب حسن لکھا ہے۔ لہٰذا خوبصورت جمیل، حسن والا کے معنوں میں مُہمَل ہے۔ عربی میں حسین کی جگہ حَسَن کہتے ہیں جو حسن کی صفت مشبہہ ہے۔ بَہیج ع۔ قُرَّح ع۔ طَلق الوجہ ع۔ نقش قند ف۔ صارِ ف۔ وَضیّ ع۔ جَمال ع۔ جُمّال ع۔ بَشیر ع۔ پری زاد ف۔ رَوشَن ف۔ شکیل ع۔ یہ لفظ بمعنی خوبصورت نہیں آیا۔ اس لئے اس معنی میں اس کا ترک اولیٰ ہے۔ اگرچہ ذوق نے لکھا ہے۔

نور معنی ہے بہر شکل نتیجہ اس کا
اللہ اللہ زہے شکل شہنشاہ شکیل

البتہ (شَکِلَہ) زن غنج و دلال و عشوہ و ناز کے معنی میں آیا ہے خندہ رو ف۔ غُرّانِق ع۔ غُرنیق ع۔ غرانیق ج۔ قشنگ ف۔ زُودار ف۔ زُہرہ ع۔ خوش گِل ف۔ حُمیر ع۔ جمیل ع۔ مُشیق ع۔ نازک ف۔ نبیل ع۔ نُبَلہ ج۔ وسیم ع۔ نگارین ف۔ نگار عالم ف۔ وَضّاح ع۔ پری پیکر ف۔ جَہیر ع۔ ترانہ ف۔ رائق ع۔ قَسیم ع۔ تقاسیم ج۔ محمود ع۔ شمع رُو ف۔ نِہال ف۔ رَغیق ع
خوبصورت دراز قد لڑکی :۔ مَمشُوقَہ ع
خوبصورت عورت :۔ پری ف۔ حُسنیٰ ع۔ غیداء ع۔ ضُبحیٰ ع۔ رشیقہ ع۔ غانیہ ع۔ غوان ج۔ غیناء ع
خوبصورت کو آرائش کی ضرورت نہیں :۔ حاجتِ مشاطہ نیست روئے دلآرام را ف
خوبصورت لڑکا :۔ طُرفہ ع

داڑھ :۔ ضِرس ، اَضراس

داڑھ کا سوج جانا :۔ سُلاق

داڑھی :۔ سِبَال ، لِحیہ ، مَردمی ، والانہ ، رِیش ، یائے معروف سے

پَرز ، بَجیہ ، لُحَا ، مَعفار

داڑھی جس میں سفید اور سیاہ بال ہوں :۔ جَوگندم

داڑھی کو دانتوں میں دبانا :۔ خِساندن ، خِسانیدن

داڑھی منڈا آدمی :۔ حَلیق

داڑھی منڈوانے والا :۔ مُترَمّش فارسی والوں نے موتراشیدن سے عربی طور پر بنالیا ہے۔

داڑھی مونچھ :۔ مَحاسن ، حسن کی خلافِ قیاس جمع ہے نیز اس معنی میں واحد مونث ہے خوبیوں کے معنوں میں جمع مذکر جیسے میں نے آپ کے محاسن سنے تھے۔

داڑھی مونچھ کے بالوں کو کم کرنا :۔ حَفّ

داڑھی مونڈنے والا :۔ مُترَمّش ، دیکھو داڑھی منڈوانے والا۔

داڑھی والا :۔ بو رِیش ، یائے معروف سے ، لِحیان ، غَیّاف

داستان :۔ مَثَل ، اَمثال ، قِصّہ ، قَصَص

داغ :۔ طاری ، سِمَت بالکسر اول ، سُموت ، لکّہ ، رَسْم ، لَوث

داغ جو جسم پر پڑ جائے :۔ بَہَق ، بہک

داغ دینا :۔ وَسَمت

دال :۔ قُطنیہ

دالان :۔ رِواق ، پسارہ ، پشکم

دالان چھت دار :۔ صُفّہ

داماد :۔ خاطِب ، خَتَن ، اَختان ، چھہر ، حافِد

داماد بنانا :۔ مُصاہَرت

داماد ہونا :۔ خُتُون

دامن :۔ ذَیل ، ذُیُول ، اَذیال

دامن بڑھانا :۔ تَرفیل ، مرضی اصلاح میں ایک زحاف کا نام اس کی جہت سے وتد مجموع کے بعد سبب خفیف بڑھ جاتا ہے جیسے متفاعلن سے متفاعلاتن۔ اردو میں یہ زحاف مستعمل نہیں ہے اس کو مرفل کہتے ہیں۔

دامن پکڑنا :۔ اِذالہ

دامن سمیٹنا :۔ خَبن ، ایک زحاف کا نام۔ اس کی جہت سے سبب خفیف کا ساکن حرف گر جاتا ہے اور یہ ساکن رکن کا دوسرا حرف ہوتا ہے اس کو مخبون کہتے ہیں جیسے فاعلن سے فعلن ، فاعلاتن سے مفاعلن وغیرہ۔ یہ زحاف بحر رجز ، بحر رمل ، بحر سریع ، بحر خفیف ، بحر مجتث اور بحر منسرح میں مستعمل ہے۔

دانائی :۔ اِستبصار ، بَصیرت ، حَدس ، دِرایت ، حِذاقت ، فِراست ، فِطانت ، فِطرت ، فِطنت ، فَطن ، کیاست ، عَقل ، کِراہت ، فِقاہ ، فَقاہت ، فرزانگی ، گوہر ، زیرکی ، حکمت ، حِکم۔ اصطلاحاً اس علم کو بھی حکمت کہتے ہیں جس کے ذریعہ موجودات کی حقیقت معلوم کرنے کی سعی کی جاتی ہے۔ مزید لفظوں کے لئے دیکھو "عقل مندی" دَراست

دانائی میں باہم غلبہ ڈھونڈھنا :۔ مُکایَسہ

دانت :۔ دندان ، ضِرس ، اَضراس ، ریشک ، ناب ، اَنیاب ، مَبسَم ، مَباسم ، صَفّ ، سِن ، ثُغر

دانت پیسنا :۔ عَلک ، تحریز ، کَشر

دانت توڑ دینا :۔ قَصم ، علم عروض میں ایک زحاف کا نام ، بحر وافر میں مستعمل ہے۔

دانت صاف کرنا :۔ مَحص

دانت صاف کرنے کی لکڑی :۔ سواک ، مسواک ، مساویک ، دیکھو لفظ "برابر"

دانت کا گر جانا :۔ دَرَد

دانت کا مسوڑھا :۔ لِثّہ ، لِثات

دانت کریدنے کا تنکا :۔ خَلال ، خِلالی

دانت کڑکڑانے کی آواز :۔ غَرغَر

دانت کی تشبیہات :۔ گوہر ، دُر ، ژالہ ، الماس ، انجم ، دانۂ انار ، عقد پروین ، عقد گوہر ، سلک دُر ، غنچۂ یاسمین ، غنچۂ نسترن

دانتوں سے کاٹنا :۔ اِنتِہاس ۔ نَمش ۔
دانتوں کا جڑ سے ٹوٹنا :۔ ہتم ۔ ایک زحاف کا نام حذف اور قصر زحافوں کا مجموعہ ہے۔ مفاعیلن کا فعول بسکون لام ہو جاتا ہے اس کو اہتم کہتے ہیں یہ بحر ہزج اور مضارع میں مستعمل ہے
دانتوں کا منجن :۔ سَنُون ۔
دانتوں کی زردی :۔ قُلاح ۔
دانتوں کی لڑی :۔ نَسَق ۔ اردو میں نظم و نسق مستعمل ہے انیس

بزم جہاں میں دفترِ نظم و نسق کھلا
ظلمت نہاں ہوئی درِ باغ شفق کھلا

دانتوں میں خلال کرنا :۔ تَخَلُّل ۔ تخلیل ۔
دانتوں میں دبانا :۔ خسانیدن ۔
دانتی :۔ خاشوش ۔ مِحصَد ۔ دیکھو درانتی ۔
دانہ :۔ حَبّ ۔ حُبُوب ۔ حَبّہ ۔ نُوی ۔
دانۂ انگور :۔ عُنذ ۔
دائرہ :۔ جنبرہ ۔ منطقہ ۔ ہالہ ۔
دائرہ بنانا :۔ تدویر ۔
دائرہ کا مرکز :۔ نقطہ نگاہ ۔
دائرہ کھینچنے کا آلہ :۔ پرکار ۔ پرگار ۔ اہل اردو کاف تازی سے کہتے اور لکھتے ہیں۔
دائم المریض :۔ یہ دواخانہ کی صفت ہوسکتی ہے اس کے معنی ہوں گے "ہمیشہ رکھنے والا مریض کا" اور جو شخص ہمیشہ بیمار رہتا ہو اس کے لئے دائم المرض یعنی "ہمیشہ رکھنے والا مرض کا" لہٰذا دائم المریض کی بجائے دائم المرض کہنا چاہیئے
دائمی :۔ اَزَلی ۔ ظلیل ۔
دائمی سایہ :۔ ظل ظلیل ۔ ظلیل ۔
دائی کا بچہ کو دودھ پلانا :۔ لبان ۔
دائیں طرف والے :۔ ذات الیمین ۔
ڈنڈا :۔ عصا ، عصایا ج کلتہ ف دیکھو "لاٹھی"

ڈنڈا جس کا سر مڑا ہوا ہو :۔ صولجان یہ چوگان کا معرب ہے۔

ڈنڈ پیلنا :۔ شنا ب ف

ڈنک :۔ نوک ف حُمہ ، نہش ، نیش ف

ڈنکا :۔ مضرب ، زخمہ ف

ڈنک مارنا :۔ لداغ ، لسع ،

ڈنک مارنے والا :۔ نیش زن ف لادغ ،

ڈوبا ہوا :۔ مستغرق ، مغروق ، غریق ، منغمس ، غرق ، غرقاب ف آب غرق کا مقلوب ہے۔ غرقہ ، مغمور ،

ڈوب جانا :۔ استغراق ، غرق ، فارسی میں رائے سکون سے مستعمل ہے۔ غرقاب شدن ف۔

ڈوبنے والا :۔ غارق ، غریق ،

ڈور (دھاگا) :۔ خیط ، دیکھو "دھاگا"

ڈول :۔ قعقور ، عصمور ، عصامیر ج

ڈولی :۔ صدح ، محافہ ، تحفہ ، حدابہ ، حدائج ج

ڈوم :۔ قوال ، سازندہ ف دقالی ش

ڈونگا :۔ سنبک ف مزاب ،

ڈونگی :۔ زورق ، قاذق ، قائق ،

ڈوئی :۔ قاشق ت چمچہ ف کفگیر ف کفچہ ف مغرفہ ۔

ڈھیک :۔ پیش تختہ ف قمطر ، طبقہ ،

ڈیل ڈول :۔ اندام ف وضع ، اوضاع ج قلل ، کالبد ف جسم ، اجسام ج

ڈیوٹی :۔ تکلیف ، تکالیف ج فرض ، فرائض ج

ڈھ

ڈھاٹا :۔ لثام ،

ڈھا دینا :۔ انہدام ، ہدم ،

ڈھارس :۔ تسکین ، اطمینان ، تشفی ، تسلی ،

ڈھارس دینا :۔ دل دادن ۔ دیکھو تسلی دینا۔

ڈھاک کا درخت :۔ پلاس ف پلہ ف

ڈھال :۔ درق ، درقہ ، سپر ف قلقان ف مجن ، جان ، جنانہ ، عرضہ ، جنہ ، جُنن ج جحرد ، ترس ، اتراس ج

ڈھال بنانے والا :۔ تراس ،

ڈھالنا :۔ صیاغت ،

ڈھالنے والا :۔ صیاغ ، صائغ ،

ڈھانپ لینا :۔ تمیر ، غطی ، تکفیر ،

ڈھانچہ :۔ خاکہ ف

ڈھکا ہوا :۔ پوشیدہ ف مستور ، دیکھو چھپا ہوا

ڈھکنا (ڈھکن) :۔ سرپوش ف غطاء ،

ڈھلوان جگہ :۔ سرازیر ف زحلوقہ ،

ڈھنڈورا :۔ جار ت تگ ف

ڈھنڈورچی :۔ جارچی ت جارزن ف

ڈھونڈھنا :۔ ارتیاد ، سلوک ، صوفیوں کی اصطلاح میں اللہ تعالیٰ کی نزدیکی چاہنا۔ فحص ، تجسس ، تفتیش ، تفوق ، تلاش ت تالاش کہنا اور لکھنا غلط ہے۔ سحر ؎

ہوس نہ جاہ و حشم کی نہ مال و زر کی تلاش
غزل کی فکر ہے الفاظ باثر کی تلاش

تفحص ، جستجو ، جُستن ف اِنتیاش ، پرکاس ف پوز ف پویش ف

اِلتماس: یوُزیدن: اِستقرا:

ڈھونڈھنے والا۔ جُویا: مُتجسّس: تلاشی: عربی میں تلاشی نیست و نابود ہونا۔ طالب: جسّاس: تلاش کنندہ: یوُزَن: مُتفحّص: مُتفتّش: رَماد: مُستوحش: اصطلاح منطق میں وہ عمل جس سے کسی چیز کا چند افراد پر تجربہ کر کے تمام پر وہی قاعدہ مقرر کر دیں۔

ڈھنگ ا۔ اُسلوب: اسالیب: طور: مِنوال: اطوار: طریقہ: طریق: طرز: نجام: رَوِش: وَضع: حِلیہ: وَتیرہ: عادت: عادات: رَسم: رُسوم: نَہاد: گوہس: شاکلہ: شواکل:

ڈھول ا۔ بِتیرہ: تبیرہ: تَبل: اَطبال: طُبول: نقّارہ: شَندف: دُہل: کہانہ ب۔ نظامی ؎ مندل:

صبا بُلبلاں را دریدہ دُہل
زنا محرماں ردی پوشیدہ گل

ڈھول کو آگ سے سینکنا ا۔ ہَوا:

ڈھول بجانے والا ا۔ طبلہ نواز: طَبّال: نقّارچی:

ڈھول کی آواز ا۔ دَبدبہ: درد اب:

ڈھیر ا۔ تُودہ: انبار: کُومہ: تصادم:

ڈھیر کرنا ا۔ انباردن: انباشتن: تکادس:

ڈھیلا (بیائے مجہول) ا۔ کُلُوخ:

ڈِھیلا (بیائے معروف) ا۔ سُست: وَدَخ:

ڈھیلا پن ا۔ رَخاوت: رُخاء: رَخاء:

ڈھیل کرنا ا۔ لَیتُ ولعلّ:

ذ

ذ ا۔

ذات ا۔ قوم کے معنی میں جات سے بنالیا ہے۔

جیسے ؎ جات پات پوچھے نا کوئے
ہر کو بھجے سو ہر کا ہوئے

نیز ذات اردو میں جسم، وجود اور شخص وغیرہ کے معنوں میں آیا ہے البتہ عربی میں ذات ذُو کا اسم مونث اور حقیقت، جوہر، عین اور اصلیت کے معنی میں آیا ہے۔

امیرؔ ؎

پردے کو اس کی ذات سے کیا کام تھا امیر
چھپ کر صفاتِ ناتناہی میں رہ گئی۔

ذاتِ الٰہی کا علم ا۔ عالمِ لاہوت:

ذات کی جمع ا۔ ذَوات:

ذاتی ا۔ فطری: طبعی: اَصِیل: اَصلی: جِبلّی: خاص: دیکھو "نجی"۔

ذاتی حملہ ا۔ ہتکِ العرض:

ذائقہ بدلنے کو کوئی اچھی چیز کھانا ا۔ تَغَلُّہ:

ذَبح ا۔ ذُبح یا ذِبح بالضم و بالکسر کہنا یا ذَبَح بفتحتین کہنا غلط ہے

وزیرؔ ؎

ہوں وہ بُلبُل جو کرے ذبح خفا تو ہو کر
روح میری گلِ عارض میں رہے بُو ہو کر

ذبح کرنے کی جگہ ا۔ مَذبَح:

ذبح کرنے والا ا۔ قاصِب: ذابِح:

ذبح کیا ہوا جانور ا۔ مَذبوح:

ذخیرہ ا۔ مَذخورہ: تخم دان:

ذخیرہ کرنا ا۔ اِذخار: اِحتِکار:

ذخیرہ کرنے والا ا۔ ذخیرہ اندوز: مُحتکِر:

ذرا ا۔ اہلِ اردو مقدارِ قلیل، تھوڑا، کم، جُز، ٹکڑا، ایک آن اور ایک لمحہ کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں۔

؎ کہتے ہیں رنجشِ ظاہر میں مزہ ہوتا ہے
تم یونہی مجھ سے خفا ہو کے ذرا مل جانا

میر حسنؔ ؎ ذرا آنکھ لگ گئی جو اس حال میں
تو دیکھا پھنسا اس کو جنجال میں

تنبیہ: عربی میں ذَرّہ کے معنی ہیں مُورچہ خرد، جوہرِ فرد، ذَرّات جمع آتی ہے۔ آفتاب کی شعاع جو روزن سے آتی ہے۔ اس میں نہایت چھوٹے چھوٹے اجزاء دکھائی دیتے ہیں۔ یہ ذرات کہلاتے ہیں تقریح مذکور سے معلوم ہوتا ہے کہ ذرا، ذرہ سے بنایا گیا ہے جس میں مقدار قلیل کی مناسبت نمایاں ہے۔ پس جو لوگ ذرا کو ذرہ کہتے ہیں غلطی

کرتے ہیں۔ تُبَرَّکَا ؛

ذرا جلدی چلنا ۱۔ عَنَق ؛ اس سے تیز چلنے کو نَص کہتے ہیں۔ امام مالکؒ نے کہا ہشام کے نزدیک نَص، عَنَق سے زیادہ ہے۔

ذَرُور ۱۔ عربی ہے۔ دواؤں کو خشک باریک پیس کر زخموں پر چھڑکنے کو طبی اصطلاح میں ذرور کہتے ہیں۔

ذَرَّہ ۔ مِقْتَاتَہ ؛ قُتَات ؛

ذریعہ ۱۔ سَبَب ؛ اَسْبَاب ؛ اردو میں اسباب بطور واحد سامان کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ وَسِیلہ ؛ وَسَائل ؛ عُروہ ؛ واسطہ ؛ وسائط ؛

ذریعہ کی جمع ۱۔ ذرائع ؛

ذَقن (بمعنی ٹھوڑی) کی جمع ۱۔ اَذقان ؛

ذکر کرنا ۔ اِذکار ؛ تَذکِرَہ ؛ تَذکار ؛

ذکر کرنے والا ۱۔ ذاکِر ؛

ذکر کیا گیا ۱۔ نام بُردہ ؛ مَذکُور ؛ اردو میں مذکور بطور واحد ذکر، چرچا، شہرہ کے معنوں میں مستعمل ہے۔

امیر ؎ تیری تعریف کے ہیں کان ہمارے مشتاق
ذکر لیلٰی کا نہ شیریں کا ہے مذکور پسند

ذوق ؎ مذکور تری بزم میں کس کا نہیں آتا
پر ذکر ہمارا نہیں آتا نہیں آتا!

میر ؎ گلیوں میں اب تلک بھی مذکور ہے ہمارا
افسانۂ محبت مشہور ہے ہمارا!

ذِلّت ۱۔ خذلان ؛ ذُل ؛ خِزی ؛ نکبت ؛ مَذَلَّت ؛ رُسوائی ؛ خواری ؛ یَد ؛ ہَوان ؛ اِفتِضاح ؛ ہُون ؛ فضیحت ؛

ذلیل ۱۔ وَزغہ ؛ مُستَبذَل ؛ مُستَہان ؛ وَزغ ؛ مُہان ؛ حقیر ؛ ہَین ؛ مُردہ ریگ ؛ حُشارہ ؛ ہَبا ؛ ہُباب ۔ ہُبا کا مرادف ہے۔ خوار ؛ رُسوا ؛ قِدح ؛ مخذول ؛ ممتہن ؛ خاذیل ؛ مُتَذَیل ؛ عاہِض ؛ مُحَقَّر ؛ مَدین ؛ خسیس ؛ اَخسّا ؛ مُتہَم ؛ جلف ؛ اجلاف ؛

ذلیل سمجھنا ۱۔ اِہانت ؛ حقارت ؛ بکسر حائے حُطّی حقارت غلط ہے ؛

ذلیل کرنا ۱۔ خِزی ؛ کبت ؛ توہین ؛ اِدانۃ ؛ تذلیل ؛ تفضیح ؛ ناموس بُردن ؛ جَدع ؛

ذلیل کرنے والا ۱۔ قامِع ؛ مُفَضِّح ؛

ذلیل کرنے والی ۱۔ قامِعَہ ؛

ذلیل کیا ہوا ۱۔ مُطرود ؛ مَردود ؛ مَذموم ؛

ذلیل و خوار ہونا ۱۔ تمسکن ؛ تنوع ؛

ذلیل ہونے والا ۱۔ داخِر ؛ مُتہلِک ؛

ذمہ دار ۱۔ کافِل ؛ مُتَعَہِّد ؛ مُتَکَفِّل ؛ ضامِن ؛ کفیل ؛

ذمہ دار ہونا ۱۔ تکفّل ؛ ضمان ؛ کفالت ؛

ذُو معنی ۱۔ عربی میں نہیں آیا نہ فارسی میں پایا گیا۔ اہل اردو اُس بات یا لفظ کو ذو معنی کہتے اور لکھتے ہیں جس میں کئی پہلو یا معنے نکلتے ہوں یعنی دو معنی بات۔ لیکن ذو معنی سے یہ معنی نہیں نکلتے۔

ذہانت ۱۔ عربی میں نہیں آیا۔ شام و مصر کے مجلات و مقالات میں پایا جاتا ہے۔ اس کی جگہ ذہن کہنا چاہیے۔

ذہن کی جمع ۱۔ اَذہان ؛

ذہین آدمی ۱۔ ذکی ؛ اَذکیا ؛ جمیز الفواد ؛

ذیل (دامن) کی جمع ۱۔ اَذیال ؛ ذُیُول ؛

(ر)

ر ۔ لغت میں اس کے معنی مرد کینہ جو تحریر ہیں۔ فارسی میں اس کا استعمال الف کے ساتھ مل کر ہوتا ہے استعمال کی صورتیں حسب ذیل ہیں۔

(۱) علامت مفعول ۔ جیسے دل را بمعنی دل کو۔

(۲) علامت اضافت ۔ یہ ہمیشہ مضاف الیہ کے بعد آتی ہے

حافظ ؎ ساقیا برخیز و در دہ جام را
خاک بر سر کن غم ایام را

پہلے مصرعہ میں "را" علامت مفعول ہے۔ دوسرے مصرعہ میں "را" علامت اضافت ہے۔

(۳) زائد- اس میں راکے پیشتر اسم آتا ہے اور صرف ماقبل خبر ہوتا ہے-

(۴) بدل کی صورت میں لام سے بدل جاتی ہے جیسے نیلوفر سے نیلوفل- سوز سے سول-

(۵) ترخیم کی صورت میں- جیسے دختر سے دخت-

(۶) حذف کی صورت میں- جیسے لب باز کن بجائے لب را باز کن-

رات:- شاہ زنگ ف اَصِیل ع آصال ع لَوْن ع سُمُوریہ ع سمور سیاہ ف شیف ف شب ف لیل ع لیالی ع لیال ع پشت ماہی ف چتر عنبریں ف ماکیان زاغ رنگ ف تخت آبنوسی ف چادر تیرگوں ف چادر کبود ف چادر کحلی ف عنبر تر ف غاسق ع نس ع نقاب لیلی ف چشمۂ تیر ف چشمۂ تیرگوں ف زین ع چشمۂ تیرہ گوں ف مکیان مُطر ع جبۂ درویش ف

رات اور دن:- دو پروانہ ف شبا روز ف سَرمَد ع مو چینر ف لیل و نہار ع سیاہ و سفید ف ملَوَان ع دو مار سیاہ و سفید گزندہ ف شب و روز ف

رات بھر بھوکا رہ کر گزار دینا:- تعادی ع

رات کا:- شبینہ ف

رات کا اندھیرا:- دُجی ع مایۂ شب ف

رات کا اندھیرے کو ساتھ لانا:- جُنُوح ع

رات کا ایک حصہ:- زَدِیت ع

رات کا تاریک ہونا:- اِظلام ع اِدجاء ع دَغدَر ع عَسعَس ع اِغساق ع دُمُوس ع

رات کا تھوڑا سا حصہ:- ہجیع مِنَ اللیل ع

رات کا چوکیدار:- طوف ع

رات کا درمیانی حصہ:- جوشن ف

رات کا زیادہ تاریک ہونا:- تَروِیق ع طوفان ع

رات کا کھانا:- عَشاء ع شب چرہ ف عشائیہ ع

رات کا گزرنا:- مَبات ع

رات کا وقت:- بیگاہاں ف شبانگاہ ف

رات کو آرام کرنا:- ترویح ع

رات کو آنا:- طُروق ع

رات کو آنے والا:- عاتم ع

رات کو اندھیرے میں چلنا:- تَخَتُّع ع

رات کو پھرنے والی عورت:- شب بارہ ف

رات کو ٹھیرنا:- بَیات ع

رات کو جاگنا:- تَہَجُّد ع ہُجُود ع

رات کو جاگنے والا:- خورشید سوار ف شب زندہ دار ف قائم اللیل ع

رات کو چلنے والا:- ساری ع طارِق ع

رات کو چوکیداری کرنا:- اِعتِساس ع

رات کو سونا:- تَہَجُّد ع ہُجُود ع ہُجُوع ع

رات کو سونے والا:- ہاجع ع

رات کو دلیری سے پھرنا:- عَوس ع

رات کو سیر کرنا:- اِدلاج ع

رات کو لکڑی چننے والا:- حاطِبُ اللیل ع

رات کو مانگنے والا:- مُختَط ع

رات کی باتیں:- اِسمار ع سَمَر واحد ہے-

رات کی بارش:- سارِیَہ ع

رات کی تاریکی:- عَسکَر ع عشار ع جِنانُ اللیل ع خَیط الاسود ع

رات کے اول حصے میں راہ چلنا:- دَلج ع

رات کے پہلے حصہ کی نیند:- ہجعت ع

رات کے حصے:- زُلَف ع

رات کے وقت سیر کرنا:- تَروُّح ع اِدلاج ع

رات کا گزارنا:- تَبیِت ع مَبات ع

رات گزارنے کی جگہ:- مَبات ع

راج (استری):- معمار ف غَلیفگر ف غلیگر ف گلکار ف

گل گیر ف بنیاد گر ف

راجدھانی:۔ دار السلطنت ع جائے تخت ف اس کی جگہ پایۂ تخت کہنا اور لکھنا غلط ہے۔ دیکھو دار الخلافہ

راج ہنس:۔ تَمّ ع

راحت طلب کرنا:۔ اِستِراحت ع

راحت و آرام دینے والا:۔ مُرَوِّح ع

راز:۔ سَرِیرَۃ ع سر بستہ ف سِر ع سرائر ع رازہ ف

راز رکھنا:۔ تَمَنُّس ع

راز فاش کرنا:۔ پردہ دریدن ف راز بر صحرا نہادن ف

راز فاش کرنے والا:۔ مُتَنَدِّد ع

راز کا فاش ہونا:۔ بخیہ از روئے کار افتادن ف

راست:۔ سَدید ع درست ف سہی ف بکسر سین کہنا غلط ہے۔ شرع ع قَوِیم ع صواب ع صحیح ع صحاح ع

راستہ:۔ سَبیل ع سُبُل ع نَحْو ع انحاء ع نَحْو اس علم کا نام ہے جس سے ایک کلمہ کا دوسرے کلمہ سے تعلق معلوم ہو اور جس غلطی سے مطلب میں خلل واقع ہو اس سے کلام کو بچایا جائے۔ جادّہ ع جُدُد ع مَجاز ع لفظ مجاز حقیقت کی ضد بھی ہے نیز وہ لفظ مجاز کہلاتا ہے جسے اس کے غیر حقیقی معنوں میں استعمال کیا جائے۔ اُن معنوں کو بھی مجازی معنی کہتے ہیں جو کسی لفظ کے وہ حقیقی معنی نہ ہوں مثلاً شیر ایک مشہور درندہ ہے اور یہی اس کے حقیقی معنی ہیں۔ لیکن جب یہ کہا جائے کہ یہ شیر پنجاب ہے جس نے اسلام دشمنوں کے دانت کھٹے کر دیئے تو یہاں شیر بمعنی بہادر استعمال ہوا ہے یہی مجازی معنی ہیں۔ مَنفَذ ع مَنافِذ ع پُل ت مذہب ع مذاہب ع طریق ع طُرُق ع مُشتَرَع ع مَشارِع ع دِین ع اَدیان ع دَلیل ع دَلائِل ع طَریقت ع طَرِیقہ ع طَرائِق ع مَسلَک ع مَسالِک ع شَرع ع مَشعَب ع مُنخَرِم ع سُنَّت ع سُنَن ع مَمَر ع گزر ف گزرگاہ ف راہ ف طَرِیقت ع

راستہ بنانا:۔ تَشرِیع ع

راستہ بھٹکا ہوا:۔ گمراہ ف مُنبَق ع

راستہ بھٹک جانا:۔ از راہ در رفتن ف

راستہ بھولنا:۔ گمراہی ف

راستہ پر چلنا:۔ راہ افتادن ف

راستہ چلنے والا:۔ راہ رَو ف راہ گیر ف راہی ف سالِک ع صوفیوں کی ایک اصطلاح۔ وہ شخص جو قرب الٰہی کا طالب ہو اور فکر معاش بھی رکھتا ہو۔ نابیج ع سفری ف

راستہ روکنے والا:۔ بُت راہ ف سَدِّ راہ ف

راستہ کا خرچ:۔ زادِ راہ ف زاد ف

راستہ کا محافظ:۔ راہ دار ف گزربان ف

راستہ کا نشان (پتھر، کھونٹی وغیرہ):۔ مَعلَم ع

راستہ کی گری پڑی چیز:۔ رائیگاں ف اصل میں راہگاں تھا ہائے ہوز کو ہمزہ سے بدل دیا۔ اردو میں ضائع، عبث اور اکارت کے معنی میں مستعمل ہے۔ عارف ؎

ملے گر عمر یہ ہم کو گزاریں بادہ خواری میں
خضر کی طرح کیوں پھر پھر کے ہستی رائیگاں کیجئے

راست ہونا:۔ اِتِّساق ع

راستی:۔ سکنات ع صَوب ع دیانت ع سَدَد ع

راستے:۔ طرائق ع اَوراج ع شوارِع ع اسباب ع واحد کی صورت میں سامان کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ منیر ؎

آفاق کی منزل سے گیا کون سلامت
اسباب لُٹا راہ میں یاں ہر سفری کا

طُرُق ع سَاوِیان ع مَذاہب ع

راستے سے پھر جانا:۔ عُدُول ع عروض فن اِنتِقاد کی ایک اصطلاح۔ کسی خیال کو بحر میں لانے کی غرض سے متحرک حرف کو ساکن کرنا اور ساکن کو متحرک بنانا عُدُول کہلاتا ہے جیسے فانی بدایونی ؎

طُور تو ہے ربِّ ارنی کہنے والا چاہیئے
لن ترانی ہے مگر نا آشنائے گوش ہے

صاحب فکر و فن رقم طراز ہیں: درحقیقت لفظ ارنی بحرکت دوم آرنی ہے مگر یہاں بسکون دوم استعمال کیا ہے۔ واضح ہو کہ

اس کے غلط ہونے میں کوئی شبہ نہیں مگر یہ امر مسلم ہے کہ لفظ یا ترکیب پر اہل علم کا تصرف ہوتا ہے۔ اس کے استعمال میں کوئی حرج واقع نہیں ہوتا۔ چنانچہ شعرائے عرب و عجم اس قسم کے تصرف کو جائز سمجھتے ہیں۔ لیکن اس کے باوجود میرے نزدیک غلطی اپنی جگہ غلطی ہے۔ غالب مکتب کے ساتھ صاحب کا قافیہ نظم کر گئے ہیں۔ اب اس کے معنی یہ بھی نہیں کہ اس قسم کی بھول چوک قابلِ سند یا لائقِ اتباع سمجھی جائے۔

راستے کے میلوں اور کوسوں کے نشانات:۔ مُتَنشَّا ع، دیکھو راستہ کا نشان۔
راستے میں چوکیدار بٹھانا:۔ اِرصاد ع
راستے میں گرا پڑا بچہ جسے اٹھا لیا گیا ہو:۔ لَقِیط ع، لَقِیطہ ع
راضی:۔ خوشنود ف، خرسند ف، خوش ف
راضی کرنا:۔ تقنیع ع
راضی ہونا:۔ تن در دادن ف، ابرو زدن ف، ارتضا ع
راکھ:۔ خاکستر ف، حُمَم ع، قَوَنیا ف، رماد ع
راکھ ملا ہوا چونا:۔ ساخن ع
راگ:۔ نغمہ ع، نغم ع، اسماع ع، سرود ع، سماع ع، رامش ف، آغانی ف، آہنگ ف، ترانہ ف، غنا ع
ران:۔ فخذ ع، فخذ ف
رانپی:۔ شفرہ ع، نشکردہ ف، مجذی ع
ران کا بے گوشت ہونا:۔ ذَلَل ع، ایک زحاف کا نام۔ مفاعیلن میں حذف کی جہت سے مفاعی رہا۔ خرم کی وجہ سے فاعی اور قصر کی جہت سے فاع ہوا۔ اس کو اذل کہتے ہیں۔ یہ ہزج اور مضارع میں مستعمل ہے۔
ران کی جڑ سے پاؤں کی انگلیوں تک:۔ لِنگہ ف
رانگ (دھات):۔ ارزیر ف، رصاص ع، سپید روی ف
راوی کے لیے الفاظ استعمال کرنا جس سے یہ گمان ہو کہ اس نے براہِ راست روایت لی ہے:۔ تدلیس ع
اس کا فاعل مدلس ہے۔ واضح ہو کہ تدلیس عیب ہے۔

راہب جو اپنے سروں کو منڈواتے ہیں:۔ شماسہ ع
راہبر:۔ دیکھو رستہ بتانے والا۔
راہ بھٹکانا:۔ اِضلال ع
راہ پر لانا:۔ اِہتداء ع
راہِ ترقی میں مانع چیزوں کو دور کرنا:۔ زکوٰۃ ع
راہ چلنا:۔ سلوک ع، صوفیوں کی اصطلاح میں اللہ تعالیٰ کی نزدیکی چاہنا۔
راہ چلنے سے تھکا ہوا:۔ مندلوٹ ف
راہ چلنے والا:۔ عابر ع، مسافر ف، ابن السبیل ع، راہ گیر ف، راہ رو ف
راہداری کا محصول:۔ عبرہ ع
راہ دکھانا:۔ دلالت ع، ارشاد ع
راہ دیکھنا:۔ انتظار ع
راہ دیکھنے کی جگہ:۔ مرصد ع
راہ دیکھنے والا:۔ منتظر ع
راہِ راست:۔ شارع ع، صراط ع، منہاج ع، منہج ع، مناہج ع، نہج ع، راہ کشادہ ف، صراطِ مستقیم ع
راہِ راست چلنے والا:۔ رشید ع، ہدایت یافتہ ف، راشد ع
راہ راست پر آنا:۔ رشاد ع
راہ راست چاہنا:۔ استرشاد ع
راہ راست دکھانا:۔ ہدایت ع، ہدایا ع، ہدیٰ ع، ارشاد ع
راہ سے بھٹکا ہوا:۔ مُنبَل ع، منکر ع
راہ سے گزرنا:۔ عبور ع
راہ گزر:۔ معبر ع
راہ گزر کا اجازت نامہ:۔ ورقہ ع
راہ نما:۔ مہدی ع، قلاوز ف
رائج کیا گیا:۔ مروج ع
راؤٹی:۔ چار طاق ف، چہار طاق ف، خیمہ ع، خیام ع
رائی (غلہ):۔ خردل ع، ختیع ع، شاب ف، فاعسہ ع

آہوری ف

رائے: بینائیٔ دل ف مشورہ ع تجویز ع تجاویز ج خوابدید ف صلاح ع بصیرت ع عقل کی اس کیفیت کا نام جو فکر و نظر میں کام دیتی ہے۔

رائے بدل دینا: فسخ ع

رائے دینا: تجویز ع تجاویز ج

رائے کی جمع: آراء ع

رُباعی: فارسی میں ترانہ کہتے ہیں۔ اس کا موجد رُودکی ہے عربی میں رُبع کے معنی چوتھائی کے ہیں کیوں کہ رُباعی چار مصرعوں کی ہوتی ہے اس لئے اس نام سے موسوم کیا گیا۔ یہ عروضی لحاظ سے چوبیس اوزان میں کہی جاتی ہے۔ یہ وزن بحرِ ہزج مثمن سالم سالم سے نکالا گیا ہے جیسے علامہ فوق سبزواری بدایونی نے کہا ؎

اظہارِ شہود کی ضرورت کیا تھی
اس نام و نمود کی ضرورت کیا تھی
جب مر کے عدم کو پھر بسانا تھا
دنیا کے وجود کی ضرورت کیا تھی

رَبَر: بداوپک کُن ف کحایہ ع گوچو ف نستید ف

ربیع الاول کا مہینہ: خوّان ع

رُتبہ: پَلّہ ف پائگاہ ف درجہ ع درجات ج پایہ ف مَنصب ع (بالکسر صاد) مناصب ج

رتبہ کی جمع: مراتب ع

رَتوندھی: عَشا ع

رَتوندھی کا مریض: اَعشیٰ ع

رتیلی زمین: زارا غنگ ف

رَتھ: گردُون ف

رَجز: عربی ہے، سرعت و اضطراب معنی۔ وہ اشعار جو عرب جاہلیت کی لڑائیوں کے وقت اپنی شرافت اور مفاخرت کے اظہار میں پڑھتے تھے۔

رجسٹر: اَدراجہ ع

رجسٹر جس میں مجرموں کے اعمال درج کئے جائیں: سجّین ع

رجسٹری: تسجیل ع

رجوع کرنا: مَصیر ع ارجاع ع ترجیع ع

رجوع کرنے والا: راجع ع

رجوع کیا گیا: مُستال ع مرجوع ع

رَحل: کیدَرخ ف کیرَخ ف گیرَخ ف

رحمٰن: عربی ہے۔ رحم سے مشتق ہے۔ عربی میں رحمت، عواطف کی ایسی رِقّت اور نرمی کو کہتے ہیں جس سے کسی دوسری ہستی کے لئے احسان و شفقت کا ارادہ جوش میں آ جائے۔ بس رحمت میں محبت، شفقت، فضل، احسان سب کا مفہوم داخل ہے اور مجرد محبت لطف اور فضل سے زیادہ وسیع ہے۔ عربی میں فعلان کا باب عموماً ایسی صفات کے لئے استعمال ہوتا ہے جو محض صفات عارضہ ہوتے ہیں۔ جیسے پیاسے کے لئے عطشان، غضب ناک کے لئے غضبان، سراسیمہ کے لئے حیران، مست کے لئے سکران وغیرہ۔ اس قرینہ سے رحمٰن کے معنی یہ ہوئے کہ وہ ذات جس میں رحمت ہے۔

رحمت: سَکَن ع بقیّہ ع فضل ع

رحم کرنا: ترحُّم ع

رَحیم: عربی ہے۔ رحم سے مشتق ہے۔ فعیل کے وزن میں صفات قائمہ کا خاصہ ہے یعنی عموماً ایسے صفات کے لئے بولا جاتا ہے جو جذبات و عوارض ہونے کی جگہ صفات قائمہ ہوتے ہیں۔ مثلاً کریم۔ کرم کرنے والا۔ عظیم بڑائی رکھنے والا۔ علیم علم رکھنے والا۔ حکیم حکمت رکھنے والا۔ پس رحیم کے معنی ہوئے کہ وہ ذات جس میں نہ صرف رحمت ہے بلکہ جس سے ہمیشہ رحمت کا ظہور ہوتا ہے۔

رُخسار: وَجنَہ ع وجنات ج (بہ سہ حرکات) عذار ع عارض ع خَدّ ع دیباچہ ف بُک ف دیکھو "گال"۔

رُخساروں کا گلاب کی طرح ہونا: تَورید ع

رخساروں کا پھیلانا: تصعیر ع

رُخصت: دستور ف الوَداع ع بکسرِ واو کہنا غلط ہے

دبیر ؎ ناگاہ الوداع بھی آغاز ہوگئی
اکبر بتول اپنے نواسے کو روگئی

بدرود ب، ف گسیل ف، تراش ف، دواع ع

رخصت چاہنا:۔ استرخاص ع

رخصت دینے والا:۔ مرخص ع

رخصت کرنا:۔ گسیل ف، موادعت ع

رخصت کرنے والا:۔ مرخص ع، مودع ع، وادع ع

رخصت کیا گیا:۔ مرخص ع، مودع ع

رخصت ہونا:۔ ترخیص ع، توديع ع

رد کرنا:۔ آستین افشاندن ف، ارتداد ع

رد کرنے والا:۔ رادّ ع

رد کیا گیا:۔ منسوخ ع، مسترد ع

ردی کرنا:۔ رداوت ع

رزق کی جمع:۔ ارزاق ع

رس:۔ عربی ہے بمعنی ابتدا کرنا۔ عروض میں قافیہ کی چھ حرکتوں میں سے ایک کا نام۔ چوں کہ اس سے حرکاتِ قافیہ کی ابتدا ہوتی ہے اس لئے یہ نام رکھا گیا۔ یہ وہ حرکت ہے جو حرفِ ماقبل تاسیس بالفتح ہو۔ جیسے کابل اور رسائل کے کاف اور سین مفتوح ہیں۔

رسالہ کی جمع:۔ رسائل ع

رسائی:۔ اصابت ع، دسترس ف

رس بھری:۔ آلوچہ سبز ف

رستم:۔ بضم تا رستُم کہنا غلط ہے۔ بعض کے نزدیک بفتح را رَستم ہے اس لئے کہ رستم کی ماں رودابہ دردِ زہ سے بے چین تھی۔ رستم پیدا ہوا تو اس کی زبان سے نکلا رستم یعنی میں نے رہائی پائی۔ اور یہی اس کا لقب ہوگیا۔ بعض کہتے ہیں کہ ضمہ رائے مہملہ سے صحیح ہے کیوں کہ رستم کا تشبیح روستم جو کلامِ قدما میں آیا ہے۔ بضم تائے قرشت رستُم بھی غلط ہے

سحر کو آفتاب آجائے گا لے بے خبر سر پہ
کہ شب کو بسترِ گل پر نہیں تو گل پہ شبنم ہے
نہیں ہے کام کی وہ زندگی جس میں ہو بدنامی
بجا ہے یہ مقولہ نامِ رستم بہ ز رستم ہے

رسم:۔ یاسا ف، رواج ع، اس معنی میں بکسر را غلط ہے۔

رسم الخط کے موافق لکھنا:۔ املاو ع، مختلف فیہ۔

تسلیم ؎ عالمِ وحشت میں جب لکھا کوئی خطِ فراق
ربط بگڑا میری انشا کا غلط املا ہوا

رشک ؎ نامۂ جاناں ہے یا لکھا مری تقدیر کا
خط کی انشا اور ہے لکھنے کی املا اور ہے

صرف انشا مونث لکھا جاتا ہے باقی افعال کے مصادر مذکر کہے جاتے ہیں۔

رسم کی جمع:۔ مراسم ع

رسوا:۔ دہل دریدہ ف، خزی ع، بدنام ف

رسوا کرنے والا:۔ ہتاک ع

رسوائی:۔ ہتک ع، تشہیر ع، تشہیر کے معنی ہیں ظاہر کرنا۔ لیکن فارسی میں اور اردو والے رسوائی ہی کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔ داغ ؎

مر بھی جاؤں تو نہ ہو اُن کو مرا مُردہ عزیز
بلکہ میری لاش کی تشہیر اُلٹی ہو تو ہو

افتضاح ع، خزی ع، تہتک ع، پردہ دری ف، مذلت ع، فضوح ع، فضیحت ع، فادا ف، لقع ع، دیکھو، ذلت ع

رسوائی کرنا:۔ تفضیح ع، کبت ع، تفضیک ع

رسوت:۔ حضیض ع، خولان ع، کحل خولان ع

رسولی:۔ سلعہ ع

رسی:۔ پابند ف، طناب ع، عزل ف، ربقہ ع، سبب ع، مرست ع، ریسماں ف، حبالہ ع، حبل ع، حبال ع، رشاء ع، ارمش ع، رسن ف

رسی بٹنا:۔ غزل ع، نظم کی ایک اصطلاح۔ کیوں کہ غزل کے

معنی حسن و محبت کی باتیں کرنا بھی ہیں چنانچہ غزل میں تغزل کا ہونا بھی شرطِ اول ہے۔ مگر فی زمانہ غزل میں فلسفہ، منطق، سائنس، ہیئت، بہار و خزاں، مناظرِ قدرت اور فطری جذبات جیسی باتوں کا ذکر بھی شامل کر لیا گیا ہے۔

رَسی بٹنے کا چرخہ:۔ رِیلا ہ

رَسی بٹنے والا:۔ حَبّال ع

رسید کا وہ حصہ جو پھاڑ کر دیا جائے۔ مُثَنّیٰ ع

رَسی ڈول:۔ تَرشا ع

رَسی کا بل:۔ غارہ ف

رَسی کا جھولا:۔ کازہ ف

رَسی کا حلقہ:۔ رِبقَہ ع

رَسی کے بل کھول دینا:۔ نِکث ع، اِنتِقاض ع، تَناقُض ع

رَشک:۔ غَیرَت ع، حَسَد ع، غِبطہ ع

رَشک کرنا:۔ غِبطَہ ع، غَیرَت ع، مُنافَسَہ ع، نَفاسَت ع

رَشک کرنے والا:۔ حاسِد ع، حَسّاد ع، حَسُود ع، جُعَل ع، جِعال ع

رِشوت:۔ مُلکفَد ف، مُلکَفدہ ف، مُلکفت ف، مُلکفنہ ف، سارَہ ع، پیش داد ف، لُوالکفد ف، فَرِیَخ ف، شیرینی ف، بالائی آمدنی ف، بالائی یافت ف، تَقدِمَہ ع

رشوت دلانے والا:۔ رائِش ع

رشوت دینا:۔ تَبَرطُل ع، مُصانِعَہ ع

رِشوت دینے والا:۔ راشی ع

رشوت کی جمع:۔ رُشیٰ ع

رشوت لینا:۔ اِرتِشا ع

رشوت لینے والا:۔ مُرتَشی ع، نَقدگیر ف

رشتہ دار:۔ عَصِیب، قَرابار ع، قَریبی ف، خویش ف (واو معدولہ سے)، خویشاں ج

رشتہ لوگ:۔ اَقرَبا ع، مُعشَر ع، اَقارِب ع، ذَوالقُربیٰ ع

رشتہ داری:۔ قَرابت ع، قُربت ع، خویشی ف

رشتہ داریاں:۔ اَنساب ع

رضا چاہنا:۔ اِستِرضا ع

رضامندی:۔ خُرسَندی ف، خِیرَہ ع

رَضائی:۔ اس کا املاء نہ صرف ہند و پاک میں بلکہ ایران میں بھی رضائی بفتح را ہو گیا ہے۔ دراصل یہ لفظ رزائی ہے بعض کہتے ہیں کہ رجائی سنسکرت "رچک اکا" سے ماخوذ ہے اور بعض اس کو "مَن" سے فارسی قرار دیتے ہیں۔ اور لحاف یا سر بند کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں۔ بعض اس کو رضا خان سے منسوب کرتے ہیں کہ اس کا موجد تھا۔ قرینِ قیاس یہ ہے کہ رزیدن "رنگنا" سے رزائی بنا ہے جس کے معنی رنگے ہوئے کپڑے کی روئی دار دُولائی ہیں۔

رضائی کا استر:۔ بَطانَت ع، بِطانَہ ع

رطوبت کو جذب کرنے والا:۔ ناشِف ع، جاذِب ع

رعایا:۔ کموُن ع، عوامُ الناس ع

رعایت چاہنے والا:۔ مُستَجِیر ع

رعایت دینے والا:۔ مُراعی ع

رعایت کرنا:۔ مُواسا ع، مُواسات ع

رُعب:۔ صَولَت ع، دَبدَبہ ع

رُعب دار:۔ مُہِیب ع

رُعب کیا گیا:۔ مَرعُوب ع

رُعب میں آنا:۔ اِرتِعاب ع

رعد کی آواز:۔ مُبَرِّح ع

رَغِبَ:۔ (معنی خواہش کرنا) عربی ہے۔ رغب کے بعد جب لفظ عن آتا ہے تو اس کے معنی نفرت اور کراہت کے ہوتے ہیں اور جب اسکے بعد لفظ فی یا الیٰ آتا ہے تو اسکے معنی رغبت ہوتے ہیں۔

رَغبت:۔ تَوَق ع، دیکھو "خواہش"۔

رَغبت دلانا:۔ تَرغِیب ع

رَغبت کرنا کسی چیز میں:۔ مُنافَسَہ ع، تَنافُس ع

رغبت کرنے والا:۔ راغِب ع، مائِل ع، رَغِیب ع

مُنافس ع

رفع حاجت کے لئے باہر جانا:۔ طوف ع

رفو کرنے والا:۔ مُلتقِط ع رفّاء ع رفوگر ف

رقص کرنا:۔ پائے کوفتن ف دیکھو "ناچنا"۔

رقص وسماع:۔ آستین افشاندن ف

رقطا:۔ علم صنائع میں ایک صنعت کا نام جس میں کلام میں ترتیب کے ساتھ ایک حرف نقطہ کا ایک حرف بے نقطہ کا واقع ہو جیسے ع

"شہ بلند نسب اب مجھے بھی دیوے"

یا فارسی کا یہ مصرع۔

"زُلف سیہ تو جانِ من دزدیدے"

رُقعہ:۔ شُقّہ ع

رُقعہ کی جمع:۔ رِقاع ع

رقم کرنا:۔ ترقیم ع دیکھو "لکھنا"۔

رقیق یا باریک بنانا:۔ ترقیق ع دیکھو "باریک کرنا"۔

رکابی:۔ صحنک ف تشتگی ف طبق ع صحن ع بوشقاب ت بُشقاب ف

رُکاوٹ:۔ سَدّ ع اسداد ج خَلَل ع رخنہ ف

رُکا ہوا پانی:۔ راکد ع تالاب ف تال ہ

رُک جانا:۔ تقاعُد ع احتباس ع

رُکن:۔ بمعنی ستون عروض کی ایک اصطلاح۔ بحر کے اجزا میں سے ایک کا نام۔ جمع ارکان ہے۔

رکھنے والا:۔ واضع ع

رگ:۔ عرق ع عُروق ج شریان ع شرائن ج

رگڑ:۔ اصطکاک ع

رگڑنا:۔ حک ع سودن ف

رگڑنے والا:۔ مماس ع حکّاک ع

رگ سے خون نکالنا:۔ فصد ع

رگ کا حرکت کرنا:۔ نبض ع نبق ع

رُلانا:۔ گریانیدن ف

رنج:۔ کُلفت ع کبد ع کرب ع کُربت ع کروب ع گُزند ف مُست ف اندوہ ف باس ف تاسہ ف عنا ع نَدَب ع متاعب ج نکب ع ہمت ع گرد ف ہم ع مُستہ ع حیف ع رن ف (رنج کا مخفف ہے) اَسی ع زنج ف دیکھو "دکھ"۔

رنج اٹھانا:۔ سوم ع

رنج جس سے گلا گھٹ جائے:۔ غُصّہ ع غُصص ج اندوہ گلوگیر ف

رنج دینا:۔ تعدّی ع

رنج کرنا:۔ تألّم ع

رنج میں مبتلا کرنا:۔ تکلیف ع تکالیف ج امتحان ع اِداب ع

رنج وراحت:۔ سرّاء وضرّاء ع

رنج کے مارے دل شکستہ ہو جانا:۔ کبس ع اِبلاس ع

رنجیدہ:۔ دل تنگ ف دل خستہ ف دل فگار ف ولہان ع لہیف ع مُصاب ع دَرِہم ف مہموم ع منغّص ع ملول ع غمگین ف تبشم ف افسردہ ف سرگردان ف بیزار ف اندوہ گیں ف بے حضور ف مکہوف ع کظیم ع دیکھو "غمگین"۔

رنجیدہ ہونا:۔ ہم برآمدن ف دل گرفتن ف اہمام ع انگشت دردہاں شدن ف اہتمام ع

رند کی جمع:۔ رُنود ف عربی داں فارسیوں کا تصرف ہے جو عربی طرز پر جمع بنالی ہے۔

رندہ (اوزار):۔ مُشتوار ف مُشت رندہ ف مُشت رندہ ف

رنڈوہ مرد:۔ جخشر ع

رنڈی:۔ کسبی ع رعناء ع جاف جاف ف

رنڈی خانہ:۔ خرابات ف

رنگ:۔ خضاب ع گونہ ف لون ع الوان ج آب ف

طبیع ۔ سنام ف بان ف پام ف یون ف
رنگ اختیار کرنے والا:۔ متلوّن ع
رنگا ہوا:۔ رنگین ف مصبّغ ع خفیب ع مخضّب ع
رنگ برنگ:۔ تلوّن ع گوناگوں ف طرح بطرح ف قزحہ ع
رنگ برنگ کر دینا:۔ تلوین ع
رنگ بھرنا:۔ قلم کاری ف
رنگ دور کیا گیا:۔ مصقول ع
رنگ کرنا:۔ صبغ ع خضب ع رزم ف رزیدن ف
تخنیب ف اصطباغ ع
رنگنے والا:۔ صبّاغ ع
رنگی ہوئی اون:۔ عِہن ع عُہون ع
رواج پانا:۔ شیوع ع (اشیاع واحد)
رواج دینا:۔ ترویج ع
رُوان:۔ خایہ ف
رَوان:۔ وزان ف جاری ع سیلین ع
رواں کرنا:۔ نہوض ع سیاق ع سیاقت ع اطلاق ع
رواں کیا گیا:۔ مطلق ع
روانہ کرنا:۔ بعث ع ترسیل ع گسیل ف
رواں ہونا:۔ جل ع قطور ع
رواں ہونے کی جگہ:۔ مساغ ع
روایت بیان کرنے والا:۔ راوی ع رُوات ع
روایت کیا گیا:۔ مروی ع
روانی:۔ سوق ع سلاست ع نظم و نثر کو ثقیل الفاظ سے بچا کر بیان کرنے کو بھی سلاست کہتے ہیں۔ رِدم ع
روانی کسی چیز کی:۔ نفذ ع
رُوبرو:۔ وِجاہ ع بالمشافہہ ع بروزن مفاعلہ اسی طرح بالمواجہہ صحیح ہے۔ مشافہ۔ مواجہ۔ مفاعل کے وزن پر جو لوگ بولتے اور لکھتے ہیں صحیح نہیں۔ تعجب ہے صاحب فرہنگ آصفیہ نے بھی بالمشافہ اور بالمواجہ لکھا ہے۔

دیکھو آمنے سامنے۔
رُوبرو بات کرنا:۔ خطاب ع مشافہہ ع
رُوبرو ہونا:۔ مکافحہ ع
رُوبرو ہونے والا:۔ محاذی ع مقابل ع بفتح میم محاذی غلط ہے۔ جہلہ محاذ بھی لکھتے ہیں۔
روپوں کی تھیلی:۔ ہمیان ف ہمیان ف
روپیہ:۔ پول سفید ف مبلغ ع
روپیہ پرکھنا:۔ صرف ع
روپیہ پیسہ:۔ سکّہ ع
روپیہ جو حکومت بطور قرض زراعت کے لئے دے:۔ تقاوی ع
روپیہ رکھنے والا:۔ پوتہ دار ف خزانچی ف تحویلدار ف
رونا ہوا:۔ گریاں ف میں ع مشیق ع بالاں ف
روتے ہوئے بچے کو چپ کرانے کی کوئی چیز:۔ مسکتہ ع
روٹی:۔ قرص ع قرنوس ع کرباس ع نان ف خبز ع علیش ع رغیف ع ارغفۃ ع لامان ف آتمک ت
روٹی پکانا:۔ تقویم ع خبز ع جرّہ ع
روٹی پکانے کا ظرف:۔ تنور ع فارسی اور اردو میں بالتخفیف استعمال کرتے ہیں۔ اس کو بعض سریانی اور بعض عبرانی بتاتے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ یہ تن بمعنی دُود (دھواں) اور نور بمعنی آتش (آگ) سے مرکب ہے۔
دبیر ؎

دریا لہو کا چشم سے اپنی بہا دیا
اور وہ تنورِ جبر کرم کو دکھا دیا

روٹی پکانے والا:۔ خبّاز ع نان بائی ف نانوا ف نان با ف
روٹی جو تنور میں گر کر جل جائے:۔ قزردق ع
روٹی کا ٹکڑا:۔ رغیف ع فتات ع فتاتہ ع
روٹی کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا:۔ فت ع
روٹی کو سالن سے کھانا:۔ تادیم ع

روٹی کے ساتھ سالن کا نہ ہونا:۔ تفریر ع

روح :۔ مُہج ع، نفس ناطقہ ع، نسمت ع، نفس ع، نفوس ع ج
ہُوش ف، مرغ الٰہی ف، مہجہ ع، مُہج ج، نقد جاں ف

روح کا ایک قالب سے نکل کر دوسرے قالب میں جانے کا عقیدہ :۔ تناسخ ع

روزانہ :۔ ادراجہ ع، یومیہ ع، یوماً فیوماً ع

روزانہ پیشاب کا جاری ہونا :۔ ادرار ع

روزانہ رسد یا وظیفہ مقرر کرنا :۔ توظیف ع

روزِ اوّل :۔ تا آغاز روز ف

روز بروز :۔ فی یوماً ع

روز بروز ابھرنا :۔ بالیدن ف

روز روز کرنا :۔ مشق ع، ورد ع، اوراد ج

روز کا خرچ :۔ کفاف ع

روزوں کی سحرگہی :۔ سحور ع

روزہ :۔ صوم ع، صیام ج، سیاحت ع

روزے کے لئے سیاحت کا لفظ جس مناسبت سے استعمال کیا جاتا ہے وہ یہ ہے کہ قدیم زمانے میں سیاحت (سفر) زیادہ تر راہب اور درویش لوگ کیا کرتے تھے۔ اور ان کے ساتھ کوئی زادِ راہ نہیں ہوتا تھا۔ اکثر ان کو اس وقت تک بھوکا رہنا پڑتا تھا جب تک کہیں سے کچھ کھانے کو نہ مل جائے۔ اس بنا پر روزہ بھی ایک طرح کی درویشی ہی ہے کہ جب تک افطار کا وقت نہ آئے۔ روزہ دار بھی بھوکا رہتا ہے صوم عربی زبان میں صم سے نکلا ہے جس کے معنی چُپ رہنے کے ہیں۔ مُہر دہان ف

روزہ افطار کرانا :۔ تفطیر ع

روزہ دار :۔ صائم ع، سائح ع

روزہ کے باعث منہ میں بُو آنے لگنا :۔ خلوف ع

روزہ کھولنا :۔ افطار ع، فطر ع

روزہ کھولنے والا :۔ مفطر ع، مفاطیر ج، فطر ع

روزی :۔ نعمت ع، نعم ج

روزی دینے والا :۔ رازق ع

روزی کمانا :۔ تکسّب ع

روزی کو زیادہ کرنے والا :۔ باسط ع

روشن :۔ ثاقب ع، ثواقب ج، بارق ع، باہر ع، بہی ع، متلالی ع، پدید ف، بیضا ع، بیّن ع، (بفتح یائے مشدد غلط ہے)۔ منیر ع، نورانی ع، درخشاں ف، دامغ ع، ازہر ع، مصقّل ع، وقّاد ع، عیاں ع، وہّاج ع، لالا ف، صقیل ع، چہرہ خیز ف، خورشید ف، ظاہر ع، بَواح ع، صریح ع، زاہر ع، زہیر ع، مبرّز ع، مجلّی ع، دِلامص ع، متجلّی ع، آشکارا ف، دُرخشاں ف (بفتحتین) دُرخشاں ف (بضم اول و فتح ثانی) بعض نے بفتحتین دَرَخشاں بھی لکھا ہے۔ مُبرہَن ع (بضم میم و فتح با و سکون را) بسکون با و فتح را مُبرہن غلط ہے اس لئے کہ یہ بَرہَنَ بروزنِ تَرجَمَ دو حرفہ سے اسم مفعول رباعی مجرد مُبعثر کے وزن پر ہے۔ عرفی ؎

یک عذر با کسے بغلط گریباں کنم
صد لاف در میانہ مُبرہن درآورم

دَرِس ع، مُسفِر ع، سَنی ع، وقّاد ع

روشن آنکھوں والا :۔ بصّاص ع

روشن اور بڑا ستارہ :۔ کوکب ع، کواکب ج

روشنائی :۔ مداد ع، حبر ع، مرکب ع، زگالاب ف، زگاب ف، سوٹ ف، نقس ع، انقاس ج

روشن چیزیں :۔ لوامع ع، لوامعہ ع، شوارق ع

روشن خیال :۔ متنوّر ع

روشن خیالی :۔ تنویر الخیال ع، تنویر الفکر ع

روشن دان :۔ تاب دان ف، خوختہ ف، روزن ف، کوّہ ع، شمسہ ع

روشن ستارہ :۔ دَرہرہ ف

روشن ضمیر :۔ مرمریس ع

روشن کرنا :۔ ابانت ع، تصفیہ ع، اعراب ع، اضاءت ع، افروختن ف، جلار ع، تلویح ع، تنویر ع، توضیح ع

آشعال

روشن کرنے والا:۔ مُضِیّ مُسفِر مُجلّے

روشن کیا گیا:۔ مُلَمَّع وہ چیز جس پر سونے یا چاندی کا پانی چڑھا ہوا ہو۔ وہ اشعار جن میں ایک شعر یا مصرع عربی کا ہو اور ایک فارسی کا۔

روشن ہونا:۔ وُضُوح تَوَقُّد اِضاءت اِنجلاء اِنارت لَمَع لمعات لمعان

روشن ہونے والا:۔ مُضِیّ

روشنی:۔ بُرُوغ لَمع وَضاءت سَنا شَرَق شُرُوق لامِع شُعلہ نُور انوار برِیق پَرتَو شُعاع اَشعَہ اشعات جمع الجمع. تاب تَف فَرَّہ غَرَر طالِعہ فُروغ دُرُخش تابش سُو لَمعہ لَمُوع فُرُود رُوزرُخ بہا بَراعت

روشنی پیدا کرنے والا:۔ بَرِیق

روشنی جو روشن دان سے باہر آتی ہے:۔ خیطُ الباطِل

روشنی طلب کرنے والا:۔ مُستَفِنی

روشنی کی جگہ:۔ مَجلیٰ

روشنی لینا:۔ اِقتِباس

روشنی والا:۔ مُقتَبِس

روغن:۔ دُہن

روغن بلسان:۔ دُہن مصری

روغن زیتون:۔ زَیت

روغن ملنا:۔ تَدہِین

روغنی روٹی:۔ کعاک (کیک کا معرب) کعکات

روکا گیا:۔ مَحرُوم مُنسَد

روکنا:۔ اِمساک اِنتِزاع اِنسِداد تَوقِیف تَہنہت قُرق کَف حَظر مَنع تَعوِیق دَجر ممانعت

روکنے والا:۔ قابِض مُمسِک عائِق خشکاب حاجِز حائل مانِع موانِع کاف نازِع شاغِل زَجِیر وازِع مَنُوع حابِس ماسِک مُزاحِم رادِع ناہی اِعراضی

روکنے والی چیزیں:۔ زَواجِر موانِع

روکھا آدمی:۔ جِعاظ

روکھا پن:۔ یُبس

روکھی روٹی:۔ قِفار

روگردانی کرنا:۔ اِعراض

روگردانی کرنے والا:۔ مُعرِض۔

رومال:۔ دِزک دست مال روپاک عَرَقِینہ مِندِیل مَنادِل مَندِیل عَرَق گیر

رومال میں بندھا ہوا کھانا:۔ فَلَرز فَلَرزنگ

رومال میں بندھی ہوئی چیز:۔ پَدمَہ

رونا:۔ بُکا زاری گِریہ نالہ نوِیدن ہَنِیس عِبرَہ عَبرَہ رِقَّت مَحَن پَمڑک اُنِین

رونا پیٹنا:۔ ہائے ہائے نِیاح نِیاحت نَوحہ ہُن واویلا ماتَم شیوَن

رونق:۔ بازار آب و تاب رنگ

رونق دینا:۔ آب برُوئے کار آوردن

رونق کی چیز:۔ گُل سَرسَبَد

رونے کی آواز:۔ نَحِیب آہ و زاری

رونے والا:۔ باکی اشکبار گِریاں مِیق مُیُوق دامِع اَختَر فِشاں

روئی:۔ طَوطَہ پُنبَہ قُطن لامان طَلَر عُطُب

روئی بھرا ہوا لبادہ:۔ فرغَل فرگل

روئی جو لحاف اور تکیہ میں بھری جائے:۔ خَشو

اصطلاحاً وہ کلام زائد جو ادائے مطلب میں واقع ہو۔

روئی دھنکنا:۔ فلخودن ف، فلخیدن ف، ندف ع

روئی دھنکنے کا آلہ:۔ فلخمہ ف، منجم ف

روئی دھنکنے والا:۔ پنبہ زن ف، نداف ع، حلاج ع، حلاجی ف

روئی سے بولہ صاف کرنا:۔ غاز کردن ف

روئی کا بونڈا جو پھٹا نہ ہو:۔ جوزق ع

روئی کا گولا:۔ آغندہ ف، پندہ ف

روئے زمین:۔ صحیف ع، صعید ع، دیکھو زمین کی سطح۔

رہا کرنا:۔ تخلیص ع، اطلاق ع

رہا کرنے والا:۔ مخلص ع، مطلق ع

رہا کیا گیا:۔ مخلیٰ ع

رہا ہونا:۔ عتاق ع

رہائی:۔ فوز ع، خلاصی ع، مخلصی ع، نجات ع، خلاص ع، فلتت ع، فلت ع، رستگاری ف، مخلص ع

رہائی پانا:۔ محیص ع، رستن ف، عتاق ع

رہائی دلانا:۔ تفلیک ع، لغوی معنی جدا کرنے اور ایک دوسرے سے نکالنے کے ہیں۔ علم عروض میں انیس[19] بحروں کی چھ دائروں میں وہ تقسیم جس سے یہ معلوم ہو سکے کہ کون سی بحر کس طرح وضع ہوئی فک بحور کہلاتی ہے، وہ دائرے یہ ہیں (۱) دائرہ مؤتلفہ (۲) دائرہ متفقہ (۳) دائرہ مختلفہ (۴) دائرہ مجتلبہ (۵) دائرہ منتزعہ (۶) دائرہ مشتبہ۔

رہائش:۔ سکونت اور قیام کے معنی میں جاہل کہتے ہیں۔ رہنا سے رہاؤ (حاصل مصدر) ہے مگر فصحاء کی زبان پر سکونت ہے۔ اور رہائش رہیدن سے چھٹکارا، نجات کے معنی میں حاصل مصدر ہے۔

رہٹ:۔ دولاب ف، دولابہ ف

رہنا:۔ باشیدن ف، سکونت ع

رہنا سہنا:۔ بود و باش ف

رہن رکھنے والا:۔ مرتہن ع

رہن رکھی ہوئی چیز:۔ شئے مرہونہ ع

رہن کیا گیا:۔ مرہون ع

رہنے کی جگہ:۔ رباط ع، مسکن ع، مکان ع، اماکنہ ج، مسکنیٰ ع، جائے سکونت ف

رہنے والا:۔ قاطن ع، ساکن ع، مقیم ع، متوطن ع

رئی:۔ جنح ع، زبیدہ ع

ریاضت کرنے والا:۔ مرتاض ع

ریاقہ:۔ ایک علم کا نام جس کے ذریعے زمین کے اندر پانی معلوم کیا جاتا ہے اور مٹی سونگھ کر نیز گھاس اور سطح زمین کے مطالعہ سے معلومات حاصل کی جاتی ہیں۔

ریت:۔ ریگ ف، حصات ع، قمم ع، رمل ع، رمال ج، کم کم ف، رماد ع

ریت کا اونچا ٹیلہ:۔ جمہور ع، جماہیر ج، تودۂ بلند ف

ریت کا ٹیلہ:۔ شوشہ ف، رکام ع، جمہرہ ع، خش ع، کثیب ع، کثب ج، کثبان ج

ریت کے ٹیلے:۔ زرق ع

ریتی (اوزار):۔ مبرد ع، مبرد ع

ریٹھا:۔ اطماط ع، بندق ف، بندق ہندی ف

ریچھ:۔ خرس ع، دب ع

ریح خارج کرنا:۔ تبنیق ع، دیکھو "پاد مارنا"

ریڈیو:۔ اشعالیہ ع

ریڑھ کی ہڈی:۔ مازہ ف، صلب ع

ریڑھ کی ہڈی کی گرہیاں:۔ صلب ع، فقار ع، فقارہ واحد ع، فقرات ج، فقرہ واحد۔

ریزہ:۔ خردہ ف، ذرہ ع

ریزہ ریزہ:۔ خرد مرد ف، فتیت ع، رغات ع

ریزہ ریزہ کرنا:۔ سحق ع، دکہ ع، قیمہ قیمہ کردن ف

ریزہ ریزہ ہونا:۔ تطافت ع، تقفتت ع

ریشم :۔ حریر ۔ع نخ ف بریشم ف ابریشم ف آبریسم ف قنز ۔ع

ریشم کا تاگا :۔ نخ ف

ریشم کا کیڑا :۔ کرم پیلہ ف

ریشم کی ڈوری :۔ کیطون ت

ریشمی کپڑا :۔ تافتہ ف حریر ع خز ع فرند ع پرند ف دیوہ ف دود الحریر ع لایعقل ع قماش ع

ریشمی کپڑا فروش :۔ حریری ۔ع

ریشمی موٹا کپڑا :۔ استبرق ۔ع

ریگستان :۔ ریگ بوم ف صحرا ع صحاری ج سباسب ۔ع گویر ف شتری ع

ریگستان کی ریت پر وہ لہریں جو ہوا سے پیدا ہوتی ہیں :۔ حبک ۔ع

ریگستانی راستہ :۔ محل ۔ع

ریلا :۔ موب ۔ع

ریل کی پٹری :۔ سکۃ الحدید ع راہ آہن ف

ریل کی سرنگ :۔ تونل ف انگریزی لفظ ٹنیل کا مفرس ہے۔

ریل گاڑی :۔ شمند فر ت یہ لفظ دراصل فرانسوی ہے پھر ترکی میں آیا۔ اب فارسی والوں نے ترکی سے لیا ہے۔ رائیل ف ترن بخار ف شمند تر ف ماشین ف قطار ع قطارات ج دابوز البر ع ترن ف کالسکہ بخار ف قاطرہ ع قواطر ج

ریل گاڑی کا ڈرائیور :۔ ماشینچی ف

ریلوے اسٹیشن :۔ استاسیون ف گار ف دیکھو "اسٹیشن"

ریلوے گارڈ :۔ مستحفظ القطار ع

رینٹھ :۔ رخل ف دیکھو "ناک کی رینٹھ"

رینگنا :۔ زحف ع دبیب ع

رینگنے والا :۔ دابہ ع دواب ج

ریوالور :۔ ششلول ف

ریوڑ :۔ قطیع ع

ز

ز :۔ لغت میں اس کے معنی زنِ بدخو اور مردِ بسیار خوراست لکھے ہیں۔ فارسی میں بعض "ے" سے مستعمل ہے۔ یہ جیم سے بدل جاتی ہے، جیسے کز سے کج۔ غین سے بدل سکتی ہے، جیسے گریز سے گریغ۔ سین کی جگہ لے سکتی ہے جیسے ایاز سے ایاس اور حذف کی جا سکتی ہے جیسے آواز سے آوا۔

زاویہ کی جمع :۔ زوایا ع

زاہد :۔ رابط ع پارسا ف متقی ع عفیف ع

زاہد جو عبادت میں پورا اہتمام کرتا ہو مگر عشق کے درد سے خالی ہو :۔ زاہد خشک ف

زائل کرنا :۔ ازالت ع انتساخ ع

زبان :۔ مقول ع نعلق ع زفان ف خاذن ع درق باد ف مقصل ع تل ت زفوف لسان ع السن ج منقار گل ف شمشیر گوشتین ف

زبان آور :۔ لسن ع فصیح ع فصحا ج مصقع ع

زبان آوری :۔ لسن ع فصاحت ع لسانیت ع

زبان دانی سیکھنا :۔ تادب ع

زبان دراز :۔ بطریر ع

زبان دراز عورت :۔ سلیطہ ۔ع

زبان دراز مرد :۔ سلیط ۔ع

زبان درازی کرنا :۔ مراجعت ۔ع

زبان سے چاٹنا :۔ لعق ع

زبان سے یاد کرنا :۔ ذکر ۔ع

زبانِ قوم ؛۔ لُغَت ع لُغات ع اصطلاحاً عربی میں وہ الفاظ جن کے معنی مشہور نہ ہوں۔ مجازاً وہ کتاب جس میں لفظ کے معنی درج ہوں۔

زبان کی روانی ؛۔ طَلاقت ع

زبانی یاد ؛۔ اَزبَر ف حِفظ ع

زبردست ؛۔ غالِب ع قاہِر ع قاہِرہ ع عزیز ع زور آور ف چیرہ دست ف قَرخاد ف

زبردستی ؛۔ اِجبار ع اِکراہ ع اَشتَم ف ظُلم ع تجبّر ع

زبردستی چھیننے والا ؛۔ غالِب ع

زبردستی سے کرنا ؛۔ تہوّع ع

زبردستی کام لینا ؛۔ اِقتِسار ع قَسر ع

زبردستی کرنا ؛۔ قَہر ع

زبردستی کرنے والا ؛۔ قاسِر ع

زبر زیر اور پیش کی حرکات لگانا ؛۔ اِعراب ع

زچہ کا کھانا تیار کرنا ؛۔ تعوِیر ع

زحاف ؛۔ عربی لفظ ہے۔ اصطلاحاً کسی شعر کے ارکان میں اگر کچھ تغیر واقع ہو مثلاً کوئی حرکت جاتی رہے یا حرف محذوف ہو جائے یا کچھ زائد ہو جائے تو اس تغیر کو زحاف کہتے ہیں اور اس رکن کو جس میں زحاف واقع ہوا ہو مُزاحف کہتے ہیں اور اس بحر کو بھی جس میں رکن مذکور ہو مُزاحف کہتے ہیں۔ تفصیل کے لئے دیکھو "فنکروفن"

زحل ستارہ ؛۔ کیوان ف

زحمت کی جمع ؛۔ زحمات ع

زخم ؛۔ براشی ف خراش ف ریش ف جُرح ع جُروح ع جراحت ع فِگار ف قَرحہ ع کندہ ف بَغادہ ع والانہ ف تَش ف کَلم ع کُلوم ع عینِ الکمال ع

زخم بھرنے والی دوا ؛۔ مُندمِل ع مُلتئِم ع

زخم جس میں پیپ پڑ گیا ہو ؛۔ قَرِحہ ع

زخم جو اندر تک پہنچ گیا ہو ؛۔ جائِفہ ع جوائف ع

زخم جو بھر گیا ہو ؛۔ مُلتَحِم ع

زخم جو ہڈی کو کھول دے ؛۔ مُوضِحہ ع

زخم جو ہمیشہ رستا رہے ؛۔ ناسُور ف ناصُور ع

زخم ڈالنا ؛۔ خَلِش ف خَلیدن ف قَرح ع

زخم ڈالنے والی دوا ؛۔ مُقرِّح ع جارِحہ ع

زخم کا اچھا ہونا ؛۔ اِدمال ع اِلتِیام ع

زخم کا بھرنا ؛۔ اِندِمال ع

زخم کا پیپ سے بھر جانا ؛۔ تَقَیُّح ع

زخم کا کھرنڈ ؛۔ خُشک ف قَرِیسَہ ف

زخم کی پٹی ؛۔ رِفادہ ع کُعُر ع عُصبَہ ع

زخم کی جگہ ؛۔ خَلِش ف

زخموں کا دھوون ؛۔ غِسلین ع

زخموں کے مواد کو بہا دینے والی ؛۔ مُوسِّخ قُروح ع

زخمی ؛۔ مَجرُوح ع نیم جاں ف قَرِیح ع رِیش ف افگار ف بِسمل ف بمعنیٔ ذبح غلط ہے۔ اس لئے دمِ بسمِل، وقتِ بسمِل اور نیم بسمِل کہنا بھی غلط ہے۔ مَذبُوح ع خَستَہ ف فِگار ف رِیشاں ف رَثیث ع کَلِیم ع گھایَل ہ بکسر یا گھائِل غلط ہے
نسیمؔ لکھنوی ؎ نہ زخمی بدن ہیں نہ گھایل ہوئے ہیں
نہ خونی کفن ہیں نہ بسمل ہوئے ہیں
تمہارے شہیدوں میں شامل ہوئے ہیں
گل و لالہ و ارغواں کیسے کیسے

تسلیمؔ نے بالفتح باندھا ہے اور یہی صحیح ہے۔
گماں کیوں کر نہ ہو خلد بریں کا صحنِ مقتل پر
تصدق ہوتی ہیں حوریں ترے خنجر کے گھایل پر

زخمی کرنا ؛۔ ممش ف کَلم ع

زخم میں پیپ پڑنا ؛۔ تَقَیُّح ع تَقَوُّح ع

زراعت ؛۔ بَن ف

زرافہ ؛۔ شُتُر گاؤ ف پلنگ ف شُتُر ف

زربفت :- اِستبرک ۔
زرتُشت :- مذہب آتش پرستی کا بانی۔ اس کو زردُشت بھی کہتے ہیں۔ فردوسی ؎

ہمی خواند آں زند زردُشت را
بہ یزداں ہمی آورد پُشتت را

زرخیز زمین :- بوم طلا ۔ پُر حاصل ۔
زرد اور میٹھی کھجور :- باسِق ۔
زرد رنگ :- اَصفر ۔ جعفری ۔ صفرا ۔ چار خلطوں میں سے ایک خلط کا نام جو زرد رنگ کی ہے۔ مجازاً ہر چیز جس کا رنگ زرد ہو۔ مُزعفر ۔ ایک قسم کا شیریں زعفران پڑا ہوا پلاؤ ۔
زرد رنگ کپڑا :- یہُودا ۔
زرد نرگس :- عَبہَر ۔
زردوزی :- چکن ۔ زرکشیدہ ۔
زردوزی کے کام کا ڈورا :- قیطون ۔
زرد ہونا :- فقوع ۔
زردی :- صُفرہ ۔ صُفرات ۔
زرنگار :- مَذہُوب ۔
زرہ :- لامَہ ۔ لام ۔ سابغہ ۔ لبوس ۔ دِرع ۔ یلبہ ۔ یلب ۔ سابِقہ ۔ جبیبہ ۔
زرہ بنانا :- زَرد ۔
زرہ بنانے والا :- زَرّاد ۔
زرہ پوش :- دارِع ۔
زرہ کی کڑیاں :- حِباک ۔
زرہ کے نیچے پہننے کا کپڑا :- غِلالہ ۔
زعفران :- کم کم ۔ کرکم ۔ کیسر ۔ عَمر ۔ جساد ۔ سجنجل ۔ جادی ۔ بجوان ۔ کرگیماس ۔
زعفران کی جمع :- زَعافِر ۔

زکام :- عُثنَاک ۔
زکام کا مریض :- مزکوم ۔ ماروص ۔
زلزلہ :- رَجف ۔ رَجفہ ۔ بُومُہن ۔ بومہین ۔ ہلاچلا ۔ بھونچال ۔
زلزلہ آنا :- تَزَلزُل ۔
زلزلہ کی جمع :- زَلازِل ۔
زُلف :- لام ۔ لامہ بمعنی زرہ کی جمع بھی ہے لیکن زلف معشوق سے بھی تشبیہ دیتے ہیں۔ کاکل ۔ کلالہ ۔ گیسو ۔ جَعدَہ ۔ بُشک ۔ دام مُشکیں ۔ لِمّہ ۔ لِمام ۔ دوَرَہ ۔
زلف کا آراستہ کرنا :- زُلف چیں ساختن ۔
زمانہ :- عَصر ۔ اعصار ۔ عہد ۔ عُہود ۔ لغت میں عہد اس چیز کو کہتے ہیں جس کی محافظت اور رعایت کی جاتی ہے۔ جیساکہ وصیّت اور قسم۔ گھر کو بھی عرب اس لئے عہد بولتے ہیں کہ ہر پھر کے انسان وہاں آتا اور اس کا خیال رکھتا ہے اور تاریخ کو بھی عہد اس لئے کہتے ہیں کہ اس کی محافظت کی جاتی ہے۔ وقت ۔ اوقات ۔ حین ۔ احیان ۔ حُقب ۔ احقاب ۔ باستان ۔ روزگار ۔ مَہَل ۔ دَہر ۔ دُہُور ۔ زمان ۔ زَمن ۔ جیل ۔ آسمان ۔ سگِ اَبلَق ۔ عقد شب و روز ۔ مُجاق ۔
زمانہ دیکھے ہوئے ہے :- ھدکرزہ طے کردہ است ۔
زمانہ کو خدا سمجھنے والا :- دَہرِیَہ ۔
زمانہ کی اُلٹ پلٹ :- صَرف الدہر ۔ ایام گردش ۔ اِنقلاب ۔ تَصرِیف ۔ تصاریف ۔
زمانہ کی جمع :- ازمان ۔ ازمن ۔ اَزمِنَہ ۔
زمانہ کی سختی :- داہِیَہ ۔ صَمّاء ۔ صَرف ۔ صُرُوف ۔ تقلیب ۔
زمانہ کی سختیاں :- رَیبُ المَنُون ۔ گردم ایام ۔ بناتُ الدَّہر ۔ تقالیب ۔ طوارِق ۔ طارقہ واحد ہے۔ صوارِف ۔ سختی ۔ دوائرِ دہر ۔ صَرفُ الدَّہر ۔ زَعازِع ۔ حدثانُ الدّہر ۔ دائرات الدّہر ۔ مِرمات ۔

زمانۂ حال کے لوگ :۔ متاخرین، متاخر واحد ہے۔
زمانۂ دراز :۔ قرن، قرون، مُلی
زمانۂ سابق کی جان پہچان : سابقہ
زمانۂ گذشتہ :۔ ماضی، مامضیٰ
زمانۂ موجود :۔ حال، احوال
زمانے والے :۔ زمانیان، خِلقت، مخلوق
زمرد (پتھر) :۔ مینو
زمین :۔ تُربت، غبرا، تشب، عرض، اراضی، فرشِ کہن، ارضین بھی عرض کی جمع ہے۔ بِرہ، حُفرہ، جی، خاکِ بسیط، رست، بیضۂ معلق، تگ، خاکِ مُطبّق، ہرَم، ساہرہ، گیہان، کیہان، دغار، دندہ، کاسہ، مرکزِ چرخ، غلہ دان، غلدان عدم، ادراک، مزرعۂ خاک، رُست، مہرۂ گلبن، میدان اعنبر، میدانِ خاک، گو، نقطۂ جاگیر، مرز، مُشتے غبار، کہن فرش، تکا
زمین پر آہستہ چلنا :۔ دبیب
زمین پر پچھاڑنا :۔ صرع
زمین پر گرنا :۔ جاٗت :: زمین پر گرانا : تکوّر
زمین پر گری ہوئی چیز کو اٹھانا :۔ التقاط
زمین پر گھاس کا جمنا :۔ اضحاک
زمین پر ناک رگڑنا :۔ ارغام
زمین جس پر بارش نہ ہوئی ہو۔ خِطٓ
زمین جس پر بارش ہوگئی ہو :۔ مقطور
زمین جس پر بیل کے چلنے کے نشان پڑ گئے ہوں :۔ مُشتبہ
زمین جس پر ہل نہ چلا ہو :۔ بوم
زمین جسپر پانی اور گھاس نہ ہو :۔ بِسبس، بسابس، قفار
زمین جس میں پانی کی رو سے گڑھے پڑ گئے ہوں اور جا بجا پانی بھرا ہو :۔ فرگند
زمین جس میں پیداوار اچھی ہو :۔ سیر حاصل، زرخیز
زمین جس میں کبھی کھیتی نہ ہو :۔ براح
زمین جس میں کبھی نہ مینہ برسے نہ گھاس اُگے :۔ رفل
زمین جو پانی سے نرم ہو گئی ہو :۔ دحل
زمین جوتنا :۔ متخر
زمین جوتنے کا ہل :۔ قلبہ
زمین جو مشترک ہو :۔ مشاع
زمین سے اُگنے والی گھاس :۔ مرعیٰ
زمین سے اُگی ہوئی چیزیں :۔ ظواہر
زمین جہاں بہت سے درخت ہوں :۔ شعرا
زمین جہاں راستہ نہ ہو :۔ ورطہ، محلِ ہلاکت
زمین جہاں سانپ زیادہ ہوں :۔ مفعاۃ
زمیندار :۔ دِہی
زمین سے کیچڑ وغیرہ صاف کرنے والا :۔ سحّاد
زمین آباد چوتھائی حصہ : رُبعِ مسکون
زمین کا ٹکڑا :۔ رقبہ، بوم زمین
زمین کا سرسبز ہونا :۔ انجال
زمین کا شگاف :۔ شق، لحد۔ اردو میں بفتحتین لحد مجازاً گور، قبر، مزار۔

ذوقؔ ؎ لحد میں بھی ترے مضطر نے آرام
خدا جانے کہ پایا یا نہ پایا

امیرؔ ؎ گرم خرام رات کو ہوگا لحد پہ یار
ہر نقشِ پا بنے گا چراغِ مزار آج

صباؔ ؎ کبھی نہ قدر ہوئی یہ ملال لے کے چلے
لحد میں ساتھ ہم اپنا کمال لے کے چلے

جشر

زمین کا مالک :۔ مرزبان
زمین کا محصول :۔ مالگذاری، خراج

زمین کو بیلچہ سے کھودنا:۔ جَرف ع

زمین کو سبزہ زار بنانا:۔ تَرویض ع

زمین کو کھاد دے کر اچھا کرنا:۔ زَبل ع

زمین کو ناپنا:۔ مَساحت ع

زمین کو ناپنے والا:۔ مَسّاح ع

زمین کی سطح:۔ صحن عظیم ع

زمین کے چھوٹے چھوٹے ٹیلے:۔ نَبک ع

زمین کے نیچے:۔ تحتَ الثریٰ ع

زمین کے نیچے کا تہ خانہ:۔ سرداب ف سردابہ ف

زمین کھودنا:۔ حَضر ع نَکت ع

زمین میں بل بنا کر رہنے والے جانور:۔ خائی ف جنادِع ع حشرات الارض ع

زمین میں پوشیدہ:۔ دَفین ع

زمین میں دبی ہوئی دولت:۔ دَفینہ ع دفائن ج رِکاز ع

زمین میں درخت بٹھانا:۔ غَرس ع

زمین میں دھنسنا:۔ خَسَت ع

زمین میں گڑا ہوا تنور:۔ فُرن ع

زمین میں گھسنے والے جانور:۔ ہوام ع ہاتہ داخل

زمین میں نیزہ گاڑنا:۔ مَرکوز ع

زمین و آسمان:۔ دو صحن ف بالا و پست ف بالا و نشیب ف ارض و سماں ف عبرت شش روزہ ف

زمین و آسمان کے درمیان کا خلا:۔ سُکاک ع سُکاکہ ع

زنا:۔ وَقس ع عہر ع فحشا ع بِہر ع عَنَت ع

زنا کار عورت:۔ زانیہ ع

زنا کرنا:۔ مُباغاۃ ع بِغا ع عہر ع سِفاح ع

زنا کرنے والا:۔ زناکار ف زانی ع فاجر ع فاجور ع

زنا کی تہمت لگانا:۔ رُحو ع قذف کردن ف قذف ع

زنانہ مکان:۔ حرم سرا ف زنان خانہ ف محل سرائے ف

زنانہ مکان کا ملازم:۔ خواجہ سرا ف محلی ف

زنبور (آلہ):۔ ببر ف

زنجیر:۔ بالہنگ ف سِلسِلہ ع سَلاسل ج سِفار ع حَلقہ ف

زُلفین ع صِفاد ع اَصفاد ج

زنجیر بند:۔ مُسَلسَل ع

زنجیر کا چھلا:۔ گوشہ زنجیر ف دانہ زنجیر ف

زنجیر کی آواز:۔ صَلصَلہ ع صَلیل ع

زندگی:۔ زی ف حَیات ع زیست ف عُمر ع عیشہ ع نُشرہ ع (مجازاً) نَشر ع (مجازاً) بَقِیہ ع اَوقات ع اَورنگ ف مَحیا ع

زندگی بسر کرنا:۔ مَعاش ع مَعیشت ع

زندگی خوشی سے بسر کرنا:۔ عَرض حَیات ع عَرض عُمر ع

زندگی دینا:۔ تحیّت ع

زندگی کا بے آرام ہونا:۔ تنغّص ع

زندہ:۔ مُرت ع

زندہ در گور:۔ واد ع

زندہ رہنا:۔ حَیوان ع

زندہ شخص:۔ حَیّ ع اَحیاء ج

زندہ عجائب گھر:۔ باغ وحشی ف

زندہ کرنا:۔ اِحیاء ع بَعث ع

زندہ کرنے والا:۔ مُحی ع مُحیی ع

زندہ ہونا:۔ نُشور ع

زندہ ہونے کا دن:۔ یوم الحساب ع یوم التناد ع یوم النشور ع

زندیق و کافر ہونا:۔ تزندق ع

زنگ:۔ رِیم ع مورچانہ ف مورچہ ف بیمک ف

زنگ دور کرنا:۔ صَیقل ع

زنگ کھائی ہوئی تلوار:۔ ثابل ع

زوال سے پہلے کا سایہ:۔ ظِل ع

زوال کے بعد کا سایہ:۔ فیئ

زُور (واو مجہول سے):۔ تُواں

نسیمؔ ؎ زبانِ ذبح نکلی روح لفظ مرحبا کہہ کر
مرے قاتل تُوانِ دست و بازو ہو تو ایسی ہو

تَواں بالفتح کہنے سے احتراز چاہیئے۔ اسی طرح توانا اور توانائی بالضم نا صحیح ہیں۔ طاقت، قُدرت، توش، یارا، حَول، زَہرہ، سرپنجہ، شوکت، ہنگ

زور آور:۔ حَرِیز، مادِح، غالب، قادِر، قوی، قاہِر

زوردار آواز:۔ نَعرَہ

زور ڈالنا:۔ اِعتِماد

زور سے چلّانا:۔ تحَلّ

زور سے گرجنے والا:۔ قاصِب

زور سے مینہ برسنا:۔ اِنہِلال

زور سے ہنسنا:۔ اِستِغراب، اِستِغراق

زور کی ہنسی:۔ قاہ قاہ، قَرقَرہ، قہقَہہ

زور و شور:۔ شَد و مَد

زود ہضم:۔ گوار، گوارا (بضم اول)

زہر:۔ زَہر، سَم، سُموم، جوزَل، ہُوش، زُعاف، ذُعاف

زہر دیا گیا:۔ مَسمُوم

زہرِ قاتل:۔ ہلاہِل، ثُمال، زُعاف، ذُعاف

زہر کا اثر:۔ سُمِّیَت

زہر کی جمع:۔ اَزہار

زہر کی دوا:۔ زَہر مُہرہ، تِریاق

زَہرہ کی جمع:۔ زَہرَہ

زہریلا:۔ سامّ

زہریلے دُودھ کا درخت:۔ یَتُّوع

زیادتی (بہت):۔ طُغیان، طُغیانی، فَرط، اَفراط، فَرَہ، فزا، اَفزائش، فزُونی، زیادت

اصطلاحاً کسی لفظ میں حرف زیادہ کرنا۔ جیسے شُتُر سے اُشتُر۔ جَمّ، توافُر، کثرت، بُہتات۔ بالضم اول بُہتات کہنا صحیح نہیں۔ رِبح، فَضل، فضُول، حَفلَہ، راجِح، رَبوا۔ اصطلاحاً اہل عرب اس لفظ کو اس زائد رقم کے لئے استعمال کرتے تھے جو ایک قرض خواہ اپنے قرض دار سے ایک طے شدہ شرح کے مطابق اصل کے علاوہ وصول کرتا۔

زیادتی ظلم کرنے والا:۔ جابِر، ظالِم، جارِح

زیادہ:۔ تر، بیش، وافِر، نافِلہ، جَلّ، زاید، نَفل، زائِل، مَتمُور، کثیر، اکثر، مُنیف

زیادہ آسان:۔ اَسہَل، اَیسَر۔ دیکھو "بہت آسان"

زیادہ بڑھا ہوا:۔ اَفزوں

زیادہ بولنے والا:۔ مِہذار

زیادہ پاک:۔ اَقدَس

زیادہ تر:۔ بیشتر، اَوفَر

زیادہ خدمت کرنا:۔ تَطَوُّع

زیادہ سُرخ:۔ قانی

زیادہ شراب پینا:۔ بادہ خوردن

زیادہ صاف:۔ اَصفیٰ

زیادہ عجیب:۔ اُعجوبہ۔ عوام عَجوبہ کہتے ہیں جو غلط محض ہے۔ ناسخؔ ؎ شاخ سیمیں شاخ اُعجوبہ ہے باغِ حسن میں
اُنگلیاں انگور کی ہیں سیب تر کی ایڑیاں

زیادہ عمر کا:۔ مُسِنّ

زیادہ قابلِ تعریف:۔ اَنجَض

زیادہ کرنا:۔ اِکثار، تکثیر، تصویل۔ طبّی اصطلاح میں بعض معدنی اَدوِیہ کو باریک کوٹ پیس کر پانی میں ڈال کر غرارہ کرنے کو تصویل کہتے ہیں۔

زیادہ کرنے والا:۔ مُوَفِّر

زیادہ کیا گیا:۔ مَوفُور، مُوَفّیٰ

زیادہ کیا ہوا :۔ مَزِید۔ اصطلاحاً حروف قافیہ میں سے ایک کا نام۔ یہ حرف خروج کے بعد آتا ہے۔ جیسے جلائے اور گلا دے میں لام حرف روی، الف حرف وصل، واؤ حرف خروج اور حرف ی حرفِ مَزِید ہے۔ مُقَنطَرَہ

زیادہ گاڑھا :۔ اَغلَظ

زیادہ گو :۔ فَضُول، کُشادہ نَفَس

زیادہ لائق :۔ اَلیَق

زیادہ مچھروالی رات :۔ مَبعُوضَہ

زیادہ مشہور :۔ اَشہَر

زیادہ میٹھا :۔ اَعذَب، اَحلیٰ

زیادہ ہونا :۔ زیاد، فزُودن، اِزدیاد، تَزایُد، توافی

زیادہ ہونے والا :۔ مُتَرَقِّی، مُتَزایِد، مُتَوافِر

زیارت کرنا :۔ زُوار

زیارت کرنے اور دیکھنے پر آمادہ کرنا :۔ اِزارَہ

زیارت کرنے والا :۔ زائِر، زائِرین، زُوّار

زیبائش :۔ رعنائی، زُخرُفہ

زیتون کا تیل :۔ سَلِیط

زیتون کا تیل بیچنے والا :۔ زَیّات

زیر (ایک حرکت کا نام) کسرہ۔ جس حرف پر کسرہ کی حرکت آتی ہے اسے مکسور کہتے ہیں جیسے دِل میں دال مکسور ہے۔ کَسرَہ

زیرہ :۔ کَمّون

زیں پوش :۔ غواشی، مُسترج

زینت :۔ بَرہون، فَر، فَرّ، پرموں، زیبائش، بَرز، بَہا، بَہجت، تَجَمُّل

زینت دیا گیا :۔ مُزَیَّن، مُطَرَّز، مُطَرَّف، پُرزینت

زینت دینا :۔ اِزانَت، تَزیِین

زینہ :۔ مُسَلَّم، نردبان، مِرقات، مَراقی، مَنزِلَت، مِعراج، معارِج، زِنگول

زیور :۔ حِلیَہ۔ اس معنی میں حِلیہ (بالکسر اول) اور ہَیئت کے معنی میں حُلیہ (بضم اول) غلط ہے۔

زیور سے آراستہ :۔ مُتَحَلّی، مُوَشّح

س

س :۔ لغت میں اس کے معنی فربہ درج ہیں۔ فارسی میں اس کے استعمال کی ایک صورت ہے۔ بدل کے لئے اس میں زاء معجمہ سے جیسے ایاس سے ایاز۔ شین معجمہ سے جیسے فرستہ سے فرشتہ۔ ص سے جیسے قفس سے قفص۔ ہائے ہوز سے جیسے آماس سے آماہ اور جیم فارسی سے جیسے خروس سے خروچ۔ اردو میں اس کے استعمال کی دو صورتیں ہیں (۱) کبھی ہندی الفاظ کے شروع میں نیک اور اچھے کے معنی دیتا ہے جیسے سپوت، سروپ، سڈول۔ (۲) کبھی الفاظ کے آخر میں آکر مصدری معنی دیتا ہے جیسے مٹھاس، کھٹاس۔

سابو دانہ :۔ ساگو

سات :۔ سَبع، ہَفت

سات آسمان :۔ سُباعی

سات برس کا اونٹ :۔ رَباعی

سات مصرعوں کا بند :۔ سُباعی

ساتواں آسمان :۔ کیوان

ساتواں حصہ :۔ سابع، سُبُع

ساکھو :۔ انبازی، شِرکت۔ جدید فارسی میں شرکت و شراکت جو شرکت ہی سے بنا لیا گیا ہے کمپنی کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔ با، مُوافَقَت، مَعَ (بلا ہائے ہوز) جو لوگ مع کو ہندی لفظ کی طرح اضافت دے کر مضاف الیہ میں (کے) لگاتے ہیں وہ سخت غلطی کرتے ہیں۔ تعجب ہے کہ مرزا غالب اپنے ایک خط میں لکھتے ہیں۔ "بیڑی کو زاویۂ زنداں میں چھوڑ مع دونوں ہتکڑیوں کے بھاگا اور اپنے نام کا خط مع ان اشعار کے یوسف علی کے حوالہ کیا"۔ مع کو ہندی لفظ کی طرف اضافت نہ دینی چاہیئے۔ یا فارسی، عربی لفظ کی طرح مع زن و فرزند روانہ ہوا یا مع عیال روانہ ہوا صحیح ہے اور

مع زن و فرزند کے روانہ ہوا یا مع عیال کے روانہ ہوا غلط ہے۔
ستون ۓ

ساتھ بیٹھ کر شراب پینے والا :۔ ندیم ۓ حریفان بادہ نوش ف

ساتھ بیٹھنے والا :۔ قعید ۓ ہم نشین ف

ساتھ چلنے والا :۔ تمشایع ۓ

ساتھ رونے والے کی آواز :۔ عویل ۓ

ساتھ سونے والا :۔ ضجیع ۓ

ساتھ کھانے والا :۔ اکیل ۓ

ساتھی :۔ قرین ۓ معاسر ۓ انباز ف اقتال ۓ ہم پایہ ف ہمراہی ف ہم سفر ف ہم تگ ف رفیق ۓ رفقاء ۓ ہم ند ف مرافق ۓ ردیف ۓ لغوی معنی سوار کے پیچھے بیٹھنے والا۔ اسی مناسبت سے عروض میں اصطلاحاً قافیہ کے آخر میں آنے والے لفظ کو ردیف کہتے ہیں ؎

اے خالق کل دیں بھی ایمان بھی تو ہے
ستار بھی غفار بھی رحمٰن بھی تو ہے
ایمان اور رحمٰن قوافی اور "بھی تو ہے"

ردیف ۔ شیعہ ۓ اشیاع ۓ صاحب ۓ

ساٹن (کپڑے کی ایک قسم) :۔ استبرق ۓ اطلس ۓ

ساجھا :۔ اشتراک ۓ شرکت ۓ دیکھو "ساتھ"

ساجھی :۔ شریک ۓ شرکاء ۓ خلیط ۓ

ساحر کی جمع :۔ سحرہ ۓ

ساحل :۔ شاطی ۓ لب دریا ف

سادہ دل :۔ سلیم ۓ مغفل ۓ

سارٹیفکیٹ :۔ سند ۓ اسناد ۓ شہادت نامہ ف تصدیق نامہ ۓ کاغذ رضامندی ف

سارس :۔ گزبا ف

سارنگی :۔ ہارپ ف چنگ ف قانون ۓ غیچک ف

ساڑھو :۔ ہمزلف ف ظاب ۓ

ساڑھی :۔ شارہ ف

ساڑھی کا کانٹا (کلپ) :۔ سرخارہ ف

ساڑھے چار ماشہ کا وزن :۔ مثقال ۓ

سازش :۔ دغا ف فریب ۓ دسیسہ ۓ رفی ۓ عربی میں حرف جر ہے اردو میں نقص، دغا، فریب۔

داغ ؎ سمجھنے والے سمجھتے ہیں پیچ کی تقریر
کہ کچھ نہ کچھ تری باتوں میں فی نکلتی ہے

سازگار :۔ مطابق ۓ موفق ۓ

سازگاری :۔ وفاق ۓ وفاقت ۓ

ساس :۔ خشو ف خاش ف خش ف خوش دامن ف

ساعت کی جمع :۔ ساع ۓ

ساقی :۔ جانی ف راوی ۓ رواۃ ۓ دیکھو "شراب پلانے والا"

ساکت رہ جانا :۔ استکات ۓ

ساکن حروف :۔ مصمت ۓ

ساکن کرنا :۔ جزم ۓ اصطلاحاً ایک علامت کا نام۔ یہ علامت حرف پر آواز ٹھہرنے کو ظاہر کرتی ہے اور اس کو (ۡ) طرح ظاہر کرتے ہیں جس حرف پر یہ علامت ہوتی ہے اس کو زدہ یا ساکن کہتے ہیں جیسے دل میں لام اور سبب میں ب، ساکن یا زدہ ہے۔

ساگ پات :۔ بقل ۓ بقلہ ۓ ترہ ف

سال (برس) :۔ حجہ ۓ حجج ۓ پیل ۓ (بروزن فیل) سن۔ سال کے معنی میں سن تو آیا ہی نہیں اور فارسی میں بھی نہیں پایا گیا۔ عربی میں سنہ بالفتح بمعنی سال آیا ہے۔ سنہ کی جگہ سن لکھنا غلط ہے۔ سنہ کی جمع سنون، سنین اور سنوات ہے۔ صاحب منتخب نے بالفتح لکھ دیا ہے لیکن اس کی معتبر لغت میں سند نہیں ملتی۔ بعض کہتے ہیں کہ واو سے اس کا مادہ سنو ہے اور بعض ہا سے سنہ کہتے ہیں۔ عام ۓ اعوام ۓ

سالا :۔ خسر پورہ ف حافد ۓ حم ۓ

سال کا شروع :۔ سر سال ف

سال کی جمع :۔ سالیان ف

سال کی سب سے لمبی رات :۔ یلدا ۓ

سال گرہ کا ڈورا :۔ رشتۂ عمر ف

سالم :- عربی لفظ ہے بمعنی بے عیب، پورا۔ اصطلاحاً وہ بحر یا رکن جس میں تغیر نہ ہوا ہو۔

سال موجودہ :- اِمسال ف

سالن :- اِدام ع

سالہا سال :- حُقُب ع حُقُب ع

سالی (بیوی کی بہن) :- خازنہ ف

سالی کا شوہر :- ہم زُلف ف خلاب ع

سامان :- بُنہ ف تُوزُک ف تُوشہ ف جَہاز ع جِہاز ع عَرَض ع منطق کی اصطلاح میں جو کسی سبب سے قائم ہو مثلاً کپڑا جوہر ہے اور اس کا رنگ عرض ہے۔ حرف عرض اور کاغذ جوہر ہے کہ حرف اور رنگ، کاغذ اور کپڑے کے سبب قائم ہیں — رَخت و متاع ف دست گاہ ف بَعاع ع عَفَش ع ساز و برگ ف عُرُوض ع

سامان جو لڑکی کو شادی میں دیا جائے :- جہیز ف اِمالہ ہے عربی لفظ جَہاز اور جِہاز کا۔ رَختِ عُروس ف دَہیز ف

سامان درست کرنے والا :- مُجاہِز ع

سامان سفر :- ساز ف زادِ راہ ف رختِ سفر ف عَتاد ع

سامان نیچے اوپر رکھنا :- رَکُن ع

سامنا :- رُو بکار ف مُکافحہ ع

سامنے :- دَر برابر ف دَر پیش ف قُبُل ع رُو برُو ف مد مقابل ف بالمقابل ع صَدَد ع حِیال ع زَمَم ع اِزاء ع اُمام ع

سامنے آنا :- تَصَدّی ع

سامنے آنے والا :- مُستقبِل ع

سامنے سے آنا :- اِقبال ع اِقبیل ع (بیائے مجہول) اقبال کا امالہ ہے۔

سامنے کے چار دانت :- ثَنایا ع

سامنے لٹکے ہوئے بال :- کاکل ف

سامنے والا :- مُقابل ع

سامنے ہونے والا :- مُتمثّل ع

سانپ :- لاہِب ع خالم ع مار ف پیلان ت حِمَّہ ع جانّ ع رَقّاش ع دو زباں ف شیبا ف حَیّہ ع حَیّات ع خَمرَش ع حُبابِر ع خُنّش ع

سانپ بچھو :- ہامّہ ع ہوام ع

سانپ اور بچھو کا کاٹا ہوا :- مَلسوع ع لَدیغ ع

سانپ بچھو کا بل :- تُنک ف

سانپ بچھو کا ڈنک مارنا :- لَسع ع

سانپ کا اپنے پھن کا لہرانا :- تَلَطلُط ع

سانپ کا بولنا :- تَنباح ع

سانپ کا پھن :- کفچہ ف گرزہ ف

سانپ کا زہر :- زَہیب ع

سانپ کا کاٹنا :- نَشط ع نَہس ع

سانپ کا گُو :- قَزح ع

سانپوں کا جادوگر :- مار افسا ف

سانچا :- قالَب ع (بفتح لام) دبیر ؎

خالی ہے رکابوں کی طرح چلنے میں قالَب
نقرہ ہے نہ سبزہ ہے نہ ابلق ہے نہ اشہب

بکسر لام بھی آیا ہے۔ سعدی ؎

گر یکے زمین چہار شد غالِب
جان شیریں بر آید از قالِب

سانچے میں ڈھالنا :- صَوغ ع

سانڈا :- سَقَنقُور ع

سانڈنی :- ہَیہُون ع

سان رکھی ہوئی تلوار یا چھری :- وَقیع ع اردو والوں نے وقعت سے صفت مشبہہ گڑھ لیا ہے۔ عربی میں ذی عزت کے معنی میں نہیں آیا۔

سانس :- نَفَس ع اَنفاس ع دَم ف دُود ف

سانس کی بیماری :- دَمَہ ف ضیقُ النَّفَس ع عام طور پر بسکون فا کہتے ہیں حال آں کہ نفس کے معنی جان اور روح کے ہیں۔ بسکون

کا کہنا غلط ہے۔

سانس لینا: تنفّس ع، تنسّم ع، نفس زدن ف

سانولا: سبز رنگ ف، سیہ چردہ ف، صورت سبز رنگ ف

سانولے رنگ کا معشوق: سبزینہ ف، سبز شیریں ف

ساون کا مہینہ: تموز ف

ساہی (جانور): خار پشت ف، قُنفذ ع، اسغر ع، زکاسر ف، بیہن ف، چرک ف، درام ف، چولہ ف، راد راف ف، کاسج ف، زکاسر ف، زکاشر ف، ژوژ ف، ژوژہ ف، زکاشہ ف

سائبان: ظلّہ ع، عریش ع، مظلّہ ع، آفتاب گردان ف، آفتاب گیر ف

سائیکل: دولو سپید ف، دو چرخہ ف

سائل کا سوال رد کرنا: اِصفاح ع

سائی: بیعانہ ف

سائے: ظلال ع، ظلِ واحد۔

سائے کا لوٹنا: تفیّؤ ع

سائے میں پناہ لینا: اِستظلال ع

سایہ: ظِلّ ع، ظِلال ج، پَر ف، پرتو ف عوام بمعنی سایہ بولتے ہیں جو غلط ہے۔ پرتو کے معنی روشنی، عکس اور شعاع کے ہیں۔ نش ف، نِش ف، درف ع

سایہ دار درخت: نِش ع

سایہ دار ہونا: اِظلال ع

سایہ ڈالنا: اِظلال ع، تظلیل ع

سایہ کرنا: ظُلول ع

سایہ کی جگہ: ظلال ع، نِش ع

سایہ کامل: ظلِ ظلیل ع

سب: درو بست ف، قاطبہ ع، ہمہ ف، تمام ع، کل ع، جملگی ف، جمیع ع، یکسرہ ف، تمام و کمال ع، سائر ع، اجمعین ع، مجموع ع، جملہ ع

سبب: کمرہ ع، حوالہ ع، باعث ع، بواعث ج، وجہ ع، وجوہ ج، وجوہات کہنے اور لکھنے سے احتراز کرنا چاہیئے۔ بہانہ ف، علّت ع، قواعد میں اصطلاحاً ان حروف کو بھی علت کہتے ہیں جو کسی بات کا سبب ظاہر کریں وہ یہ ہیں کہ بمعنی کیوں۔ کیوں کہ۔ اس لیے، اس واسطہ کر۔ تاکہ۔ لہٰذا۔ تا۔ سو۔ یہ حروف جن پر داخل ہوتے ہیں ان کو معلول کہتے ہیں۔ داعیہ ع

سَبَب: عربی لفظ ہے عروضی اصطلاح میں دو حرفی لفظ کو سبب کہتے ہیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں (۱) سبب خفیف۔ وہ دو حرفی لفظ جس کا پہلا حرف متحرک اور دوسرا ساکن ہو جیسے شَب، لَب وغیرہ۔ ۲۔ سبب ثقیل وہ دو حرفی لفظ جس کے دونوں حرف ترکیب اضافی میں متحرک ہوں جیسے درِ محبوب۔ اس میں دَر سبب ثقیل ہے۔

سبب پیدا کرنا: تسبّب ع

سبب ہونا: تعلّل ع

سبحان اللہ کہنا: تسبیح ع

سبز رنگ: زمرّدین ف

سبز رنگ والا: سبزان ف

سبز شاخ: خضر ع

سبز کیاری: چمن ف اصل میں باغ کے اس حصہ کو چمن کہتے ہیں جو کرسیاں بچھا کر بیٹھنے یا چہل قدمی کے لئے مخصوص ہوتا ہے۔ اس مقصد کے لئے ایک چبوترہ بھی بنا لیا جاتا ہے۔ کیوں کہ چمن کی ترکیب سے یہی مفہوم نکلتا ہے۔ یہ لفظ چم مصدر چمیدن سے امر اور "ن" نسبت سے مرکب ہے۔

سبز گھاس: خید ع، خوید ف

سبز ماش: مج ع

سبزہ: لساس ع، ریف ع، دیکھو "ہریالی"

سبزہ جو ابھی اپنے غلاف میں ہو: مستطرف ع

سبزہ زار: راغ ف، چادر لاجورد ف، زلف ع، مرغزار ف، چادر لاجوردی ف، وراق ع، جُبّان ع، ترع ع، جُلکہ ع

سبزہ زار جس میں چرندے نہ ہوں: مُبتوع ع

سبزہ زار کی سیر کرنا : تَنَزُّہ ع
سبز ہونے والا : خَضُور ع
سبزی : خُضرَت ع خُضرِیات ج خَضُور ع بَرْسَہ ف
سبزی فروش : باقِل ع بَقّال ع
سب سے اوّل : اَقدَم ع
سب سے بڑھا ہوا : اَسبَق ع
سب سے زیادہ : اَکثَر ع
سب سے گھٹیا : اَسفَل ع فِرومایہ ف
سب طرف سے احاطہ کیا ہوا : مَشمُول ع
سَبَق : عربی لفظ ہے اردو اور فارسی میں درس کے معنی میں مستعمل ہے۔ کیونکہ سبق کے معنی گھڑ دوڑ کے کھیل ہیں اسی نسبت سے کتابوں کے سبق کو سبق کہتے ہیں کہ وہ آگے بڑھتا رہتا ہے۔ اس کی جمع اسباق اس لئے غلط ہے کہ عربی میں سبق درس کے معنی میں نہیں آتا۔ دیکھو "برتری"
سبقت لے جانا : گوئے بُرون ف مُبادَرَت ع
سبقت لے جانے والا : مُبادِر ع سابِق ع
سبق دینا : تَدرِیس ع
سُبکی : خِفَّت ع طَیرہ ع سَخافَت ع
سب کے اتفاق سے : بِالاِتّفاق ع
سب کے بعد آنے والا : عاقِب ع
سب کے سب : جَمِیعاً ع
سب لوگ : کافّۂ انام ع
سپارہ : سی پارہ کا مُخَفَّف۔ قرآن کے تیس حصے اردو میں ہر ایک حصہ کو سپارہ کہنے لگے جو غیر فصیح ہے۔
سپاہی : لشکری ف کَمِیّ ع کُماۃ ج یُرغُوت ت تابِین ع سرباز ف جُندی ع جُنُود ج قِزِلباش ت یساری ف یساریان ج
سپاہیوں کا گروہ : قُول ت
سپاہیوں کی قبا : دَگلہ ف
سِپَر : دَرَقَہ ع دَرَق ج قلقان ت جُنَّہ ع جنان ج
تُرس ع
سِپر بنانے والا : تَرّاس ع
سُپرد کرنا : حَوالَت ع حوالہ ع
سُپرد کرنے والا : مُحاوِل ع مُحَوِّل ع
سُپرد کیا گیا : مُحَوَّل ع مُفَوَّض ع
سُپرد کی ہوئی چیز : مُودَعَہ ع
سپردگی : اِکفال ع
سپردگی میں قید رکھنا : حوالات ع
سپستان : مُخاطہ ع
سپہ سالار : وازِع ع بیگلربیگ ت
ستاروں کا اپنی جگہ سے گرنا : اِنقِضاب ع
ستاروں کی الٹی چال : قَہقَری ع
ستاروں کی چال کے فرضی راستے : مَدارات ع
ستاروں کی راکھو : خاک بیز ف خاک پیز ف
ستارہ : دُرّی ف نَجم ع اَنجُم ج
ستارہ کا غائب ہونا : خَفُوق ع
ستارۂ زحل : کیوان ف
ستارۂ عطارد : دَبیرِ فلک ف ذُوجسدین ع
ستارۂ یمنی : سُہیل ع
ستارے : بیضہ ہائے زَر ف اَنجُم ع روشناں ف عقدِ شب افروز ف کبوتران شہر ف جَرَس ہائے زَر ف جَرَس ہائے زرّیں۔
ستارے جو غروب نہ ہوں : خَسّان ف
ستارے کا ڈوبنا : غُمَس ع
ستارے کی روشنی : غَمزۂ اختر ف
ستانا : آزاردن ف آزُردن ف ظُلم ع مَظالِم ج اِستَم ف
ستانی (آزار) : آغازہ ف اَشغی ع دَرَفش ف رَسَرد ف
سَتَّر (۷۰) : سَبعِین ع ہفتاد ف
سترھواں : ہفتدہم ف
سَتُّو : سَوِیق ع قَمح ع جَذِیذ ع جذیذہ ع پِست ف

ستواں ناک : دماغ قلمی ف

ستون : دعامہ ع دعائم ج دعام ج دعامت ع "دیکھو کھمبا"

ستون کھڑا کرنا : عَمَد ع دعامت ع

سجانا : پیراستن ف آراستن ف ان دونوں میں معنوی فرق یہ ہے کہ اگر کسی چیز میں کچھ گھٹا کر سجایا جائے تو پیراستن اور کچھ بڑھا کر رونق دیں تو آراستن کہتے ہیں ۔ زین ع

سجانے والا : آرا ف آرائے ف مُزَیِّن ع

سجاوٹ : برسون ف آرائش ف تُوزک ت زِبرِج ع زینت ع طراز ع

سجا ہوا : مُزیَّن ع آراستہ ف پیراستہ ف مُستجمل ع زاہیہ ع مُقطّع ع مُطرّز ع مُطرّف ع مُتقیف ع

سجدہ کرنا : سُجود ع

سجدہ کرنے والا : ساجد ع سَجّاد ع سجدہ گزار ف

سجدہ کی جمع : سجدات ع

سجدہ گاہ : مُہرۂ نماز ف مسجد ع مساجد ج

سچ : حق ع برحق ف درست ف صحیح ع صحاح ج لاریب ع حقیقت ع آمیغ ف

سچا : صدّیق ع صادق ع صادق نفس ع حق پرست ف راست گو ف

سچا دوست : بحیرہ ع خلیل ع خُلّ ع مُخلص ع حواری ع یکرو ف

سچائی : راستی ف درستی ف صدق ع

سچ بولنا : حق ع راست گوئی ف تصادق ع

سچی تعریف : لسانُ الصدق ع

سحری : پس شام ف

سحری کھانا : تسحُّر ع فلاح ع

سخاوت : جُہدِ مُقل ع ہمت ع ہِمَم ج جود ع سخا ع فعّال ع کرامت ع کرم ع اکرام ج صِلَت ع

سخاوت و بخل : چرب و خشک ف

سخت : رشق ع شدید ع صُلب ع مُزیر ع غلاظ ع ولدار ف درشت ف دشوار ف قاصف ع

سخت آفت : جرعب ع

سخت آندھی : طوفان ع عاصف ع عواصف ج

سخت آواز : نقر ع نواقر ج صراخ ع لقلقہ ع

سخت بات : پلکہ ف طعنہ ع

سخت بارش : عزّ ع

سخت بیماری : عُضال ع

سخت بیہودہ : مُہمر ع

سخت بیہودہ گو : مِہمار ع

سخت بھوکا ہونا : قل ہو اللہ خواندن ف

سخت حادثہ : طارق ع طامّہ ع

سخت خو : عنیف ع تند ف دیکھو بدمزاج ۔

سخت دشمنی : بُغضاء ع عداوت ع

سخت دل : قاسی ع قساۃ ع سنگ دل ف

سخت دل ہونا : قسوۃ ع

سخت دلی : قساوت ع

سخت زمانہ : دہر داہر ع

سخت زمین : صماد ع خفّ ع صلاصل ع شخ ف یہ شاخ کا مخفف بھی ہے ۔ سنگلاخ ف

سخت سردی : قارس ع

سخت ظالم : ظلوم ع

سخت غصہ : غیظ ع

سخت قحط : جَباب ع

سخت کافر : کفّار ع

سخت کام : مُہمّ ع مہام ج بفتح میم ۔ مُہم کی جمع (مَہام) بضم میم یا مِہام بکسر میم غلط ہے ۔ واضح ہو کہ مُہمّ کی جمع سالم مُہمّات ہے ۔

سخت کرنا : تشدید ع اصطلاحاً ایک ہی حرف کے متحرک اور ساکن ہونے کو کہتے ہیں ۔ لکھنے میں یہ حرف دو جگہ نہیں لکھا جاتا مگر پڑھنے

میں اور تقطیع میں دو حرف شمار ہوتے ہیں ۔ تشدید کو اس (ــّـ) نشان سے ظاہر کرتے ہیں جو ہمیشہ حرف کے اوپر ہوتا ہے ۔ جس حرف پر تشدید ہوتی ہے اسے مُشَدَّد کہتے ہیں ۔

سخت کرنے والی شے : مُصَلِّب ع

سخت کڑک : صاعِقَہ ع

سخت کلامی : بَزَم ع بَزائِم ع

سخت کنجوس : لَئِیم ع لِیام ع لِیمان ع

سخت کنکریلی زمین : صَلداء ع

سخت کوشش : اِستِقصاء ع

سخت کوشش کرنا : قیامت کردن ف

سخت گرم ہوا : سَمُوم ع

سخت گرمی : زَفیر ع

سخت گرمی کا دن : عَصَبْصَب ع

سخت گرہ : غُلُج ف

سخت گناہ : فاحِشَہ ع گناہِ کبیرہ ف

سخت گیری : حُمَت ع

سخت مٹی : دُس ف شَخ ف

سخت مصیبت : کَرَم ع

سخت ملازمت کرنے والی : لَوّامہ ع

سخت ناشکرا : کفّارہ ع

سخت ہوا : صَرصَر ع

سخت ہونا : صَلابَت ع شَق ع شِدَّت ع علمِ تجوید کی اصطلاح میں حرف کو ادا کرتے وقت آواز کا ایسی قوت سے ٹھیرنا جس سے آواز بند ہو جائے ۔

سختی : صُعُوبت ع تکلیف ع تکالیف ع صَلابت ع ضَغط ع فِشار ف تنگی ف ہَیض ع دُرُشتی ف گزند ف عِناق ع عُنف ع بَزُل ع بُوسی ف بیس ع ضَرّار ع ضَرَر ع واقِعَہ ع وَبال ع وَقعت ع اہلِ اردو وقعت کو عزت کے معنی میں استعمال کرتے ہیں ۔

مسرّور ہ

تری بزم میں اب ہے ذلت ہماری
نہ عزت ہماری نہ وقعت ہماری

تسلیم ہ

منہ شجاعت نے جو موڑا کوئی وقعت نہ رہی
وہ حکومت نہ رہی اور وہ حشمت نہ رہی

مَضمَان ع تبِعات ع کَلیق ع مُصیبت ع مصائب ع طامّہ ع بلا ع قیامت ع حَرَج ع جَبر ع ضِرس ع ضَغطَہ ع مَضغطہ ع

سختی (بمعنی تنبیہ) : جَمش ع

سختیاں : قوارِع ع غوائِل ع

سختی رسیدہ : مَنکُوب ع بدحال ف خراب ف

سختی سے پکڑنے والا : بَطِیش ع

سختی کرنا : اِشتِداد ع تلیص ع تعنیف ع

سختی کرنے والا : باطِش ع

سختی کے ساتھ گرانا : ہَمز ع اصطلاحاً اس کے معنی ہمزہ کے اظہار کے ہیں مگر لغت میں اس کے معنی سختی کے ساتھ گرانے یا جھٹکا دینے کے ہیں ۔

سختی سے حد سے گزرنے والا : غُلات ع

سخن چیں : صقّار ع

سخی : راد ع جوانمرد ف اَلِف ع مُوثِر ع باذِل ع بَحر ع کریم ع کِرام ع سیرچشم ف طَلِق الیدین ع سحاب کف ف سحاب نوال ف فیّاض ع جواد ع حاتم ع ایک مشہور سخی اور شاعر کا نام جو قبیلۂ بنی طے سے تھا ۔ بکسر تا صحیح ہے کیوں کہ حَتم سے حاتِم اس کا فاعل ہے بمعنی حاکم قاضی ۔ حاتم کی اس فیاضانہ صفت کی وجہ سے خود لفظ حاتم مجازاً سخی کے معنی میں مستعمل ہو گیا ۔

سُدّہ پیدا کرنے والی شے : مُسَدِّد ع

سڈول جسم عورت : رَشیقہ ع

سڈول جسم مرد : زیبا اندام ف رَشِیق ع

سر : باش ت دیکھو کھوپڑی ۔

سر اٹھانا : سر برداشتن ف

سَراسَر : سَجاہَر ف

سراہنا : ستائیدن ف

سرائے : بات ع رباط ع خان ت رَبَط ع رُبوع ع تیم ف رباط کی جمع رُبُط اور رباطات ہے بعض مذکر کہتے ہیں۔ مصر و شام میں بالضم رُباط کہتے ہیں۔

سربستہ پھوڑا : چُغَر ت

سربلندی : راس ع

سر پٹ جانا : جِلَو ریز رفتن ف

سر پھوڑ دینا : شَدَخ ع

سر توڑنے والا : دامغ ع

سر جھکانا : تصویب ع

سرحد : ثُغر ع ثُغور ج مرز ف ثَغیر ع

سُرخ : آل ف قرمزی ع قزل ع قزل یا ت رقول ع

سُرخاب : قُبَرَہ ع چکاوک ف

سُرخ اور نارنجی رنگ : اَرغوان ف

سُرخ پھٹکری : قلقل ع

سُرخ رنگ : سُوری ف شہاب ف گُل گوں ف لال ف مُوَرَّد ع

سُرخ رنگ سفیدی مائل : اَصْہَب ع

سُرخ رنگ کا آدمی : نَقِیع ع سُرفہ ف

سُرخ رنگ کا گھوڑا : کہر ف

سُرخ رنگ کا گھوڑا جس کی یال اور دُم کے بال سفید ہوں : یکران ف

سُرخ رنگ کی چیزیں : حُمْر ع

سُرخ رنگ مرد : نقاع ع

سُرخ سر والا : قزلباش ت مرکب ہے قزل بمعنی سرخ اور باش بمعنی سر سے۔ چونکہ شاہ اسمٰعیل صفوی نے اپنی فوج کے لئے بارہ گوشہ والی سُرخ ٹوپی مقرر کی تھی۔ اس لئے سپاہیوں کو قزلباش کہتے تھے۔ بعد میں ان سپاہیوں کی اولاد کو بھی قزلباش کہنے لگے۔

سُرخ شراب : آب آتشیں ف

سُرخ شیر : قزل ارسلان ت سلجوقیہ خاندان کے ایک بادشاہ کا نام جس کے سر کے بال سُرخ ہونے کی وجہ سے یہ نام مشہور ہوا۔

سُرخ صندل کی لکڑی : تبرخون ف

سُرخ کرنے والی : مُحَمِّرہ ع

سُرخی : حُمرت ع صَہَب ع

سُرخی صبح کا آسمان پر نمودار ہونا : سُودن ف سنگرف لاجورد ف

سردار : سَر ف سَران ج سایِد ع رئیس ع رُؤساء ج حاکم ع حُکّام ج سالار ف بیگ ف قدام ع سرآمد ف سرحلقہ ف مرزبان ف باشی ت لشکرکش ف عین ع سرخیل ف سرگروہ ف سرغنہ ف سرور ف مُطاع ع مخدوم ع مولا ع مولیٰ ع نقیب ع امام ع اَئِمّہ ج یوز ت پیشوا ف اُسوَد ع قیغال ع یعسوب ع یعاسیب ج قُطب ع اقطاب ج قُطُب اور قُطَب کہنا غلطی ہے۔ عَمِید ع باشلق ت حُلاحِل ع سَیِّد ع اصل میں سَیوِد تھا بعد میں سیّد (بکسر یائے مشدد) ہوا۔ اسی طرح جیّد بکسر یائے مشدد ہے۔

انیس ؎ چھوڑا کنشت، صاحب مسجد کے ساتھ ہوں
تیرا شریک اب نہیں سیّد کے ساتھ ہوں

سردار اور لائق ہونا : انبغاء ع

سردار جس کو بادشاہ نے خدمت معاف کردی ہو : طرخان ت

سردار کا بیٹا : میرزا ف مرزا ف اصل میں امیر زادہ تھا۔ اہل ایران کی اصطلاح میں اعلیٰ درجہ کا منشی یا کلرک۔

سرداری : اُبّہت ع امارت ع امارات ع ایالت ع سُوَدت ع ریاست ع سیادت ع سرکردگی ف افسری ہ سروری ف سَری ف سُود ع یہی لفظ یعنی سود اُسود بمعنی کالا کی جمع ہے۔

سرد کرنا : تبرید ع

سرد کرنے والا : مُبَرِّد ع مُبَرِّدات ج

سرد ملک کے جانور جو گرم ملک میں چلے جاتے ہیں : قواطع ع

سرد ہوا : بَلیل ع ہَفّ ع ہوائے سرد ف

سردی : شَبِم ع شَبَن ع قَرَّہ ع خُنکی ف برد ع بُرودت ع

سردی سے جما ہوا : مُنجَمِد ع

سردی سے جم جانا : فُسُردن ف

سردی سے دانت کڑکڑانے کی آواز : دَکدَک ف

سردی کا موسم : موسمِ بہار ف سِشتاو ع کاشرف رَبیع ع

سردی کی شدت : سَجام ع سَبَدہ ع سَجاکَند ف

سردی کی شدت سے کتے کا بھونکنا : ہَریر ع

سر زخمی ہونا : نَعلَف ع

سرسبز : آباد ف پارسیوں کے سب سے پہلے پیغمبر کا نام۔ خَصِیف ع شاداب ف

سرسری تحریر : مُسَوَّدہ ع بعض کہتے ہیں جس مصدر میں لون (رنگ) کے معنی ہوں وہ اِفعلال سے آتا ہے جیسے اِحمِرار (سُرخ کرنا) اِصفِرار (زرد کرنا) اور اِسوِداد (کالا کرنا)۔ اسی سے مُسودہ ہے لیکن مستند لغات میں اِسوِداد سرسری تحریر کے معنی میں نہیں آیا۔ البتہ تَسوِید کے معنی سردار بنانا، سیاہ کرنا اور سرسری لکھنا ہے۔ اسی سے مُسَوَّدہ ہے یعنی وہ نوشتہ جو پہلے سرسری لکھا جائے اس کے مقابل تَبیِیض سے مُبَیَّضہ ہے۔

جامی ؎　　مادر سوادِ طُرَّہ کہ کردم مُسَوَّدہ
　　　　اعلام کرد در ہمہ عالم سَمَر مرا

سرسری نظر ڈالنا : مُلاحِظہ ع تلمیح ع علم بدیع کی ایک اصطلاح، کلام میں کسی مشہور واقعہ، قصہ، آیت، حدیث یا مضمون کی جانب اشارہ کرنا جیسے غالب نے کہا : ؎ کیا وہ نمرود کی خدائی تھی
　　　　بندگی میں مرا بھلا نہ ہوا

یا ؎　　سچ ہے پرائی آگ میں پڑتا نہیں کوئی
　　　　ہمراہ کوہِ طور کے موسیٰ نہ جل گئے

سرس کا درخت : درخت ذکریا ف سلطانُ الاشجار ع

سرسوں : حرف اَبیَض ع خَرشَف ع سَرشَف ف

سرسوں کا پھول : کُسَب ع

سرسوں کی کھلی : ہل ف

سرِ شام : عُشی ع

سررشتۂ تعلیم : ادارۂ معارف ع

سرطان کی بیماری : ہزار چشمہ ف

سر کا بوجھ : سربار ف

سرکاری ٹھپا لگا ہوا : مَسکوک ع

سرکاری گزٹ : اخبار رسمی ف کاغذ دولت ف

سرکاری محصول ادا کرنے والا : باج گُزار ف باج گزار ف

سرکاری ملازمت چاہنا : اِستخدام دولتی ف

سر کا زخم جو بھیجے تک پہنچ جائے : مامُومَہ ع آمّہ ع زرقانی نے کہا اس زخم کا مریض بجلی کی کڑک سے بیہوش ہو جاتا ہے اور دھوپ میں نہیں نکل سکتا۔

سر کا میل : شَبُوسہ ف

سرکش : عَزاو ع شیطان ع شیاطین ج ابلیس ع تفصیل کے لئے دیکھو "ابلیس"۔ مَرید ع مُتمَرِّد ع دیو مَرید ف مارِد ع مَرَدَہ ج شَموس ع صَعب ع طامِع ع مُتکبِّر ع مَغرور ع نافرمان ف عاقی ع سرزور ف حَرون ع پولاد خامی ف جارِح ع

سرکش گھوڑا : پولاد خای ف توسَن ف حَرون ع بدجلو ف بدرام ف

سرکشی : طَماح ع تَمَرُّد ع رُعُونَت ع بغاوت ع خُروج ع حَرون ع

سر کو اونچا کرنا : اِشتِیاف ع

سرکہ : شک ف خَل ع سرکنگبین ف سکنجبین مع،

سرکہ فروش : خَلّال ع

سرکہ کے ساتھ پکا ہوا گوشت : سِکباج ع

سرکی بھوسی : حَزاز ع بَغا ف

بِسرّ (بھید) کی جمع : اَسرار ع (بفتحِ اول) بعض اصحاب بطور واحد استعمال کرتے ہیں جیسے واللہ اعلم کیا اسرار ہے۔ مگر یہ غیر فصیح ہے۔

سرکنڈا : تَربُد ف

سر کی چوٹ : مَلطار ع

سر کی گنج : صَعفَہ ع

سر کی مانگ: فَرق ع مَفرَق ع مفارِق ع فَرَاک ف تارَک ف اور یہ الفاظ تشبیہ کے لئے مستعمل ہیں۔ برق۔ تیغ۔ خطِ سحر۔ راہِ ظلمات۔ خطِ استوا۔ خطِ کہکشاں۔ درخشاں۔ دیکھو "روشن"

سر کی ہڈی: کاچک ف

سر کے بال گرنا: نَعَس ع

سر کے بال گرنے کی بیماری: قَرَع ع

سر کے بال منڈوانا: حَقّ ع تَخت ع تفصیل کے لئے دیکھو "موطا"

سر کے بالوں کا کم ہونا: حَصَص ع

سر کے بل گرنا: عِثار ع عَثرُ ع عَثرَت ع

سرگرمی اور انہماک کے ساتھ کام کرنا: تَبشیع ع

سرگوشی کرنا: مناجات ع مجازاً خدا کی جناب میں اس طرح دعا کرنا جیسے کسی کو حاضر و ناظر و موجود خیال کرکے باتیں کی جاتی ہیں۔

سرمایۂ تجارت: راسُ المال ع

سُرمہ: کُحل ع توتیا ف چلا ع سُرب ف

سُرمہ بنانے والا: توتیا ساز ف

سُرمہ دانی: مِکحَل ع مِکحَلَہ ع سرمہ دان ف

سرمہ کی وہ لکیر جو گوشۂ چشم سے کان کی جانب بڑھا دی جاتی ہے: لَحاظ ع دُنبالہ ف

سرمہ لگانا: کُحل ع

سرمہ لگانے کی سلائی: سُرمہ چوب ف مِیل ع مِکحال ع مِکحَل ع

سرمہ لگانے والا: کَحّال ع سُرمہ کش ف

سرمہ لگایا ہوا: مَکحول ع مُتکحِّل ع

سرمہ لگی آنکھیں: کَحیل ع سُرمگیں ف

سرنامہ: عُنوان ع عَناوِین ع

سُرنگ: کوچۂ سلامت ف سَرداب ع

سُرنگ کھودنے کی آواز: گُم گُم ف

سرنگ کھودنے والا: نَقّاب ع

سرنگوں: مُکَبّ ع مَنکوس ع دیکھو اوندھا

سرنگوں کرنا: نَکس ع

سَروتا: مِقراضِ ہندی ع

سرو کا درخت: شجرۂ حیات ف عَرعَر ع عرار ع راست بالا ف

سَرِیش: غِرَاء ع لاساف دَبُق ع غِری ع

سِرے کا: اَوّل ع

سُریلی آواز: اِلحان ع (مختلف فیہ) لحن کی جمع نہیں ہے۔

مصحفیؔ ~ جو یادِ مصحف دل میں مرا دل نالے کرتا ہے
وہ کہتے ہیں مزا دیتا ہے کیا الحان قاری کا

سڑی ہوئی مچھلی کی بدبو: زُہمَت ع

سزا: عذاب ع گوشمال ف تعزیر ع تعزیر کے لغوی معنی باز رکھنا، تہذیب و شرافت سے بہرہ مند کرنا۔ نصرت و مدد کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ تعزیر میں مدد و نصرت کا مفہوم اس لئے شامل ہے کہ اس میں دشمن کے انسداد اور استیصال کے معنی پائے جاتے ہیں۔

سزا دینا: تَنکیل ع

سزا کا مستحق: مُعاتَب ع مُستَلزِمُ السَّزا ع

سزاوار: واجب ع واجبات ج درخور ف لائق ع اَزدَر ف گمان ف کتخدا ف کدخدا ف فراخور ف قابل ع پڑھا لکھا اور تعلیم یافتہ کے معنی میں اردو ہے۔ عربی میں یہ معنی نہیں آئے۔

صابرؔ ~ ہوئے تم جو فقرے بنانے کے قابل
تو جاہل ہوئے سب زمانے کے قابل

تعجب ہے امیرؔ نے ترکیب فارسی و ہندی کے ساتھ استعمال کیا ہے ~
بخیے کا دیا حکم تو بولے دہنِ زخم
سلواتے ہو کیوں قابلِ سیون تو نہیں ہم

مُتساہِل ع مُستَرجِب ع

سُست: عاجِن ع کاہِل ع بیمار ع تنبل ف متقاعِد ع کسلان ع لباج ع فاتِر ع راش ع بَطِی ع مَہین ع ہوشہ ف رازِقی ع نرم شانہ ف نرم آہن ف خُنث ع مُداہِن ع واہی ع ہَبَل ع مَغشوش ع مُتَمَہِّل ع رَکیک ع بوالفضول ع وارخد ف شُلّ ف واہیہ ع مُستَرخی ع گراں جان ف

سستا : ارزاں ف ، رخیص ع

سستاپن : ارزانی ف

سست رائے : خیرہ رائے ف

سست عقل ہونا : غَبَن ع

سست کرنا : تُوہِین ع

سست کرنے والا : مُوہِن ع

سست کیا گیا : مُوہُون ع

سست ہونا : وَہن ع ، وَہی ع ، اِستِرخار ع ، کسالت ع ، اِضمِحلال ع

سستی : تَشاقُل ع ، رَکاکت ع ، خَور ع ، فَتَر ع ، ناتُوانی ف ، طِرلِقہ ع ، کسالت ع ، گرانجانی ف ، فُترَت ع ، فُتُور ع ، ضُعف ع ، مُنفار ع ، وِنی ع ، تکان ف ، ماندگی ف ، تَہوُر ع ، کَسَل ع

سستی ظاہر کرنا : تَوہِین ع

سستی کرنا : تَسَاہُلت ع ، وَنِی ع ، تقعید ع ، تَوانی ع

سستی کرنے والا : مُتَہاوِن ع ، مُداہِن ع

سستی لانے والی چیز : مُسکِر ع

سُسر : حَم ع ، خانِد ع ، صِہر ع

سسرالی رشتہ دار : حَمُوْ ع ، حَم ع

سطح : اَدِیم ع

سطح سمندر : سطح عربی ہے اور سمندر ہندی اس کی ترکیب اضافی کیوں کر صحیح ہو سکتی ہے ۔ اس کی جگہ سطح بحر صحیح ہے ۔

سطح کی جمع : سُطُوح ع

سطر کھینچنے کا رول : مِسَطَرہ ع

سطروں کے درمیان فاصلہ : بَینَ السُّطُور ع بین کے نون کو مفتوح پڑھنا چاہیئے ۔

سعادت : مَیمَنَت ع

سعادت ڈھونڈھنے والا : مُستَسعِد ع

سعوط : زوال ، تقدہ معنی ۔ لیکن طبی اصطلاح میں رقیق چیزوں اور روغنات وغیرہ کو ناک میں ٹپکانا سعوط کہلاتا ہے ۔

سفارش : سپارش ف سپردن کا حاصل مصدر ۔

سفارش چاہنا : اِستِشفاع ع

سفارش کرنا : شفاعت ع شفع سے مشتق ہے بمعنی جُفت یعنی طاق کی ضد ۔ گویا شفیع اپنے آپ کو اس کے ساتھ جس کی وہ شفاعت کرتا ہے اس اکیلے کو جوڑا کرتا ہے ۔ تَشَفُّع ع

سفارش کرنے والا : شافِع ع ، شَفِیع ع

سفارش نامہ : سَنَد ع ، اسناد ج

سفر : رَحِیل ع ، کُوچ ف ، جَرمزہ ف ، غُربَت ع ، اردو میں غربت کے معنی غریبی ، تنگ دستی ۔ اسیر ؎

کیا وفادار ہے تا گور مرا ساتھ دیا
میرے گھر تک مجھے پہنچا گئی غربت مری

مُسافِرت ع

سفر سے واپس آنا : قُدُوم ع ۔ جو لوگ قدم کی جمع قدوم سمجھتے ہیں وہ سخت غلطی پر ہیں ۔ قدم کی جمع اقدام ہے قدوم کے معنی وہی ہیں جو درج کیے گئے ہیں ۔ اختر ؎

بجا ہے دل جو مرا فخر و ناز کرتا ہے
قدوم یار مجھے سرفراز کرتا ہے

مَقدَم ع ، قُفُول ع

یعنی دوست کا آنا میرے لئے باعث عزت ہے ۔ نادر نے سخت غلطی کی ہے جو قدوم کو قدم کی جمع سمجھ کر نظم کر دیا ؎

ہوں جس پہ نقش قدوم رسولؐ پاک عیاں
میں رکھ لوں چوم کے نادر وہ سنگ سینے پر

سفر سے واپس آنے کی ضیافت : نَقِیعَہ ع

سفر سے واپس آنے والا : قادِم ع ، قادِمُون ج

سفر سے واپس آنے والوں کی جماعت : قافِلہ ع

سفر کا تحفہ : راہ آوارہ ف ، راہ آورد ف

سفر کا سامان : راہ انجام ف

سفر کرنا : راہ بُریدن ف ، کُوچ ف ، ظَعن ع

سفر کی تیاری : عِتاد ع

سفر کی تیاری کرنا : تَجَاج ع

سفر و سیاحت کرنا : صَفَق

سفر یا موت کے وقت کسی کو کوئی ہدایت کرنا : وَصِیَّت

سفید : یارُوق ، اَبیَض ، ساچی ، سفید بفتح سین و یائے مجہول صحیح ہے ۔ دیکھو "سپید" مُسفَر

سفید الاچی : ہیل

سفید بادل : مُزن ، ابرِ سفید

سفید بال : رُباب

سفید چہرے والا : حَوارِی ، حواریون ، حضرت عیسیٰ کے اصحاب۔

سفید داڑھی والا : بابا

سفید دُم والا مُرغ : اَصبَع

سفید رنگ عورت : حُور ، حُورا ، فارسی میں واحد اور جمع دونوں میں مستعمل ہے ۔ بَیضار ، مارِیَہ

سفید روٹی : حُواری ، حُوّاری

سفید ریشم : دَمِسَہ

سفید سانپ : اَیم

سفید شکر : قَند ، فانید ، پانید ، مِصری

سفید شہد : ضَرَب ، ضرَب ، علم الحساب میں ایک عدد کو کئی گن بڑا کرنا بھی ضرب کہلاتا ہے جیسے ۴ × ۴ = ۱۶ علم عروض میں شعر کے آخری لفظ کو بھی ضَرب کہتے ہیں ۔

سفید کاغذ : قرطاقِ اَبیَض ، مُشتَری ، کیمیاگروں کی اصطلاح میں رانگ ۔ لُعاب گاؤ ، صَحنِ سلیم ، میدانِ عاج ، زِبرقان

سفید میدہ : حُواری ، حُوّاری ، سَمِید ، سَمیذ ، ذال سے پڑھنا اور لکھنا زیادہ فصیح ہے۔

سفید میدہ کی روٹی : سَمید ، دیکھو "میدہ کی روٹی"

سفید و نرم پتھر : رُخام ، سنگِ مَرمَر ، مَرمَر

سفید ہرن : رِیم

سفیدی : لُمعُ ، اِسفار ، بَیاض ، طبیب کی وہ کاپی جس میں نسخے لکھے ہوتے ہیں اور شاعر کی وہ کتاب یا کاپی جس میں اس نے اپنا کلام لکھا ہو بیاض کہلاتی ہے ۔ لاؤ ، شہاد

سفیدیاں : غُرَر

سفیدی جو دودھ کو پھاڑ کر نکالتے ہیں : جُبن

سفیدی جو ہاتھ پیر پر مہندی لگاتے وقت رکھی جاتی ہے : دُردِ حِنا

سفیروں کی مجلس : ہَیئت

سَفینہ کی جمع : سُفُن ، سَفائن

سَقائے نیل : لفظی معنی دریائے نیل کو پانی پلانے والا یعنی بادل لیکن ابر سے کنایہ ہے ۔

سَقیم کی جمع : سِقام

سکریٹری : پیش خدمت ، سِکرِیتَر

سُکڑا ہوا : حاذّہ

سُکڑ جانا : اِنقباض

سُکون : خُمُود ، آرام ، قرار ۔ زِنغ ، اطمینان ، دیکھو "آرام"

سِکّہ ڈھالنے والا : سَبّاک

سکھانا : تعلیم ، تَلقِین

سِکھانے والا : اُستاذ ، اساتذہ ، مُعَلِّم ، آموزگار ، مُؤدِّب ، اتالیق ، مُلَقِّن

سُکھانے والا : مُجَفِّف

سگا بھائی : شَقِیق ، برادرِ صُلبی

سگی بہن : ہمشیر ، ہمشیرہ

سگے بہن بھائی : اَعیان

سلام بھیجنا : حَیّا

سلامت : سَلِیم ، محفوظ ، مامُون

سلامتی طلب کرنا : اِستِسلام

سلام کرنا : بندگی ، انگشت بر جبیں نہادن ، تسلیم ، دست بہ بر نہادن ، دست بر سر نہادن

سلام و کلام ترک کرنا : تُہاجُر

سُلانا : خوابانیدن ، تَنعِیس ، تَنوِیم ، تَہجِید ، لُغاتِ اضداد سے ہے تہجید کے معنی جگانا بھی ہے ۔

سِل اور بٹّا : مِلایَہ ع

سِلا ہوا : کُتیب ع قُماش ع اَقمِشَہ ج

سِلائی : دُوخت ف دُوختن ف

سلطنت : دَولَت ع حُکُومت ع ریاست ع قَلَمرُو ف بادشاہی ف

سلطنت کا ایک حصہ : صُوبَہ ع

سلطنت کا کرتا دھرتا : مَدارُ المہام ع

سلطنت کی ایک شاخ جس میں چند تحصیلیں اور پرگنے ہوں : ضِلَع ع اضلاع ج

سِل کی بیماری : بیماریٔ باریک ف ہُلاس ع

سِلوَٹ : چُخَل ف شِکَن ف چِین ف تَبَل ف اَخمَہ ع اژنگ ف

سِلیٹ : لَوحِ سَنگ ف

سِلیکشن کمیٹی : لَجنَہ ع

سِلی ہوئی جگہ کو پھاڑنا : خَرم ع

سَماج : معاشرت ع معاشرہ ع خِلطہ ع

سَمانا : گُنجیدن ف سِرایت ع بالکسر ہی صحیح ہے ۔ ذوقؔ ؎

سرایت کچھ جو خونِ کوہ کن کر جائے پتھر میں
نکالے لعل ہی پتھر کی جا کہسار دامن سے

سمٹا ہوا : مُنقَبِض ع

سمٹ جانا : تَقَلُّص ع

سمجھ : فَہم ع فُہُوم ع بعض کا قول ہے کہ فہم کی تعریف یہ ہے کہ کسی قول کو سُنتے ہی اس کے معنی کا علم ہو جائے ۔ عَقل ع اِستِدراک ع دانِش ف ہُوش ف

سمجھانا : حالی شُدَن ف حالی کردن ف اِفہام ع آموزِش ف فہمانیدن ف آموختن ف تَفطِین ع

سمجھانے والا : مُفطِن ع ناصِح ع

سمجھا ہوا : مفہوم ع مَعلُوم ع

سمجھ میں نہ آنے والا : بَعِیدُ الفہم ع بَعِیدُ العَقل ع بعید از قیاس ف

سمجھنا : تَعَقُّل ع فہمیدن ف اِفہام ع تفہیم ع آموختن ف آموزِش ف

سمجھنے والا : فاہِم ع عاقِل ع

سَمدھی : ہم سِلک ف

سمندر : داماو ع مُحیط ع بَحر ع بِحار ج شعر کے وزن کو بھی بحر کہتے ہیں ۔ زَو ف

سمندر سے ملی ہوئی دلدلی زمین : مَشیلَہ ع

سمندر کا جوش مارنا : لَجَب ع

سَمُور : قاقُم ع

سَن (جسے پٹسن کہتے ہیں) : لادَنہ ف

سُنار : تَسّاک ع زرگر ف صَیّاغ ع صَوّاغ ع سائِغ ع تَقّان ع

سُنارگیری : صِیاغت ع زرگیری ف

سُنا گیا : مَسمُوع ع

سُنا ہوا : سَماعی ع

سِن بلوغ کو پہنچنا : بُلُوغت ف عربی میں بُلُوغ کے معنی ہیں حد مردی کو پہنچنا ۔ شعرائے فارس نے تصرف کر کے بُلُوغت بنا لیا ہے ۔ شیخ شیرازی ؎

امرد آنگہ کہ خوب و شیریں است
تلخ گفتار و تند خوے بود
چوں برِیش آمد و بلوغت شد
مردم آمیز و مہر جوئے بود

بلوغت کی جگہ بُلُوغ کہنا فصیح ہے ۔ شباب ف جوانی ف

سِن بلوغ کو پہنچنے والا : حالِم ع

سنبوسہ : قُطاب ع محراب شکر بورہ ف یُوزَک ف

سَنَد : دست آویز ف

سَندیسا : پیام ف پیغام ف خَبَر ع اَخبار ج

سَندیسا لانے والا : پیغامبر ف پیغمبر ف نبی ع انبیاء ج تفصیل کے لئے دیکھو خبر دینے والا ۔ پیامی ف پیام بر ف مَلَک ع

سِن رسیدہ : مُعَمَّر ع

سَنسی : ماشہ ف آٹھ رتی کے وزن کو بھی ماشہ کہتے ہیں ۔ قدیم فارسی میں ماسہ کہتے ہیں ۔ اَنبَر ف کَلبَتان ف

سَن کرنے والی چیز : مُخَدِّر ع

سنکھ : حلزون ع مُہرہ ف ناقوس ع وَدع ع مُہرۂ سفید ف

سنکھ بجانا : نَقر ع

سنکھیا : شک ع سَمّ الفار ع تراب الہالک ع مرگِ موش ف

سنگ تراش : حَجّار ع خاراتراش ف

سنگترہ : پرتغال ف یوسفِ آفندی ع

سنگ دل : سخت جان ف شقی القلب ع

سنگ ریزہ : حَصات ع حَصا ع حَصَی ع

سنگسار کرنا : رَجم ع

سنگسار کرنے والا : رَجوم ع

سنگسار کیا گیا : مَرجوم ع رَجیم ع یہ لفظ عام طور پر شیطان کی صفت میں آتا ہے۔

سنگِ مرمر : حَجَرُ الرَّخام ع دیکھو "سفید و نرم پتھر"

سِنگھی : کالک ف

سُننا : سَماع ع سَمع ع اِسماع ع شنودن ف شنیدن ف نیوشیدن ف شُنفتن ف اِستماع ع سَماعت ع سَمع ع

سُننے کی قوت : سامعہ ع

سُننے والا : مُستمِع ع سَمیع ع سامِع ع

سنوارنا : پرداختن ف توشیح ع آراستن ف دیکھو "سجانا"

سنولا رنگ : مَلاحت ع مَلیح ع

سُنُون : خشک دواؤں کو باریک پیس کر بطور منجن دانتوں پر ملنے کو طب میں سُنُون کہتے ہیں۔

سنہری : زرباف ف

سنیچر کا دن : شَنبہ ف (بکسر با وظہور با) صحیح ہے۔

نظامی ؎
از دگر روز ہفتہ آں بہ بود
نافِ ہفتہ مگر سرِ شنبہ بود

اہلِ اردو بخلافِ با و بفتحِ با کہتے ہیں جو درست نہیں کیوں کہ اس کے معنی صَہیلِ فَرَس (گھوڑے کی ہنہناہٹ) ہے۔ رشائیہ

سُنی سُنائی بات : سخنِ افواہی ف

سُنی ہوئی بات کو دُہرانا : واگویہ ف

سَو (۱۰۰) : مات ع مِاَت ع ماۃ ع مائۃ ع مائیں ع صد ف یُوزیتا

سُوا (بڑی سوئی) : مِخرز ع

سِوا : ماوَرا ع مادُون ع ماسِوا ع سِوا کی جگہ ماسوا کہنا یا لکھنا درست نہیں۔ دراصل سِوا، سِویٰ ہے بمعنی غیر، جُز، بغیر بجُز۔ اردو میں زیادہ، افزوں۔ ظفرؔ ؎

کل بے نفرت کہ ہمیں دیکھ کے خوبانِ فرنگ
جلد جلد اور کبھی کبھی کو سوا ہانکتے ہیں

بعض حضرات (سوا فائدہ کے) کی جگہ (سوائے فائدہ کے) کہتے اور لکھتے ہیں حال آں کہ (ی) بحالتِ اضافت آتی ہے جیسے

امیرؔ ؎
مآلِ کارِ دنیا کچھ سوائے غم نہیں منعم
سمجھ غم ہائے رنگا رنگ نعمت ہائے الواں کو

قلقؔ ؎
پیدا ہوا ہوں کیا میں الٰہی برائے رنج
راحت کے نام سے نہیں واقف سوائے رنج

قدرؔ ؎
جب سے کھلی ہے آنکھ نہ دیکھا سوائے رنج
سرمہ بنا مرے لئے گردِ ملال کا

اور جہاں ترکیبِ اضافی نہ ہو وہاں سِوا کہتے ہیں جیسے سوزؔ ؎

اپنے سوا کسی کو نہ پایا حریف حیف
کی قطع روزگار نے ہم پر قبائے حرص

شفقؔ ؎
اپنے مطلب کے سوا کوئی نہیں کام اُن کو
ہٹ گیا اہلِ زمانہ کی ملاقات سے دل

مرزا غالبؔ نے سوا کو ہندی لفظ کی طرف اضافت دے دی ہے اور مضاف الیہ میں (کے) بھی لگا دیا ہے ؎

کہا ہے کس نے کہ غالبؔ بُرا نہیں لیکن
سوائے اس کے کہ آشفتہ سر ہے کیا کہیئے

سَوار : فارسی لفظ ہے۔ اصل میں فارسی اسپ وار (سنسکرت اشووار) تھا۔ اسپ۔ گھوڑا۔ وار بمعنی صاحب۔ پہلے اَسوار کہتے اور لکھتے تھے۔ اب متروک ہے۔ انیسؔ ؎

کل تیس تو اسوار تھے چالیس پیادے
ایک ایک پر ایسا تھا کہ لاکھوں کو بھگا دے

فائدہ ۔ وار ایک کلمہ ہے جو ترکیب میں چند معانی کا فائدہ دیتا ہے ۔ صاحب ۔ خداوند جیسے راہوار ۔ امیدوار ۔ مثل ۔ مانند ۔ جیسے ذرّہ نواز ۔ لائق جیسے شاہوار ۔ گوشوار ۔ طریق ۔ وضع سے ماہوار ۔ عرب وار ۔ پُر جیسے سوگوار ۔ بار (بوجھ) جیسے خروار شتروار ۔ مقدار جیسے جامہ وار ۔ کلاہ وار ۔ پشت وار ۔ زائد جیسے سزاوار ۔ بعض نے امیدوار میں (وار) کو بمعنی پُر کہا ہے ۔

سوار کا بلندی پر کھڑا ہونا : اِستعاف

سوار کے پیچھے سوار ہونے والا : رادِف

سواروں اور پیدلوں کا گروہ : خَیل ، خُیول

سواروں کا گروہ : مَواکب ، مَوکِب ۔ واحد

سوار ہونا : رُکوب

سواری : رِکاب ، برداشت

سواری کا جانور : ظَہر ، مَطِیّہ ، مطی ، راحِلہ ، رواحل ، راہ انجام ، راہ گُستر ، مَرکَب

سوال : استفہامیہ

سوال کرنا : مُساءلہ ، مَسئَلہ ، مَسائل ، بازپرس ، تحقیقات ، بحاث ، استفسار ، اِستفہام ، مُسائی ، مُسالت ، سوال ۔ سُؤال ہمزہ کے ساتھ ہے ۔ بغیر ہمزہ کے بھی سوال کہتے ہیں سوال بفتح سین کہنا درست نہیں ۔ اِقتراح ، دریافت ، درخواست ، استدعا ، دال کے ضمّہ اور ت کے فتح کے ساتھ اِستدُعا کہنا سخت غلطی ہے ۔

سوال کرنے کے لائق : پُرسیدنی

سوال کی جمع : اَسوِلہ ، سوالات

سو برس کا زمانہ : قَرن ، اَقران ، صدی

سُوپ (پھٹکنے والا) : ہَشک

سُوت (دھاگا) : غَزل ، ریسماں ، تار

سوتا ہوا : نائم ، خوابیدہ

سُوت کاتنے کا آلہ : چرخہ

سُوت کے سے ریشے جو قلم بناتے وقت نکلتے ہیں : نال

سُوت کی ڈوری : کلافہ ، کلاوہ

سُوتی کپڑا : قُطنی

سوتیلا بیٹا : پسری

سوتیلا بھائی : برادر اندر ، نابرادر

سوتیلی لڑکی : دُختندر ، دختر رَبیبہ

سوتیلی ماں : مادرندر ، مادیرہ ، مایندر ، مادر اندر

سوتے ہوئے آدمی کے گلے کی آواز : خَرِیر

سُوجن : ماس ، اماس ، وَرم ، اَورام

سُوجنا : تَہَبُّج ، اِنتفاخ

سُوچ : اندیشہ ، فِکر ، اَفکار ، فِکرت ، فِکَر ، کنج کاوی ، رُویّت

سُوچ بچار : پس و پیش ، تَذَبذُب

سُوچنا : خَوض ، اندیشیدن

سُود : نَفع ، غنار ، فائدہ ، فوائد

سَودا بیچنے کی جگہ : دُکّان ، دُکان ۔ دال کے بعد واؤ لکھنا غلط ہے ۔

سودا طے کر کے ہاتھ پر ہاتھ مارنا : صَفقہ

سوداگر : تاجِر ، تُجّار ، تاجک ، بازرگان ، سوداور ، سوائی

سوداگری : تجارت ، مَتاع

سودائی : دیوانہ ، خشک مغز

سوڈا واٹر : آب بُکری

سُوَر (مشہور جانور) : وَرّاز ، دراز ، تنگوز ، بُغرا ، دُوبل ، خُوک ، خنزیر ۔ یہ دو لفظوں سے مرکب ہے خنز اور ار ہے ۔ خنز بمعنی بہت فاسد اور ار معنی دیکھتا ہوں ۔ معنی یہ ہوئے کہ اس کو میں بہت فاسد اور خراب دیکھتا ہوں ۔ ہندی میں اس جانور کو سوّر کہتے ہیں اور یہ بھی دو لفظوں سو اور ار سے مرکب ہے اور

اس کے معنی بھی وہی ہیں جو اوپر بیان ہوئے ۔ ساد ف

سوراخ : ثُقبَہ ع ثُقُب ع فُرجہ ع سُفت ف جُفتہ ف رَوزن ف مَنفَذ ع رَوزان ع فُطُور ع سُوخان ف سُوفار ف دَہان ف رَخنہ ف کنایۃً فساد کے معنی میں بھی مستعمل ہے ۔ مَسام ع آبخیرہ ف

سوراخ جس سے نشانہ تاکیں : دِیدبان ف

سوراخ دار کفگیر : زازِل ع

سوراخ کرنا : ثَلم ع سُنبیدن ف ثَقب ع

سوراخ کرنے کا آلہ : سُنبہ ف

سوراخ کرنے والا : نَقّاب ع

سوراخ کی جگہ : مَنقَب ع

سورج : نیزہ بکف ف ہزار تابہ ف ہمسایہ مسیح ف مشعلہ خاوری ف ناخن روز ف وجود ساز معادن ف مشعلہ روز ف آتش صدف ف آن ف زردکفت ف جہاں تاب ف مشرق ع مہر ف ترک چین ف گرد ف لعل فلک ف مُرغ ع مُرغ روز ف مُرغ زر ف مُرغ زرّیں ف شمس ع شُموس ع آفتاب ف شاہ زر بفت پوش ف شاہد زعفرانی ف خورشید ف نقطہ زرّیں ف شاہد شاہ فلک ف شاہ سیارات ف مَشعَلہ صبح ف مہر گیتی فروز ف نُور ع شارِق ع مُہرہ زر ف فرعون ع عیسیٰ رہ نشیں ف فرزند خاور ف قاصد چرخ ف قُبّہ زرّیں ف قُعْبان فلک ف کاسہ ف قندیل عیسیٰ ف کاسہ آتشیں ف خُرشید ف مرکب ہے خُر بمعنی سورج اور شید بمعنی روشن سے ۔ واؤ معدولہ کے ساتھ خورشید بھی صحیح ہے ۔ خورشید ف صَبّاغ زمین ف مجاہر گان ف چشم روز ف آہوئے خاوری ف طاس زر ف آہوئے زرّیں ف طاؤس فلک ف آہوئے فلک ف آئینہ آسمان ف خلخال فلک ف خلخال زر ف آئینہ چرخ ف آئینہ چینی ف طرفدار انجم ف آئینہ گرداں ف ابن کلیح ع تابہ زر ف طشت زر ف چرخ مُقوّس ف طفل خونیں ف جاریہ ع چتر روز ف چتر زرّیں ف صائع زر پوست ف صبّاغ الارض ع صبّاغ جواہر ف صحیفہ زر ف صدف آتشیں ف صدف روز ف بیضۂ چرخ ف یوسف زرّیں رسن ف جام فلک مشرق ف تیغ زن آسمان ف سپر آتشیں ف زرّیں کاسہ ف زر سُرخ سپہر ف زرافشاں کوس ف زرّیں صدف ف آتش بے دُود ف آتش سیماب ف آتش سرخ ف آتش پیکر ف عروس چہارم فلک ف عروس چرخ ف عروس خاوری ف عروس روز ف عروس جہاں ف چادر ترسا ف چراغ آسمانی ف بانوئے مشرق ف چراغ روز ف چراغ سپہر ف خوانچہ زر ف خوانچہ فلک ف دل روز ف دربان فلک ف دست کلیم ف دست موسیٰ ف باختر ف ترازوئے کافور ف ترک فلک ف آتش صبح ف ترنج روئے شُستہ ف طاؤس مشرق خرام ف عابل دریا ف قرابۂ زرّیں ف قرص زر ف قرص گرم و سرد ف یک اسپہ ف خاوری ف قرص ہفت درہ ف ہورشن خش ف یوخ ف خاتون فلک ف خاتون یغما ف ذُکا ع ابن صبح ع روز گرد ف روباہ زرد ف کشتیٔ زر ف کمان سادہ ف کلاہ زریں ف گل زرد فلک ف گل سرخ ف یہ مجازی معنی ہیں ۔ خاتون جہاں ف خشک زر ف فردوس صبح گاہ ف خسروِ اقلیم چہارم ف خسرو انجم ف خشتِ زرّیں ف شانۂ انجم ف شاہ مشرق ف روز ف شاہ چین ف چوں کہ چین ایران کے مشرق میں ہے اور سورج اسی طرف سے طلوع ہوتا ہے اس لئے شاہ چین کی ترکیب بنی ۔ چشم روز ف شاہ یک اسپہ ف شاہ نیم روز ف عروس ع فلک ف زمزمۂ آتش فشاں ف عقد شب و روز ف عنکبوت زریں تار ف شاہ خاور ف شاہ خرگاہ مینا ف شرق ع شاہد رخ زرد ف شاہد روز ف باد مغرور ف تشت آتش ف چشمۂ گرم ف چہرہ پرداز جہاں ف خسرو چہارم سریر ف خسروِ خاور ف خشتِ زر ف چشمۂ روشن ف کیر کوہ ف شاہ طارم فلک گوئے ف ستارۂ قلندراں ف شمامۂ کافور ف سلطان اختراں ف سلطان ملک ف قباس ف سلطان یک اسپہ ف غزال ف زمزم آتش فشاں ف زریں کلاہ ف زرّیں ہما ف آتش روز ف شمع سحر ف صائع جوہر ف شمع صباح ف شمع عالم تاب ف سفید کاغذ ف لعاب بحاد ف لعاب گاذن ف لعل طراز کمتر ف بیضا ع یک چشم ف انجم سوز ف پرویز فلک ف روئے شستہ ترنج ف جام سحر ف ہم خانۂ مسیح ف تیغ فلک ف تیر گردوں ف بیضۂ آتشیں ف تشت بلند ف گل صد برگ آسمان ف گوئے زر ف گوئے زرّیں ف لاب ع لعاب لعل ف عامل کان ف بچۂ طاؤس علوی ف چتر نور ف چشمۂ آتش فشاں ف چتر روز ف گل آسمان ف خواجۂ اختراں ف خواجہ

چرخِ اَزرق ف چشمۂ نور بخش ف چشمۂ نور ف چشمۂ ہور ف

سورج سے زیادہ روشن : اَظہَرمِن الشَّمس ع

سورج کا غروب ہونا : دُلوک ع

سورج کا غروب ہونے کے قریب ہونا : تَضَیُّف ع

سورج کا نکلنا : طُلُوع ع شُرُوق ع اِشراق ع

سورج کو گہن لگنا : اِنکِساف ع

سورج کی روشنی : ضَوء ع شَعشَعَہ ع رَتیغ ف

سورج کی روشنی اور حرارت : ضُحیٰ ع

سورج کی کرن : ناخنِ آفتاب ف لَمع ع لمعات ع
لُعابُ الشمس ع شُعاع ع اَشِعَّہ ع فروغ ف

سورج کی کرنیں : رشتگان آفتاب ف خُطوطِ شُعاعی ف

سورج کی گرمی : حَرُور ع صَلاع ع

سورج کی گرمی سے پکنے والے میوے : حلوائے بے دُود ف

سورج کے پجاری : شمّاس ع

سورج کے غروب ہونے کی جگہ : مَغرِب ع شرق ع

سورج گرہن : کسُوف ع

سورج مُکھی : آفتاب پرست ف گُلِ آفتاب ف شُتُرپا ف ورتاج ف

سورج وغیرہ کا آسمان کے درمیان آجانا : تلبید ع

سُوَر کا بچہ : خِنَّوص ع

سُوَر کی آواز : نَقیق ع

سُوَر کے بال : ہُلب ع

سُورۂ فاتحہ : مثانی ع سُورۃُ الشِّفاء ع سورۂ اُمّ القرآن ع

سوزش : حُرقَت ع حَریق ع

سوکر اٹھنا : ناشِئَہ ع

سوکن : ضَرّہ ع وَسِی ع ۔ نُباج ف

سوکنیں : ہَوُو ف ضَرّتان ع

سُوکھا : خُشک ف قاحِل ع یابِس ع ضَمیل ع

سُوکھا ہوا : شازِب ع

سُوکھنا : ذَبَل ع

سوکھی ادرک : زَنجَبیل ع یہ مرکب ہے دو لفظوں سے زنا اور جبل۔ زنا لغت عرب میں اوپر چڑھنے کو کہتے ہیں اور جبل پہاڑ کو ۔ اس کے ترکیبی معنی ہوئے پہاڑ پر چڑھ گیا ۔ چوں کہ طبی نقطۂ نظر سے سوکھی ادرک جسے سونٹھ بھی کہتے ہیں ۔ انسانی جوڑوں کو مضبوط کرتی ہے ۔ زنجبیل اس لئے کہا گیا کہ اس کے استعمال سے پہاڑ پر چڑھنے کی قوت پیدا ہوتی ہے ۔ بِزغون ف

سوکھی روٹی : عُشم ع نانِ خُشک ف

سوکھی گھاس : ثِبن ع کاہ ف حَشیش ع حَشائش ع ہَمیل ع

سوکھی ہوئی کھجور : تَمحّ ع

سِوِل کورٹ : مَجلِسُ الحُقوق ع

سولی : صَلیب ع

سولی پر چڑھانا : صَلیب ع تصلیب ع

سولی دیا گیا : مَصلُوب ع

سُونا (نیند) : خُسپیدن ف خُفتن ف خوابیدن ف تَنَوّم ع دراز شدن ف رَقد ع سات ف ہَجعَت ع

سُونا (دھات) : ذَہَب ع زر ف آبِ بستہ ف نَضیر ع نُضار ع تِلا ف طِلا ع دواؤں کو پانی یا کسی عرق یا تیل میں رقیق کرکے جسم کے کسی حصہ پر ہلکا ہلکا لیپ کرنا نیز کسی رقیق دوا یا روغن کا جسم کے کسی حصہ پر چپڑنا طبی اصطلاح میں طِلا کہلاتا ہے ۔ عَین ع عَسجَد ع عَساجد ع عِقیان ع زرِ ناب ف آتش بستہ ف آتش فسُردہ ف زرِ صامت ف نُضارہ ع

سوناچاندی : زادۂ خاک ف

سوناچاندی گلانے کی پیالی : بُوتَہ ف

سوناچاندی وغیرہ کا پگھلنا : اِنسِباک ع

سونپا ہوا : مُحَوَّل ع

سونپنا : سُپُردن ف تَحَوُّل ع تَحویل ع

سونپنے کے لائق : سُپَردنی ف

سونپنے والا : مُحَوِّل ع مُبادِل ع

سونٹا : کُتکہ ف

سونٹھ : دیکھو "سونٹھ ادرک"

سونف : بادیان ف، وادیان ف، رازیانہ ف، والان ف، رازیانج مع
رازیام ف، رایان ع، والان بزرگ ف

سونگھنا : اِشتمام ع، اِستنشام ع، اِشمام ع، شَم ع، شمیدن ف
نشق ع، تَشمیم ع، بوئیدن ف، اِستنشاق ع

سونگھنے کا گلدستہ : دستنبو ف، دستنبویہ ف

سونگھنے کی چیز : تُفّاح ع

سونگھنے کی خواہش : اِستشمام ع

سونگھنے کی قوت : شامّہ ع

سونگھنے والا : مُستنشِم ع، جاقّ ع

سونگھی جانے والی چیزیں : شمائم ع

سونگھی ہوئی چیز : مَشموم ع

سونے چاندی کا ٹانکا : لحام ع، لِحام ع

سونے چاندی کا ریزہ : قُراضہ ع، فِلذہ ع

سونے چاندی کی کان : مَعدَن ع، مَعادِن ع

سونے چاندی کے ریزے : خاک بیز ف، خاک پیز ف

سونے کا پانی : زرباب ف

سونے کا سِکّہ : دینار سُرخ ف، اَشرَفی ف ایک صاحبِ لغت نے
دیوانِ خاقانی کے حوالہ سے لکھا ہے کہ یہ سِکّہ اشرف نام کے ایک بادشاہ
کے عہد میں رائج ہوا تھا۔ اس کی نسبت سے اُشرَفی کہتے ہیں۔

نعمت خاں عالی ؎ چست عنقار و پیہ کبریتِ احمر اشرفی
کیمیا نوکر شدن یک ہفتہ پیش بوالحسن

بفتح شین اَشرَفی کہنا غلط ہے۔

سونے کا قُبّہ : شمسہ ف

سونے کا ملمع کرنا : تَذہیب ع، زراندودن ف

سونے کا نقش بنانا : زرنگار ف

سونے کی بالی : حلقۂ زریں ف، قُرص ع

سونے کی بنی ہوئی چیز : طلائی ع

سونے کی جگہ : مَرقَد ع، خوابگاہ ف، مَضجَع ع

سونے (آرام) کے کپڑے : فِراش ع، برخوابہ ف

سونے (نیند) والا : نائم ع، مُضطجع ع

سونے یا چاندی کا چھلا : خُرص ع

سوئی : سوزن ف، خِیاط ع، دَرزَن ف، خَلَہ ف، مِخیَط ع، اِبرَہ ع

سوئی چبھونا : غَرز ع

سوئی کا دھاگا : راک ف

سوئی کا ناکہ : سَمّ ع، سَمُّ الخیاط ع، سوفار ف، سوفان ف، راک ف
خانہ ف، چشمِ سوزن ف، خُرت ع، خُرت ع، خُربہ ع، چشمہ ف

سوئی کی طرح چبھنے والا : نارِس ع

سوئی کی نوک : دُوزَنہ ف، دَرزَہ ف

سوئی میں ڈالا ہوا دھاگا : دَرزمان ف

سویاں : اَطرِیَہ ع، ماہیچہ ف، بکالیط ع، عَضَلہ ع، خِلال ماندہ ف، رِشتہ ف

سویاں توڑنے کی چرخی : رِشتۂ آردبری ف

سویا ہوا آدمی : وَسِن ع، خُفتہ ف، خوابیدہ ف

سویرے آنا : تبکیر ع

سویرے اٹھنا : بُکور ع

سہارا : پُشتی بان ف، مُعاوِن ع، برداشت ف

سہارا دینا : جُفتن ف، مُعاوَنَت ع

سُہاگا : تِنکار ف، بُورَہ ف، تنگار ف

سُہاگن : عَرُس ع

سہ پہر کی شراب : غَبُوق ع

سہو کرنے والا : ساہی ع

سہ گوشہ : مُثَلَّث ع △ ۔ عروض کی اصطلاح میں اس
طرح کی رباعی کہنا کہ چوتھا مصرع پہلے تین مصرعوں کے الفاظ سے مرتب
ہو جیسے۔ ؎

تجھ سا نہیں پیارا کوئی اے رشکِ قمر
محبوب نہ ہوگا کوئی تجھ سے بہتر
اے دلربا نازنیں تجھے کہتے ہیں سب
تجھ سا نہیں محبوب کوئی اے دلبر

یعنی وہ لفظ جس کا پہلا حرف تینوں حرکتوں سے پڑھنا صحیح ہو۔ ہر سہ حرفی لفظ اور تین تین مصرعوں کا بند بھی مثلث کہلاتا ہے۔

سنبھلانا : پرداشت ف

سنبھلنے والا : بُردبار ف سنجیدہ ف مَتین ع مُتَحَمِّل ع

سہیلی : صاحِبَہ ع صَدیقَہ ع

سے : عَن ع از ف

سَیّاح : سالِک ع جہاں گرد ف جہاں نَوَرد ف ظاعِن ع

سَیّاحی کرنا : مُکث ع

سیاست : عربی ہے۔ اصل مادہ سوس ہے جس کے معنی نگرانی اور انتظام کے ہیں۔ اسی مناسبت سے چرواہے کو ابتداً سوس کہتے ہوں گے جس سے منتقل ہو کر گلہ بانی سے جہاں بانی کے لئے یہ لفظ مستعمل ہوا۔ سیاست کا لفظ بھی اسی سے ماخوذ ہے جو عام طور پر اسی معنی میں بولا جاتا ہے۔ یَرغُوِیّت

سیاست داں : سائس ع گھوڑے کی خدمت کرنے والے کو بھی کہتے ہیں۔ فارسی میں سَیّس اور اردو میں سائیس۔

مولانا روم ؎ سائسی کردی در آخر آں غلام
لیک سلطانِ سلاطیں بود نام

مصحفی ؎ استاد کا کرتے ہیں امیر اب کے مقرر
ہوتا ہے جو دو ماہ کہ سائیس کے لائق

سلمان ؎ ای سَیّس مرکبانت سائس پنجم رواق
وی غلامِ آستانت خسروِ زریں مجن

سیاہ : اَسْوَد ع سَود ع سَوداء ع طبی اصطلاح میں چار خلطوں صفرا، سودا، بلغم اور خون میں سے ایک کا نام۔ تاریک ف اَکسون ف

سیاہ آنکھ والی عورتیں : حُورالعین ع

سیاہ اور سفید رنگ کی ہر مونث چیز : رقطاء ع اصطلاحاً نظم و نثر کی ایک صنعت کا نام جس میں ایک حرف منقوط اور دوسرا غیر منقوط لایا جاتا ہے۔ جیسے ۔ ؏

شہ بلند نسب اب مجھے بھی دیدے
یا
؏ زلف سیہ تو جانِ من وز دیدے

سیاہ چیز : دُلبَس ع

سیاہ دریا : دَجداج ع

سیاہ دل : قاسِی ع

سیاہ رنگ : قُہقَر ع تیرہ ف سیہ چردہ ف

سیاہ رنگ کا : قاتِم ع

سیاہ رنگ کی چیز : پَشام ف

سیاہ کرنا : تَسوِید ع

سیاہ کیچڑ : نُوش ف

سیاہ گھوڑا : اَدہَم ف

سیاہ لکڑی : سَاج ع

سیاہ مٹی جو حوض کی تہ میں جم جائے : لاے ف

سیاہ مرچ : پلپل ف فلفل۔ رہان البر ع حافظ الکافور ع

سیاہ و تاریک : تاران ف تیرہ و تار ف

سیاہ و سفید : ماغ دیغ ف

سیاہی (اندھیرا) : ف تاریکی ف حُمکَت ع دَہمَت ع سواد ع غُبرَہ ع تیرگی ف سُحمَہ ع سَحَم ع

سیاہی (انک) : حِبْر ع مِداد ع نُون ع

سیاہی اور دوات : نُون ف

سیاہی اور کاغذ : مُشک و حریر ف

سیاہی چوس : جاذِب ع نَشّاف ع ناشِف ع

سیب : سُیو ف صاب ع

سیپ : جَم ع گوش ماہی ف گوش دریا ف مجازاً پیالی یا چھوٹے پیالے کو بھی گوش دریا کہتے ہیں۔ خاسیپ ف صَدَف ع اَصداف ع اُن تین ستاروں کو بھی صَدَف کہتے ہیں جو مثلث کی صورت ہیں اور قُطب کے پاس ہیں۔ انہیں صَدَفِ قطب بھی کہتے ہیں۔

سیتلا : چیچک ف کھسرا ع اس کی جگہ خسرہ کہنا یا لکھنا سخت غلطی ہے۔ اصل میں خسرہ تو اس کتاب یا رجسٹر کو کہتے ہیں جو پٹواریوں اور زمینداروں کے پاس ہوتی ہے اور جس میں کھیتوں کے نمبران اور ان کے

رقبوں کی پیمائش درج ہوتی ہے۔ جُدری ع ماتا ہ

سیٹی بجانا : شُپیدن ف شیشہ بندی ف

سیدھا : قَوِیم ع مُستَقِیم ع راستہ ف

سیدھا اور درست کرنا : تَقوِیم ع جنتری (کلینڈر) کو بھی کہتے ہیں نیز فلسفے کی ایک اصطلاح ہے جو ہر اور عرض کی بحث میں کہا جاتا ہے کہ جوہر وہ چیز ہے جو بذاتِ خود قائم ہو اور عرض وہ ہے جس کے قیام کے لئے جوہر یا کسی چیز کی ضرورت ہو۔ کاغذ پر رنگ یا تصویر عرض ہے اور کاغذ جوہر۔ ان دونوں میں جو کیفیت، نسبت و تعلق پیدا کردیتی ہے۔ وہ تقویم ہے۔

سیدھا اور درست ہونا : تَقَوُّم ع

سیدھاپن : اِستِقامت ع

سیدھا چلنا : صَوب ع

سیدھا راستہ : نیَسَب ع راہِ مستقیم ف صِراطُ المُستقیم ع رُشد ع شَرَع ع مَراشِد ع

سیدھا رکھنے والا : مُقَوِّم ع

سیدھا نیزہ : مَذَق ع

سیدھا ہاتھ : یمین ع

سیدھی اور کشادہ راہیں : مَناہج ع

سیدھی راہ چلنا : اِقتِصاد ع قَصد ع

سیدھی راہ چلنے والا : مُسترشِد ع مُقتَصِد ع

سیدھی راہ دکھلانے والا : ہادی ع ہُدات ع چوتھے عباسی خلیفہ کا نام جو ۱۶۹ھ سے ۱۷۰ھ تک حکمراں رہا۔

سیدھی طرف : اَیمَن ع یامِن ع

سیدھی طرف سے ظاہر ہو کر الٹی طرف جانے والا شکار : بارِح ع

سیدھی لکیر : خطِ مستقیم ع

سیدھے بال : سَبَط ع سَبِط ع سَبط ع

سیدھے راستے : مَراشِد ع

سیدھے ہاتھ کی طرف : جَنُوب ع ایک سمت کا نام۔ بضم جیم جُنوب کہنا غلط ہے۔

سَیر : نُعُب ع لَعَب ع تفریح ع گردش ف چہل قدمی ف

سَیر (آسودہ) : کارِب ع

سَیراب : رَیّان ع رَوِیّ ع اصطلاحاً حروفِ قافیہ میں سے ایک نام۔ واضح ہو کہ حروف قافیہ نو ہیں مگر جو عام طور پر مستعمل ہیں وہ سات ہیں۔ ان میں ایک تو ہر قافیہ میں ہوتا ہے اور باقی چھ میں سے کبھی ایک کبھی دو اور کبھی اس سے زیادہ آتے ہیں جو حرف ہر قافیہ میں آتا ہے اسے روی کہتے ہیں جیسے اس شعر میں ؎

ندارم غیر از تو فریاد رس
توئی عاصیاں را خطا بخش و بس

حرف "س"، لفظ رَس اور بَس میں روی ہے۔ حرف روی کے بغیر قافیہ نہیں ہو سکتا۔ بعض حضرات کا خیال ہے کہ روی، روا سے لیا ہے۔ روا لغت میں اس رسی کو کہتے ہیں جس سے اونٹ پر بوجھ باندھا جاتا ہے۔ چونکہ روی سے جملہ حروف قافیہ بندھ جاتے ہیں اس رعایت سے اسے روی کہا گیا ہے۔ حرفِ روی بالعموم ساکن ہوتا ہے لیکن مابعد حروف سے مل کر متحرک ہو جاتا ہے۔ جیسے قافیہ بہار اور شمار ہے اس میں "را" حرف روی ہے مگر بہاری اور شماری کی صورت میں را متحرک ہو گئی کیونکہ مابعد حرف وصل سے مل جاتی ہے سا اضافت کی حالت میں بھی متحرک ہو جاتی ہے جیسے بہارِ دل اور قرارِ دل میں "را" متحرک حرف روی ہے۔ عَروضی اضافت کو یائے بطنی کہتے ہیں اور یہاں اس کی صورت وصل کی ہو جاتی ہے اور وصل سے مل کر روی کا متحرک ہو جانا جائز ہے۔ ساکن حرف روی کو مقید اور متحرک حرف روی کو مطلق کہتے ہیں۔ شاداب ف آسودہ ف

سیراب کرنا : سِقایت ع عَیل ع

سیرابی چاہنا : اِستِسقاء ع

سیر سے تھک جانا : رِمَق ع

سیر کرنا : عَیل ع تَسیر ع تماشا ف اصل میں عربی تماشی ہے۔ فارسی والوں نے تماشی سے تماشا بنالیا ہے جیسے تقاضی سے تقاضا، تماشی سے تماشا۔ سِیاحت ع طَوف ع سَیران ع

سیر کی جگہ : تَسیر ع تفریح گاہ ف سیر گاہ ف

سیر کرنے والا: سیّاح ۂ سایر ۂ سائرین ۂ

سیر کھری: سنگ جراحت ۂ حجرُ الاعرابی ۂ

سیڑھی: شاتو ۂ شاتو ۂ نزول ۂ پُخنہ ۂ نردبان ۂ سُلّم ۂ معراج ۂ مرقات ۂ پلکان ۂ زینۂ چوبیں ۂ

سیڑھی کا پایہ: پُخنہ ۂ

سیڑھی کا ڈنڈا: معراج ۂ دَرَجَہ ۂ

سیسہ: آنک ۂ سُرب ۂ اُسرُب ۂ

سیکڑوں: صدہا ۂ مایئن ۂ مائتہ واحد ہے۔ سَو اور سی کے بعد نون لگاکر سینکڑوں نہیں کہنا چاہیئے۔

سیکھنا: تَعَلّم ۂ

سیلاب: یَمّ ۂ نوجہہ ۂ تَلاطُم ۂ طُغیانی ۂ اَہلا ۂ

سیلاب سے پڑے ہوئے گڑھے: نورکندہ ۂ نورہ ۂ

سیلی ہوئی زمین: نَزّی ۂ

سینچنا: آب پاشی ۂ

سینکوں کا گٹھا: ضِغث ۂ اضغاث ۂ جاروب ۂ

سینگ: بیرارہ ۂ شاخ ۂ سُرون ۂ قَرن ۂ شَخ ۂ نُرتو ۂ

سینگ مارنے والا چوپایہ: ناطح ۂ

سینگی: مِحجَمہ ۂ

سینہ: کش ۂ لَبان ۂ بَتیا ۂ قَعص ۂ تُوش ۂ صدر ۂ تَدَرّو ۂ نحر ۂ جاش ۂ ترائب ۂ مجازاً

سینہ بند: سینہ پوش ۂ صُدرہ ۂ صُدری ۂ مِرزیٰ ۂ

سینہ کا اگلا حصہ: مَنحَر ۂ

سینہ کا ورم: ذات الصدر ۂ

سینی: خوانچہ ۂ صینیہ ۂ سطل ۂ کشتی ۂ

سینے کا سُوجا: ہسکہ ۂ

سینے کی ہڈی: جُؤجُؤ ۂ

سینے والا: درزی ۂ خیّاط ۂ

سیوتی کا پھول: نسرین ۂ نُسترن ۂ بہ کسر نون ہے۔

سی ہوئی چیز: مَخیط ۂ

ش

ش: اس کے لغوی معنی مردود کے ہیں۔ اس کے استعمال کی صورتیں حسب ذیل ہیں۔

۱۔ ضمیر غائب۔ اس کی دو صورتیں ہیں مفعولی اور اضافی جیسے سعدی نے کہا ہے

کلاہ سعادت یکے بر سرش
گلیم شقاوت یکے در برش

۲۔ مصدری صیغہ: امر کے آخر میں مصدر یا حاصل مصدر کے معنی دیتا ہے جیسے دانش اور بینش میں۔

۳۔ زائد۔ اس کا استعمال محاورۂ عجم میں زیادہ ہے جیسے آبخور کی جگہ آبشخور۔

۴۔ بدل۔ اس کی دو صورتیں ہیں۔ جیم کی جگہ جیسے کاش سے کاج۔ سین کی جگہ جیسے مُشک سے مُسک۔

شاباش: پہ ۂ پہ پہ ۂ آفریں ۂ زِہ ۂ اِفراۂ مَرحَبا ۂ یہ کلمہ عرب اپنے مہمان کے لئے بولتے ہیں جس کے معنی ہیں تیرے لئے یہاں فراخی ہے تنگی نہیں۔ بَخ بَخ ۂ

شاخ: غُصن ۂ اَغصان ۂ غُصُون ۂ شُعبہ ۂ قَضیب ۂ فَنَن ۂ اَفنان ۂ افانین ۂ فَنّ ۂ فنون ۂ فارسی میں بلا تشدید ہُنر اور کُشتی کے داؤ کے معنی ہیں۔ فَرع ۂ فُرُوع ۂ دیکھو "ٹہنی"

شاخ در شاخ ہونا: تَشَعُّب ۂ

شاخوں کا مِلنا: اِشتِباک ۂ

شاخیں: افنان ۂ فُرُوع ۂ اَغصان ۂ غُصُون ۂ فُنُون ۂ قضبان ۂ

شادمان: قریر ۂ دیکھو "خوش"

شادمان کرنا: تنشیط ۂ دیکھو "خوش کرنا"

شاد ہونا: راح ۂ دیکھو "خوش ہونا"

شادی: عروس ۂ خوشی ۂ گرد ۂ عُرس ۂ اعراس ۂ

قُوَّة ف قُوَی ع قوی ع

شادی بیاہ : دامادی ف

شادی شُدہ : مُحصِن ع مُحصنین ع ثَیّب ع

شادی شُدہ عورت : نکاحی ف زن شوہر دیدہ ف ثَیّبَہ ع

شادی کا جشن : سُور ف

شادی کا جہیز : جہاز ف جہیز ف اَجہزہ ع

شادی کا جہیز دینا : تجہیز ع

شادی کا کھانا : بُلَل ع وَلیمَہ ع

شادی کرنا : اِملاک ع بالکسر باب اِفعال سے مصدر ہے۔ بالفتح اَملاک بمعنی جائداد مِلک کی جمع ہے۔ بحر ؎

بعد مرنے کے اُٹھیں گے کس کی گردن سے یہ قصر

جیتے جی کچھ چھوڑ دینا خوب ہے اَملاک کا

ازدواج ع نکاح ع اِعراس ع

شارٹ ہینڈ :- خطِ رَمز ع مختصر نویسی ف

شاعر :- گوئندہ ف سُخن بار ف خیال پرست ف گوہر فروش ف زبان آور ف چامہ گو ف ناظم ع نَظّام ع دو بیر ف باریک خیال ف آتش زبان ف آتش بیان ف آتش سخن ف نوات محمد ف

شاعر کا مختصر نام :- تخلّص۔ مثلاً سودا، مرزا رفیع کا، آتش خواجہ حیدر علی کا، ناسخ، شیخ امام بخش کا، اور غالب مرزا اسد اللہ خاں کا تخلّص تھا۔

شافہ (یا) شیاف :- صابن کی بتی تراش کر یا چند دواؤں کو کوٹ پیس کر اُن کا فتیلہ یا بتی بنا کر مقعد، رحم یا عضو تناسل کے سوراخ میں رکھنے یا دواؤں کی سلائی بنا کر آنکھوں میں استعمال کرنے کو طبی اصطلاح میں شافہ یا شیاف کہتے ہیں۔

شاگرد :- وِرد ع تِلمیذ ع تَلامِذہ ع تَلامیذ ع

شاگرد ہونا :- تَلَمُّذ ع

شاگردی :- تَلَمُّذ ع

شام :- مَساء ع

شام کا کھانا :- عَشام ع

شام کا ناشتہ :- عَفراز ع

شام کا وقت :- اَصیل ع آصال ع طَرَف ع شام ف شام گاہ ف مَساء ع

شام کرنا :- اِمساء ع

شام کے وقت کی شراب :- غَبُوق ع

شامل :- مُحتوِی ع

شامل کرنا :- لَحق ع

شامل کیا گیا :- مَشمُول ع

شامل ہونا :- اِشتمال ع لُحُوق ع

شامل ہونے والا :- مُشتمِل ع

شام و صبح :- مَلَستان ع بِالعَشی وَالاِبکار ع

شامیانہ :- سایَبان ف سایہ پوش ف شبنمی۔ سُرادِق ع خیمہ گرد سُرادِقات ع

شان بنانا :- تَشَیُّن ع

شان و شوکت :- نمود ف فر ع فَرّہ ف تَجَمُّل ع تُزک ف تُوزک ف دَبدَبہ ع شُکوہ ف کرّ و فر ف ہَوَش ف سر و مایہ ف سِیادَہ ف فر بارہ ف ہوش ف اِشتَرَف ف حِشمَت ف

شاہانہ دعوت :- شام رسمی ف

شاہد کی جمع :- اَشہاد ع

شاہی تاج :- دیہیم ف

شاہی حکم :- مِثال ع فرمان ف فرامین ع (عربی قاعدے کے مطابق جمع بنائی گئی ہے جیسے خاقان کی جمع خواقین اور خاتون کی جمع خواتین)۔ پروانہ شاہی ف توقیع ع یَرلیغ ت یَرغُو ت

شاہی کھانا :- خاصہ ف

شاہی محل :- سَرایَہ ع

شاید :- بلکہ۔ بوک ف بہانا ف آیا ف (قواعد میں حرف تمنا اور حرف استفہام ہے)۔ لَعَلّ ع لَیت ع غالباً ع

شباب کا ذکر کرنا :۔ تشبیب ۔ لغوی معنی جوانی کا حال اور معشوق کی صفت بیان کرنا ہیں۔ قصیدہ کی تمہید کو بھی تشبیب کہتے ہیں کیونکہ شاعر نفس مضمون کو معشوق کے ذکر سے بلند کرتا ہے اس لئے تشبیب کہا گیا۔

شباب کی جمع :۔ اَشباب ع

شب باشی کرنا :۔ مَبیت ع مَبات ع

شب بیدار :۔ آفتاب سوار ف صبح خیز ف قائم اللیل ع

شبنم :۔ نم ف پشک ف اَندا ع لُعاب گوزن ف

(دیکھو اوس)

شب و روز :۔ داشبان ع (دیکھو رات اور دن)

شبہ کرنا :۔ اِعتراض ع دیکھو شک کرنا

شتربان :۔ جَمّال ع

شتر سوار :۔ داقِد ع

شتر مرغ :۔ ظَلِیم ع نعامہ ع نعائم ع قو ۔ زُرافہ ف

ہاع ع ہالِع ع

شتر مرغ کا پَر :۔ پَر قُوت ف

شتر مرغ کا دوڑنا :۔ زَفیف ع

شتر مرغ کی آواز :۔ نِہمار ع

شجاعت :۔ رادی ف دِل ف بَطالت ع نجدت ع دلیری ف دیکھو بہادری

شخص جس پر تہمت لگائی جائے :۔ ظَنین ع

شخص جس کا اوپر کا ہونٹ پھٹا ہوا ہو :۔ اَعلَم ع

شخص جس کا باپ ہو نہ بیٹا :۔ کَل ۔

شخص جس کا ختنہ نہ ہوا ہو :۔ اَغلَف ع

شخص جس کا ظاہر اچھا ہو اور باطن برا :۔ تَر فردش ف مُنافِق ع

شخص جس کا نسب اچھا ہو :۔ اَصیل ۔ نجیبُ الطَّرفین ع

شخص کو رتوندھی آتی ہو :۔ اعشیٰ ع

شخص جس کو صدمہ پہنچا ہو :۔ کُوفتہ ف

شخص جس کی آنکھوں میں نیند ہو :۔ ناعِس ع

شخص جس کی آنکھیں دکھتی ہوں :۔ مَرمَد ع

شخص جس کی بھویں ملی ہوں :۔ اَقرَن ع

شخص جس کی داڑھی کم ہو :۔ زِبرِقان ع

شخص جس کی زبان بات کرتے وقت اچھی طرح نہ چلے :۔ تَمتَمہ ع فافا ف کج زبان ف

شخص جس کی شادی ہوگئی ہو :۔ کَدخُدا ف

شخص جس کی نیت صواب کی ہو لیکن بلا ارادہ خطا ہو جائے :۔ مُخطِی ع

شخص جس کے پاؤں کے پنجے ٹیڑھے ہوں :۔ اَحنَف ع

شخص جس کے حواس میں خلل پڑ گیا ہو :۔ مُختَلُّ الحواس ع

بہ ترکیب عربی اگر بلا تشدید لام کہا جائے گا تو غلطی ہے۔ علیٰ ہٰذا القیاس مُختَصُّ المقام اور مُختَصُّ الوقت کہنا اور لکھنا چاہیے۔

شخص جس کے سر پر چوٹ لگنے سے پھٹ گیا ہو :۔ شَجیج ع

شخص جس کے ماں باپ مختلف اقوام سے ہوں :۔ مُتَجنِّس ع

شخص جس نے ارادہ کے ساتھ غلطی کی ہو :۔ خاطِی ع

شخص جس نے علم نہ سیکھا ہو :۔ اُمّی ۔ اصطلاح اہل کتاب کی ہے اور قرآن میں بھی اسی معنی میں استعمال ہوئی ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اول مخاطب کفار مکہ تھے۔ اہل کتاب اُن کو اُمیین (ناخواندہ) طنزاً کہتے اس لئے کہ وہ کسی صحیفۂ آسمانی سے واقف نہ تھے اس لفظ کے لغوی معنی "مادر زاد" یعنی جاہل کے ہیں۔

شخص جسے جنگ میں بھوک پیاس نہ لگتی ہو :۔ صَمَد ع

شخص جو ایک خدا کا قائل نہ ہو :۔ مُشرک ع

شخص جو ایک ہی گھوڑے پر کسی کے پیچھے سوار ہو :۔ رَدیف ع

عروض کی اصطلاح میں کسی شعر کے وہ حروف جو قافیہ کے بعد مسلسل ہر شعر میں لائے جائیں۔ چونکہ ردیف شعر کے آخر میں واقع ہوتی ہے اس لئے ردیف کہا گیا۔

شخص جو بات کو سن کر نظر انداز کر دے :۔ فراخ گوش ف

شخص جو عرب میں پیدا ہوا اور فارس میں پرورش پائی :۔ تاجک ف

شخص جو علم ہندسہ جانتا ہو :۔ مُہندِس ع

شخص جو عیش و عشرت سے لذّت ... :۔ گورگان ف
شخص جو قوت مردمی کے باوجود عورت کے پاس نہ جائے :۔
حَصُور ع
شداد کی بنائی ہوئی جنت :۔ اِرَم ع
شدت کی سردی :۔ قَرس ع
شدت کی گرمی :۔ سَہَام ع
شدید غم :۔ بَلبَلہ ع
شر :۔ غائلہ ع بدی ف دیکھو برائی
شراب :۔ آتش سرد ف اشکِ صراحی ف اِکسیر رنگ ف مُقَلقَل ع
اکسیر مربی ف فَہیج ع اُنزشہ ف لزشہ ف سُلاف ع شَعشَع ع
حانیہ ع دختر آفتاب ف خونِ ناموس ف راح ع شَمُول ع
عُقار ع جامع الاثم ع آتش توبہ شکن ف خمر ع مے۔ دارو ف
تریاقِ غم ف زَق۔ سُوے ف بَلمَع ع جان پری ف جان پریان ف
سُو ف شیرہ ف آب انگور ف آب انار ف سجنجل ع سِیحی ف
آب طرب ف تریاق حزن ف آب سرخ۔ اُمّ الخبائث ع آب آتشیں ف
آتش تر ف آب تلخ ف شبانہ۔ بادہ ف آن ف عروس تاک ف
گل نشاط ف بلبلی ف لعاب لعل ف آل ف عرق بہار ف طلق رواں ف
شَمُوس ع آب حرام ف آب شیراز ف آب بے داد ف آتش سیال ف
قَرقَف ع آتش بے دود ف آتش توبہ سوز ف آب بے دود ف
رازقیہ ع نیم رس ف آب زنج ف آب عصیر ف سُغراق ع نمائش آب ف
شراب انگوری :۔ مُل ف
شراب اونڈیلتے وقت صراحی یا شیشہ کی آواز :۔
مَقَلقَلہ ع تبسمِ مینا ف
شراب بیچنا :۔ آبکاری ف
شراب بیچنے والا :۔ خمّار ع حانیہ ع کلال ف مُسکار ع آبکار ف
شراب پلانے والا :۔ ساقی ع صحیح معنی ہیں پلانے والا۔ لیکن بالعموم
شراب پلانے والے کے معنی میں مستعمل ہے۔ اصطلاح صوفیہ میں اس سے
مراد ہے (۱) ذات اوّل (۲) مرشد کامل جس سے آنحضرت ؐ کی ذات
مبارک مراد ہے (۳) شیخ جس کو نیابت رسول ؐ کا فخر حاصل ہو (۴)
معشوق۔ جمالی ف جمالی ف
شراب پینا :۔ شادخواری ف ساغر خوردن ف
ساغر زدن ف ساغر بسر کشیدن ف
شراب پینے والا :۔ مخمور ع دیکھو شرابی
شراب جس میں پانی یا عرق ملا کر پئیں :۔ مَمزُوج ع
شراب جو پینے کے بعد ساغر میں رہ جائے :۔ تہ جرعہ ف
تہ جرعگی ف ثُفل ع
شراب چھاننے کا کپڑا :۔ راووق ع راوِق ع
شراب خانہ :۔ خرابات ف قمارخانہ ف خم خانہ ف
خم کدہ ف شیرہ خانہ ف مَصطَبہ ع سوچی خانہ ف لَہَر ف
سرائے سرور ف میکدہ ف
شراب رکھنے کا برتن :۔ صراحی ع گاؤ سفالین ف خم ف جام خانہ ف
شراب کا بڑا پیالہ :۔ صُواع ع
شراب کا پیالہ :۔ شاخ ف بلۓ ترسا ف کاس ع مینا ف
(بیلتے مروف) بغداد ف رکابی ف جام ف جام ف چمان ف چمانہ ف
آیاق ع پیالہ ف فَیہج ع یاقوت نوش ف دریلتے لعل ف اَیاغ ع
شراب کا چڑھا ہوا نشہ :۔ سُرُور ع
شراب کا صراحی سے پیالہ میں اونڈیلنا :۔ تبسم مینا ف
شراب کا گھونٹ :۔ ہمنت ف
شراب کا نشہ :۔ عالم آب ف
شراب کشید کرنے کی جگہ :۔ مَعصَرہ ع
شراب کو صاف کرنا :۔ تَرویق ع
شراب کی بوتل :۔ قِنّینہ ع شیشہ ف
شراب کی بوتل کی ڈاٹ :۔ ریش قاضی ف
شراب کی جمع :۔ اَشرِبہ ع
شراب کی چھوٹی صراحی :۔ لیطک ع
شراب کی دکان :۔ حانوت ع
شراب کی صراحی :۔ بَط ع قِنّینہ ع شیشہ ف
شراب کی محفل میں باہم ہم نشینی کرنا :۔ تنادم ع

شراب کی محفل میں بغیر بلائے جانے والا :۔ واغل ع

شراب میں پانی ملانا :۔ اعراق ع

شراب میں دھت :۔ طافح ۔ بدمست ف

شراب وغیرہ کا نشہ :۔ خمار ع

شرابی :۔ خراباتی ف خام نوش ف پیالہ پیما ف مے نوش ف دغ ۔ ف

متخمر ع ۔ شراب خوار ف بادہ پیما ف پیالہ دار ف پیالہ کش ف

شرارت :۔ ذمیمہ ع ذمائم ع ج

شرارت کرنا :۔ فضولی کردن ف

شرافت :۔ نجابت ع اصالت ع

شرط :۔ گرو ف غرر ع نذب ع پیمان ف ۔

شرط کی جمع :۔ شروط ع شرائط سبھی لوگ لکھتے ہیں لیکن یہ

جمع ہے شریط کی جس کے معنی ہیں ایک کام کا دوسرے پر انحصار

اس لئے شرط کی جمع شروط ہے مگر بالعموم شرائط مستعمل ہے ۔

شرط کیا گیا :۔ مشروط ع

شرط لگا کر کوئی کھیل کھیلنا :۔ قمار ع ۔

شرط لگانا :۔ گرو بستن ف اشتراط ع

شرعی فیصلہ :۔ فتویٰ ع

شرکت :۔ مساہمت ع انبازی ف

شرم :۔ حیا ع غیرت ع ننگ ف آزرم ف خفر ع

خفرق ع ناموس ع ۔ عار ع اعیار ع

شرمانا :۔ استنکاف ع

شرمگاہ کا وہ حصہ جو ختنہ کے وقت کاٹ دیا جاتا ہے :۔ قلفہ ع

شرمگاہ کو ننگا کرنا :۔ تشویر ع

شرمگاہ کے بال :۔ زہم ف اسب ع زہرگان ف رمکان ف

موئے زہار ف

شرمندگی :۔ خجلت ع خجالت ع فارسی اور اردو والوں نے

لکھا ہے ۔ خجالت صحیح نہیں ۔ امیر ؎

بے خودی شیشہ نہ ٹوٹے کوئی

مجھ کو ساقی سے خجالت ہو گی

مستند اہل لغت کہتے ہیں کہ خجالت کہنے والے راہ خطا پر ہیں ۔ راہ صواب

یہ ہے کہ بجائے خجالت خجلت بالفتح کہیں ۔ حیا ع غرامت ع

حسرت ع افسوس ف طیرہ ع سبکی ف طیرگی ف

شرمندگی کی حالت میں ہنسنا :۔ زہر خند ف

شرمندہ :۔ محجوب ع خذول ع نادم ع خجل ع پشیمان ف

تر ۔ ف طیرہ ع عرق گیر ف شرمسار ف کباب ف سر در پیش ف

ندیم ع ندمانح ندام ع ج متطیر ع منفعل ع چشم بپیش ف ندمان ع

ساختہ رو ف

شرمندہ کرنا :۔ تشویر ع زرد فسردن ف

شرمندہ کرنے والا :۔ زردکش ف

شرمندہ ہونا :۔ خجلت ع الف بر خاک کشیدن ف ترشدن ف

ندم ع عرق کردن ف انفعال ع

شرمیلی عورت :۔ خریدہ ع خرائد ج

شروع :۔ بداء ع بدو ع صوک ع آغاز ف ابتداء ع صدارت ع

ناشیہ ع ریعان ع بدء ع تمہید ع

شروع جوانی :۔ موعتہ الشباب ع عنفوان ع ریعان ع

شروع رات کی تاریکی :۔ غسق ع

شروع رات میں سونا :۔ ہجوع ع ہجعت ع

شروع کرنا :۔ نشات ع آغازیدن ف تصدیر ع افتتاح ع بداہت ع استیناف ع

شروع کرنے والا :۔ مستانف ع مستانفہ ع بادی ع

فاتح ع مبتدی ع

شروع ہونا :۔ بداءت ع

شریر :۔ زنیم ع شریر ع دیو مردم ف دیو مرید ف شیطان ع ۔ شوخ ف

شریر کی جمع :۔ اشرار ع

شریعت :۔ ناموس اکبر ع

شریعت کے خلاف چلنے والا :۔ قلندر ف بدعتی ع

شریف :۔ اصیل ع آفندی ت امثل ع اماثل ج خاندانی ف

نیک نفس ف نیک فطرت ۔ ف

شریف الخاندان :۔ شریف عربی ۔ خاندان فارسی اس کی ترکیب

(الف لام) کے ساتھ بطور عربی کیوں کر صحیح ہو سکتی ہے قریب المرگ
کی طرح شریف الخاندان سے اسم فاعل ترکیبی کے معنے حاصل ہو سکتے ہیں۔
شریف کی جمع :۔ شُرَفاء ع
شریک :۔ خَلِیط ع ہمراہ ف ہمال ف ہمباز ف مُساہِم ع مُضارِع ع
قواعد میں وہ فعل جس میں حال اور مستقبل دونوں زمانے پائے جاتیں مضارع
مصدر سے بنتا ہے یعنی کسی مصدر سے علامت مصدر گرا کر آخری حرف
کو دیکھو اگر الف یا واؤ ہو تو ہمزہ اور یائے مجہول آخر میں زیادہ کرو
جیسے لائے سوئے۔ اَنباز ف اَنبازناک ف رَفیق ع ہمتا ف
شریک دو میں :۔ مُشترک ع اصطلاحاً وہ لفظ جو کئی معنی رکھتا
ہو جیسے سونا بمعنی دھات اور آرام (نیند)
شریک کرنا :۔ تَشارُک ع
شریک کرنے والا :۔ مُشرِک ع
شریک ہونے والا :۔ مُشارِک ع
شِطرنج ع بہ کسر شین معجمہ و سکون طائے مہملہ و فتح را و سکون نون
ایک کھیل کا نام۔ اس کی بساط میں ۶۴ خانے ہوتے ہیں اور سولہ مہرے کسی
ایک رنگ کے اور سولہ مہرے کسی دوسرے رنگ کے۔ بالعموم سیاہ اور سفید
رنگ کے ہوتے ہیں۔ مہروں کے چھ اقسام ہیں (۱) آٹھ پیادے (۲) دو رخ
(۳) دو فیل (۴) دو گھوڑے (۵) ایک فرزین یا وزیر (۶) ایک شاہ۔
ایک شخص کی طرف اور اتنے ہی دوسرے شخص کی جانب۔ شریشی شرح
مقامات حریری میں اس کے واضع کا نام صصہ لکھا ہے لیکن لغات فارسیہ
میں لیلاج۔ مولانا شاداں بلگرامی کے نزدیک یہ لفظ سنسکرت کا ہے۔
شٹ اور چھٹ کے معنی چھ اور رنگ کے معنی قسم۔ چونکہ اس کے مہرے
چھ قسم کے ہوتے ہیں اس لئے یہ نام ہوا۔ مؤلفین قاموس الاغلاط کے نزدیک
راون کی بیوی مندودری اس کی موجد ہے علامہ عبداللہ عمادی شطرنج
کی اصل صد رنگ (سو رنگ) فرماتے ہیں۔ سنسکرت مباحث لسانیہ میں
تفحص کیا گیا تو چتر انگ پایا گیا۔ جو چتر بمعنی چار اور انگ بمعنی حصہ
یا عضو سے مرکب ہے۔ چوں کہ کامل فوج چار اقسام (۱) فیل (۲) رتھ (۳)
پلٹن اور رسالہ پر مشتمل ہوتی ہے لہٰذا شطرنج چترانگ کہلاتی ہے۔ ٹیک چند
بہار شاگرد آرزو نے لکھا ہے کہ شطرنج سترنگ کا معرب ہے جو ایک
عربی زبان کا لفظ یبروج الصنم کمعنی ایک مردہ گھاس کے معنی میں ہے
چوں کہ یہ گھاس اور اس گھاس کی جڑ آدمی کی صورت سے مشابہ ہے
اور اس کھیل کے اکثر مہرے انسان کے نام پر ہیں لہٰذا اس کو سترنگ کہنے
لگے۔ مؤلفین مذکور کو حضرت عمادی کی رائے سے اتفاق ہے کہ شطرنج
کی اصل صد رنگ ہے صد یا سد یعنی (۱۰۰) اور رنگ بمعنی حیلہ۔
شطرنج کا پیادہ :۔ بَیدَق مع
شطرنج کا شوقین :۔ قائم انداز ف
شطرنج کا وزیر :۔ فرز مع فرزین ف
شطرنج کی بازی :۔ مَنصُوبہ ف قائم ع
شطرنج کی گوٹ :۔ نرد ف
شطرنج کے شاہ کا قید ہو جانا :۔ مات ف
شطرنج کھیلنے کا کپڑا یا چیز :۔ بساط ع
شِعار :۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا قاعدہ تھا کہ ہر جنگ میں اپنے
صحابہ کو خفیہ طور پر ایک خاص لفظ تعلیم فرما دیا کرتے تھے جس کے ذریعے
صحابہ کرام ایک دوسرے کو پہچان لیا کرتے تھے اور دوست دشمن کی تمیز
ہو جاتی تھی۔ اس خاص لفظ کو شعار کہتے تھے ابن اسحٰق کہتے ہیں کہ صحابہ
کرام کا شعار جنگ بدر میں احدٌ احدٌ تھا۔
شعاع کی جمع :۔ اَشِعَّہ ع
شعبدہ باز :۔ مُشَعبِد ع بازی گر ف
شِعر :۔ بادرنگین ف بَیت ع بیُوت ج چوں کہ شعر میں دو مصرعے
ہوتے ہیں اور مصرع کے معنی کواڑ کے ہیں اس لئے شعر کو بیت کہتے ہیں
عروض کا گھر خانہ بدوشی کی وجہ سے خانہ نشینی ہوتا ہے اس لئے بیت
کے اجزا کو صدر، عروض، ابتداء اور ضرب کہتے ہیں۔ چامہ ف قَریض ع
اَشکوک ہی
شعراء جنہوں نے جاہلیت عرب اور اسلام دونوں کا زمانہ دیکھا۔
:۔ مُخَضرَمِین ع
شعر پڑھنے والا :۔ مُنشِد ع
شعر جو پڑھنے سے نثر معلوم ہوں :۔ نَظمُ النَّثر ع
ایک صنعت کا نام جو امیر خسرو کی ایجاد ہے۔

اجی صاحب سنو تم نے کل
کیا کہا تھا اور آج کس لئے ٹل
گئے اپنے کلام سے صاحب
ایسی الفت بھی کچھ نہیں اُجب

شعر کا آخری لفظ :- ضرب ع

شعر کا قافیہ :- پساوند ف

شعر کا وزن :- ذم ف

شعر کا وزن کرنا :- تقطیع ع شعر کے اجزا کو ارکانِ بحر کے متحرک اور ساکن حروف کے مطابق جانچنے کو تقطیع کہتے ہیں واضح ہو کہ زیر، زبر اور پیش کا کوئی فرق نہیں ہوتا چنانچہ حالت فرحت اور تیزی کا وزن فعلن ہوگا۔

شعر کی جمع :- اَشعار ع

شعر کے آخر کا ہم وزن لفظ :- قافیہ ع "قفا" یا قفو سے مشتق ہے بمعنی پیروی۔ چونکہ یہ پیرو آخر بیت ہے اور یہ دو بیتوں میں ظاہر ہوتا ہے بلکہ صاحب "فکر و فن" کے نزدیک پیروی کے ساتھ ان دو مصرعوں میں آتا ہے جو بصورت مطلع ہوں اس لئے اس کو قافیہ کہا گیا۔

شعر میں ایسے لفظ کو لانا جس کے دو معنی ہوں اور معنی بعید مراد ہوں :- ایہام ع ایک صنعت کا نام۔ ایہام کی صنعت کو توریہ بھی کہتے ہیں۔ اس کی دو صورتیں ہیں (۱) معنی قریب کے مناسبات مذکور نہ ہوں میر درد

بستے ہیں ترے سائے میں سب شیخ و برہمن
آباد تجھی سے تو ہے گھر دیر و حرم کا

یہاں سایہ کے معنی دھوپ کی ضد کے ہیں۔ اور معنی بعید حمایت کے ہیں اور یہی معنی مراد ہیں (۲) معنی قریب کے مناسبات بھی مذکور ہوں جرأت سه

ہوا میں بھی داخل کشتگاں تو عبث کو ہوتا ہے سرگراں
کہ مرے گلے کی طرف تیری آب تیغ کا ڈھال ہے

یہاں ڈھال کے معنی سپر مراد نہیں بلکہ بہاؤ سے مطلب ہے۔

شعر میں ایسے لفظوں کا واقع ہونا جو مسجع ہوں :- تضمین المزدوج ع جیسے سه

واں پھانس جیسی ہے اس کے غم کی۔ ہاں سانس نہیں ہے ایک دم کی

یہاں پھانس اور سانس میں صنعت ہے

شعر میں کسی حرف کا گرنا :- زحاف ع اصطلاحاً ارکانِ شعر میں تغیر و تبدل ہونے کو زحاف کہتے ہیں اس کی پانچ صورتیں ہیں۔ (۱) تغیر حرکت (۲) نقصانِ حرف (۳) نقصان جزو (۴) تصرف بہ زیادت (۵) زیادتِ جزو

شعر و سخن :- آبِ بقا ف دیکھو "شعر"

شعلہ :- اَفرازہ ف لُہاب ع دَراغ ف زبانہ ف شواظ ع

شعلہ زن :- لواہب ع

شعلہ مارنا :- تلہّب ع

شعلہ والی آگ :- آلاؤ ف اردو میں عام طور پر الف مقصورہ کے ساتھ الاؤ مستعمل ہے۔

شعریٰ :- ایک روشن ستارہ کا نام جسے ایام جاہلیت میں بعض قریش خدا سمجھ کر پوجتے تھے۔ واضح ہو کہ شعریٰ دو ہیں ایک بہت روشن جسے شعریٰ عبور کہتے ہیں۔ دوسرا تاریک جسے شعراء غمیصا کہتے ہیں۔

شغل :- مشغلہ ف فارسی اور اردو میں کھیل کود، بازی تماشا، دل لگی، سیر و تفریح۔ جدید فارسی میں ادارہ، دفتر، آفس یہ لفظ بالضم بالفتح بفتحتین و بضمتین چاروں طرح آیا ہے لیکن بالضم شغل فصیح ہے۔ اشغال و شغول ج لیکن اشغال ہی مروج ہے۔

شفاخانہ :- دیکھو اسپتال۔

شفاعت چاہنا :- اِستشفاع ع

شفاعت کرانے والا :- شفیع ع دروان ف

شفایابی :- تشفّی ع

شفتالو وغیرہ کی گٹھلی :- آستہ ف

شفق :- چادر تر سا ف یاقوت ناسفتہ ف
شفقت کی جمع :- اشفاق ع
شق ہونا :- ترقیدن ف ترکیدن ف
شک :- ریبت۔ ریب ع گمان ف مغزہ ع ہاجبہ ع شبہ ع
بروزن بڑا کہنا غلط ہے۔ جیسے شمیم نے کہا ہے

ایک ہو لاکھوں میں تم بے شبہ و شک
دوسرا تم سا حسین ملتا نہیں

بلکہ بروزن نقط کہنا صحیح ہے امیر ؎

شوق دیدار میں اٹھتی ہے جو ہر وقت نگاہ
ناتواں ہیں انہیں شبہ ہے توانائی کا

شبہ کی جمع شبہات بلمعنی ہے۔ وسوسہ ع وہم ع اوہام ع
شکار کرنا :- اقتناص ع تقنص ع اصطیاد ع
شکار کیا ہوا جانور :- مقتنص ع
شکار کے پیچھے دوڑنے والا کتا :- صاری ع
شکار گاہ :- قرمغہ ت نخچیر ف نہال گاہ ف قورق ت بروزن مرغ۔
شکاری :- صیاد ع مصیود ع جانا معشوق کو بھی صیاد کہتے ہیں۔
فسردہ ف قراول ت دامی ف دامیار ف صید افگن ف صید انداز ف شکری ف مقتنص ع
شکاری کا توشہ داں :- مقنب ع
شکاری کا جال :- فخ ع بیضا ع دام صیاد ف
شکاری کتا :- تثمر ع طلخ ع سچقان ت
شکاریوں کا سردار :- میر شکار ف
شکایت :- شکوہ ف زینہار ف گلہ ف شکوی ع بروزن دعویٰ
فارسی والوں نے شکوہ بنالیا ہے جو اردو میں بھی مستعمل ہے۔

امیر ؎ لذت بوسہ میں بھولے شکوۂ دشنام یار
عیب منعم پردۂ ہمت میں پنہاں رہ گیا

آجکل فصحائے ایران کی زبان پر شکایت ہے۔
شکایت کرنا :- اشتکاء ع تبیل ع اعتذار ع
شکایت کرنے والا :- شاکی ع متشکی ع
شکر (چینی) :- قند ف نشاک ف سکر ف شکر ت

شکرا (پرندہ) صقر ع صقور ج اشکرہ ف
شکرانہ کی نماز :- دوگانہ ف
شکر دانی :- شکریہ ع
شکریہ :- بہ تشدید یا کہنا چاہیے۔ فن زندہ ؎
زبان قاصر ہے کیونکر اس کا شکریہ ادا ہوگا۔ عنایت کا توجہ کی نظر کا مہربانی کا۔
شکست پانے والا :- خاذل ع
شکست پایا ہوا :- مہزوم ع کاعی ع
شکست کھانا :- انہزام ع
شکستہ :- منکسر ع دیکھو ٹوٹا ہوا۔
شکستہ ہونا :- تکسر ع انہزام ع
شک کرنا :- ارتیاب ع تماری ع وظن ع زیغ ع ارابت ع
شک کرنے والا :- مریب ع رائب ع شاک ع
شک کیا گیا :- مشکوک ع
شکل :- ہیکل ع صورت ع صور ج پیکر ف جسم ع اجسام ج یازند ف
شباہت ف فارسی والوں نے گڑھ لیا ہے اردو میں بھی مستعمل ہے۔

حسن یوسف بہت آنکھ جما کر دیکھا
پوری تصویر تمہاری ہے شباہت کیسی

شکل اختیار کرنے والا :- متشکل ع
شکم خالی رکھنا :- تجویف ع
شک میں پڑنا :- تشکیک ع
شک میں ڈالنا :- ایہام ع دیکھو "شعر میں ایسے لفظ کو لانا جس کے دو معنی ہوں" تشکیک ع
شک میں ڈالنے والا :- مریب ع
شکن :- مطوی ع مطاوی ج چھکل ت چین ف
شک و شبہ :- خدشہ ع اس لفظ کے شک و شبہ مجازی معنی ہیں لغوی معنی ہیں
خراش اور خلش تذبذب ع اشتباہ ع
شگاف :- درز ع فطور ع عوار ع عفار ع ترک ف کان ف
شگوفوں سے لدا ہوا درخت :- زہیر ع
شلجم :- شلغم م لفت ع سلجم م

شلوار :۔ تُنبان ف میزر ف سروال ف
شلوار کا پائنچا :۔ بِداق ع
شمار :۔ عَدَد ع اعداد ج عِدَّت ع اس مدّت کو بھی عدت کہتے ہیں جس میں مطلقہ عورت دوسرا شوہر نہیں کرسکتی۔ یہ مدت عموماً تین ماہ ہوتی ہے، بیوہ کے لئے چار مہینے دس دن اور حاملہ کے لئے جب تک بچہ نہ ہو حَسِیب ع حساب کا امالہ ہے۔ تر ف
شمار کرنا :۔ عَدّ ع اِحصاء ع ذِکر ع
شمار کرنے والا :۔ مُحتَسِب ع ذاکر ع
شمار کیا گیا :۔ مَعدُود ع مُتَعَدَّد ع مذکور ع
شمار کی ہوئی چیز :۔ عَدِید ع
شمال سے چلنے والی ہوا :۔ شمال ع
شمالی مغربی گوشہ :۔ بابَب ع
شمشاد کا درخت :۔ کیش ف
شمع :۔ الَبرمُوِنس ع
شمع رکھنے والا :۔ مشعلچی ف
شمع کا دھواں :۔ کاکُلِ شمع ف
شمع کا گل کترنے کی قینچی :۔ گلگیر ف
شموم :۔ کسی تر یا خشک چیز کو دماغ یا اعصاب کی اصلاح کے واسطے سونگھنا طبی اصطلاح میں شموم کہلاتا ہے۔
شناخت :۔ مَعرِفت ع دیکھو "پہچان"
شناخت کرنا :۔ تَعَرُّف ع
شوخ :۔ پارہ کار ف بے رُو ف شَرِیر ع
شوخی :۔ بیشانی ف شَرارت ع
شور :۔ لَجَب ع ضَوضا ع وَغا ع تہلکہ ع زُورَہ ت چاؤ چاؤ ف غوغا ف غُل ع خروش ف بازار ف خلاگوش ف رَابَج ع کُوفہ ف تشویر ع تَلاج ف ضَجّہ ع زَجرَہ ع توفان ع غَلُو ف غَلالات ع غِرِلو ف غُلو ف آوازۂ غل ف مُہرا ف ہَرَج مَرَج ع شاتت ع دیکھو "شور و غل"۔
شوربا :۔ مَوب ع یخنی ف آب گوشت ف مَرَق ع

شوربے میں بھیگے ہوئے روٹی کے ٹکڑے :۔ ثَرِید ع ترید ف تَرِیت ف ثَرُودَت ع
شوربے میں روٹی کے ٹکڑے ڈالنا :۔ ثَرد ع
شور کرنا :۔ نالیدن ف لائیدن ف غرِش ف تَشوِیر ع غوغائی ف غَریوان ف
شور کرنے والا :۔ زَخّار ف فارسی ادب سے اس کی تائید نہیں ہوتی ہے۔ دیکھو دریا کا پانی سے لبالب ہونا۔
شور و غل :۔ شورش ف ہنگامہ ف ہَرَج ع تنگی اور خلل کے معنی میں حَرَج (بہ فتحتین) ہے دیکھو شور۔
شوق :۔ طَرَب ع
شوق دلانا :۔ تَشوِیق ع
شوق دلانے والا :۔ شائق ع شوق سے اسم فاعل معشوق شوق سے اسم مفعول مشوق ہے۔ شوق دلایا گیا۔ عاشق۔ معشوق کی جگہ شائق نہیں کہنا چاہیے چونکہ مشوق فارسی اردو میں مستعمل نہیں ہے اس لئے شائق کی جگہ مشتاق کہنا درست ہوگا۔ فارسی والوں نے (شوق دادندہ) عاشق کے معنی میں استعمال کیا ہے۔

قاآنی ؎

شاہ پرستم نہ مال و جاہ پرستم
عاشق گنجینہ ام نہ شائق اژدر

شوق کی جمع :۔ اَشواق ع
شوق ہونا :۔ اِشتیاق ع
شوقین :۔ عامۃ الناس نے شوق سے بنالیا ہے۔ صاحب شوق ف فارسی میں شوقی۔ تائق ع
شوقیہ :۔ فارسی والوں نے بنالیا ہے۔ اردو والے بھی کہتے ہیں جیسے شوقیہ سلام یا خط یا رقعہ وغیرہ۔ صہبا ؎

یار کے ہاتھ میں پہنچا ہو خط شوقیہ
قاصد ایسا نہ ہو پیغام اجل کا لائے

شوہر :۔ حَلِیل ع حاطِب ع جار ع شوئے ف لَعل ع بَعل ع
شوہر کا اپنی بیوی پر زنا کی تہمت لگانا :۔ لِعان ع

شوہر کا بھائی :۔ قائن ع

شوہر کا مطلقہ بیوی کی طرف ایام عدت میں رجوع کرنا :۔ رَجعَت ع

شوہر والی عورت :۔ عوان ع مُحصَنَہ ع

شوہر یا بیوی کا باپ :۔ خُسُر ف

شہادت گاہ :۔ مَشہَد ع

شہتوت :۔ تُوت ف تُود ف فرصاد ع فِرصاد ع

شہتیر :۔ اُستُون ف بالار ف

شہد :۔ لُعابُ النحَل ع مُجاجُ النحَل ع لُعاب مگس ف انگبین ف شوب ع طَرَم ع ظلیّ ع ظَیّان ع نُوش ف نوشیدن کا امر بھی ہے عَسَل ع (بفتحتین) آتش ع

مال موذی سے تنفر آدمی کو چاہیئے ؛ سونگھ کر سگ چھوڑ دیتا ہے عَسَل زنبور کا

عُسیلَہ ع اری ع ماصح ع یال ع ماذیّ ع

شہد کا چھتّا :۔ نقش پر موم ف قال ف شان ف الشان کا مخفف بھی ہے شانہ ف سپنج ف

شہد کی شراب :۔ تبع ع

شہد کی مکھی :۔ مگس ف زُنبُورِ نحَل ف رَموز ف بُر مُرَ ف عَسالہ ع دَبرَ ع نحلہ ع پر موز ف پر موزہ ف نحل ع کبت ف مگس ف

شہد کی مکھیوں کا سردار :۔ یَعسُوب ع

شہد کی مکھیوں کی بھنبھناہٹ :۔ زَعیب ع

شہد ملانا :۔ عَسل ع

شہد نکالنے والا :۔ عاسِل ع

شہر :۔ مصر ع امصار ع بَلَد ع بَلدہ ع مدینہ ع مَدائن ع سامان ف دیار ع دار یعنی گھر کی جمع ہے مجازاً شہر۔ اُلکَہ ع

شہر بدر کر دینا :۔ نفی ع تسییر ع

شہرت :۔ صِیت ع آوازہ ف اَفواہ ع فوہ کی جمع ہے بمعنی منہ مجازاً اڑتی ہوئی خبر مشہور بات جس کی کوئی اصل نہ ہو۔ تسلیم ؎

وہ آئے ہیں اور نہ آئیں گے
مرو نہ افواہ یوں ہی اڑتی ہے

مذکور ع دیکھو ذکر کیا گیا۔ ناموری ف

شہرت چاہنا :۔ اشتہار ع

شہرت دیا گیا :۔ مُشتَہَر ع مشہور ع شہرت یافتہ ف شَہیر ع

شہر شہر پھرنا :۔ تنقیب ع

شہر کا ایک چھوٹا سا حصہ :۔ محلّہ ع

شہر کا مرکزی حصہ :۔ ناف شہر ف

شہر کے آس پاس کی زمین :۔ حوالی شہر ف مضافات ع

شہر کے رئیس لوگ :۔ اوتادُ البلاد ع

شہر مکہ :۔ اُمّ القُریٰ ع

شہر میں رہنا :۔ حضر ع

شہر میں رہنے والا :۔ مَدَنی ع شہری ف

شہریت نامہ :۔ تابعیہ ع

شہزادوں کا استاد :۔ آتابک ت اتالیق ت

شہمیز (کپڑے کے نیچے پہننے کا کپڑا) :۔ مِطرَد ع غِلالہ ع

شہوت کی تیزی :۔ غُلمہ ع

شہیدوں کا قبرستان :۔ مَشہَد ع

شئے جو اونٹ جگالی کیلئے گلے سے کھینچتا ہے :۔ جِرّہ ع

شئے جو صاف نہ ہو :۔ ظلماتی ع

شیخی :۔ گزاف ف گزاف ف گپ ف غرور ع لاف ف دم ف تمکنت ! فارسی اور عربی کی کسی لغت میں نہیں پایا گیا۔ اہل اردو نے گڑھ لیا ہے اور قدرت، عزت غرور اور دبدبہ کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں۔

مصحفی ؎ بولتا کیا رخ ادھر کرتی نہیں
تمکنت اف رے تری تصویر کی

شیخی بگھارنا :۔ گنده مغزی ف لاابیدن ف تصلّف ع لاف زنی ف

شیخی کی بات :۔ طامّہ ع طامات ج

شیخی مارنے والا :۔ گپ ف لامانی ف لاف زنی ف

مُتَخَیّر ع اَشِر ع

شیر (درندہ) :۔ ہِزَبر ع نہامہ ع جہضم ع جہم ع لغات اضداد سے ہے یعنی جہم کے معنی عاجز و کمزور کے بھی ہیں۔ ہزبر ع غضنفر ع قصاص ع خوان ع خنوس ع باقر ع قِصال ع دلہاث ع حارث ع حرّاث ع حمزہ ع حیدر ع ضبوّر ع زیاف ع صلدم ضرغام ع

ضَیغَم ع۔ خَزَنَج ع۔ خائِنُ العَین ع۔ دِلہام ع۔ رِیبد ع۔ جوّاس ع۔ خَبُور ع۔ خَوّس ع۔ دِرناس ع۔ زالِف ع۔ لیث ع۔ دِریاس ع۔ پَہلَوف زُفَر ع۔ ساعِدہ ع۔ خادِر ع۔ شَذَید ع۔ شَبز ع۔ فَرّاس ع۔ قَسوَرہ ع۔ جَرَم ف۔ رِیبال ع۔ ہَمّاس ع۔ ہَیصَم ع۔ صِمّہ ع۔ صَعَب ع۔ صِیاب ع۔ ساری ع۔ عَبّاس یا غَذَنّف ع۔ ہِزَبر ف۔ اَسَد ع۔ اَسوَد ع۔ ہِرماس ع۔ ہَقّار ع۔ ہُمُوس ع

شیر کا بچہ :۔ قِسمِل ع۔ حَفص ع۔ شِبل ع۔ اَشبال ع

شیر کا پنجہ :۔ مِخلب ع۔ مَخالِب ع۔ مِقنَب ع

شیر کا جنگل :۔ مَقنَب ع۔ بِیشہ ف۔ کچھار ہ

شیر کا دھاڑنا :۔ ہَمہَمہ ع

شیر کی دھاڑ :۔ زَمزَمہ ع۔ نَہِیم ع

شیر کی طرح غرّانے والا :۔ غُرِیدہ ف

شیر کے بچے :۔ اَشبال ع

شیر کے سونے کی جگہ :۔ نامُوسہ ع

شیرہ :۔ عَصِیر ع۔ قَند ف۔ قِوام ع

شیریں کے گھوڑے کا نام :۔ گُل گُوں ف

شیشم کا درخت :۔ ساسِم ع

شیشہ :۔ قُرّاج ع۔ زُجاجہ ع۔ کاش ف۔ آب فسُردہ ف

شیشہ دار کھڑکی :۔ اُرُوسی ف

شیشہ کو توڑنا :۔ دَصق ع

شیشہ کی قندیل :۔ زُجاجہ ع

شیشہ کے برتن بنانے والا :۔ زَجّاج ع

شیشہ کے برتن بیچنے والا :۔ زُجاجی ع

شیشی :۔ کراز ع دیکھو بوتل۔

شیطان :۔ طاغوت ع۔ مُعلم ملائکہ ع۔ اَہرمَن ف۔ شیخ نجدی ف۔ اِبلیس ع۔ دراصل بَلَس اور ابلاس کئی معنوں میں استعمال ہوتا ہے مثلاً حیرت کی وجہ سے دنگ رہ جانا۔ خوف اور دہشت کے مارے دم بخود ہو جانا۔ رنج وغم کے مارے دل شکستہ ہو جانا۔ ہر طرف سے ناامید ہو کر بیٹھنا اور اسی کا ایک پہلو مایوسی ونامرادی کی وجہ سے برافروختہ ہو جانا بھی ہے جس کی بنا پر شیطان کا نام ابلیس رکھا گیا قَرَنج ع

شیطان کی کنیت :۔ ابُو خلاف ف

شیطانی خطرے جو انسان کے دل میں آتے رہتے ہیں :۔ ہواجِس ع

شیطانی وسوسہ :۔ ہَمزہ ف

شیعہ کی جمع :۔ اَشیاع ع

شے کی جمع :۔ اَشیاء ع

شیلف (SHELF) :۔ قِمَطر ع

ص

ص :۔ لغوی معنی مُرغ کی ایک قسم۔ فارسی میں آنکھ سے استعارہ کرتے ہیں۔ محاورہ میں صاد کرنا۔ تصحیح کے معنی میں مستعمل ہے۔

صابن :۔ صابُون ع۔ غاسُول ع۔ غَسُول ع۔ بُرہُوہ۔ بروزن اَنبوہ۔

صاحب :۔ خداوند ف۔ مالک ع۔ خُدایگان ف۔ خُدیو ف۔ خواجہ ف۔ ذات ع۔ ذو ع۔ خوجہ ف (خواجہ کا مخفف) تاش ت۔ اہل ع۔ آہال اور آہال ع۔ اہالیاں لکھنا اور بولنا درست نہیں۔ صاحب ع (بکسر حائے حطی) صِحاب وصحب جمع اور اصحاب جمع الجمع اردو میں یار، دوست ساتھی، مالک، آقا۔ حاکم۔ والا جیسے صاحب غیرت (غیرت والا) خدائے تعالیٰ فارسی والے ترکیب میں صاحب پر کسرہ نہیں لگاتے اور بسکونِ با صاحب دل، صاحب کمال لکھتے ہیں جیسے صائبؔ ؎

صاحب کمال را لب اظہار خامشی است
منت پذیر ماہ تمام از ہلال نیست

اردو والے بسکونِ با (بلا اضافت) بطور شاذ اور بکسر با (بہ اضافت) اکثر لکھتے ہیں ؎ داغ ؎

جمشید عصر کلب علی خاں، فلک جناب
ہوتا ہے جس کی ذات سے صاحب وقار عیش

دردؔ ؎ مدرسہ یا دیر تھا کعبہ تھا یا بت خانہ تھا
ہم سبھی مہمان تھے واں تو ہی صاحب خانہ تھا

امیرؔ امیر دل میں جو کچھ آ گیا کیا موزوں
زباں بند نہیں صاحب اختیار ہوں میں

مرزا غالبؔ نے بفتح حائے حطی (صاحَب) لب۔ مکتب کے قوافی کے ساتھ

بلند دیا ہے

سہ دل لگا کر آپ بھی غالب مجھی سے ہوگئے
عشق سے آتے تھے مانع میرزا صاحب مجھے

صاحبانِ علم :۔ اُولوالامر ع
صاحب خانہ :۔ خاوند ف دَیّار ع کدخدا ف کدیور ف
صاحبِ دولت :۔ مُتموّل ع داری ع
صاحب دینار ہونا :۔ تدبیر ع
صاحبِ عزت :۔ ذوالجلال ع ذی بال ع وَجیہہ ع صاحب قدر ف گردن فراز ف ارجمند ف مرکب ہے اَرج اور مند سے ارج بمعنی قیمت قدر و مرتبہ۔ مند بمعنی خداوند قدر و قیمت والا اس کو بضم جیم ارجُمند کہنا غلط ہے۔
صاحب قدر :۔ مُستطیع ع
صاحب کی جمع :۔ صَحب ع صِحاب ع
صاحب لیاقت :۔ صاحب سودا ف
صاحب مروت :۔ مُشیر ع اَخی ع
صاحب مقدور ہونا :۔ آب در جگر داشتن ف
صاحب نصیب :۔ حَظیظ ع
صادات :۔ اس سے مُراد صاد والے الفاظ ہوتے ہیں یعنی صفع (تھپڑ) صرف یعنی صرف الدہر بمعنی گردش ایام اور صلب (سولی) عرب اس طرح بھی بددعا دیتے ہیں کہ خدا تجھ پر صادات ڈالے۔
صادر کرنا :۔ اِصدار ع
صادر کیا گیا :۔ مَصدُور ع
صادق کیا گیا :۔ مَصدُوق ع
صارم (تیز تلوار) کی جمع :۔ صَوارِم ع
صاعقہ (آسمانی بجلی) کی جمع :۔ صَواعِق ع
صاف :۔ پاک ف بیدا ف شفاف ع مُجلّیٰ ع مُنزّہ ع ناب ف پاک ف خالص ع ناصح ع نصوح ع نقیّہ ع نقی ع نظیف ع زکی ع صافی ع
صاف اور شیریں پانی :۔ نقیض ع نمیر ع
صاف پانی :۔ آب تمیز ف آب زُلال ف قَراح ع نُطفہ ع

صاف شراب :۔ راوُق ع رَحیق ع
صاف صبح کے وقت کام کرنا :۔ اَمخیٰ ع
صاف طور پر لکھنا :۔ تبییض ع
صاف کرنا :۔ تصفیہ ع طبی اصطلاح میں خشک دواؤں کو کوٹ چھان کر صاف کرنا تصفیہ کہلاتا ہے۔ تنک ع ستردن ف پالودن ف تنقیہ ع تحت ع نمازی گردن ف
صاف کرنے والا :۔ پالائی ف زُدا ف مُنقّی ع مُصفّی ع
صاف کیا گیا :۔ مُصطفیٰ ع مُنقّیٰ ع مُنقّح ع
صاف ہونا :۔ اِنجلاء ع
صبح :۔ عَلم رُوز ف عُمود الصّلیب ع بام گاہ ف عمود سیمین ف فجر ع بام ف پگاہ ف فَلق ع شق ع بُکرہ ع سَحر ع اَسحار ع
صبح تڑکا :۔ صَباح ع طُلوع صُبح ف فلق الصّبح ع مُبکّرین ع علی الصّباح ع
صبح سے پہلے کا وقت :۔ سَحر ع اَسحار ع
صبح صادق :۔ صبح دوم ف صبح راست ف صبح خانہ ف صبح راستین ف صبح آخرین ف صبح ثانی ع فَتیق ع صحرائے سلیم ف عَطسۂ شب ف سپیدہ دَم ف صبح آخریں دودم ف
صبح صادق سے طلوع آفتاب تک کا وقت :۔ سُبحہ ع غُدوہ ع
صبح صادق کی سفیدی :۔ چادر کافوری ف طباشیر صبح ف بلجہ ع اَفلاق ع
صبح کاذب :۔ صُبح گُرگ ف صبح تُلمع ف نقاب ف صبح نخست ف صبح نُحر ف طالع ع
صبح کا روشن تارا :۔ بُلوج ع
صبح کا کھانا :۔ فطورہ۔ بِغداء ع حاضری ع
صبح کا وقت :۔ کرن صبح ف دم صبح ف دم سحر ف غُدوہ ع سحر گاہ ف سحر گاہاں ف
صبح کرنا :۔ اِصباح ع
صبح کی تاریکی :۔ تغلیس ع
صبح کی جمع :۔ اَصباح ع

صبح کی دعا:۔ تیغ سحر ف

صبح کی روشنی:۔ لعاب کاؤ ف لعاب گاؤ ف فجر ع فلق ع
پیراہن کاغذی ف دندان صبح ف دندان شب ف خیط ابیض ع تیغ سحر ف

صبح کی سرخی کا ظاہر ہونا:۔ شنگرف برلاجورد سودن ف

صبح کی شراب:۔ صبوح ع غارج ع صبوحی ع

صبح کی شراب پینا:۔ اصطباح ع

صبح کی نیند:۔ شکر خواب ف

صبح کے قریب کا وقت:۔ شب گیر ف

صبح کے وقت آپس میں کہنے کا کلمہ:۔ صباح الخیر ع

صبح کے وقت آنا:۔ مباکرہ ع

صبح کے وقت پرندوں کی چہچہاہٹ:۔ کوس صبح ف

صبح کے وقت کا بادل:۔ غادیہ ع

صبح کے وقت کی ہوا:۔ باد صبا ف قبول ع

صبح و شام:۔ بیگاہ و گاہ ف صبح و مسا ف بالعشی والابکار ع
بالغدو والآصال ع دیکھو شام و سحر

صبر کرنا:۔ اصطبار ع عزا ع شکیبیدن ف تصبر ع شکیفتن ف مصابرت ع

صبر کرنے والا:۔ شکیبا ف صابر ع قانع ع عارف ع صبور ع
متبری ع ترکفر ف

صبر و تحمل:۔ قرط ع

صحبت رکھنے والا:۔ مستصحب ع

صحبت و ہمسری:۔ مصاحبت ع دیکھو جماع۔

صحرا:۔ سبسب ع بادیہ ع بوادی ع ہامون ف تہمہ ع
دیکھو "جنگل" اور "بیابان"

صحرا جس میں پانی نہ ہو:۔ تیہ ع

صحرا جس میں شیر رہتا ہو:۔ غاب ع غابات ع دیکھو شیر کا جنگل۔

صحرا میں اکیلا کھڑا ہوا درخت:۔ ضالہ ع

صحرا میں ٹھہرے ہوئے لوگ:۔ مقوین ع

صحرا میں رہنے والے لوگ:۔ اعراب ع اعاریب جمع الجمع۔
اعرابی واحد ہے۔

صحرا میں رہنے والوں کا ڈیرا:۔ الاجق ت الاجیق ت

صحرائی جانور:۔ وحش ع وحوش ع

صحن:۔ عراء ع حیاط ع عرصہ ع عرصات۔ ج ساحت ع دیکھو گھر کا صحن۔

صحیح کرنا:۔ تصحیح ع

صحیح کرنے والا:۔ مصحح ع

صحیح کی جمع:۔ اصحاء ع صحاح ع

صحیفہ کی جمع:۔ صحف ع

صدر مجلس:۔ مشرف ع

صدقہ:۔ سربہا ف ہدیہ ع

صدقہ عید الفطر:۔ فطرت ع

صدمہ:۔ گزند ف کوس ف کوفت ف دیکھو دکھ۔ رنج، تکلیف۔

صدمہ اٹھانا:۔ پہلو خوردن ف مصادمت ع

صدی:۔ قرن ع اقران ج

صدیق کی جمع:۔ اصدقاء ع

صراحت کرنا:۔ اصراح ع تصریح ع تشریح۔ وضاحت ع

صراحی:۔ ابریق ع کبکبہ ع بلابل ج قرابہ ع باتوف ف ساتگین ف
تنگ ف شاخ ف شیشہ ف برج طرب ف

صراحی کی آواز:۔ قلقلہ ع قلقل ع

صرافی کرنا:۔ صرافت ع

صرف:۔ بحت ع محض ع بزیم ف خالص ع

صرف کیا گیا:۔ مصروف ع

صف:۔ سطر ع سطور ج رده ف قطار ع اقطار ج رستہ ف سماط ع

صفا اور مروہ کے درمیان دوڑنا:۔ سعی ع مساعی ج

صفائی:۔ سادگی ف صفا و آبیاری ف

صف باندھنا:۔ تصفیف ع اصطفاف ع

صف باندھنے کی جگہ:۔ مصف ع

صف باندھنے والا:۔ صاف ع

صف باندھنے والے فرشتے:۔ صافات ع

صف بنا کر کھڑا ہونا:۔ مصافقہ ع

صفت بیان کرنا:۔ اِتِّصاف ع

صفت بیان کرنے والا:۔ واصِف ع

صفت کی جمع:۔ صِفات ع لغت میں صفت ایسے معنی کے بیان کو کہتے ہیں۔ جو ذات موصوف میں موجود ہوں۔

صفحہ صفحہ غور سے دیکھنا:۔ تَصَفُّح ع

صفحہ کی جمع:۔ صَفائح ع

صفحہ کے چاروں طرف کی لکیریں:۔ جَدْوَل ع حاشِیَہ ع

صَفرا:۔ زرد آب ف تُرشی ف سیسہ ف

صغر کی جمع:۔ صِغار ع

صغر کی ضد:۔ عِظَم ع

صف کی جمع:۔ صُفُوف ع

صفِ لشکر کو پھاڑنے والا:۔ صَفدَر ع

صف میں کھڑا ہونا:۔ تَصفِیف ع تَراصّ ع

صفوں کو سیدھا کرنا:۔ تَسوِیَہ صُفُوف ع

صفی کی جمع:۔ اَصفِیاء ع

صلاح کرنا:۔ کنگاش ف مُشاوَرَت ع

صُلح:۔ آشتی ف امن ع آزرم ف مدارا ف مدارات ع ہُدن، ہُدنت ع سِلْم ع

صلح کرنا:۔ صِلاح ع تصالُح ع

صلوٰۃ:۔ عربی ہے۔ کلام جاہلیت میں یہ لفظ دعا کے لئے استعمال ہوتا تھا صلوٰۃ کے دوسرے معنی لزوم کے تھے اور ایک لفظ ہے صالی جس کے معنی لزوم (ملنا) رکھنے والے کے ہیں۔ اور کسی شخص کے پیرو کو بھی مصلی کہتے تھے اور اس پیروی واتباع کا نام صلوٰۃ تھا اصل میں مصلی کا لفظ گھوڑے کے لئے موضوع تھا جو کسی دوسرے گھوڑے کے پیچھے جاتا ہو بعد میں تخصیص جاتی رہی اور معنی میں تعمیم آگئی اور ہر قسم کی پیروی کو صلوٰۃ اور پیرو کو مصلی کہنے لگے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ لفظ صلوٰۃ کا ماخذ صلے ہے اس کے ایک معنی ہیں خدا تعالےٰ سے رحمت وترقی کی دعا مانگنا دوسرے معنی ہیں بذات خود ترقی کامیابی رفعت اور مقصد کا پورا ہونا۔ تیسرے معنی ہیں ایسے اسباب اور افعال کا جمع کرنا جن کے ذریعے سے ہم سرسبز اور کامیاب ہوتے ہیں۔ صاحب تاج العروس نے لکھا ہے کہ جب یہ لفظ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے متعلق استعمال ہو تو اس کے مخصوص معنی آپ کے فرضِ زندگی یعنی اشاعت وتبلیغ اسلام کی کامیابی کے ہوں گے۔ تیسرا قول ہے کہ صلوٰۃ کے لغوی معنی کسی شے کی کجی کو حرارت سے سیدھا کرنا ہیں۔ اس کا صحیح ترجمہ ہندی تپ یا تپسیا ہے۔

صلہ کی جمع:۔ صِلات ع

صندل:۔ چنداں ف چَندَن ف

صندوق:۔ عربی لفظ ہے بالضم ہے بالفتح بھی آیا ہے نیز زائے معجمہ اور سین مہملہ سے سنزوق بھی۔ صَنادِیق ع مُفْرَش ف بکس ف تبنگو ف

صندوقچہ:۔ دُرج ف جُعبَہ ع

صندوق یا الماری جس میں مٹھائی وغیرہ رکھیں:۔ یخدان ف

صندوق یا کواڑ کا پیچ:۔ تِرادہ ف

صنعت ادماج:۔ بات میں بات پیدا کرنا معنی ہیں۔ اصطلاحاً کلام میں کوئی ایسا لفظ لانا جو بیک وقت دو معنی دے جیسے۔

سنی کسی نے نہیں غم کی داستاں میری
وہ کم سخن ہوں کہ گویا نہیں زباں میری

یہاں لفظ گویا کے دو معنی برآمد ہوتے ہیں۔ بولنے والا اور کلمہ تشبیہ

صنعت ارصاد:۔ ارصاد کے معنی نگہباں بٹھانے کے ہیں اصطلاحاً کسی شعر میں ختم کلام سے پہلے ایسا لفظ لانا جس سے مصرعہ ثانی کے اخیر لفظ (قافیہ) کا حال معلوم ہو جائے صنعت ارصاد کہلاتا ہے جیسے ذوق سے

کیا قہر ہے آنے میں ابھی وقفہ ہے اُن کے
اور جانے میں دم میرا توقف نہیں کرتا

یہاں وقفہ کی وجہ سے توقف جو قافیہ ہے فوراً معلوم ہو جاتا ہے۔

صنعت استخدام:۔ کلام میں ایسا دو معنی لفظ لانا جس کے ایک معنی لفظ لانا جس کے ایک معنی تو خود اس لفظ سے مراد لیں اور دوسرے معنی اس لفظ کی راجع ضمیر (جس کی طرف ضمیر پھیرے) سے جیسے

سایہ فگن ہو جس نے کہا ہم پہ اے پری
بولا کہ اس کے سایہ سے پرہیز چاہیئے

یہاں پری کے معنی ہیں معشوق اور بھوت لفظاً معشوق سے مراد ہے اور ضمیر بھوت کی جانب کیونکہ بھوت کے سائے سے پرہیز ہوتا ہے۔

یا جیسے ؎

تابہ بزمِ خویشش مارا دادہ است آں سروبار
از نہالِ قامتش آں راشدیم امیدوار

لفظ بار سے اول مصرع میں دخل مراد ہے اور دوسرے مصرع میں
اس کی ضمیر سے پھل۔ اِستخدام کے معنی خدمت لینے کے ہیں۔

صنعتِ اشتقاق :۔ چند ایسے الفاظ کو کلام میں جمع کرنا جن کا مادہ یا
مصدر ایک ہو جیسے ؎

تا صاف کرے نہ منہ مئے صاف سے صوفی
کچھ سود و صفا علم تصوف نہیں کرتا۔

صنعتِ اعتراض :۔ اس کو حشو بھی کہتے ہیں۔ یعنی کلام میں ایسا لفظ لانا
کہ اگر اس کو نکال دیا جائے تو بھی معنی نکلتے ہوں۔ ایسا شعر کلام بلیغ میں
شمار نہیں ہوتا۔ اس صنعت سے گریز کرنا چاہیے۔

صنعتِ اغراق :۔ اغراق کے معنی ہیں غرق کرنا۔ اصطلاحاً شعر میں ایسی
بات کا ذکر کرنا جو عقلاً ممکن ہو مگر عادتاً ممکن نہ ہو جیسے۔
سحر لکھنوی ؎

صبح کو ہو کوئی انگریز اگر اس پہ سوار
حاضری کھائے سپاٹوں میں تو لندن میں ٹفن

یہ شعر گھوڑے کی تعریف میں ہے جو از روئے عقل تو ممکن معلوم ہوتا ہے
مگر گھوڑے کی عادت سے بعید ہے کہ اس قدر جلد اتنی مسافت طے کر سکے

صنعتِ ایہام :۔ اس کو صنعت توریہ (بمعنی چھپانا) بھی کہتے ہیں۔
تفصیل کے لئے دیکھو "شعر" میں ایسے لفظ کو لانا جس کے دو معنی ہوں اور
معنی بعید مراد ہوں۔

صنعتِ تبلیغ :۔ تبلیغ کے معنی پہنچا دینا، کہہ دینا اصطلاحاً کلام میں
ایسی بات کا بیان کرنا جو عقل و عادت کے موافق ہو جیسے۔

انشاء ؎ دل کے نالوں سے جگر دکھنے لگا۔
یاں تلک روئے کہ سر دکھنے لگا۔

صنعتِ تجاہل العارف :۔ یعنی جاننے والے کا از خود انجان بن جانا
اصطلاحاً یہ کہ معلوم چیز کو کسی نکتہ کی وجہ سے غیر معلوم ظاہر کرنا جیسے ؎

ہے زلف یار دھواں ہے یہ شمع جمال کا
اعجاز حسن و ناز سے اونچا نہ ہو سکا

صنعتِ تجرید :۔ تجرید بمعنی ننگا کرنا۔ اصطلاحاً کسی صفت
والی چیز سے دوسری چیز پیدا کرنا اور اس سے غرض اول کا صفت مذکور
میں کامل ہونا اس درجہ کا ہو کہ اس سے ویسی ہی دوسری چیز نکل سکتی ہو
جیسے ؎

چہرۂ انور سے تیرے ماہ کامل آشکار
اور گیسوئے معنبر سے شبِ یلدا عیاں

یہاں چہرۂ انور کو ماہِ کامل تصور کیا ہے اور گیسو کو سیاہ ہونے کی وجہ سے
شب یلدا۔ یہ صنعت اکثر تخلص کے ساتھ آیا کرتی ہے جیسے غالب ؎

کعبہ کس منہ سے جاؤ گے غالب
شرم تم کو مگر نہیں آتی

صنعتِ تضاد :۔ اس کو تطبیق، طباق اور تکافو بھی کہتے
ہیں کلام میں دو ایسے کلمے لانا جو معنوی طور پر ایک دوسرے کی ضد
ہوں مثلاً ؎

شبنم و گل میں فرق اتنا ہے
ایک ہنستا ہے ایک روتا ہے

صنعتِ تعجب :۔ کلام میں حیرت، اچنبھا اور تعجب پیدا کرنا جیسے
علامہ فوقی بدایونی۔

ادعائے بے نیازی اور پھر اس شان سے
طور پر بجلی گری جو غیر جانب دار تھا

صنعتِ تفریق :۔ ایک ہی طرح کی دو چیزوں میں فرق کو ظاہر کرنا
جیسے ناسخ ؎

ایک یوسف واں گرا تھا یاں گرے دل ہائے خلق
چاہ کنعاں اور ہے چاہ زنخداں اور ہے

صنعتِ تقسیم :۔ پہلے چند چیزوں کو بیان کرنا اور پھر ان کی طرف
منسوب چیزوں کا علی التعین ذکر کرنا جیسے ؎

تیرا ہنسنا ہے بجلی، رونے کے برابر ہو گیا۔
اس نے مارا خلق کو اس نے ڈبویا اک جہاں

صنعتِ تلمیح :۔ تلمیح کے معنی دکھانے کے ہیں۔ اصطلاحاً کلام میں
کسی مشہور بات کی طرف اشارہ کرنا جیسے ؎

کیا وہ نمرود کی خدائی تھی۔

بندگی میں مرا بھلا نہ ہوا

ے نفعی آنکس کہ مے گوید خلا بات محال
در خزانہ گر رود ہرگز نگوید ایں سخن

صنعتِ تنسیقُ الصّفات :- کسی موصوف کی پیہم صفات بیان کرنا جیسے ے

اے خالق کُل دین بھی ایمان بھی تو ہے
ستار بھی غفار بھی رحمٰن بھی تو ہے

صنعتِ توجیہہ :- اس کو محتمل الضدین بھی کہتے ہیں یعنی کلام میں مدح اور ذم دونوں مطالب کا یکجا ہونا جو ایک دوسرے کی ضد ہیں۔

جیسے ع ایک قطرہ ہے سمندر ترے منہ کے آگے۔

اس کا ایک مطلب تو یہ ہوا کہ تیرے منہ کے سامنے سمندر کی حقیقت ایک قطرہ کے برابر ہے یعنی تیرا منہ بہت کشادہ ہے۔ دوسرا مطلب یہ ہوا کہ تیرے منہ کے سامنے ایک قطرہ سمندر کی حیثیت رکھتا ہے گویا تیرا منہ بہت چھوٹا ہے۔

صَنعَتِ تَوشیح :- کسی مسلسل نظم کے ہر مصرع کے شروع کے حرف کو جمع کیا جائے تو کوئی نام یا عبارت حاصل ہو جیسے ے

دیکھ او ظالم مجھے ہر دم نہ چھیڑ
لے ترے قدموں پہ سر رکھتا ہوں میں

پہلے مصرع میں دیکھ کی دال اور دوسرے مصرع میں لے کا لام جمع کیا تو لفظ دل بنا۔

صنعتِ جمع :- دو یا دو سے زائد چیزوں کو ایک حکم کے تحت جمع کرنا

ذوقؔ ے خط بڑھا زلفیں بڑھیں کاکل بڑھے گیسو بڑھے۔
حُسن کی سرکار میں جتنے بڑھے ہندو بڑھے

صنعتِ جمع تفریق و تقسیم :- پہلے کئی باتوں کو ایک جگہ جمع کرنا پھر تفریق اور پھر تقسیم کر دینا :-

صنعتِ جمع مع تقسیم :- پہلے چند چیزوں کو ایک حکم میں جمع کریں پھر ان کو تقسیم کر دیں جیسے ے

تجھے اور تیرے دشمن کو سدا ہے اوج عالم میں
تجھے تخت خلافت پر اسے دار سیاست پر

صنعتِ جمع مع تفریق :- دو چیزوں کو ایک معنی میں جمع کریں پھر اسباب مشترکہ تقسیم کر دیں۔ جیسے ے

دونوں بہتر ہیں مگر تعظیم ہے ان کی ضرور
سنگِ اسود شیخ کو اور تیرا سنگ در مجھے

صَنعتِ حُسنِ تعلیل :- کسی امر کی علت اس خوبی سے بیان کرنا کہ سامع بہت زیادہ محظوظ ہو مگر علت اس کی حقیقی علت نہ ہو۔ جیسے ے

برابری کا تری گل نے جب خیال کیا۔
صبا نے مار طمانچہ منہ اس کا لال کیا۔

صنعتِ ذم بصورت مدح :- ہجو میں ایسے الفاظ استعمال کرنا کہ بظاہر تعریف معلوم ہوں اور بغور دیکھنے سے ہجو ثابت ہو جیسے

ے جیسے کچھ بھی تمہیں نہیں معلوم
کتنے بھولے ہو کس قدر معصوم

صَنعتِ رُجُوع :- پہلے کسی بات کا ذکر کریں پھر اسی کی رد کر دیں ناسخ ے

ماہ تو ہے مثل ابرو لیکن اس کے رو نہیں
ماہ کامل صورتِ رُو ہے مگر ابرو نہیں

صَنعتِ سوال و جواب :- اس کو مراجعہ بھی کہتے ہیں وہ صنعت جس میں پہلے سوال اور پھر اس کا جواب بھی موجود ہو جیسے ے

میں نے کہا کہ بزم ناز غیر سے چاہئے تہی
سن کے ستم ظریف نے مجھ کو اٹھا دیا کہ یوں

صنعتِ عکس تبدیل :- دو چیز کا ذکر کریں بعد ازاں اول جز کو آخر اور آخر کو اول کریں جیسے۔

ے ہم اور غیر دونوں یک جا بہم نہ ہوں گے
ہم ہوں گے وہ نہ ہوں گے وہ ہونگے ہم نہ ہونگے

صنعتِ قول بالموجب :- کسی کلام کو قائل کی مراد کے خلاف گمان کرنا جیسے میر دردؔ ے

لوگ مرنے کو بھی کہتے ہیں وصال
یہ اگر سچ ہے تو مر جاتے ہیں۔

وصال موت کو بھی کہتے ہیں اور دوست سے ملاقات کو بھی شاعر نے ملاقات ہی کے معنی میں نظم کیا ہے۔

صنعت کی جمع :۔ صنائع ع

صنعت لف و نشر :۔ لف کے معنی لپیٹنا اور نشر کے معنی پھیلانا اصطلاحاً یہ کہ چند چیزوں کو اولاً مفصلاً یا مجملاً ذکر کریں اس کو لف کہتے ہیں پھر اسی قدر چیزوں کا اور ذکر کریں کہ ہر ایک کو پہلی اشیاء سے تعلق ہو اس کو نشر کہتے ہیں اگر نشر کی ترتیب لف کے مطابق ہو تو اس کو لف و نشر مرتب کہیں گے اور اس کے برخلاف ہو تو لف و نشر غیر مرتب کہیں گے۔ پہلی مثال ؎

تیرے رخسار و قد و چشم کے ہیں عاشق زار
گل جدا سرو جدا نرگس بیمار جدا

دوسری مثال ؎

یاد میں اس طرّہ و رخسار کے
ہاتھ سر پہ مارتا ہوں صبح و شام

صنعت مدح بصورت ذم :۔ اس انداز میں تعریف کرنا کہ بیک نظر ذم معلوم ہو مگر غور و فکر سے مدح کی تاکید ہوتی ہو۔ جیسے ؎

نہیں ہے تجھ میں برائی کچھ اور اس کے سوا
کہ میں برا ہوں رقیبوں کی چشم بد میں میں

صنعت مراعاۃ النظیر :۔ اس کو تناسب اور تلفیق بھی کہتے ہیں۔ کئی چیزوں کو ایک ہی جگہ ذکر کرنا جن میں مناسبت ہو جیسے

میر ؎ پتا پتا بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہے
جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے۔

صنعت مزاوجہ :۔ شرط و جزا میں ایسے دو معنی کہ جو امر ایک معنی پر مرتب ہو وہی امر دوسرے معنی پر بھی مرتب ہو جیسے ؎

ہم جو چپ بیٹھیں تو کہلائیں سڑی
تم جو چپ بیٹھو تو کل ٹھہرے

صنعت مشاکلہ :۔ ایک چیز کو دوسری چیز کے مناسب الفاظ سے بسبب قرب دونوں کا ذکر کرنا۔

صنف کی جمع صنوف ع

صنم کی جمع اصنام ع

صنوبر کا درخت تاذ ت سرو ف توج ف ناجو ف تراز ف لوز ف

صوبہ :۔ ایالہ ع

صوبہ کی حکومت :۔ ایالت ع

صوت کی جمع :۔ اصوات ع

صور :۔ ناقور ع نے ف

صورت :۔ شکل ع اشکال ج شبہ ع اشباہ ج سمت ع تصویر ع تصاویر ج چہر ف چہرہ ف

صورت بنانا :۔ تصویر ع

صورت بنانیوالا :۔ چہرہ پرداز ف مصوّر ع

صورتیں :۔ شمائل ع صُوَر ع

صوف کی جمع :۔ اصواف ع

صوفہ :۔ نیمکت ت

صوفی پن :۔ تصوّف ع

صومعہ کی جمع :۔ صوامع ع

صیغہ جس میں تین حرف اصلی ہوں :۔ ثلاثی ع

صیف (موسم گرما) کی جمع :۔ اصیاف ع

صیقل کرنا :۔ دوس ع صقالت ع زدودن ف

ض

ضامن :۔ متکفل ع کفیل ع کافی ع

ضامن ہونا :۔ تکفل ع کفالت ع کفایت ع

ضائع کرنا :۔ اتلاف ع رائیگاں ف غلط کردن ف اضاعت ع تضییع ع تفریط ع انتساخ ع

ضائع کرنے والا :۔ عابث ع مضیع ع متلف ع

ضائع کی جمع :۔ ضیاع ع

ضائع ہونا :۔ تلف ع از پرگار افتادن ف

ضد :۔ اصرار ع خوشامد ف ہٹ ع ہٹھ ج

ضد جو ایک ساتھ جمع نہ ہو :۔ نقیض ع چونکہ لفظ نقیض بظاہر لفظ ضد کا ہم معنی معلوم ہوتا ہے اس لئے ان دونوں کا بنیادی فرق جاننا

ضروری ہے۔ دراصل نقیض اُس ضد کو کہتے ہیں جو ایک جگہ نہ جمع ہو سکے معدوم ہو سکے جیسے موت اور زندگی کہ یہ دونوں نہ ایک جگہ جمع ہو سکتی ہیں نہ معدوم اور ضدا سے کہتے ہیں کہ ایک ساتھ جمع تو نہیں ہو سکتی مگر معدوم ہو سکتی ہے جیسے سیاہ اور سفید کہ یہ دونوں ایک ساتھ جمع تو نہیں ہو سکتے مگر معدوم ہو سکتے ہیں۔

ضد کی جمع :۔ اَضداد ع

ضِدّی :۔ خالِف ع لَجُوج ع

ضرب دینا (جیسے ۲×۲) :۔ اَفزائِ ف

ضَرَر (دکھ) :۔ اِحتِساب ع دیکھو "دکھ" و "تکلیف"

ضَرَر پانا :۔ تَضَرُّر ع

ضرر پانے والا :۔ مُتَضَرِّر ع مِضرار ع مُضطَر ع

ضَرَر پہنچانے والا :۔ مُضِر ع

ضَرور :۔ کسی عربی لغت میں اس کا وجود تک نہیں حالانکہ خاص و عام کا روزمرّہ ہے اس کو مُہنَّد کہنا چاہیے۔

ضَرورت :۔ بضم ضاد نہیں کہنا چاہیے۔ ضَرورات ج اِضطِرار ع حاجَت ع حوائج ج مارِب ع۔ مآرب ج طَلَب ع خواہش ف تمنّا ع اِحتیاج ع شَجَوُ ع شَجَن ع زِین ع رَوِیّہ ع (بہ فتح راء کسرہ واؤ و تشدید یا) اردو فارسی میں مجازاً دستور، طور طریق، ڈھنگ، قاعدہ، رسم، روش، ضابطہ بفتح واؤ رَوَیّہ غلط ہے بُغیہ ع تحَبّ ع درکار ف

ضرورت کی جمع :۔ ضرورات ع ضروریات بھی مستعمل ہے مگر پرہیز کرنا چاہیے۔

ضرورت کی چیزیں :۔ مایہ الاحتیاج ع مایحتاج ع

ضَروری :۔ بضم ضاد ضُروری نہیں کہنا چاہیے۔

ضروری :۔ لابُدّی ع لابُد ع لاجَرَم ع حَتمی ع لامَحالہ ع ناچار ف ناگُزیر ف ناگزاران ف لازم ع واجب ع

ضروری اسباب :۔ لازمہ ع یہ معنی کنایۃً ہیں۔

ضروری کام :۔ مُہِم ع مُہمّات ج

ضروری کی جمع :۔ ضروریات ع

ضعف :۔ نُترت ع ناتوانی ف دیکھو "کمزوری"

ضعفِ بصارت :۔ عَمَش ع

ضُعفِ تالیف :۔ اہلِ زبان اور روزمرہ کے خلاف کوئی نیا لفظ استعمال کرنا مثلاً تراشیدہ کی جگہ مُتَرَش لکھنا۔

ضعیف آدمی :۔ ثَلِب ع رَخِیم ع رکیک ع سست ف زار ف ضَئِیک ع کمزور ف ناتواں ف مَہِین ع ضَرَع ع خوار و زبوں ف ہُزاع ع

ضعیف کی جمع :۔ ضِعاف ع ضُعَفا ع

ضعیفی :۔ زاری ف ہُزال ع

ضلع کا ایک حصہ :۔ پرگنہ ف تومان ت

ضِماد :۔ کسی چیز کا زخم پر باندھنا اور وہ چیز جو زخم پر باندھی جائے۔ بالکسر ضِماد کہنا چاہیے۔

ضماد لگانا :۔ تَضمید ع

ضمانت :۔ ذِمّہ ع اَمان ع

ضمانت کرنا :۔ تکفیل ع

ضمانت لینے والا :۔ ضامن ع ضَمین ع کافی ع مُتَکَفِّل ع کَفیل ع

ضمانت نامہ :۔ قَبالہ ع

ضمیر :۔ عربی ہے بمعنی دل، خاطر، اندیشہ، پوشیدگی۔ اصطلاحاً اسم غیر مظہر جو اسم ظاہر کا قائم مقام ہو۔

ضمیر کی جمع اَضمار ع ضمائر ع

ضَیعَہ (تجارت) کی جمع :۔ ضِیاع ع

ضَیف (مہمان) کی جمع :۔ اَضیاف ع ضُیُوف ع

ط

طاعت و کراہت سے :۔ طَوعاً و کَرہاً ع

طاعون :۔ رِماحُ الجِنّ ع دَبل ع

طاعون کا مریض :۔ مَطعُون ع

طاق :۔ زُفرَت ع حیری ع۔ وتر ع محراب ع

طاقت :۔ قُدرت ع ملاک ع مقدور ع مُکنت ع قوّت ع توانائی ف

مُنت ع مِنّن ع نیرد ف حیل ف تاو ف اِمکان ع یَد ف یارا ف حَول ع احوال ع توان ف بالفتح کہنے سے احتراز چاہیئے۔ قدرۃ ع وَسع ع زور ف (بہ واؤ مجہول) توش ف یارائی ف طوق ع طاقۃ ع بارگی ف اِستطاعت ع وُسع ع۔ وِسع ع جان ف ریت ف پا ف گرمی ف

طاقت اور مقدرت رکھنے والا :۔ مُوسِع ع قادِر ع

طاقت دینے والا :۔ مُقوّی ع

طاقت رکھنا :۔ طَوق ع

طاقت سے زیادہ کام کرنا :۔ تکلیف مالایُطاق ع

طاقت ور :۔ چاق ف پہلو ف پہلوان ف توانگر ف تُواں بجی طاقت اور گر کلمۂ فاعلیت سے مرکب ہے۔ تونگر بفتح تا و بلا الف کہنا غلط ہے۔ قوی ع اَقویا ع زبردست زورمند ف مُقتَدِر ع توانا ف

طاق جس میں چراغ جلایا جائے :۔ مشکوٰۃ ع حدیث کی مشہور کتاب کا نام۔

طاق عدد جس کا جذر پورا نہ ہو :۔ جذر اَصَم ع

طاق کی جمع :۔ طاقات ع

طاق کی مِند :۔ خسا ع جُفت ف

طالب بخشش :۔ جادی ع جداۃ ع

طالب کی جمع :۔ طَلَباء ع طُلّاب ع

طالع کی جمع :۔ طَوالِع ع

طاہر کی جمع :۔ اَطہار ع

طائفہ کی جمع :۔ طَوائف ع

طبابت :۔ پزشکی ف بیدک ف بیلسے مجہول۔

طبع زاد :۔ زادۂ خاطر ف

طبیب :۔ نِطیس ع پزشک ف حکیم ع مُعالج ع طبیعت شناس ف مُرِس ع

طبیب کی جمع :۔ اَطِبّاء ع

طبیعت :۔ بوم ف سرشت ف خوی ف طینت ع سُوس ع مِزاج ع اَمزِجہ ج شناعت ع شیمہ ع نہاد ف باطن ع شکیمہ ع

طبیعت کا اکتا جانا :۔ مَلال ع مَلَل ع

طبیعت کے موافق :۔ مُلائم ع

طرح طرح کی :۔ گوناں گوں ف رنگ برنگ ف نوع بہ نوع ف

طرف :۔ پرّہ ف باز ف سَمت ع سِمات ع جَن ف لوز ع قِبَل ع ناحیہ ع پرہ ف جانب ع جوانب ع تِلقاء ع قِبلۃ ع تیزہ ف جِہَت ع جِہات ج سُو ف صَوب ع قُطر ع کَنَف ع اکناف ج دِبہ ع یَمنہ ع وِجہہ ع حَرف ع وَجہ ع عِطف ع عُرض ع ناحِیہ ع نواح و نواحی ج

طرف داری :۔ مراعات ع پاسداری ف تعصّب ع عصبیت ع خویشاوندی ف حمایت ع سایہ رکاب ف سایہ ف

طرف کی جمع :۔ اَطراف ع طَرَفین ع

طریقہ :۔ وارہ ف منوال ف طرز ع (مختلف فیہ) ناسخ ؎

ہر نالے میں سو ٹکڑے جگر ہوتا ہے بلبل
آساں نہیں طرز ادا طرحِ دلی کی

داغ ؎ نہیں ملتا کسی مضموں سے ہمارا مضمون
طرز اپنا ہے جدا سب سے جدا کہتے ہیں

اُسلوب ع اَسالیب ع رویّۃ ع دیکھو "ضرورت" طریق ع طرائق ع شیوہ ف داب ف طَور ع اَطوار ع نَمَط ع نہاد ف دَنبرہ ف آب ف شِعار ع دیکھو شعار۔ نحو ع اصطلاحاً وہ علم جس سے ایک کلمہ کا دوسرے کلمہ سے تعلق پیدا ہو۔ اس کی وجہ سے کلام میں معنوی غلطی واقع نہیں ہوتی۔ اس علم کا موضوع کلام ہے۔ روئے وَرہ ف ہنجار ف

طعام کی جمع :۔ اَطعِمہ ع

طعن کرنا :۔ جَرح ع نَسخ ع نرگسی زدن ف نرگسی ف زاغ گرفتن ف ردّ و طعن ع

طعنہ :۔ چُربک ف طنز ع زاغ پا ف تثریب ع ملامت ع پیغارہ ف

طعنہ دینے والا :۔ طاعن ع

طغیانی :۔ سَیل ع سُیُول ج تلاطُم ع سیلاب ف

طفل کی جمع :- اَطفال ع

طِلا :- عربی ہے۔ طِبّی اصطلاح میں ہر وہ پتلی دوا جو کسی عضو پر مل جائے۔

طاق :- سُراخ ع

طلاق چاہنے والی عورت :- خالِع ع

طلاق دینا :- تَطلِیق ع

طلاق دی ہوئی عورت :- مُطَلَّق ع مُطَلَّقَہ ع

طلاق کا اختیار شوہر سے لے کر بیوی کو دینا :- تَطلِیق ع

طلاق نامہ :- کُشاد نامہ ف

طلب سعادت کی :- اِستِسعاد ع

طلب سونگھنے کی :- اِستِشمام ع

طلب سلامتی کی :- اِستِسلام ع

طلب کرنا :- مُجاوَلَت ع

طلب کرنے والا :- طالِب ع طُلَبا ع ج طُلّاب ج
داعی ع دُعات ج خواستگار ف

طلب کیا گیا :- مَطلُوب ع

طلسم کی جمع :- طِلِسمات ع

طلوع کرنے والا :- طالِع ع طالِعَہ تانیث ہے۔

طلوع و غروب :- مَصرُوع خاوری ف

طلوع ہونا :- اِنجام ع اِطِّلاع ع دَمیدن ف

طماع کرنا :- اِطماع ع

طواف کرنے والا :- طاف ع طائف ع

طوطا :- تُوتا ف تُوتہ ف طوطی ف بَبغا ع

طوق پہنانا :- اِغلال ع

طوق گردن میں ڈالا ہوا :- مَغلُول ع

طولانی :- دراز، لمبا، طویل معنی ہیں۔ عربی میں نور سے نورانی، روح سے روحانی۔ شعر سے شعرانی (بہت بال والا) لحیہ سے لحیانی (بڑی داڑھی والا) دَیر سے دَیرانی۔ صدر سے صدرانی (بہت سینے والا) وغیرہ نسبتیں آتی ہیں۔ بلکہ فوق سے فوقانی، تحت سے تحتانی اور وسط سے وسطانی تک مصر و شام میں برابر مستعمل ہیں لیکن طول سے طولی (ضد عرضی) آیا ہے۔ البتہ فارسی میں طولانی آیا ہے۔

طول دینا :- تَطوِیل ع

طُول عُمرَہٗ :- اس جملہ کے کوئی معنی نہیں۔ اس کی جگہ اطال اللہ عُمرَہٗ (خدا اس کی عمر دراز کرے) اور طُوِّلَ عُمرَہٗ (اس کی عمر دراز کی جائے) کہنا اور لکھنا چاہیئے۔

طول و عرض والی چیز :- سَطح ع

طومار کی جمع :- طَوامِیر ع

طبیب کی جمع :- اَطِبّا ع

ظ

ظ :-

ظالم :- مُشت آتشی ف شَقِی ع اَشقِیا ع ج جافی ع ستم گار ف ستم ایجاد ف ستم پیشہ ف ستم پرور ف سَیِّئُ الخلق ع ستم گر ف عَوان ع جِلف ع اَجلاف ج مُتَحَیِّف ع خون آشام ف مُقتَحِم ع

ظالم کی جمع :- ظَلَمَہ ع

ظالم و بدخواہ ہونا :- تَفَرعُن ع

ظاہر :- پدیدار ف نمودار ف پیدا ف جَہر ع اصطلاحاً حرف کو ادا کرتے وقت آواز کا مخرج پر اس قوت سے ٹھہرنا جس سے سانس کا طاری رہنا ہو جائے اس طرح سانس کم اور آواز زیادہ ہوتی ہے جہر کہلاتا ہے۔
آشکار ف آشکارا ف نُمایاں ف سافِر ع باہِر ف صَرِیح ع مَلا ع بَیِّن ع ذائِع ع پدید ف مُشاع ع مُنشَرِح ع فاش ف اس کی جگہ فاحش کہنا یا لکھنا سخت غلطی ہے۔

فاحِش کے معنی بدی میں حد سے گزرا ہوا کے ہیں۔
فاحِشہ اسی کا مؤنث ہے۔

امیرؔ ؎ منحصر ہے مجرموں پر شانِ رحمت کا ظہور
ہے خطائے فاش اگر تقصیر ہو تقصیر میں

مُتجلّی، مُبیّن، عَلَن، صایع، روشن، جَلی۔
اصطلاحاً قافیہ کے عیبوں میں سے ایک عیب کا نام جو قافیہ کی کھلی ہوئی لفظاً "معنیً" اور ترکیباً یکساں تکرار کو کہتے ہیں

جیسے ؎ بن سنور کے تو نہ جا گلزار میں
پھول کملا جائیں گے گلزار میں

یہاں "میں" ردیف ہے اور گلزار دونوں جگہ بصورت قافیہ ہے اور لفظاً و معنیً تکرار موجود ہے۔ ہُویدا، بدیہہ، بَدیہی، مُستبین، طاری۔
ظاہرات سے انکار کرنا:۔ خورشید را بگل نہفتن۔
ظاہر داری:۔ ریا، دُورُئی، منافقت۔
ظاہر کچھ باطن کچھ:۔ زُخرُف۔
ظاہر کرنا:۔ تبریز، جلوت، رُو دادن، اظہار، نَثّ، بَثّ، مبادات، شہر، فرانمودن، وانمودن، ابراز، اعلان، ایضاح، شہرت، افشا، اجہار، تکشیف، تکاشف، تنصیص، مُہر مُوم ساختن۔
ظاہر کرنے والا:۔ مُظہِر۔
ظاہر کیا گیا:۔ مکشوف۔
ظاہر کی جمع:۔ ظَواہر۔
ظاہر ہو کر چھپنا:۔ خنوس۔
ظاہر ہو کر چھپنے والا:۔ خنّاس۔
ظاہر ہونا:۔ آفتابی شدن، تبدّی، شرح، نمود، طرمان، سُنوح، سیاہی نمودن، شیوع، صراحت، ظہور، طلوع، عُروض، سپید شدن، بداء، استکشاف، انتشار، انشراح، برآمدن، بروز، ابراز، تبیان۔

ظاہر ہونے کی جگہ:۔ مَظہر، مَظاہر۔
ظاہر ہونے والا:۔ بارز، طاری۔
ظرافت:۔ مزاح، باب مفاعلہ سے مزاح بھی آیا ہے۔ طیبت، طیبات، بَزلہ، خوش طبعی۔
ظرف کی جمع:۔ ظروف۔
ظریف کی جمع:۔ ظُرفاء۔
ظِل کی جمع:۔ اظلال۔
ظُلم:۔ ہضیمت، ختم، اُشتم، اعتساف، عُتُل، بیداد، حَیف، ستم، دست درازی، تطاول، جور، تعدی، درازدستی، تشتّلم، سرپنجہ شاہنگ، عُدوان۔
ظلمت کی جمع:۔ ظلام، ظُلَم، ظُلمات۔
ظلم کا ارادہ کرنا:۔ جَنَف۔
ظلم کا حد سے بڑھنا:۔ تعدّی، قافیہ کے عیبوں میں سے ایک عیب کا نام ہے۔ وہ عیب یہ ہے کہ حرفِ وصل ایک جگہ متحرک ہو اور دوسری جگہ ساکن۔ سکاکی کا قول ہے اگر تعدی سے وزن میں اختلاف پیدا ہو تو عیب ہے ورنہ نہیں۔ لیکن شعراء عجم کے نزدیک یہ بہر حال عیب ہے۔
ظلم کرنا: اعتساف، ضیم، عُدوی، قسط، قسوط، عسف، اقتحام، شطط۔
ظلم کے ذریعہ چھین لینا:۔ غصب۔
ظن کی جمع:۔ ظنون۔
ظہر کی نماز کا وقت:۔ پیش گاہ۔

ع

ع:۔ لغت میں اس کے معنی ہیں ۱۔ چشم۔ ۲۔ نافِ شتر ۳۔ چشمہ۔ ۴۔ ہر چیز کا نقش۔ ۵۔ جاسوس۔ ۶۔ نقد۔ ۷۔ برادر۔ ۸۔ بزرگوار۔ ۹۔ آفتاب۔ ۱۰۔ دینار۔ ۱۱۔ دیدبان

۱۲۔ ذات ۔۱۳۔ کوہان شتر ۔۱۴۔ آشکار ۔ ۱۵۔ بادل جو کعبے سے اٹھے ۔ ۱۶۔ بارش ۔ ۱۷۔ خاص ۔ ۱۸۔ حقیقت ۔

عابد کی جمع :۔ عُبّاد

عاجز :۔ اَستوہ ۔ فروتن ۔ درماندہ ۔ مجبور ۔ معذور ۔ لاچار

عاجز کرنا :۔ پیل افگندن ۔ پنبہ کردن ۔ اِعجاز ۔

عاجز کرنے والا :۔ مُعجِز ۔ مُعجِزہ ۔

عاجز کی جمع :۔ عَجَزَہ ۔

عاجز ہونا :۔ فرو ماندن ۔ قافیہ تنگ شدن ۔ قائم ریختن ۔ درماندن ۔ افتادگی

عاجزی :۔ فروتنی ۔ تَمَلُّق ۔ ضَرَع ۔ تَواضُع ۔ ضَراعَت ۔ اِنکسار ۔ اِستِکانت ۔ عَجز ۔ لابہ ۔ لاچاری ۔ باستی ۔ اِفتِقار ۔

عاجزی کرنا :۔ سر افگندن ۔ سَر فرد آوردن ۔ اِبتِہال ۔ تَواضُع ۔ خُضُوع ۔ کاہ در دہن گرفتن ۔ اِستِکانت ۔ لمَد ۔ تَخَشُّع ۔ تَخَضُّع ۔

عاجزی کرنے والا :۔ مُتَواضِع ۔ خاسِی ۔ خاشِع ۔ خاضِع ۔ مُنقاد ۔

عادت :۔ تَجیر ۔ غَریزہ ۔ خُو ۔ خَصلَت ۔ خِصال ۔ خصائل ۔ خُلق ۔ اَخلاق ۔ اَخلاق اُردو میں بجائے واحد بھی مستعمل ہے ۔ اخترؔ ؎

بل بل کے گلے سے کر گئی قتل
اَخلاق نہ بھولے گا چھری کا

ناصرؔ ؎ ہم کیا اجی دم بھرتا ہے آفاق تمہارا
اے جان ہمیں یاد ہے اَخلاق تمہارا

شمائل ۔ اردو میں صورت، روپ کے معنی میں شکل کے ساتھ واحد مؤنث مستعمل ہے ۔

اسیرؔ ؎ واہ کیا خوب جوانی میں نکالا جوبن
آپ کی شکل و شمائل کبھی ایسی تو نہ تھی

سیرت ۔ سیر ۔ سان ۔ سَجِیّہ ۔ سُنّت ۔ سُنَن ۔ کیش ۔ طینت ۔ طَبع ۔ طبائع ۔ خیم ۔ (بیائے معروف) مَنِش ۔ عَرس ۔ داب ۔ دَر بتہ ۔ شیمہ ۔ شِیَم ۔ طبع ۔ طِباع ۔ دَرْب ۔ سُوس ۔ شاکلہ ۔ شواکل ۔ شِنْشِنَہ ۔ عام طور پر خوئے بد کے معنوں میں آتا ہے ۔ شَمِیلہ ۔ شمائل ۔ ضَرِیبَت ۔ سَیحِیہ ۔ سَجِیّہ ۔ سَجایا ۔ سَجِیّات ۔ خَلیقت ۔ خلائق ۔ شَکیمہ ۔

عادِی :۔ شُتّار ۔

عادی :۔ عربی میں نہیں آیا ۔ بعض لغات میں خوگر کے معنی میں پایا گیا ہے ۔ اولیٰ یہ ہے کہ اس کی جگہ معتاد کہا جائے اہل اردو خوگر کے معنی میں کہتے ہیں ۔

وزیرؔ ؎ تیغ ابرو کی زباں عادی ہوئی
بات سیدھی بھی جو کی ٹیڑھی ہوئی

عادی ہونا :۔ اِعتِیاد ۔ تَدَرُّب ۔

عارف کی جمع :۔ عُرَفَہ ۔

عاریت :۔ سپنج ۔ چند روزہ

عاریت دینا :۔ اِعارَت ۔

عاریت دینے والا :۔ مُعیر ۔

عاریت لینا :۔ اِستِعارہ ۔ اصطلاحاً کوئی مجازی معنی لینا جیسے نرگس کی آنکھ ۔ اس کی دو قسمیں ہیں ۔ ۱۔ استعارہ بالتصریح ۔۲۔ استعارہ بالکنایہ ۔

عارض ہونا :۔ عُروض ۔ ظُہور ۔

عاشق :۔ ہوائی ۔ مُحِب ۔ مَحو ۔ دیوانہ ۔ خُنگ ۔ مَشعُوف ۔ مُفتَتِن ۔ مُوَلَّہ ۔ وَامِق ۔ ہوادار ۔ پاسوز ۔ آشفتہ ۔ آشفتہ حال ۔ رفتہ ۔ مَشوق ۔ دل دادہ ۔ شیدائی ۔ عشق باز ۔ شغف ۔ جگر تفتہ ۔ نیم جاں ۔ دل بستہ ۔ دل از دست دادہ ۔ دل اُفتادہ ۔ دل افگار ۔ دل از کف دادہ ۔ دل از دست رفتہ ۔ صَب ۔ دل باختہ ۔ دل شدہ ۔

شلائین ۔ف مُتَیَّم ۔ع والِہ ۔ع وَلَہ کا اسم فاعل ہے۔
شیفتہ ۔ع مفتون ۔ف شیا ۔ف شیدا ۔ف والہ ۔ع ہائم ۔ع
عاشق کی جمع: عُشّاق ۔ع
عاشق کی چیخ جو فراقِ محبوب میں نکلے:۔ حُنَین ۔ع
عاشق ہونا:۔ شیفتن ۔ف
عاشقی:۔ صَبا ۔ع
عاصی کی جمع:۔ عُصات ۔ع
عافیت:۔ عُقبیٰ ۔ع
عاقبت:۔ فرجام ۔ف
عالمِ بالا:۔ مَلاءِ اعلیٰ ۔ع
عالَم کی جمع:۔ عوالِم ۔ع
عالِم لوگ:۔ اَفاضل ۔ع اہلِ علم ۔ع
عالیشان عمارت:۔ طربال ۔ع دیکھو "اونچی عمارت"
عالی مرتبہ:۔ دریائے شکوہ ۔ف
عالی نسب مرد:۔ نَسیب ۔ع
عام دستور:۔ رَواج ۔ع بالکسر رِواج کہنا غلط ہے اس کے معنی گوشت کے ہیں۔
عام کچہری:۔ بارِ عام ۔ف
عام کرنا:۔ تنکیر ۔ع
عام کی جمع:۔ اَعوام ۔ع
عام کی جمع:۔ عَوّام ۔ع
عام گروہ:۔ عامّہ ۔ع
عامل پرگنہ:۔ شقدار ۔ف
عامل کی جمع:۔ عُمّال ۔ع عوامل ۔ع
عام لوگ:۔ عَوّام ۔ع عوّام الناس ۔ع
عام لوگوں کے سامنے:۔ علانیہ ۔ع برملا ۔ف برسرِ مجلس ۔ف
عام ہونا:۔ عموم ۔ع تعمیم ۔ع
عبادت:۔ نُسک ۔ع نُسُک ۔ع طاعت ۔ع بندگی ۔ف شیوہ ۔ع

عبادت کرنا:۔ تَنَسُّک ۔ع نُسیمس ۔ف تحنّث ۔ع تَرَہُّب ۔ع تَعَبُّد ۔ع
عبادت کرنے والا:۔ عابد ۔ع عُبّاد ۔ع عَبَدہ ۔ع متالِہ ۔ع ناسِک ۔ع
عبادت کے لئے گوشہ میں بیٹھنا:۔ عُزلت ۔ع
عبادت گاہ:۔ صومعہ ۔ع صوامع ۔ع
عبادت و تقویٰ اختیار کرنا:۔ تزہُّد ۔ع
عبارت جو دو یا زیادہ کلموں سے مرکب ہو:۔ کلام ۔ع
عبد کی جمع:۔ عِباد ۔ع
عبرت پکڑنا:۔ عِبَر ۔ع
عبرت حاصل کرنا:۔ اِعتبار ۔ع
عتاب کا نامہ:۔ عَتیب ۔ع
عتاب کرنے والا:۔ مُعاتِب ۔ع
عجائبات:۔ نَبائل ۔ع
عجائب خانہ:۔ مُوزَہ ۔ف
عجائب قدرت:۔ آلاء ۔ع
عجز وانکسار کا ظاہر کرنا:۔ خُشوع ۔ع
عجز و نیاز کرنا:۔ اِضراع ۔ع
عجیب:۔ دیبا ۔ف شگرف ۔ف طُرفہ ۔ع آنیقہ ۔ع آئین ۔ع نادِر ۔ع آشگرف ۔ف
عجیب اور نادر چیز:۔ عَجَب ۔ع عجائب ۔ع نغزک ۔ف نفیس ۔ع نفائس ۔ع
عجیب سماں:۔ عالمِ غریب ۔ف
عجیب کی جمع:۔ عجائب ۔ع اعاجیب ۔ع
عجیب و غریب بات کا ظاہر ہونا:۔ گل شگفتن ۔ف
عدالت:۔ درگاہ ۔ف دارالعدالت ۔ع دربار ۔ف دارالقضا ۔ع دفتر ۔ف
عدالت دیوانی:۔ محکمۂ حقوق ۔ع
عدالت فوجداری:۔ محکمۂ جزا ۔ع
عداوت:۔ سخیمہ ۔ع سخائم ۔ع ذَیل ۔ع عِناد ۔ع

نِفاق، بُغض، بَغضاء، حَسَد، حَسُود، کینہ، رَنجش، دیکھو دشمنی۔

عدد کو کئی گنا کرنا:۔ ضرب۔

عدل:۔ قوام، قِسط، اَقساط، انصاف۔

عدل کرنا:۔ اِقساط۔

عدم بلوغت:۔ غلط محض ہے۔ بُلُوغ خود مصدر ہے۔ بمعنی، رسیدگی پھر اس پر تائے مصدری زیادہ کرنے کی کیا ضرورت ہے:۔

عذاب:۔ شکنجہ، تبعہ، عِقاب، عُقوبت، فِتنہ، فِتَن، ضرحر، دَمدَمہ، نکال، نکر، نکرۃ۔

عذاب دینا:۔ عِقاب، تعذیب۔

عذاب کا وعدہ:۔ وَعید۔

عذاب کرنے والے:۔ مُعاقِب۔

عذاب کی جمع:۔ اَعذِبہ۔

عُذر:۔ پُوزِش، مَعذِرت۔

عَذرا کی جمع:۔ عَزارِی۔

عُذر قبول کرنے والا:۔ عُذر پذیر، عُذر نِیُوش۔

عُذر کرنا:۔ تمہید، اِعتذار۔

عُذر کرنے والا:۔ مُعتَذِر، مُعَذِّر۔

عُذر کی جمع:۔ اَعذار، مَعاذِیر۔

عرب کا باشندہ:۔ عَرَب۔ لغت میں عرب اس شخص کو کہتے ہیں جو اپنا مطلب واضح طور پر بیان کر سکتا ہو عرب اعراب سے مشتق ہے جس کے معنی زبان آوری اور اظہار مافی الضمیر کے ہیں۔ چونکہ عرب کی قوم نہایت زبان آور اور فصیح اللسان تھی اس لئے اس نے عرب نام رکھا اور اپنے سوا تمام دنیا کو عجم یعنی بے زبان کے نام سے پکارا۔ بعض نے علمائے انساب کا یہ قول نقل کیا ہے کہ ملک عرب کا پہلا باشندہ یعرب بن قحطان تھا جو یمنی عربوں کا پدر اعلیٰ تھا۔ اس لئے اس ملک کے باشندوں اور ملک کو عرب کہا گیا۔ اہل جغرافیہ کہتے ہیں کہ عرب کا پہلا نام عَرَبَۃ اور عَرَبیَہ تھا جو تخفیفاً بعد کو عموماً عرب بولا جانے لگا۔ عرب کے اشعار سے بھی اس کی تصدیق ہوتی ہے اصل یہ ہے کہ تمام سامی زبانوں میں عربہ صحرا اور بادیہ کا مفہوم رکھتا ہے۔ عبرانی میں عَربا (77777 ا) بیابان اور میدان کو کہتے ہیں۔ اور خود عربی زبان میں اس مفہوم قدیم کے بقایا موجود ہیں۔ بعض اہل تحقیق کی رائے یہ ہے کہ عرب اصل میں غرب (غین معجمہ کے ساتھ) تھا چونکہ اس کا جائے وقوع فرات کے غرب میں ہے اس لئے وہ آرامی قومیں جو فرات غربی پر آباد تھیں وہ اہل غرب اور پھر غین کے سقوط کے بعد عرب کہلائیں۔

عَرَب کی جمع:۔ عُرُوب، عُربان، اَعرُب۔

عربی چھنہ:۔ مِشلَہ۔

عربی زبان:۔ تازی، تازیان۔ عربی گھوڑے کو بھی تازی کہتے ہیں۔

عرصہ تک:۔ دیرگاہ، دیرگاہاں۔

عرصہ تک قیام کرنے والا:۔ مُقیم، ثاوِی۔

عرضداشتیں:۔ مُرَفَعات۔

عرض کرنا:۔ عَرضَہ۔

عرض کرنے والا:۔ عارِض، مُلتَمِس۔

عرضی:۔ عَرِیضہ، عَرائِض، درخواست۔

عرضی لکھنے والا:۔ عارِض، عَرِیضہ نویس۔

عَرَق رکھنے کا برتن:۔ قَرابہ، زُجاجہ، زُجاج، زِجاج۔

عرق کھینچنے کا بھبکا:۔ قَرنبیق۔

عَرَق گلاب:۔ ماءالوَرد۔

عَرَق نکالنے والا:۔ اَفشُرہ گر۔

عزت:۔ جاہ، حُرمت، عظمت، خَطر، نیاز، مکانت۔

عزت دار :- مُقبل ۔ باجل ۔ ارجمند ۔ مُعزز ۔
گراں سایہ ۔ گردن فراز ۔ گراں سنگ ۔
عزت دینے والا :- مُعز ۔
عزت کرنا :- احترام ۔ اعظام ۔ تبجیل ۔ توقیر ۔ تعظیم ۔ تکریم ۔
اعتزاز ۔ اعزاز ۔
عزم کی جمع :- عزمات ۔ عزائم ۔ عزمیت کی جمع ہے۔
عزیز کی جمع :- اعزہ ۔
عزیز واقربا :- عترت ۔
عزیز ہونا :- اعتزاز ۔ حرمت ۔
عشر کی جمع :- اعشار ۔
عشق :- غرام ۔ مُشتاقی ۔ شور ۔
عشق بازی :- تصابی ۔
عشق پیچاں :- بلاب ۔ پرسیاں ۔ پیچک ۔
عشقہ ۔
عشق کا غم :- جوی ۔ سوز عشق ۔ حرص ۔ التباع ۔ لوعہ ۔
عشق کا کسی کو بیمار کر دینا :- لوع ۔
عشق کرنا :- یعقوبی کردن ۔
عشق کی بیماری :- لوعت ۔ لوعات ۔
عشق کی بیماری سے دُبلا ہونا :- احراض ۔
عشق کی سختیاں :- دجم العشق ۔
عشقیہ قصے :- لہو الحدیث ۔
عصبہ کی جمع :- عصب ۔
عصر کی جمع :- اعصار ۔
عصر و مغرب کے درمیان کا وقت :- رواح ۔
عضو تناسل :- میاں ۔ فرج ۔ ہنوز ۔ جرد ۔
پیشاب گاہ ۔ ایر ۔ بہن ۔ سکہ مردی ۔ زہار ۔ شختو ۔
فراز ۔ فرز ۔ کلہ ۔ کیر ۔ گردکان ۔ دکامہ ۔ دکانہ ۔
ذباذب ۔ ذکر ۔ ذکور ۔ قضیب ۔ مرزگون ۔ آلت مرد ۔
میم عطوق ۔ دچو ۔ چیل ۔ چماق ۔ چول ۔ جمداق ۔ شحراذہ ۔
سوءت ۔ شرم ۔ نائزہ ۔ نرینہ ۔ بیگ ۔ ننزہ ۔ دشنگہ ۔
متاع عزتی ۔ عورت ۔ عورات ۔ اردو میں عورت کو مجازاً
زن اس لئے کہتے ہیں کہ ہر اس چیز کو عورت کہتے ہیں جس کے دیکھنے
اور دکھلانے سے شرم آئے۔ خرمائے بے خستہ ۔ کندر ۔
عضو تناسل کا سر :- حشفہ ۔
عضو تناسل کا سوراخ :- احلیل ۔
عضو جو سو جائے :- کرخت ۔
مالٹا (پھل) : بُرتقال ع بُرتقالات ع

مال جمع کرنا : جَبایت ع حَرَث ع

مال جو چوری ہو چکا ہو : مُسْرَق ع مَسْرُوقہ ع

مال دار : غنی ع اغنیاء ع باجیل ع

مال دار ہونا : تموّل ع ثراء ع جِدَت ع وِجد ع

مالش کرنا : دَم ع دیکھو بدن پر تیل ملنا۔

مالِ غنیمت : اُلحیّۃ اُلحی ع کَے ع نَفَل ع غنیمت ع فارسی میں غنیمت کا معنی اور بغیر طلب کے ملی ہوئی چیز کے لیے مستعمل ہے۔

مالِ غنیمت لانے والا : غانم ع

مالِ غنیمت میں خیانت کرنا : غُلُول ع

مال کا آدھا آدھا تقسیم کرنا : تشطیر ع

مالک بنانا : اِملاک ع

مالک روزِ قیامت : خواجۂ بعث و نشر ف تصوف کی اصطلاح میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم مراد ہیں۔

مال کو وقف کرنا : توقیف ع

مالک ہونا : تمالک ع تملّک ع

مال کی زکوٰۃ : ماعُون ع

مال کی قیمت اس خیال سے زیادہ بتانا کہ دوسرا شخص اسے خریدنے میں رغبت کرے اور خود کو خریدنا منظور نہ ہو : نَجَش ع

مال کی کثرت : ثَروت ع

مال مفت : رائیگاں ف دراصل راہگاں تھا۔ بائے ہوّز کو ہمزۂ ملیّنہ سے بدل دیا۔ اُردو میں ضائع، عبث، اکارت کے معنی میں مستعمل ہے۔

عارف ؎
لے گر عمر یہ ہم کو گزاریں بادہ خواری میں
خضر کی طرح کیوں پھر پھر کے ہستی رائگاں کیجے

مال گاڑی۔ قطار البضائع ع

مالی۔ گلچیں ف باغبان ف کدیور ف چمن طراز ف چمن پیرا ف چمن آرا ف نخل بند ف

مامور شدہ۔ مامور صیغہ مفعول ہے پھر شدہ زیادہ کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ مامور شدہ شخص ہٹایا گیا کی جگہ مامور شخص ہٹایا گیا صحیح ہے۔

ماموں۔ خال ع نیا ف تغائی ت

ماں۔ اُم ع مادر ف والدہ ع ننہ ف مادو ف مام ف مامک ف زائندہ ف

ماں باپ کی نافرمانی کرنا۔ عقوق ع خلاعت ع

مانجنا۔ صِقالت ع

مانع ہونا۔ عوق ع

ماں کا بچہ کو دودھ پلانا۔ زَغْل ع

مانگنا۔ اِقتراح ع دُعا ع دعوات ع اِستعارہ ع
علمِ بیان کی اصطلاح میں اس کی دو قسمیں ہیں استعارہ بالتصریح اور استعارہ بالکنایہ۔ اوّل الذکر یہ ہے کہ حرف مشبہ بہ کو لاتے ہیں اور آخر الذکر یہ ہے کہ حرف مشبہ بہ کو ترک کر دیتے ہیں۔ زیادہ آسان تعریف استعارہ کی یہ ہے کہ مشبہ کو ترک کر کے مشبہ بہ کا ذکر کریں اور اس سے مشبہ مراد لیں۔ مثلاً چاند یا سورج کہیں اور اس سے چہرہ یار خسار مُراد لیں۔ علیٰ ہذا القیاس الخ

مانگے لینا یا دینا۔ مستعار ع عاریت ع
(بہ تشدید یا و بہ تخفیف یا) عواری ع

مان لینا۔ اِعتراف ع اِیجاب ع تسلیم ع اِجابت ع منظوری ف منظور ع قبول ع اصطلاحِ فقہاء میں متعاقدین میں سے دوسرے کے اس کلام کو کہتے ہیں جو پہلے کے کلام یعنی ایجاب کا جواب ہوتا ہے۔ بالضم قبول غلط ہے۔ بالفتح چند ہی مصادر آتے ہیں جیسے وَقُوب (انتظار) طَہور (طہارت) وَلُوع (حرص کرنا) وَضُو (وضو کرنا) رَحُو (قذف کرنا) وَزُوع (برانگیختن) وَقُود (آتش افروختن)۔

مانند۔ سازگار ف سا ف مُشابہ ع سان ف شبہ ع سَمی ع یک ریشہ ف یک گرہ ف یک دل ف یک رویہ ف یک زبان ف فش ف مُوافق ع صَحب ع وَش ف مُضاہی ع آسا ف بستان ف ہمانند ف اصل ہم مانند تھا۔ کفو ع مانا ف نِد ع انداد ع بِدّ ع سمایہ ع سکف ع

مِثل ۔ ہ مِثل ۔ ہندوستانی، فارسی و اردو میں کاغذاتِ کارروائی کا مُثّھا۔ مقدمہ کی کارروائی۔ فائل (FILE) دھاگا، ڈوری وغیرہ جس میں کاغذات ترتیب کے ساتھ لگا کر اس غرض سے رکھے جاتے ہیں کہ بحفاظت رہیں اور وقتِ ضرورت کام آئیں۔ اس معنی میں یہ مثیل (بہ کسرِ میم و یائے مجہول) کی تحریک و تصحیف جو مثال کا اسالہ ہے۔

مثال کے معنی ہیں مانند۔ نمونہ و نظیر۔ قاضی کا حکم نامہ۔ بادشاہی فرمان جمع اَمثِلہ، اُمثُل اور مُثُل۔ بعض اصحاب مِثل کو اپنی اصلی حالت پر بیان کرتے ہیں بمعنیٔ مانند و نظیر۔ چوں کہ فائل (مِثل) کے کاغذات متماثل اور ایک ہی مقدمہ یا معاملہ سے متعلق ہوتے ہیں۔ اس لئے اس کا نام مِثل ہوا۔ بعض کہتے ہیں کہ صحیح مِسَل ہے جو مِسَلّہ (بہ کسرِ میم و بہ فتح سین و بہ تشدید لام) سے ماخوذ ہے۔

مِسَلّہ کے معنی ہیں سُوا (بڑی سوئی) چونکہ فائل کو نتھی کرتے ہیں اس لئے مِسَل نام ہوا۔ صاحبِ قاموس الاغلاط کہتے ہیں یہ وجہِ تسمیہ عجیب و غریب ہے۔ مِسَلّہ مصری عربی میں مَنار کو بھی کہتے ہیں۔ ہمتا ۔ یاختہ ۔ جواب ۔ ثانی ۔ بدلہ ۔ ہجو ۔ ہمال ۔ ہمسر ۔ دِلیس ۔ مُضارع ۔

مانند ہونا۔ مُشاکلت ۔

ماننے والا۔ پذیر ۔ مُسَلِّم ۔ قَبِیل ۔ مُعتَرِف ۔ مُقِرّ ۔

مانوس ۔ اَلِف ۔ اُلفت اور مالوف کے الفاظ اسی سے ماخوذ ہیں۔

مانی کا نگارخانہ۔ چِگِل ۔ اژرنگ ۔

ماہ ربیع الاوّل ۔ خُوَان ۔

ماہوار تنخواہ۔ مُشاہرہ ۔ شَہرِیَّہ ۔

مائل کرنا۔ اِمالت ۔ اِمالہ ۔ فتح کو کسرہ کی طرف اس قدر جھکانا کہ یائے مجہول کی آواز پیدا ہو جائے جیسے کتاب سے کتیب۔ حساب سے حسیب۔

مائل کرنے والا۔ مُستمِیل ۔ ساحِر ۔

مائل ہونا۔ مَصِیر ۔

مائل ہونے والا۔ رَغِیب ۔

مایوس ۔ بمعنیٔ ناامید عربی میں نہیں آیا ہے۔ اس معنی میں آئِس آیا ہے اور مایوس وہ جس سے امید منقطع ہو گئی ہو۔

مباح ۔ بَجِل ۔ جائز ۔ روا ۔

مباح ہونا۔ حِلّت ۔ اِباحت ۔

مبارک ۔ ہُمایوں ۔ فَرُّخ ۔ فرخندہ ۔ خُجستہ ۔ بکسرِ جیم غلط ہے۔ خُنسان ۔ خُنشان ۔ خُنشا ۔

مبارک باد دینا۔ تَحِیّت ۔ تہانی ۔

مبارک ہونا۔ سُعُود ۔ یُمن ۔

مبالغہ جو عقل اور عادت کی رو سے ممکن ہو لیکن واقع میں غلط ہو۔ مبالغۂ تبلیغ ۔

مبالغہ جو عقل کی رو سے ممکن ہو اور عادت کی رو سے محال ہو۔ مبالغۂ اغراق ۔

مَبنیٰ کی جمع ۔ مَبانی ۔

مُتاثر ہونا۔ اِنفعال ۔

مُتبنّیٰ ۔ دَعِی ۔

مُتبنّیٰ کرنا۔ دِعوت ۔

مُتحرک حروف ۔ مُعتَرِت ۔ مقصور ۔

مُتحرک حروف کو ساکن کرنا۔ تسکین ۔ جیسے حَرَکت سے حَرکت

مُتّصل ہونا۔ اِلتصاق ۔ اِلتِساق ۔

مُتعصب ہونا۔ حَمَس ۔

مُتعلق کرنا۔ تعلیق ۔

مُتفرق گروہ جو پے در پے مختلف سمتوں سے آئیں۔ اَبابیل ۔

مُتفق ۔ یک جہت ۔ یک دِل ۔ ہم خیال ۔

مُتفقہ ۔ عروضیوں نے انیس بحروں کو جن چھ دائروں میں تقسیم کیا ہے اُن میں سے ایک دائرہ کا نام دائرۂ متفقہ ہے۔ یہ نام اس لئے رکھا گیا کہ دائرہ کی بحروں کے ارکان ایک دوسرے سے متفق ہیں۔

مُتلاشی ۔ تلاش ترکی لفظ ہے جو فارسی، اردو میں بھی مستعمل ہے۔ اس سے اہلِ اردو نے بطورِ عربی متلاشی (بمعنی تلاش کنندہ) اسم فاعل بنا لیا ہے جو غلط محض ہے۔ عربی میں (تلاشی) نیست و نابود ہونا، فنا ہونا، ہلاک ہونا سے متلاشی فانی کے معنی میں آیا ہے۔

مُتلی ۔ تَہَوُّع ۔ غَثیان ۔ قَے ۔ استفراغ ۔

متواضع آدمی۔ دست بر سر ف
متوجہ کرنا۔ ارجاع ع
متوجہ ہونا۔ انابت ع توب ع
مٹادینا۔ گرد بر آوردن ف محو ع فارسی میں بمعنی عاشق۔
طموس ع طمس ع
مٹانے والا۔ سالب ع متدارک ع
مٹ جانا۔ اندراس ع
مٹر (اناج)۔ کرسنہ ف نیلقن ع
مٹکا۔ خرس ع خنور ف دن و سبو ف جرّہ ع
مٹک کی چال۔ خرام ف چالش ف
مٹک مٹک کر چلنا۔ کراز ف خرامیدن ف خرام ف لنج ف
مٹک مٹک کر چلنے کی تشبیہات۔ بہار ف برق ع نسیم صبح ف
نسیم سحر ف فقط نسیم ف باد صبا ف شمیم گل ف نرمی رفتار آب ف
مٹک مٹک کر چلنے والا۔ خراماں ف چالش گر ف
مٹھے والا۔ منطّس ع
مٹی۔ تغوز ف تغوز ف صعید ع رست ف طینت ع گوہر آدم ف
زلف زمین ف خاک ف تراب ع تربت ع آچاک ف تہک ف ثری ع
جماد ع جمادات ج طین ع گل ف صعید ع حصاص ع حصحص ع رست ف
رغم ف رماد ع آرمدہ ج
مٹیالا رنگ۔ رمادی ع
مٹی جسے دیوار پر لیپتے ہیں۔ گلابہ ف لاد ف
مٹی سے بھری ہوئی ہانڈی۔ کبیسہ ع
مٹی کا برتن۔ سفال ع سفالیہ ع سوفار ف سوفان ف فاخورہ ع
مٹی کا بڑا پیالہ۔ زگنج ف زکند ف
مٹی کا بنا ہوا۔ طینی ع
مٹی کا تیل۔ روغن گل ف نفط ع نفت ع
مٹی کا ڈھیلا۔ مدر ع کلوخ ف
مٹی کا کام کرنے والا۔ زباد ع
مٹی کا کونڈا۔ تغاری ع

مٹی کے برتن بنانے والا۔ کلال ع طیان ع خزاف ع فاخوری ف
مٹی کے برتن بیچنے والا۔ فخاری ع
مٹی کے تودے بنانا۔ تکویم ع
مٹی ملا ہوا گوبر۔ سماد ع
مٹی ملی ہوئی ہوا۔ غبار ع
مٹی یا آٹے کے کھلونے۔ تیتی ع
مٹے ہوئے حروف کو روشن کرنا۔ جندرہ ع
مٹھاس۔ شیرینی ف حلاوت ع
مٹھی۔ مشت ف قبضہ ع
مثال دینا۔ تمثیل ع تمثیل ع
مثال لانا۔ تنظیر ع
مجامعت۔ مرز ف دیکھو "جماع"
مجامعت کرنا۔ خفر ع دیکھو "جماع کرنا"
مجبور۔ مقصر ع وکل ع عاجز ع معذور ع آگندہ ف
بے نوا ف زبون ع بے کس ف ناچار ف درماندہ ف
مجبوراً۔ لامحالا ع
مجبور کرنا۔ اضطرار ع
مجتمع ہونا۔ ایتلاف ع
مجرّد کرنا۔ تجرید ع
مجرم۔ مؤخم ع آثم ع گناہ گار ف عاصی ع عصاۃ ج تر ف
مجلس۔ بزم ع محفل ع جرس ف انجمن ف
مجلس انتظامیہ۔ مجلس التنفیذ ع
مجلس قانون ساز۔ مجلس التشریع ع
مجلس کا سربراہ۔ سرحلقہ ف صدر ع میر مجلس ف
مجلس مشاورت۔ مجلس الشوریٰ ع
مجلس میں جمع ہونا۔ انتداء ع انعقاد ع
مجلس میں کھل کر بیٹھنا۔ تفسّح ع
مجمر کی جمع۔ مجامر ع
مجموعۂ کاغذات۔ دفتر ف

مجید کی جمع۔ اِمتِجاد ع
مچھر۔ بَق۔ پَشَّہ ف کَرَّ ف ناموسَہ ع بُعُض ع بَعوضَہ ع
خَموش ع سپید پَر ف
مچھردانی کِلَّہ ع پَشَّہ خانہ ف
مچھر، مکھی وغیرہ کو بھگانا۔ طَرد ع
مچھلی۔ حوت ع حِیتان ج سَمَک ع پرویز ف سماک ج سُموک ج
(سَمَک کی جمعیں) نون ع بجش ف قَرِیش ع پنجہ ف پنجاہ کا مخفف
بھی ہے جس کے معنی پچاس کے ہیں۔
مچھلی پکڑنے کا جال۔ مَشُت ف
مچھلی پکڑنے کا کانٹا۔ نَشپیل ف قُلّاب ع شِست ف شَصّ ع
شُصُوص ج پنجہ ف قَلّابَہ ع
مچھلی کا سالن۔ ماہیابہ ف
مچھلی کا سِنّا۔ فَلس ع فُلوس ج پَدیچہ ف
محافظ شہر۔ عَسَس ع
محبت۔ خون گرمی ف غرام ف عشق ف مِہر ف اُنس ع تَوَدُّد ع
تَوَلّا ع تَوَلّی ع وِلاء ع اُلفَت ع وِداد ع وَمق ع وِفاق ع وفاقت ع
محبت بڑھ جانا۔ اِستیناس ع
محبت کرنا۔ تآلُف ع تَآنُس ع وِلان ع وِلاف ع
محبت کرنے والا۔ اَنیس ع مُستانِس ع
محبت کی زیادتی۔ شَغَف ع
محبوب کی جمع۔ محابیت ع
محتاج۔ قَلّاش ج عائِن ع فَقیر ع فُقَراء ج خرِدُوز ف
خرمن سوختہ ف ناداشت ف مُفتَر ع مُعسِر ع مُفتقِر ع سائل ع
شَحّاذ ع فَرِیک ع یاد دست ف صُعلوک ع عَیل ع تنگ دست ف
مُفلِس ع تہی دست ف نادار ف خرابی زدہ ف
محتاجی۔ عائِلی ع مَسکنت ع
محل۔ جَوسَق ع جَوسَہ کا معرب ہے۔ کُشک ف
محنت۔ شِقَّہ ع
محو کرنا۔ اِستغراق ع

محو کرنے والا۔ ماحی ع
مخالف ہونا۔ تبایُن ع تناقُض ع
مختصر کرنا۔ اِجمال ع اِیجاز ع ترخیم ع دیکھو دُم کاٹنا۔
مختصر کرنے والا۔ مُقتَصِر ع
مختلف۔ مُبایِن ع
مختلف شعروں کی بیاض۔ جُنگ ف
مُختَلِفہ۔ عروض کی اُنّیس بحروں کے چھ دائروں میں سے ایک
دائرے کا نام۔ چوں کہ اس کے ارکان میں باہم اختلاف ہے یعنی خماسی
اور کچھ سُباعی گویا سات حرفی ارکان واقع ہوتے ہیں اس لئے اس کا
نام مختلفہ رکھا۔
مخلوق۔ بَرِیَّہ۔ خلق اللہ ع
مخمل کا کپڑا۔ قَطیفَہ ع قطائف ج
مَداری۔ غازی ف عربی میں وہ بہادر مسلمان جو اسلام کی
مدافعت میں کامیاب ہو کر واپس آئے۔ لُوطی ع
مدتِ دراز۔ دیر باز ف
مدت کا آخر ہونا۔ اِنقراض ع
مدح کرنا۔ تَمَدُّہ ع
مَدَد۔ اِعانہ ع سِتُور غال ف کُمک ت اِعانت ع
سایہ دست ف
مدد چاہنا۔ اِعتِضاد ع اِستظہار ع اِستعانت ع اِستِنصار ع
اِستمداد ع
مدد چاہنے والا۔ مُستَعین ع مُستظہِر ع مُعتَضِد ع مُستَعِد ع
مدد کرنا۔ تائید ع عَضُد ع عَون ع نُصرۃ ع نصرت ع وِلایت ع
اِعانت ع اِمداد ف مُظاہرت ع مُظاہرہ ع سِناد ع قافیہ کے ایک
عیب کا نام۔ حرف ردف کا بدل جانا جیسے زمان اور زمین کا قافیہ
بنا لیا جائے۔ رِفد ع
مدد کرنے والا۔ مددگار ف ناصر ع نُصّار ج انصار ج نُصَّر ج
معاوِن ع نصیر ع نُصَرَہ ج پایدارہ ف دست مرد ف ظہیر ع غوث ع
فریادرس ف پائے مرد ف مُساعِد ع مُعاضِد ع مُعین ع ہم پُشت ف

مُمِدّ ع۔ یاور ف۔ مُناصِر ع۔ حمایتی ف

مدد نہ کرنا۔ خَذل ع۔ خِذلان ع

مدرسہ۔ مکتب۔ مَکاتِب عج۔ دَبِستان ع۔ درس گاہ ف

مُدَمِّغ۔ مُدَمَّغ بھی کہتے ہیں لیکن دونوں طرح اُردو والوں نے بنالیا ہے۔ مغرور و متکبر کے معنوں میں عربی میں نہیں آیا۔

مدینہ کی جمع۔ مُدن ع۔ مَدن ع۔ مدائِن عج

مذاق۔ لاغ ف۔ ظرافت ع۔ دُعابت ع۔ دُعَب ع۔ ہزل ف۔ لطیفہ ع۔ ظریفانہ سخن ف

مذاق کرنا۔ مُداعبت ع۔ تفلیح ع

مذمت کرنا۔ ہَجو ع

مذہب اسلام سے پھرا ہوا۔ مُرتَد ع

مذہب پر بلانا۔ دعوت ع۔ دعوات عج

مُراد پانا۔ نیل مرام ع۔ انجام کار ف۔ وجود ع۔ اِحتِفاء ع

مَرّاکُش۔ مغربِ اقصیٰ کا مشہور شہر۔ صاحبِ فرہنگ ناصری نے بکسر کاف عربی مَرّاکِش لکھا ہے جو غلط ہے۔ صحیح مَرّاکُش بالفتح بالفتح ثمہ التشدید وضم الکاف وشین معجمہ جیسا کہ علامہ یاقوت حموی نے اپنی کتاب معجم البلدان میں لکھا ہے۔

مَرا ہُوا۔ فَرِدرفتہ ف۔ وفات یافتہ ف۔ مَرحُوم ع۔ مرے ہوئے کے معنی میں مجازاً استعمل ہے۔ عربی میں رحمت کیا گیا۔ مُتوَفّیٰ ع۔ اس کی جگہ مُتَوَفِّی کہنا سخت غلطی ہے۔ کیونکہ مُتَوَفّی کے معنی ہیں وفات دینے والا آئیہ کریمہ ہے فاللہُ المتوفی والعبدُ المُتَوَفّیٰ۔

مَرا ہوا جانور۔ جیفہ ع۔ جِیَف عج۔ مُردار ف

مربع بنانا۔ تربیع ع

مرتبہ۔ قدر ع۔ بُرز ف۔ تمکین ع۔ جاہ ع۔ آبرو ف

مرتبہ دینا۔ اِمکان ع

مرتے وقت کہا سنا معاف کرانا۔ حلالی خواستن ف

مرتے وقت کی سانس۔ نفسِ واپسیں ف

مرثیہ پڑھنے والا۔ روضہ خواں۔ مرثیہ خواں ف

مرجانا۔ تفویز ع

مرجھایا ہوا۔ پژمان ف۔ پژمُردہ ف۔ جَفّ ع۔ بَخس ف۔ بَخسی ف۔ بخسیدہ ف۔ بخساں ف

مَرحبا کہنا۔ تَرحِیب ع

مرد۔ رُجل ع۔ رِجال عج۔ ذَکَر ع۔ ذُکُور عج۔ لباسُ المرأۃ ع

مردانیت۔ تَذکُّر ع

مرد جس کے داڑھی نکل آئی ہو۔ مُلتَحِی ع

مرد سے بھاگنے والی عورت۔ فَرُودہ ع

مرد کی منی۔ نُطفَہ ع۔ نُطَف عج

مرد نوجوان۔ حَدیثُ السِّن

مَردُود۔ طَرِید ع۔ لَعِین ع۔ مَلعُون ع۔ مَرِید ع

مُردوں پر رونا۔ نَوحَہ ع۔ مُویَہ ف۔ رِثاء ع۔ نُدبَہ ع

مُردہ۔ مَیِّت ع۔ مَوتیٰ عج۔ دیکھو لاش۔

مُردہ دفن کرنا۔ جَنّ ع۔ تدفین ع

مُردہ کا تابوت۔ چارگوشہ ف

مُردہ کا قیامت کے روز اُٹھنا۔ نُشُور ع

مُردہ کا مال۔ اِرث ع

مُردہ کو زندہ کرنا۔ بُرہانِ مسیح ف

مُردہ کو کفن پہنانا۔ تکفین ع

مُردہ کی خوبیاں بیان کرنا۔ تَدَبُّ ع۔ نُدبت ع

مِرزئی (بنڈی)۔ فَتُوحی ع

مُرَصّع کرنا۔ ترصیع ع

مَرَض۔ عربی ہے اور بفتحتین ہے۔ عوام الناس رے کو سکون کے ساتھ بولتے ہیں جب کہ مَرْض بسکون ثانی مصدر ہے بمعنی بیمار ڈالنا۔

امیر ؎　تری دوا سے اور مرا درد بڑھ گیا
　　شاید مَرَض سے ساز مجھے اے حکیم تھا

مومن ؎　ظاہر آزاد کچھ مَرَض نہ رہا
　　لاغری کے سوا مَرَض نہ رہا

عِلّت ع۔ عِلَل عج۔ عارِضہ ع۔ عوارِض عج۔ داء ع۔ بیماری ف

مَرَض کی بیہوشی میں بکنا۔ ہذیان ع

مرض موت۔ حرض ع

مرطوب۔ عربی میں نہیں آیا۔ فارسی والوں کا بنایا ہوا ہے۔ صاحب منتخب نے مرطوب (رطوبت ناک) لکھا ہے اور قرآن مجید میں بھی رَطب ویابس آیا ہے۔ رطب کے معنی تر اور یابس کے معنی خشک۔

مُرغ۔ خروس ف دیک ف دیکہ ف مرغ سحر ف

مُرغابی۔ اذخر ع۔ قوی ف آوِز ع اُردک ف زُقۃ ع

مُرغ کا لوٹا۔ قانصہ ع

مُرغ کا دانہ چگنا۔ نقر ع

مُرغ کی آواز۔ نقیق ع بانگ ف

مُرغ کی بیٹ۔ ہیض ع

مُرغ کی کلغی۔ تاج خروس ف غوچہ ت

مرغوب چیزیں۔ رغائب ع

مرغوب مقامات کی سیر۔ گلگشت ف

مُرغی۔ دجاجہ ع ماکیان ف

مُرغی جس کے پیٹ میں انڈے ہوں۔ ناظم ع

مُرغی کا انڈا۔ خاگ ف بیضہ ع بیض عج خایہ ف آشینہ ف ہاک ف

مُرغی کا انڈے سینا۔ وکن ع

مُرغی کا بچہ۔ جوزہ ف فرخ ع افراخ عج فروج ع

مُرغی کا چونچ سے انڈوں کو ہموار کرنا۔ رمق ع

مُرغی کو انڈوں بٹھانا۔ مرغ خوابانیدن ف

مُرغی کی آواز۔ قرق ع

مُرغی کے انڈے کی زردی۔ مح ع مُح ع

مُرغی کے انڈے کی سفیدی۔ ماح ع

مرگی۔ صرع ع

مرگی کا مریض۔ صرعی ع

مرگھٹ۔ محرقہ ع

مرمت کرنا۔ ترمیم ع

مرنا۔ قالب تہی کردن ف روزگار بسر آمدن ف فنا ع فوت ع ارتحال ع از ہم گذشتن ف تہلکہ ع

مرنے کے قریب مریض۔ ناہم ع آفتاب لب بام ف چراغ سحری ف

مرنے والا۔ مائت ع ہالک ع

مُروت۔ حفاظ ع

مُروت کرنا۔ حفاظت ع

مُرید ہونا۔ بیعت ع

مریض۔ سقیم ع سقام عج علیل ع دیکھو بیمار۔

مریض بن جانا۔ تمارض ع

مریض کی جمع۔ مرضیٰ ع

مریل ٹٹو۔ گودن ف

مرے ہوئے جانور پر چیل کوؤں کا جھنڈ۔ کرہ سائی ف

مُڑا ہوا۔ مرغولہ ف دیکھو جھکا ہوا۔

مُڑ جانا۔ صغو ع

مُڑنے والا۔ منعطف ع عاطف ع

مزاج پوچھنا۔ مزاج پرسی ف دل پرسی ف دماغ جاقی ف استمزاج ع

مزاج کو اعتدال پر لانے والا۔ مشیب ع

مزاج کی جمع۔ امزجہ ع

مزاج کے ناموافق پانی۔ آب سغر ف

مزدور۔ فارسی لفظ ہے اور مزد اور ور سے مرکب ہے۔ جیسے گنجور۔ حرف ثالث کو ضمہ دے کر واؤ کو ساکن کر لیا۔ مزدور بضم میم ہے۔ عامۃ الناس بفتح میم کہتے ہیں۔ اجارہ دار ف اجیر ع نیم کار ف محنت کش ف مزدہ بر ف

مزدوری (محنت کا صلہ)۔ مزدوری ف تنزہ ف تنخواہ ف درماہہ ف دست مزد ف اجرت ع اجور عج محنتانہ ف اجورہ ع جعیلہ ع جعائل عج

مزدوری جو قاصد کو ملتی ہے۔ پائے مزد ف

مزروعہ زمین۔ مرز ف ضیاع ع عقار ع

مزہ۔ طعم ع ذائقہ ع لذت ع لذات عج لذائذ عج

مزہ اٹھانا۔ تَلذُّذ ع اِحتِظاظ ع اِستِلذاذ ع
مزہ اور رنگ بدلا ہوا پانی۔ آسِن ع
مزہ دار۔ بَسِیم ف مُلتذ ع لَذِیذ ع
مزہ لینا۔ دیکھو مزہ اٹھانا۔
مزہ میں کھٹا۔ اَحمَض ع
مسافت طے کرنا۔ تَقَدّ ع اہل فارس بلا تشدید بولتے ہیں۔
مُسافر۔ رُوزدر محنت گزار ف جُنُب ع راہی ف مسافر ع
جہاز ع راہ رَو ف قاطِعین ع دافّہ ع اِبن السَّبِیل ع عابر سَبِیل ع
پَیوَہ ف صبح رواں ف نَزِیل ع غرِیب ع اردو میں مسکین، عاجز
بے کس، شریر کا نقیض، مفلس، نادار،

امیرؔ پہلے تو مجھے کہا نکالو
پھر کہا غریب ہے بُلا لو۔

رَخت کش ف رِکاب ع نَووارد ف ظاعِن ع ظَعِین ع بَوارِہ ع
مُسافرخانہ۔ دیکھو سرائے۔
مُسافر کی ضد۔ قاطِن ع قاطِنُون ع ساکِن مُقِیم ع
مُسافر کی مہمانداری۔ نِقیعہ ع
مُسافروں کا سامان۔ جہاز ع زادِراہ ف زِفر ع
مُسافروں کا گروہ۔ قافلہ ع قوافِل ع کاروان ف
مُسافر ہونا۔ اِغزاب ع
مُساوی۔ عربی لفظ ہے مُساوی بالضم کی جگہ اکثر لوگ
مَساوی بالفتح کہتے ہیں لیکن مَساوِی، مَساءَۃ کی جمع ہے جس کے معنی
ہیں بُرائیاں۔ یاد رہے کہ مُساوی (برابر) کا مادہ (س و ی) ہے لیکن
مَساوِی جمع مَساءَۃ کا مادہ (س و ء) ہے تفصیل کے لئے دیکھو "برابر"
مَست۔ طافِح ع سَرشار ف
مُستقل آبادی۔ حَضُور ع اسی سے حَضَر کا لفظ نکلا ہے اور
اسی بنا پر حاضرہ مشہور و عظیم الشان شہر کو کہتے ہیں۔
مسجد۔ مِحرَاب ف محراب گاہ ف محراب گر ف
مسجد کا صحن۔ رَحَبَہ ع رِحاب ع
مسخرے والا۔ ساخِر ع

مسخرہ۔ ماجِن ع ظریف ع دُنبال ف هَزّال ع خام رِیش ف
غاشیہ باف رِیش ف
مسخرہ پن۔ رِیش خند ف خوش طبعی ف طِیب ع طِیبات ع
ظَرافَت ع کاج ف فِسُوس ف شرارت ع فسُوق ع
مَسّا۔ ثُؤلول ع ثآلِیل ع زَخ ف زِردان ف آزخ ف سَلْعَہ ع
مُسکرانا۔ تَبَسُّم ع لب شیریں کردن ف لب خند ف لب خندہ ف
اِبتِسام ع
مُسکرانے والا۔ بَسِیم ع مُتَبَسِّم ع
مُسکراہٹ۔ خندۂ زیرلب ف شکرخند ف
مسلح سپاہی۔ شاکِ ع
مسلح ملازم۔ خامن بردار ف
مسلسل دَور کہ ایک کے ختم ہوتے ہی دوسرا دور شروع ہو جائے۔
اَحقاب ع حُقب واحد ہے۔
مُسَلمُان۔ ف دراصل یہ مُسلِمان (مُسلم کی جمع) ہے
مسلمان۔ تُرک ت مُسلِم ع
مسلمانی کرنا۔ خَتنَہ ع اہل اردو ختان اور ختانت کی جگہ ختنہ
کہتے ہیں اور تذکیر کے ساتھ بولا جاتا ہے۔
مِسواک کرنا۔ قَلقَلَہ ع تقلقل ع
مَسُور۔ نَسک ع بُنو سُرخ ف
مَسُور کی دال۔ قاقوس ع عَدَس ع کُلبُس ع بُلسُن ع دانچہ ف
مَسُوڑھا۔ عَمر ع عُمُور ع لِثَہ ع لِثات ع قیدالاسنان ع
بُن دندان ف
مُسَوَّدَہ۔ عربی لفظ ہے۔ بعض کہتے ہیں جس مصدر میں لَون (رنگ)
کے معنی ہوں وہ اِفعلال سے آتا ہے جیسے اِحمِرار، اِخضِرار، اِصفِرار
اور اِسوِداد۔ اسی سے مسودہ ہے لیکن کسی مستند لغات میں اِسوِداد
سرسری تحریر کے معنی میں نہیں آیا۔ عوام مسَوَّدہ کہتے ہیں۔ جناب داغؔ
نے بھی مسَوَّدہ استعمال کیا ہے۔

پورا ہوا نہ ایک بھی اس دل کا مُسَوَّدہ
فرسودہ لاکھ بار قلم ہو کے رہ گئے۔

تفصیل کے لئے دیکھو سرسری تحریر۔"
مُسَوَّدَہ کی ضد۔ مُبَیَّضَہ ع
مَسَہری ۔ کِلَّہ ع پَشَّہ خانہ ف اَرِیکہ ع
مُشابہ ہونا۔ تَماثُل ع مُشابہت ع اِشتِباہ ع
مَشّاطَہ ۔ عربی لفظ ہے۔ بالفتح و تشدید شین۔ وہ عورت جو کسی کے سر میں کنگھی چوٹی کرے۔ وہ عورت جو دُلہن کو سنوارے۔ اردو میں وہ عورت جو شادی بیاہ کرانے کا پیشہ کرتی ہو۔
النسخ ؎ ہے تلاش ان روزوں کس نورِ مجسّم کی اُسے
صورتِ مشاطہ پھرتا ہے جو گھر گھر آفتاب
عوام (بالضم میم و بہ تخفیفِ تشدید) مُشاطَہ کہتے ہیں۔ حال آں کہ عربی میں اس کے معنی ہیں وہ بال جو کنگھی کرنے سے گر پڑا ہو۔ واضح ہو کہ عربی میں کنگھی چوٹی کرنے والے اور سنوارنے والے مرد کو ماشِطٌ اور اسی طرح کام کرنے والی عورت کو ماشِطَہ کہتے ہیں۔ یہ دونوں لفظ مَشْطٌ کنگھی چوٹی کرنا سے اسم فاعل ہیں۔
حالی کہتے ہیں ؎ یادِ ایّام کہ بے رنگ تھی تصویرِ جہاں
دستِ مَشاطہ نہ تھا محرمِ زلفِ دوراں
میر ؎ حاجتِ مشاطہ کیا رخسارِ روشن کے لئے
دیکھ لو گل کاٹتا ہے کون شمعِ طور کا
مَشائخ ۔ عربی لفظ ہے اور شیخ و مَشیخَہ کی جمع ہے بمعنی پیران، خواجگان۔ واحد پر اس کا استعمال درست نہیں اور مشائخین کہنا غلط ہے۔ جدید عربی میں مَشیخَہ جمہوری ریاست کو کہتے ہیں۔
مَشرِق ۔ خاور ف خرگاہِ صُبح ف
مشرق کی طرف ۔ شَرقَہ ع
مشرق کی طرف جانا۔ تشریق ع
مشرق و مغرب ۔ خافِقین ع
مشغول ہونا۔ تَوَغّل ع
مشغول ہونے والا۔ مُشتَغِل ع
مشقّت اٹھانے والا۔ دائِب ع
مشق کرنا۔ اِدمان ع

مَشک ۔ زِقّ ع قِربَہ ع دیکھو پانی کی مشک۔
مُشک ۔ خِیک ف مِشک ع مِشک ف
اہل ایران میم کی کسرہ سے اور اہل ماوراءالنہر میم کے ضمہ سے استعمال کرتے ہیں۔ پاک و ہند میں بالضم مستعمل ہے۔ کستوری ف
مَشک اُٹھانے کا تسمہ جو سقّوں کے گلے میں پڑا رہتا ہے ۔ عِصام ع
مُشک کا نافہ ۔ فارہ ع
مُشکل ۔ دُشوار ف دُشخوار ف مُعَسِّر ع مُعضِل ع شاق ع شاقّہ ع عَویص ع لاحَل ع اَہَم ع مُتَعَذِّر ع تَکلِیف ع کُلَف ؟ عَولِیص ع مُعضِلَہ ع مُعضِلات ع مُعَوّق ع صَعب ع عَسِیر ع مُتَعَسِّر ع دَعِز ع وَعُور ؟
مشکلات سے نکلنے کا راستہ ۔ مَخرَج ع
مُشکل بات ۔ عُقدہ ع عُقَد ؟
مشکل کام ۔ عَناق ع مُعَضِّل ع وہ حدیث جس کی سند ہو اور دو یا دو سے زائد راوی چھوٹ گئے ہوں۔ مُعَضِّلَہ ع
مُشکل کام کو سرانجام دینا ۔ آب از آتش بر آوردن ف
مشکل کرنا ۔ اِشکال ع
مُشکل کلام : مُغلَق ع
مُشکل ہونا ۔ اِغلاق ع
مَشکور ۔ عربی ہے بمعنی ستودہ۔ پسندیدہ۔ جیسے جَعَلَ اللہُ سَعیَکُم مَشکُوراً۔ مشکور بمعنی ممنون نہیں آیا۔ تعجب ہے کہ مولانا شبلی نعمانی مرحوم نے بھی ممنون کے معنی میں استعمال کیا ہے۔
؎ آپ کے لطف و کرم سے مجھے انکار نہیں
حلقہ در گوش ہوں ممنون ہوں مشکور ہوں میں
مگر اب میں وہ نہیں ہوں کہ پڑا پھرتا تھا
اب تو اللہ کے اقبال سے تیمور ہوں میں
مُشکی گھوڑا ۔ شب دیز ف
مَشوَرَہ ۔ شُورا ع شُوریٰ ع جانقی ت نَجویٰ ع

مَشوَرَہ ع، مَشوَرات ع
مشورہ دینے والا۔ مُشیر ع، مُستَشار ع
ان دونوں کے درمیان نازک معنوی فرق ہے۔ دراصل مُشیر کے معنی ہیں مشورَہ دینے والا۔ خواہ اس سے کوئی مشورہ طلب کرے خواہ نہ کرے لیکن جس سے مشورہ طلب کیا جائے اسے مُستَشار کہتے ہیں۔
مشورہ قبول کرنے والا۔ قابِع ع
مشورہ کرنا۔ سِگالِش ف، مُشاوَرَت ع، مُفاوَضَت ع، اِستِشارہ ع، اِستِصلاح ع، شَوَر ع
مشورہ کرنے والا۔ مُوتَمِر ع
مشورہ لینا۔ اِستِشارہ ع
مشہور۔ شائِع ع، مَعرُوف ع، شہِیر ع، عُرف ع، زبان زدہ ف، نامی ف، نامزد ف، نامُوَر ف، نَباہ ع
مشہور کرنا۔ اِشتِہار ع، عَلَم کردن ف، اِذاعَت ع، در صحرا نہادن ف
مشہور کی جمع۔ مَشاہیر ع
مشین۔ ماکِنَہ ع، مَارکِینہ ع
مصاحِب۔ انجمن سائے ف
مُصافحہ کرنا۔ تَصافُح ع
مصائب کا برداشت کرنا۔ حِلم ع، عَزا ع
مصرع لگانا۔ تَصرِیع ع
مصروف رہنے والا۔ شاغِل ع
مَصطگی۔ یہ لفظ مَصطَکیٰ، مُصطَکیٰ اور مَصطکا تینوں طرح آیا ہے۔ ایک درخت اور اس کا گوند۔ یہ درخت جزیرۂ مَصطکیٰ میں ہوتا ہے لہٰذا اسی کے نام سے دونوں چیزیں موسوم ہوگئیں۔ یہ جزیرہ (مُصطکیٰ) جزائر رومی میں سے ایک جزیرہ ہے جو قُسطَنطینِیَہ کے جنوب کی طرف خلیج قسطنطینی (باسفورس) کے دہانے پر واقع ہے۔ جو لوگ (رومی مَصطکی) بفتح میم وکسر کاف تازی یا مَصطگی کہتے ہیں وہ غلطی پر ہیں۔ جزیرہ مَصطکیٰ کا ترکی نام ساقِز ہے۔ عَلال ف، اُلِیکہ ع، عَلک ع، کندر رومی ف
مصلحت کی جمع۔ مَصالِح ع

مَصنوعی۔ ثَبات ع، ساختہ ف
مَصنوعی لنگڑا۔ عارِج ع
مُصَوِّر۔ رَسّام ع، نَقّاش ع، رنگریز ف، قلم زن ف
مُصَوِّر کا قلم۔ پَرقازہ ف
مُصیبت۔ حَیلَق ع، ضَرَّہ ع، فَجِیعَت ع، عُضلہ ع، مُعضَل ع، بائِقہ ع، بوائِق ع، غائِلہ ع، غوائِل ع، رَزِیہ ع، رَزایا ع، نازِلہ ع، نوازِل ع، نَعلاہ ع، نائِبَہ ع، ناجِرَہ ع، نیغَل ع، آفت ف، تابہ ف، بلاء ع، بُوس ع، بُوسیٰ ف، نادِی ع، کَرب ع، کُرَب ع، کُربَت ع، کُرَم ع، بَیفا ع، عاہَت ع، عاہات ع، فَجعَت ع
مُصیبت پر صبر کرنے والا۔ مُتَکَلِّف ع، صابِر ع
مصیبت کا مارا۔ تارمار ف، تال مال ف، ستم کش ف، دیکھو "غمگین"، "دُکھی"
مَضبُوط۔ مُستَوثِق ع، مَنِیع ع، مَنعاء ع، مُوَثَّق ع، پُختہ ف، پائدار ف، پایندہ ف، حَصِین ع، داثِق ع، واثِق ع، حَتمِی ع، مُستَقِل ع، اُستوار ع، مُحکَم ع، اَوثَق ع، رَستہ ف، راسِخ ع، زَرِین ع، رَکِین ع، غَلِیظ ع، زَنِیق ع، زَہر ع، زَفت ف، زَمَم ع، شَدِید ع، قوی ع، طاقتور ف، عَصِیب ع، مُستَمِر ع، مَرصُوص ع، مَرصُوصَہ ع، مُصَمَّم ع، مُتقَن ع، اَتقَن ع، مُشَیَّد ع، دَثقیٰ ع، دَثِیق ع، اُستوان ف، سنگ بست ف، مَتِین ع، مُبرَم ع، مُتَواطِد ع، مُؤکَّد ع، جَبزِیلہ ع، جَزائِل ع
مضبوط بنانا۔ تَرصِیص ع، اِحکام ع، اِشتِداد ع، اِبرام ع
مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ مَسَد ع
مضبوط پکڑنا۔ اِستِمساک ع
مضبوط کاٹھی کا آدمی۔ جَمالی ع
مضبوط کرنا۔ تاسِیس ع، تاکید ع، تَسدِید ع، تصمیم ع، اِبرام ع، تَشیِید ع، تَوثِیق ع، شَدّ ع، تَحصِین ع، اِحکام ع، تَشنِیہ ع
مضبوط کرنے والا۔ مُسَدِّد ع، مُوَسِّس ع، مُؤکِّد ع، مُشَیِّد ع
مضبوط گرفت۔ عُروۃُ الوُثقیٰ ع

مضبوط ہونا۔ پیوستن فہ توکّد عہ مناعت عہ

مضبوطی۔ انضباط عہ حصانت عہ مناعت عہ رسوخ عہ استحکام عہ سداد عہ ثقت عہ رمانت عہ میثاق عہ استقلال عہ رمانہ عہ اتقان عہ

مضبوطی سے پکڑنے والا۔ مستوثق عہ

مضبوطی کے ساتھ پکڑنا۔ بالاستقلال عہ رزانت عہ

مضرت کی جمع۔ مضار عہ

مُضطر۔ عربی ہے بمعنی ضرر رسیدہ۔ بے چارہ۔ بعض لوگ اس کو مضطرب کے معنی میں استعمال کرتے ہیں جیسے

ے ابرِ تر آنسو بہانا کوئی ہم سے سیکھ جائے
برقِ مضطر تلملانا کوئی ہم سے سیکھ جائے

یہاں برقِ مضطرب درست ہے۔

مطلب۔ فحواء عہ فحویٰ عہ مضمون عہ معنی عہ معانی عہ مراد عہ مدعا عہ مرام عہ مقصد عہ مقاصد عہ مآرب عہ

مُعاف۔ اصل میں باب مفاعلہ سے اسم مفعول (معافیٰ) ہے اس کا مصدر معافات ہے جس طرح منادات سے (منادیٰ) اسم مفعول ہے۔ اردو والوں نے معاف بنا لیا ہے۔ بحل عہ

مُعاف کرنا۔ فروگذاشت فہ عفو عہ بفتح اوّل و بسکون ثانی۔

انیس ے رحمت کے تم محیط ہو میں پُر گناہ ہوں
کس منہ سے نام عفو کا لوں روسیاہ ہوں

جہلا عفو بولتے ہیں حالانکہ عفوّ بفتح اول و ضم فا و تشدید واؤ کے معنی ہیں گناہ سے بہت درگزر کرنے والا۔ بحل عہ صفح عہ

معاف کرنے والا۔ معافی عہ عاف عہ عافی عہ عافین عہ

معافی۔ درستہ عہ

معافی مانگنے والا۔ مستعفی عہ

مُعانقہ کرنا۔ تعانق عہ

معتبر آدمی۔ ثقہ عہ

معترض ہونا۔ انحاد عہ

معتوب۔ گڑھا ہوا لفظ ہے جس پر عتاب یعنی ملامت اور غصہ کیا جائے۔ اس کی نسبت معاتب کہنا چاہیئے جو معاتبہ وعتاب کا اسم مفعول ہے۔

مُعجزہ۔ عجز کا استعمال قدرت کے مقابلہ میں کیا جاتا ہے۔ عجز انسان کے پچھلے حصّے کو کہتے ہیں۔ پھر اس عجز سے کسی کام میں مؤخر رہنے کا مفہوم اور پھر اس سے درماندگی کا مفہوم لیا جانے لگا خرقِ عادت عہ ید بیضا عہ پر مجازاً استعمال کیا جاتا ہے۔ کرامت عہ فرجود فہ

معذرت۔ عذر عہ پوزش فہ

مَعذرت کی جمع۔ معاذیر عہ

معذور رکھنا۔ تعذیر عہ

معذور ہونا۔ تعذّر عہ

معراج کی جمع۔ معارج عہ

معرفہ کی ضد۔ نکرہ عہ۔

معشوق۔ انیس اعضا عہ پری پیکر فہ جانی فہ پیر مغاں فہ ترک فہ خوباں فہ جاناں فہ حبیب عہ بلا جوئے فہ دلارام فہ دلبر فہ دلربا فہ جانِ جاں فہ دلدار فہ دلستاں فہ سبزہ فہ شاہد عہ شکرلب فہ گل رخ فہ گلفام فہ ترانہ فہ شکراب فہ صنم عہ جادو نظر فہ جادو نفس فہ حِب عہ آئینہ سیما فہ نیازی فہ افغانوں کی ایک قوم کا نام۔ سمن انداز فہ شنگول فہ سیمیں عذا فہ جادو نگاہ فہ جان شکر فہ سیم تن فہ سیمیں عارض فہ سیمیں بدن فہ شاخِ گل فہ سیمیں زنخ فہ خورشید لقا فہ خوش خرام فہ جانانہ فہ خوش ادا فہ لب خواستہ فہ لب چستہ فہ دل بر فہ دیبا رو فہ خاطر فریب فہ نسرین تن فہ نگارین فہ نسرین بدن فہ نسرین عذار فہ نگار بستہ فہ نگاریتہ فہ ماہ خرگہی فہ ماہ رخ فہ ماہ طلعت فہ محشر خرام فہ محشر قد فہ ہلال ابرو فہ برجِ ثریا عہ ساتگین تہ سرو رواں فہ سادہ پرکار فہ سرو بالا فہ سرو رعنا فہ سادہ رو فہ سرو چمن فہ نگار فہ سرو چمن طراز فہ چشم نشین فہ آتش سیما فہ دل خواہ فہ طوبیٰ قامت عہ آتش طلعت فہ آتش عذار فہ آتش رخسار فہ غیرتِ چمن فہ آئینہ طلعت فہ غیرتِ گل فہ زلیخا فہ غیرتِ حور فہ قمر عہ

منموہن م خرمنِ گل ف دل خواستہ ف دل فریب ف قیامت خرام ف کج کلاہ ف پستہ دہاں ف کشر ابرو ف کام دل ف کمر بند ف کانِ ملاحت ف گل چہرہ ف لالہ رُخ ف لالہ رُخسار ف لعل لب ف لالہ لب ف لالہ عِذار ف لعل مے پرست ف مُزَلِّف م محبُوب م اَلِیف م جاندیدہ ف ماہرُو ف بُت ف تلخ عتاب ف خانہ برانداز ف خانہ پرداز ف خِدَن م خوش کنار ف خوش نگاہ ف خورشید سیما ف دل آرام ف خورشید طلعت ف خورشید عذار ف دل نواز ف خورشید غبغب ف سروِ سہی ف فتنۂ عالم ف جامۂ گلگوں ف پوست گرگ مست ف سیمیں بناگوش ف سیمیں ذقن ف سیمیں رُخ ف آرام جاں ف آئینہ رُخسار ف ساقی م ساقی کے معنی پلانے والے کے ہیں لیکن بالعموم شراب پلانے والے کے معنی میں مستعمل ہے۔ اصطلاحِ صوفیہ میں اس سے مراد چار اشخاص ہیں (۱) ذات اول (اللہ تعالیٰ) (۲) مُرشدِ کامل (حضور پاکؐ) (۳) شیخ جس کو نیابت رسولؐ کا فخر حاصل ہو، (۴) معشوق۔

معشوق سے کھیلنا۔ مُغازلت م

معشوق سے ملنا۔ وَصْل م فن تنقید کی اصطلاح میں کسی لفظ میں کسی حرف کا اس طرح بڑھانا کہ لفظ کے معنی میں کوئی فرق نہ آئے وہ حرف یہ ہیں۔ الف۔ ب۔ ت۔ ش۔ م۔ واؤ۔ ی۔

معشوق کا اپنے عاشق سے ناز و غمزہ کرنا۔ تَسَحُّب م

معشوق کا بوسہ۔ حلوائے بے دُود ف

معشوق کا بوسہ لینا۔ فُندُق شِکَستَن ف

معشوق کا رخسار۔ وَرَق آفتاب ف اور یہ الفاظ رخسار کی تشبیہات کے لئے مستعمل ہیں۔ ماہ۔ آفتاب۔ شمع۔ چراغ۔ کعبہ۔ مصحف۔ فراق۔ گل۔ شعلہ۔ مشعل۔ شعلۂ طور۔ تجلی طور۔ صبح رُوز۔ گلستان۔ باغ آرام۔

معشوق کا سینہ۔ عَین کافور ف

معشوق کا قد۔ شاخِ سَمَن ف سَرو ف صنوبر ف شمشاد ف سرو رواں ف سرو آزاد ف طُوبیٰ ف شاخ گل ف قیامت۔ نخل سرو خراماں ف سرو نازف نہال۔ تیر۔ الف ما

معشوق کا لب۔ پستۂ شکر فشاں ف گل قند ف حلوائے بے دُود ف دُود آتش ف دُرِ مرجان ف قند م دو طوطی ف قند مکرر ف آتش آب پیکر ف آتش تر ف آتش سرد ف عقیق ناب ف عُنّاب تر ف جام گوہری ف غنچہ ف رگ گُل۔ پستہ ف شکّر ف آب حیات ف موج کوثر م مَوج تسنیم م شہد ف موج شراب م آتش خاموش ف رشتۂ جان ف مسیحا م نبات م لعل م لعل آبدار ف گل برگ ف لعل خنداں ف لعل خوشاب ف لعل سیراب ف لعل شکر باز ف لعل کہربا ف یاقوت خام ف مرجان پروردہ ف شکر ریز ف شکر عقیق رنگ ف نیم ہلال ف یاقوت م عقیق م مرجان م ہلال م نوشین لعل ف

معشوق کا مُنہ۔ دہنِ معشوق ف غنچہ ف پستہ ف انگشتری ف جوہرِ خرد ف نقطۂ موہوم م صُنغر م دل مور ف عدم م صَدَف م قطرہ م تنگ شکر ف حقۂ مروارید ف حقۂ مرجان ف حقۂ یاقوت ف میم م کوزہ ف نبات م چشمۂ قند ف چشمۂ نوش ف حلقۂ میم ف دروازۂ نوش ف یاقوت سربستہ ف خاتم سُہیل نشان ف چشم مور ف نمک داں ف خطِ جوہری م

معشوق کا ناز و کرشمہ۔ غُنجار ف غُنجارہ ف برزم ف غُنج ف عشوہ ف غمزہ ف بشک ف

معشوق کی ایسی نظر جو عاشق کو غلطی میں ڈال دے۔ نظر غلط انداز ف

معشوق کی انگلیاں۔ عُنّاب تر ف خندق م گل اورنگ ف

معشوق کی آنکھ۔ آہو ف نرگس مخمور ف سیہ بادام ف نرگس نیم خواب ف تُرک ف ہندو ف زہرہ ف ساغر ف ساقری م ساحر م جادُو ف فسوں ساز ف فتّان م جام ف پیمانہ ف غزال ف صاد م عَین م نرگس ف بادام ف

معشوق کی آنکھ یا بھنووں کا اشارہ۔ غمزہ ف

معشوق کی آنکھیں۔ دوست آہو ف دو ہاروت کافر ف

معشوق کی بے پروائی۔ ناز ف

معشوق کی بھویں۔ قوسِ مشکیں ف محراب م ہلال م کمان ف

قوس ۂ قوس قزح ۂ ذوالفقار ۂ شمشیر فۂ خنجر فۂ حلقہ کمند فۂ
طاق ۂ کلید ۂ نون ۂ معنبر سائبان فۂ
معشوق کی پلکیں ۔ مشکیں سنان فۂ خنجر فۂ تیغ فۂ تیر فۂ
نیزہ فۂ مار فۂ سوزن فۂ چنگال فۂ خدنگ فۂ پیکاں فۂ
نیش فۂ نشتر فۂ
معشوق کی ٹھوڑی ۔ آبِ معلّق فۂ جام سیم فۂ سیمیں گوئے فۂ
سیمیں سیب فۂ
معشوق کی زبان اور منہ ۔ ماہی و چشمۂ خضر فۂ
معشوق کی زبان چوسنا ۔ کبوتر دُم فۂ
معشوق کی زلف ۔ چوگان سُنبل فۂ عنبر تر فۂ نُنُوکہ ۂ معنبر دام فۂ
عنبریں سنبل فۂ زنجیر فۂ غلالہ فۂ طناب ۂ جرارہ ۂ رَسَن فۂ
لام ۂ میم ۂ چوگان ۔ چلیپا فۂ ابر سیاہ فۂ قلاب فۂ دام فۂ
ہندو فۂ خطا ۂ ختن فۂ تاتار فۂ چین فۂ کافر ۂ چوگانِ سنبل فۂ
سنبل الطیب فۂ دستۂ سنبل فۂ ہند فۂ
معشوق کی گردن ۔ ماشورۂ عاج فۂ صراحی فۂ دستۂ عاج فۂ
بیاض صبح فۂ گردن آہو فۂ
معشوق کے ظلم ۔ برق ۂ آتش فۂ بادِ سموم فۂ صور ۂ
قیامت ۂ بادِ خزاں فۂ دوزخ فۂ بادِ صرصر فۂ
معشوق کے ظلم سہنا ۔ سوختن فۂ
معشوق کے ناخون ۔ ناخنِ آفتاب فۂ
معشوقہ ۔ محبوبہ ۂ عشیقہ ۂ سوگلی فۂ موّل ۂ
نگارینہ فۂ تاز فۂ
معطّل کرنا ۔ تعطیل ۂ
معطل ہونا ۔ بطالت ۂ
معقولیت سے دور رہنے والا ۔ منحرف ۂ
معلم ثانی ۔ ابو النصر فارابی کا خطاب ہے۔
معلومات ۔ مَاصِرات ۂ
معلومات ۔ تجربہ، واقفیت اور علمی لیاقت کے معنوں میں بعض ولعد مونث ۔ بعض جمع مذکر استعمال کرتے ہیں اصول زبان کے لحاظ سے جمع مذکر درست ہے کیوں کہ معلومات، معلومہ کی جمع ہے جو معروضہ منصوبہ کی طرح مذکر ہے ۔ جب معروضات، منصوبات جمع مذکر مستعمل ہیں تو معلومات بھی جمع مذکر ہے لہٰذا ان کی معلومات وسیع تھیں غیر فصیح ان کے معلومات وسیع تھے صحیح ہے ۔
معمار کی کرنی ۔ مالہ فۂ مرزہ فۂ
معمولی ۔ غیر رسمی فۂ
معمولی سا اثر ۔ لمم ۂ
معمولی لنگڑا ۔ تکرتنگ فۂ
معمّٰے ۔ عربی لفظ ہے ۔ پوشیدہ اور مخفی معنوں میں ۔ فارسی اردو میں چیستاں ۔ وہ کلام جس میں کسی کا نام بطور ابہام بیان کریں ۔ پیچیدہ بات ۔ ہائے ہوز کے ساتھ معمہ لکھنا صحیح نہیں ۔
معنیٰ ۔ عربی ہے اور آخر میں الف مقصورہ بہ صورت یا ہے ۔ یہ مَنی (بالفتح) وعنایۃ (بالفتح) ارادہ کرنا، چاہنا قصد کرنا سے مصدر میمی ہے ۔ لیکن بمعنی مفعول قصد کردہ شدہ یا چاہا ہوا، مقصود، مفہوم، مطلب، مراد ۔ جمع معانی بروزن مکانی ۔ معنیٰ کی اردو جمع معنے تختے کے وزن پر اور حرف جار آنے کی صورت میں معنوں آتی ہے ۔ واحد کی مثال نسیم ؎

مطلب کی بات کہہ نہ سکے اُن سے رات بھر
معنیٰ بھی منہ چھپائے ہوئے گفتگو میں تھا

عربی جمع کی مثال فقرہ قاموس العلوم " اس لغت میں الفاظ کے لغوی و اصطلاحی سب معانی لکھے گئے ہیں " اردو جمع کی مثال ۔ اسیر ؎

دنیا میں راہِ راست دلیل عروج ہے
معنے سپہر پر یہ خط استوا کے ہیں

ناسخ ؎

باندھے ہیں کاکُل پیچاں کے جو اکثر مضمون
اس لئے رکھتے ہیں معنے مرے اشعار کے پیچ

لیکن فارسی اردو میں صرف معنی بروزن ظرفی مستعمل ہے ۔ غالب ؎

دہر میں نقش وفا وجہ تسلی نہ ہوا
ہے یہ وہ لفظ کہ شرمندۂ معنی نہ ہوا

مؤلفین قاموس الاغلاط کی رائے میں اردو میں اس کا صحیح استعمال یہ ہے

کہ واحد مونث کے صیغہ میں لکھا جائے جیسے "اس لفظ کے معنی معلوم نہ تھی" جس طرح لکھتے آپ کی مرضی معلوم نہ تھی۔ مدلول ع فحویٰ ع

معنیٰ بیان کرنا۔ تعریف ع تشریح ع

مَعْنُوَن ۔ عربی ہے ۔ بروزن مُذَبْذَب ۔ عنوان بالکسر و بالضم کے معنی ہیں۔ دیباچۂ کتاب، ہر چیز کا اول ۔ فارسی اردو میں طور طریق۔ عنوان دراصل عَنْوَنَہ کا اسم ہے جس طرح دَحْرَجَہ کا دِحراج ۔ چوں کہ عَنْوَنَہ ، تَرْجَمَہ ، دَحْرَجَہ ، وغیرہ رباعی مجرد ہیں اس لئے ان سے اسم مفعول مُعَنْوَن ، مُتَرْجَم ، مُدَحْرَج آتا ہے ۔ پس معنون کے معنی ہوئے عُنوان کیا گیا۔ مُعَنْوَن کی جگہ مَعْنُوَن (بسکون عین و نون) کہنا سخت غلطی ہے۔ البتہ مَعْنُون بروزن معلوم کے معنی عربی میں مجنون و دیوانہ ہیں اور یہ عَنَّ و عُنُوں سے اسم مفعول ہے۔

مغرب ۔ باختر ف

معیاری زبان ۔ لفظِ قلم ع

مغرور ۔ قِطرِیس ع غِطرِس ع کَلہ دار ف شاریخ ع گردن سرشت ف گرم دماغ ف تمتاخ ع خائف ع اَبِیّ ع خود بیں ف شاخدار ف سرکش ف نخوتہ ف مُعجب ع عاتی ع متکبر ع عات ع نافرمان ف گردن فراز ف گندہ منتر ف بُجیش ع مُعجب ع دست بالا ف ریش برباد ف شاخ بدیوار ف گراں سر ف

مغرور کو ذلیل کرنے والا ۔ خافض ع اصطلاحاً حرف کو زیر کرنے والا۔

مَغفِرت چاہنا ۔ اِستِغفار ع اِغتِفار ع

مغلوب ۔ تاثر و تختن ف زیر ف

مُفت ۔ مُجّان ع چِلمِلہ ف

مُفت کی چیز فوراً لے لینی چاہیئے ۔ مفت را چہ گفت ف

مُفلِسی ۔ اِملاق ع

مقابلہ ۔ صَدَد ع

مقام جہاں کسی کو دخل نہ ہو ۔ تنگبار ف

مقبرہ ۔ درگاہ ف حجرہ ف حُجَر ع آستانہ ف

مقبرہ جو چلہ کشی کے لئے چاروں طرف سے بند ہو ۔ بَرابِی ۔

مقبول بندہ ۔ اسمٰعیل ع ایک مشہور پیغمبر کا نام ۔ سمع اور ایل دو لفظوں سے مرکب ہے ۔ عبرانی میں اہل اللہ کے مرادف ہے ۔ عربی کے اسمع اور عبرانی شماع کے معنی ہیں سُن ۔ چوں کہ اسمٰعیلؑ کی ولادت کے بارہ میں اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیمؑ کی دعا سُن لی اور ہاجرہ کو فرشتہ سے شہادت ملی اس لئے ان کا یہ نام رکھا گیا ۔ عبرانی میں اس کا تلفظ شماع ایل ہے ۔

مُقَدَّمُ الذِکر ۔ کسی تحریر میں دو اشخاص کا نام آتا ہے اور بعد کو ہر ایک کے متعلق کچھ لکھا جاتا ہے تو جس کا نام آگے ہو اس کی نسبت مقدم الذکر اور جس کا نام پیچھے ہو اس کی نسبت موخر الذکر لکھتے ہیں ۔ (مقدم الذکر) ذکر آگے کیا گیا ۔ اور موخر الذکر (پیچھے ذکر کیا گیا) اس کی جگہ اول الذکر اور آخر الذکر نہیں لکھنا چاہیئے (اول الذکر ۔ ذکر کا اول) اور (آخر الذکر ۔ ذکر کا آخر) یہ الفاظ معنےٰ ادائے مفاہیم سے قاصر ہیں ۔

مُقَدَّمَہ جو عدالت میں لے جایا جائے ۔ رُقیعہ ع

مُقَرَّر کرنا ۔ تشخیص ع تقرُّر ع تقریر ع گماشتن ف

مقرر کیا ہوا ۔ گماشتہ ف مامور ع

مَقرُوض ۔ عربی فارسی میں یہ لفظ نہیں آیا ۔ اہل اردو کا گڑھا ہوا ہے ۔ مدیُون ع قرض دار ف

مقصد کی اِنتہا ۔ اَقصائے مقصد ع

مَقعد ۔ کُر ع ہُرَّہ ف

مَقعد کا سوراخ ۔ دہان پُشت ف مَرز ف ذُعرہ ع حلقۂ دُبر ع

مَقناطِیس ۔ غیاث اللغات میں مقناطیس بالکسر اور بحر الجواہر میں مقناطیس بر فتح میم و غین مُعجمہ لکھا ہے ۔ دراصل مَغنیسیا مَغنیسیہ ۔ ایشیائے کوچک کا ایک قدیم شہر اور صوبۂ صارخان کا مستقر حکومت تھا اسی کی طرف چمک پتھر منسوب ہو کر عربی میں مَغناطیس یا مَغنَطِیس کہلاتا ہے جو دراصل مُعرب یونانی ہے ۔ فارسی اردو میں مَقناطیس (بہ قاف) کہتے ہیں ۔ بالفتح اقرب صحت ہے ۔ آہن رُبا ف سنگ آہن کش ف

مُقیم ۔ قاطِن ع (مسافر کی ضد)

مُقیم ہونا ۔ تخلید ع اقامت ع

مُکّا ۔ سیلی ف طمانچہ ف دیکھو تھپڑ ۔

مکّار۔ زرّاق ع سالوس ف شیاد ع غابن ع داغول ف
گربہ گوں ف گُربُز ف مُزوّر ع مُخادِع ع کُربُز ف کہنہ فعل ف
مُتّخیِل ع حیلہ گر ف مُکید ع نیرنگ ساز ف نیرنگ باز ف
مارگیر ف ساحِر ع علّم غلّم ف مُرائی ع دَلّہ ع ابلیس ع دیکھو
لفظ شیطان ۔ دَول ف شیشہ باز ف عَزّار ع غَشّ ع دوسَرِنے
دوزبان ف راوِغ ع تیر آور ف چپ انداز ف ابُوالدّنیا ع
کیمیاگر ف بُوشی ع بُرّش ع اَدباش ج قُلّاب ع قُلّب ع ماکر ع
فَرّاد ع خَبّ ع ریمن ف بدنفس ف حضرت ع اردو محاورہ
میں بطور مکار یہ لفظ کثرت سے مستعمل ہے۔ مثلاً کسی شخص کی عیاری
کو یوں بیان کرتے ہیں۔ وہ بڑا حضرت ہے۔ کبوتر باز ف (مجازاً)
خلّاب ع کائد ع مُہرہ چین ف
مکار عورت۔ مُحِیلَہ ع
مکاری۔ رُوباہ بازی ف زُخرُفہ ع کاسہ بازی ف
تیرہ رُوزی ف عیاری ف
مکاری اور دروغ گوئی کا الزام لگانا۔ تزریق ع
مکاری سے نیک بننے کے لئے اپنے نیک کاموں کا اظہار کرنا۔
سُمعت ع
مُکّا مارنا۔ شلّاق ت
مکان۔ سرا ف عمارت ع مسکن ع مقر ع مساکن ج
حیز ع دار ع رَبع ع رَحل ع حُجرہ ع اَدتاق ت بُنگاہ ف
بُقعہ ع بِقاع ج خان ع بَیت ع بُیوت ج ملاحظہ ہو شعر
مکانات۔ مَرابع ع
مکان جس میں اسلحہ ہو۔ قورچی خانہ ف
مکان جس میں چاروں طرف جالیاں ہوں اور ان پر نظر
ڈالنے سے بارش کی سی کیفیت معلوم ہو۔ ساون بھادوں ہ
مکان جو گاؤں میں ہو۔ دِہکدہ ف
مکان صاف کرنا۔ سَفر ع
مکان کا بلند ہونا۔ اِشادت ع
مکان کا چھجہ۔ رِواق ع طُرّہ ع

مکان کا خالی ہونا۔ خلوت ع بالکسر غلط ہے۔
مکان کا کنگرہ۔ قُبّہ ع تذفہ ع
مکان کا گوشہ۔ کُنج ف زاویہ ع
مکان کرایہ پر دینا۔ اِکرا ع
مکان کی جمع۔ مکانات ع اماکن ع اَمکِنہ ع
مکان کی چھت۔ سَمک ع سطح ع سقف ع سماء ع
آسمانہ ف آشیاں ف
مکان کی سند۔ قبالہ ع
مکان کی فضا۔ ساحت ع
مکان کی لپائی کرنا۔ تمدیر ع
مکان کے دروازہ کا کشادہ صحن۔ فناء ع
مکر۔ آوند ف تلبیس ع فریب ع خدعہ ع حیلہ ع
خدیعت ع دَمدمہ ف ریو ف زوَر ع شالہنگ ف زَرق ع
نِفاق ع ساز ف گول ف کید ع مکائد ع کیمیا ع مِحال ع
مُخادعہ ع مُخادعت ع نیرنگ ف ناموس ع نوامیس ج
شِکن ف بلاس ف
مُکرّر سکرّر۔ دوبارہ ۔ تبارہ کے معنوں میں اردو میں لکھتے ہیں۔
مُکرّر اسم مفعول ہے تکرید تکرار کا اور صحیح ہے لیکن سکرّر جہلا
کی گڑھت ہے۔ مکرر سکرر کی جگہ مکرراً کہیں تو مفہوم ادا ہوسکتا ہے
مکرر کرنا۔ رنگ کردن ف از تہ ریش گذشتن ف
مکروہ۔ مَسخُوط ع
مکروہ چیز۔ کُرہ ع نامرغوب ف سُحت ع سُحُت ع
مکروہ کی جمع۔ مَکارِہ ع بوزن مساجد۔
مکڑی۔ تَندُ ف عنکبوت ع جولہ ف شیرمگس ف کارتن ف
کارتنگ ف کارتنہ ف کلاش ف شبَث ع مگس گیر ف زجال ف
عُکاش ع عُکاشہ ع دیوپا ف جولاہہ ف جولاہ ف
مکڑی کا جالا۔ کلاش خانہ ف لعاب عنکبوت ف تارِ عنکبوت ف
نَسج ع تَنہ ف تَغنی ف تغنہ ف
مکہ معظمہ۔ عُرس عرب ف ام القریٰ ع بکّہ ع ناف ارض ف

نافِ خاک ف نافِ عالم ف نقطۂ گاہ ف سوادِ اعظم ع

مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ:۔ حَرَمَین ع

مکی (اناج):۔ ذُرَہ ع

مکھن:۔ کَرَہ ع زَغید ف زَبَد ع زُبد ع زُبدَہ ع

مکھی:۔ ذُباب ع مَگس ف زَنّار ع زنانیر ج خَنش ع

کَہَت ف

مکھی کا گو:۔ دَنیم ع

مگرمچھ:۔ نِزعَون ع سیاہ سار ف تِمساح ع تماسیح ج

نَہَنگ ف گَرَہ ف شیر آب ف

ملاپ:۔ یک جہتی ف یگانگت ف اِرتِباط ع

ملا جلا:۔ دَرہم ف آمیختہ ف مَخلوط ع مَشوب ع مُرتَبِج ع

مَلّاح:۔ نَوتی ع نَواتی ج کشتی کش ف سَفّان ع رئیس بحری ف

ناخدا ف حرکاتی ف داری ع

مُلاقات:۔ برخوردن ف لُقیہ ع

مُلاقات کرنا:۔ اِلتقاء ع بارخوردن ف تلقّی ع

مُلاقات کرنے والا:۔ واصِل ع مُتَلَقّی ع

مُلاقاتی:۔ آشنا ف یگانہ ف

مُلاقاتی کارڈ:۔ ورقۃ الزّیارت ع

مَلامت:۔ نفرین ف پیخارہ ف سرزنش ف تقریع ع

تفشر ف تَعَنّف ع تَثریب ع

ملامت کرنا:۔ تعییر ع تَوَعّد ع تَعنُّف ع آستین افشادن ف

تخشہ زنی ف تلویم ع لیامت ع تفنید ع دیکھو "جھڑکنا"

ملامت کرنے والا:۔ عاذِل ع عواذِل ج لائم ع

مُتَعَنِّف ع

ملانا:۔ اِلحاق ع اِمتِزاج ع آمیختن ف آمیزش ف تخلیط ع

دَوف ع دَہ دل ف دہ دِلہ ف لَحِق ع مُتَرَدِّد ع خِلاط ع

مَزج ع

ملانے والا:۔ رابِط ع مُخَلِّط ع

ملاوٹ:۔ آمیزش ف شائبہ ع شوائب ج غَسل ع

شَوب ع آلودگی ف لَوث ع

ملا ہوا:۔ مُلحِق ع پیوستہ ف مُتّصِل ع باہم ف کمر بکمر ف

کمر در کمر ف مُمتَزِج ع

مَلا ہوا:۔ مالیدہ ف

مُلائم گوشت:۔ خَیزب ع

مُلائم گھاس:۔ رُخ ع

مَلائی:۔ شِمرَۃ ع قیماق ت قَشدَہ ع زُبدہ ع

مَلبَہ:۔ کِبش ع

مُلتوی کرنا:۔ اِلتواء ع

مِل جُل کر بیٹھنے والوں کی جماعت:۔ جُلوس ع

مُلک:۔ وِلایت ف کِشوَر ف اِقلیم ع اقالیم ج یونانی

لفظ کلیمہ کی تعریب ہے۔ جس کے معنی ہیں میلان، جھکاؤ۔

یونانی حکیم ابرخس (ہیپرکس) نے ۱۹۵ق م میں رُبع مسکون کو

سات حصوں میں طولاً تقسیم کر کے ہر حصہ کا نام اِقلیم رکھا۔ اسلامی

جغرافیین، بیرونی، اِدریسی، مسعودی ابوالفداء وغیرہم نے بھی

اقالیم سبعہ کا استعمال کیا ہے۔ بِلاد ع

مُلکِ عرب:۔ حِجاز ع اصل میں تہامہ یعنی مکہ کی زمین اور

نجد کے درمیانی کوہستانی علاقہ کو حجاز کہتے ہیں اور حجاز اس لئے کہ

وہ دونوں علاقوں کے درمیان ایک پردہ ہے۔

مُلمع کرنا:۔ زراندودن ف زَخرَفہ ع زَخارِف ج

ملمع کی ہوئی چیزیں:۔ زَخارِف ع

مِلنا:۔ اِیصال ع مُمازَجَت ع مُواصَلَت ع اِلتِصاق ع اِلتِقا ع

تَلازُم ع ضَمّ ع تواصُل ع تلاق ع تلاقی ع اِطباق ع تجوید و

قرأت کی اصطلاح میں زبان کے بیچ کا تالو کی طرف بلند ہونا اور

اس سے مل جانا۔ حروف ص، ض، ط اور ظ اس طرح ادا کئے جاتے

ہیں۔ مَزج ع

مِلنا مِلانا:۔ مَزُج ع

مِلنسار:۔ دوشاب دل ف خلیق ع مُخلص ع مُروت طلب ع

بامروت ف وضعدار ف

مِلنساری۔ خُلق ع مُرّوت ع آدمیت ع

ذوقؔ ے آدمیت اور شے ہے علم ہے کچھ اور چیز
کتنا طوطے کو پڑھایا پر وہ حیواں ہی رہا۔

مِلنے کی جگہ۔ مُلتقیٰ ع مَوصِل ع سَنگم ہ

مِلنے والا۔ مِلاقی ع مُلحِق ع واصِل ع وصّال ع مُمتزِج ع

مُلہٹی۔ بیخ مہک ف غلُوفر ف اصل السوس ع

ملیدہ۔ انگشتو ف

ممکن۔ نادر ف

منادی کرنے والا۔ جار ت جارچی ف نقیب ع

مُناسب۔ مُلائم ع دُرست ف جائز ع صحیح ع رَوا ف

مناسب وقت۔ مَوقِع ع مَفعِل کے وزن پر مَوقِع آتا ہے مَوقِع میں ۃ بڑھاکر موقعہ لکھنے کی کیا ضرورت ہے۔ اہلِ اُردو موقِع کو بفتح قاف کہنا چاہیں تو موقَع کہیں جیسے مَوضَع۔

مناسِک۔ مَنسک کی جمع ہے۔ مَنسَک بفتح سین بمعنیٰ فعل اور مَنسِک بالکسر سین بمعنی موضع۔ نُسک کے معنی عبادت کرنا اسی لئے عبادت گزار کو ناسک کہتے ہیں۔ پھر خدا کے نام پر قربانی کرنے کو بھی عبادت ہونے کی وجہ سے منسک کہتے ہیں اور ذبیحہ کو نَسِیکہ اور اسی وجہ سے افعال حج کو بھی مَناسِک کہتے ہیں۔

مُنافع۔ نَفع کی جمع ہے۔ نفع کی جگہ مُنافع کہنے سے بچنا چاہیئے۔ اور مُنافِع مُنفعت کی جمع ہے۔

منافق۔ دودلہ ف دورنگ ف ریاکار ف تہ دار ف زرّاق ع زِرہ گوش ف کینہ دَرز ف کینہ دَر ف دُوزبان ف کینہ توز ف کینہ کوش ف کینہ دار ف کین توز ف کین خواہ ف کینہ خواہ ف ماخ ف رَعناگو ف زردگوش ف دُورُو ف

منبر کی جمع۔ مَنابِر ع

مُنتخب کرنا۔ اِنتِشار ع اِنتخاب ع

مَنتر۔ سِحر ع رُقیہ ع عَزیمت ع افسوں ف جادُو ف جادو، جادوگر کے معنی میں بھی آیا ہے۔

منتر پڑھنے والا۔ مُتراقی ع

مَنتر جاننے والا۔ پرخوان ف جادو ف ساحِر ع

مُنتزَعہ۔ عروض کی ۱۹ بحروں کے دائروں میں سے ایک دائرہ کا نام۔ اس دائرہ کو مُنتزَعہ اس لئے کہا گیا کہ اس دائرے کے ارکان ایک ایک اور دو دو جُدا جُدا ہیں۔

مُنتشَر۔ اس لفظ کے اعراب پر جو اختلاف ہے ہم اسے ذیل میں نقل کئے دیتے ہیں۔ مرحوم شوق قدوائی نے مولوی محوی کو ایک خط لکھا "منتشر کا لفظ میری تلاش میں بہ فتح شین نہیں ملا عربی میں شاید اس کا مفعول نہیں آیا ہے۔ منشی امیراحمد مرحوم کی تلاش میں بہ فتح مُنتشَر یہ لفظ نہیں ملا تھا مگر استاذ اسیر مرحوم نے ایک تاریخ کے قافیئے میں بہ فتح سین فرمایا ہے"۔ مُنتشر کے اعراب کی تعین کے لئے انتشار کو دیکھنا چاہیئے اگر وہ متعدی ہے تو مُنتشَر بہ فتح شین آسکتا ہے ورنہ لازم ہونے کی صورت میں مُنتشِر بہ کسر شین ہونا چاہیئے کیوں کہ افعال لازم سے مفعول نہیں آتا۔ لہٰذا ہم نے صحاح و قاموس کی طرف رجوع کیا تو انتشار کے معنی ہیں پھیلانا، پراگندہ ہونا (لازم) اور خبر وغیرہ پھیلانا، شائع کرنا (متعدی) لہٰذا معلوم ہوا کہ مُنتشَر بہ فتح شین بھی درست ہے۔

مُنتشِر افراد کو اکٹھا کرنا۔ حَشر ع

منتشر ہونا۔ پراگندن ف شَمل ع لُغاتِ اضداد سے ہے یعنی اسی کے معنی اکٹھا ہونا بھی ہیں۔

مُنتظِر۔ راقِب ع مُترَقِّب ع دیکھو انتظار کرنے والا

مُنتظِم۔ نسیق ع دیکھو انتظام کرنے والا۔

مِنت وزاری کرنا۔ تَفرّع ع

مِنٹ۔ دَقیقہ ع

مِنٹ کا ساٹھواں حصہ $\frac{1}{60}$۔ ثانیہ ع

منحوس آدمی۔ یَسار ع

مُنحرِف ہونا۔ خرُوج ع

منحصر کرنا۔ شَرِیط ع

مَندر۔ بُت کدہ ف دَیر ع کنیسہ ع کنائِس ع مَعبد ع صَومَعہ ع صَوامِع ع ہیکل ع ہیکر ف قوش ت بہارخانہ ف

منڈی (بازار)۔ جوبہ ف
منڈھاہوا۔ ممرّغ ع
منڈھی ہوئی داڑھی والا۔ حلیق ع
منزل۔ برت ت
منزل مقصود۔ سبق ع
منزل ناپیداکنارہ۔ سیرگم ف
منشی۔ کاتب ع دبیر ع محرّر ع
منصف۔ دادار ف دادگیر ف عادل ع ناصف ع
دیکھو انصاف کرنے والا۔
منظور۔ مرکوز ع مقبول ع مستجاب ع
منظور کرنا۔ راہ دادن ف استجابت ع ایجاب ع ایجاب
کے لغوی معنی ثابت کرنے کے ہیں اور اصطلاح فقہا میں متعاقدین میں
سے کسی ایک کے اس کلام اوّل کا نام ہے جو بطور درخواستِ نکاح وہ
اس دوسرے کے سامنے کہے جس سے وہ نکاح کا آرزومند ہے۔
منظوم کلام۔ قریض ع
منع کرنا۔ حرام ع سدّ ع قرق ت آستین زدنی ف اعدام ع
امتناع ع
منع کرنے والا۔ مانع ع زجیر ع شاغل ع منوع ع ناہی ع
عائق ع حائل ع منیع ع کاف ف وازع ع
منع کیا گیا۔ ممنوع ع محذور ع قورق ت (ایروزن سرخ)
محظور ع
منع کی ہوئی چیزیں۔ مناہی ع غیر مشروع ع
منقطع ہونا۔ انقطاع ع
منقلب کرنے والا۔ قلّاب ع منقلب
منکوحہ عورت۔ حلیلہ ع حرم خانہ ف حرم سرا ف حرم گاہ ف
منگل۔ یوم الثلاثاء ع ثلاثاء ع سہ شنبہ ف نافِ ہفتہ ف
منگنی۔ خطبہ ع
منگنی دینا۔ اعارت ع
منگنی کرنا۔ زن خواستن ف

منگنی کرنے والا۔ خاطب ع
منگیتر۔ منسوبہ ع مخطوبہ ع
مُنہ۔ پوز ف دہن ف دیدار ف روئے ف رخ ف
چہرہ ف رو ف طلعت ع بندخت ف زفر ف وجہ ع
بوسہ دان ف
مُنہ آنا (بیماری)۔ قُلاع ع جوشش دہان ف
مُنہ بندکلی۔ ہصیم ع غنچۂ ناشگفتہ ف
مُنہ بولا بیٹا۔ مسند ع ملصق ع متبنیٰ ع
مُنہ بولی ماں۔ مادبراہ ف ماریرہ ف
مُنہ پھٹ آدمی۔ غاژ ف غاسق ع
مُنہ پھیرنا۔ تصدّف ع شانہ گردانی ف اضراب ع اعراض ع
تواکف ع اعزاز ع
مُنہ چڑھا۔ مقبل ع
مُنہ در مُنہ بات کرنے والا۔ مشافہ ع
مہندی۔ حنّا ع اردو فارسی میں بہ تخفیف ہی مستعمل ہے۔
ذوق ؎ ذوق اس پائے نگارین کا جو ہے وصف نگار
اشکِ خونیں سے ہے کاغذ کو حنائی کرتا
انوری ؎ منع حکمت دستِ گردوں را نہد برکف حنا
در ہر آں عزمی کہ از نوکِ قلم کردی خضاب
مُنہ دیکھنے کا شیشہ۔ آئینہ ف آہینہ ف آہنہ ف مرآۃ ع
مرایا ع
مُنہ سے نکلا ہوا تھوک۔ بساق ع
مُنہ کا بدبودار ہونا۔ بشاعت ع
مُنہ کی خوشبو۔ نکہت ع دیکھو خوشبو۔ بخر ع
مُنہ کے اندر کا تھوک۔ ریق ع
مُنہ کے بل گرا ہوا۔ کبیت ع
مُنہ کے بل گرنا۔ کب ع کبوہ ع اِکباب ع
مُنہ، ناک، کان اور آنکھ۔ چہار زبان ف
مُنہ یا ہاتھ سے پتھر کو چھونا۔ استلام ع

مَنی :۔ عَسیلہ ع حَیض سفید ف آب آبستنی ف مادۂ تولید ف

مَنی لبس :۔ مَخط ع

مَنی خارج ہونا :۔ اِنزال ع

مَنی کا کود کر نکلنا :۔ دَفق ع

موافقت کرنا :۔ اِتِّفاق ع سازگاری ف وِفاق ع

موافقت ہونا :۔ تَوَفُّق ع

موافق شرع :۔ جَواز ع حلال ع جائز ع

موافق ہونا :۔ درگرفتن ف

مَوت :۔ مَرگ ف اَجَل ع اَجال عج خواب جاوید ف حَتف ع ہادِمُ اللَّذّات ع مِلدَم ع زخمِ دُرُست ف بے محابا پلنگ ف دَمارَت ع ناچیح ع نَحَب ع دَمار ع سام ع ہلاکت ع ہوش ف ثُبُور ع یقین ع حَین ع مَمات ع مَنِیَّہ ع حمام ع بازمُردمِ شکار ف آخرِ سفر ع

مَوت کی خبر :۔ نَعی ع

موت کی خبر دینے والا :۔ ناعی ع نَعِیّ ع

موت کی خبر مشہور کرنا :۔ نَعی ع

موت کا فرشتہ :۔ مَلکُ المَوت ع آسمان ف عزرائیل ع قابضِ ارواح ع

موت کا وقت :۔ اَجَل ع آجال عج

مُوتَلِفَہ :۔ عَروض کی ۱۹ بحروں کے مختلف دائروں میں سے ایک کا نام ۔ یہ لفظ الفت سے ماخوذ ہے اور ان بحروں میں مناسبت پائی جاتی ہے اور ان بحروں میں سات حرفی ارکان ہیں اس لئے یہ نام رکھا گیا۔

مُوتی :۔ دُرّ ع دُرَر عج دُرَّہ ع آب خوش ف گُہَر ف گوہر ف لُولُو ع ہر دو واؤ معروف ۔ لآلی عج جُمان ع مَروارید ف

مُوتیا بند :۔ آب گوہر ف آب مروارید ف

موتی پرکھنے والا :۔ گوہر سنج ف

موتی جو سیپ میں تنہا ہوتا ہے :۔ دُرِّ یتیم ع

موتیوں کو پُرونا :۔ نظم ع اصطلاحاً وہ کلام جس میں موزونیت پائی جائے اور بالقصد کہا جائے ۔ اس کی دس قسمیں ہیں ۔ فرد ۔ رُباعی ۔ قطعہ ۔ غزل ۔ قصیدہ ۔ مثنوی ، ترجیع بند ۔ ترکیب بند ۔ مُستزاد ، مسمّط ۔

موتیوں کی لڑی :۔ سَمط ع سُموط عج طَویلۂ دُر ع عِقد ع سِمط ع

مُوٹا :۔ غُلاظ ع غَلیظ ع ہنگفت ف تہمتن ف دبیز ف تُنُوّن ع لغات اضداد سے یعنی تُنُوّن کے معنی دُبلا بھی ہیں ۔ فربہ ف (بالکسر) سعدی ؎

آن شنیدی کہ لاغری دانا
گفت روزی بہ آبلہ فربہ
اسب لاغر اگر ضعیف بود
ہمچنان از طویلۂ فربہ

خنگاہ ف سامِن ع سِتبر ف تَہموُد ع سَمین ع تَجمیم ع مُشتق ع تَجِیم ع اِسطیر ع جَسِیم ع لَک ع تُنبَر ف تُنبہ ف جُلال ع مِلدَم ع غَفَعَص ع شَنْمِیص ع شَدَح ع گُنگ ف

موٹا آدمی :۔ بُجمُل ع جَسیم ع لُبشیون ف

موٹا اونٹ :۔ بائک ع

موٹا بادل :۔ ابر غلیظ ف عَما ع

موٹاپا :۔ تَجَسُّد ع تنومندی ف شحم ع سِمَن ع

موٹا تازی :۔ تنومند ف قوی ع پرواری ف طَیّار ع

موٹا ڈنڈا :۔ گُتکَہ ف

موٹا ریشمی کپڑا :۔ اِستَبرَق ع

موٹا کپڑا :۔ پَلاس ف صَفِیق ع

موٹا کرنا :۔ تَسمِین ع

موٹا کرنے والا :۔ مُسَمِّن ع

موٹا کمبل :۔ حَلس ع

موٹا مرد :۔ جَنادِف ع

موٹا ہونا :۔ شحامَت ع شَدَح ع

موٹائی :۔ سِتبری ف غَلظَت ع سَمک ع جَزالت ع غِلظ ع

موٹی عورت :۔ حَمُول ع ثادہ ع

موٹی لکھائی :۔ جَلِیّ ع

موٹے جھوٹے کپڑے اور تھوڑی روزی پر بسر کرنا۔ تقشف ع
موٹے چوتڑوں والا۔ مُرتج الکفل ع
موٹے چوتڑوں والی۔ لُبنیٰ ع
موٹے ہونٹ والا۔ لَغفن ع لَغنج ف
موج۔ تیار ع دیکھو پانی کی لہر۔
موجزن۔ زاخر ع تیار ع زخار ع
موجود۔ تیار ع حاضر ع حُضّار ج حاضرین ج
موجود زمانہ۔ زمانۂ موجود ف حال ع
موجود ہونا۔ تحقق ع
موجیں مارتا ہوا سمندر۔ بحرِ مسجود ع
موجیں مارنے والا۔ متلاطم ع متموج ع
موجیں مارنے والا دریا۔ عَبّ ع
موچی۔ خراز ع خصاف ع کفش دوز ف موزہ دوز ف
اِسکاف ع سکاف ع
موچی کی رانپی۔ شفرہ ع
مور۔ طاؤس ع بوالحسن ع
مورت۔ تندیس ف تندیسہ ف مجسمہ ع
مورچہ۔ تحصین ع دمدمہ ف
مورچہ لگانا۔ سنگر کردن ف محاذات ع
مورچھل۔ مگس ران ف
مورخ۔ خبری ف
موروثی مال۔ تلاد ع ارث ع ورثہ ع میراث ع
موری (نالی) مرداب ف آب راہ ف بدررو ف
موڑنا۔ برتافتن ف
موزہ۔ پاتابہ ف خف ع خفاف ج جورب ع جوراب ع
جراب بحذفِ واؤ و تشدید رائے مہملہ غلط ہے۔ چکمر ف
موزہ فروش۔ خفاف ع موزہ دوز ف
موسیٰ۔ عبرانی لفظ ہے جو مرکب ہے "مو" اور "سا" سے۔ مو بمعنی
تابوت (ٹوکری) اور سا بمعنی آب (پانی)۔ چوں کہ موسیٰ علیہ السلام
کی والدہ ماجدہ نے آپ کو ایک تابوت میں بند کر کے دریا میں بہادیا تھا
اس لئے یہ نام پڑ گیا۔
موسلا دھار بارش۔ وابل ع عزیز ع منسبل ع وابل ع مدرار ع
موسم۔ عربی لفظ ہے۔ بفتح میم و بکسر سین۔ کسی چیز کا ہنگام
جمع ہونے کی جگہ۔ موسَم بالفتح سین غلط ہے اگرچہ فارسی اردو
شعراء نے نَم، خرّم وغیرہ قوافی کے ساتھ باندھا ہے ؎

ذوقؔ ؎ بے یار روز عید محرم سے کم نہیں
جامِ شراب دیدۂ پرنم سے کم نہیں
زیبا ہے روئے زرد پر کیا اشک لالہ گوں
اپنی خزاں بہار کے موسم سے کم نہیں

عجیب مازندرانی ؎
نوروز خوش و بہار خرم
آمد ز بہشت عدن باہم
ساقی فاسقنی براح
بہ موجب اقتضائے موسم

طقس ع طقوس ج فصل ع زمانہ ع ازمنہ ج
موسم بہار۔ ربیع ع اُردی ف
موسم خزاں۔ خریف ع رنگ رزان ف دے ف
موسیقی کا پانچواں تال۔ اصول ثقیل ع
موسیقی کا چھٹا تال۔ اصول خفیف ع
موصوف۔ زابیدہ ف
موقع۔ قابو ت
موقع ڈھونڈھنا۔ تحرّص ع
موقع کی تلاش میں ٹھہرے رہنا۔ تربّص ع
موقع ہاتھ سے نکل جانا۔ تفویت ع
مول۔ قیمت ع بہا ف سنگ ف ثمن ع
مول لینا۔ خریدن ف اشتراء ع شرا ع لغات اضداد سے ہے
یعنی شرا کے معنی فروخت کرنا بھی ہیں۔ کرنے کے بھی ہیں۔ بالقصر (شریٰ)
اور شری بھی آیا ہے۔ اشریہ جمع ہے۔ بفتح شین غلط ہے۔

مولی۔ ترب ف فجل ع افرس ف

موم۔ ختام ع شمع ع شموع ع قیرس۔ قیروطی ی

موم بتی۔ بے سوز ف شمالہ ف شمع ع یہ لفظ بفتحتین صحیح ہے لیکن فارسی میں میم کے جذم سے موم بتی کے معنی میں مستعمل ہے۔

موم بتی بنانے والا۔ شماع ع شماعی ف

موم بتی کا دھاگا۔ رشتۂ شمع ف

موم روغن۔ قیروطی ی

مُؤنث۔ تانیث۔ (مادہ ان ث) سے اسم مفعول مونث ہے۔ تانیث کے معنے ہیں مادہ کرنا۔ اس لئے مُؤنث کے معنی ہوئے مادہ کیا ہوا مجازاً مادہ چوں کہ اسم مفعول کا صیغہ اردو میں بطور مذکر مستعمل ہے جیسے مُرتفع اس لئے مونث بھی تذکیراً استعمال ہوتا ہے جیسے اَحسن کا مؤنث حسنیٰ ہے۔

مُونچھ۔ شارب ع شرب ع سبیل ف بروت ف سبلت ع سبال ع فارسی میں بسکون بائے مستعمل ہے۔

مونچھوں کا تاؤ۔ بادِ بروت ف

مونچھوں کی لبیں۔ آب خوار ف آتش بے باد ف

مُونڈنا۔ ستردن ف

مونگ (دال)۔ مج ع

